


Bodleian Libraries

UNIVERSITY OF OXFORD


This book is part of the collection held by the Bodleian Libraries and scanned by Google, Inc. for the Google Books Library Project.


For more information see:

http://www.bodleian.ox.ac.uk/dbooks



This work is licensed under a Creative Commons Attribution-NonCommercial-ShareAlike 2.0 UK: England & Wales (CC BY-NC-SA 2.0) licence.





16 E 89



INDIAN INSTITUTE

قسم کھاتے ہین اور کہتے ہین بحق اوسکے کہ پوشیدہ کیا ہی جسکو اس قبر اطہر نے اور بحق ساکن اس قبر اطہر کے یعنے قبر شریف حضرت صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم مدارج النبوۃ مین مذکور ہی کہ عنوان سورہ لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ وَاَنْتَ حِلٌّ بِهٰذَا الْبَلَدِ سے باجوبات ظاہری زیادہ تر اس سے عظمت اور شرافت حضرت متصور نہین کہ متعبد کیا حق تعالےٰ نے قسم کو بہ بلد کہ بلد حرام اور بلد امین جسکا نام ہی بوقت حلول اور نزول حضرت کے اوس شہر مین اسی جا سے کہتے ہین کہ شرف للمکان بالمکین سو اب بدینہ مین حضرت عمر سے روایت ہی کہ انہون نے عرض کی حضرت کی خدمت مین کہ بابی انت وامی یعنے قربان ہو جیو مان باپ میرے تجھپر تحقیق ہو نچی فضیلت آپکی نزدیک خدا کے اسر تبہ کو کہ قسم کھائی خدا نے آپ کے حیات کی نہ حیات سب نبیون کی اور ہو نچی فضیلت آپ کی پاس خدا کی اس حد کو کہ قسم کھائی آپ کی خاک پاک کی اور فرمایا لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ یعنے قسم کھاتا بلد کی کہ عبارت زمین سے ہی کہ اوسپر چلتے ہین قسم کھانا خاک پاکی ہی اور یہ قسم ایک سر مکنون اور راز مکتوم ہی کہ نظر کوتاہ بینون کی اوسکے ادراک سے قاصر ہی جو صاف بین اور پاک نظر واقف انداز راز دیدار عاشق و معشوق ہین وہی ان باتون کی کیفیت اور لذت پاتے ہین اور منجملہ خصائص حضرت صلعم سے یہ ہی کہ عالم ارواح مین اول آپ پیدا ہوئے اور پہلے اَلَسْتُ بِرَبِّكُمْ کے جواب مین بلیٰ آپ نے فرمایا اور سیر معراج مخصوص آپ کے ساتھ تھا اور سواری براق بھی مخصوص آپ کی تھی اور اوپر آسمانون کے جانا اور حد قاب قوسین او ادنیٰ کو پہونچنا اور دیدار الٰہی سے مشرف ہونا خاصہ آپ کا ہی اور فرشتون کا فوج فوج ہونا اور آپ کے ساتھ ہو کر کافرون سے لڑنا مخصوص حضرت ہی اور شق قمر اور ایسے معجزے عجیب و غریب جو آپ سے ظاہر ہوئے کسی اور پیغمبر سے ظاہر نہین ہوئے اور پہلے قبر سے سر اوٹھانا اور پہلے قیامت مین بیہوشی سے افاقہ پانا اور سواری براق اور شتر نر اور فرشتونکا جلو مین ہونا اور جانب راست عرش و کرسی کے اوپر بیٹھنا اور مقام محمود سے مشرف ہونا اور لواء الحمد کا ہاتھ مین دینا اور حضرت آدم اور تمام اونکی ذریت کا اوس لوا کے سایہ مین ہونا اور سب انبیا کا ساتھ اپنی امتون کے آپ کے پس رو ہونا اور پہلے دیدار خدا آپسے شروع ہونا اور بشفاعت عظمیٰ مخصوص ہونا اور پہلے پل صراط سے گذر کرنا اور حضرت جناب بیدہ

تفسیر لا اقسم بہذا البلد

بیان بعض خصائص

اور وقت تولد شریف سجدہ کرنا اور انگشت شہادت بطرف آسمان اوٹھانا اور کلمہ پڑہنا اور کلام
کرنا اور فرشتون کا مہد مین حضرت کو ہلانا اور جانہ کا آپ کے ساتھہ باتین کرنا اور بوقت اشارہ
آپ کے طرف مائل ہونا اور گہوارہ مین کلام کرنا اور پارہ ابر کا وقت گرمی آفتاب ہمیشہ آپکے
سر پر سایہ کرنا اور سایہ درخت کا آپکے طرف متوجہ ہونا اور حضرت کے بدن اور کپڑون پر
مکھی کا نہ بیٹھنا اور جس جانور پر حضور سوار ہوتے اوس جانور کا تا مدت سواری بول برا نکرنا
اوصاف مشہورہ سے ہی اور بروایات صحیحہ ثابت ہی کہ حبیب کبریا قبر مین زندہ ہین اور قبر مین
نماز پڑہتے ہین اور حضرت کے مرقد مبارک اطہر پر ایک فرشتہ معین ہی کہ جو کوئی درود اور سلام
آپ پر بھیجتا ہی وہ اوسکو آپ کے حضور مین پہونچاتا ہی اور حضرت کے پاس عرض کیے جاتے ہین
اعمال امت کے اور آپ اونکے واسطے استغفار فرماتے ہین الصلوۃ والسلام علیک
یا رسول اللہ اور مناقب جلیلہ اور فضائل جمیلہ حبیب کبریا سے یہ ہی کہ حق تعالے نے
قرآن مجید مین آپکی حیات و بقا کی قسم کھائی لَعَمْرُكَ اِنَّهُمْ لَفِیْ سَكْرَتِهِمْ یَعْمَهُوْنَ
جمہور اہل تفسیر متفق ہین اسبات پر کہ یہ قسم ہی پروردگار عزوجل سے بمدت حیات اور بقاء
حضرت علیہ الصلوۃ والتحیات اور یہ نہایت تعظیم و تکریم ہی جیسے عاشق اپنے معشوق کی
قسم کھائے اور کہی تیری جان کی قسم مسلمانو قدر و منزلت اس قسم کی محرمان اسرار کو
کہ اس راز و نیاز سے واقف ہین معلوم ہی کہ اس قسم سے کیا تراوش کرتا ہی ابن عباس
سے روایت ہی کہ پیدا نکیا حق تعالے نے کسی ذات کو گرامی تر نزدیک اپنے محمد رسول اللہ
صلے اللہ علیہ وسلم سے کہ آپ کی حیات کی قسم کھائی نہ غیر اوسکے ابو العجوزا کہ بزرگترین تابعین
سے ہین کہتے ہین کہ سوگند نہ کھائی حقتعالے نے کسی کی حیات کی سوائے محمد صلے اللہ علیہ
وسلم کی اسواسطے کہ حضرت گرامی تر اور بزرگتر ہین تمام مخلوق ہین نزدیک حق تعالے کے
اور قرطبی نے کہا کہ قسم کھانا حقتعالے کا بحیات حضرت صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم بیان صریح ہی
ہمارے واسطے کہ قسم کھائین ہم آپ کے حیات کی چنانچہ حضرت امام احمد فرماتے ہین کہ
اگر کوئی قسم کھائے حضرت کے حیات کی یمین منعقد ہو جاتی ہی اور اگر حانث ہو تو کفارہ واجب
ہوتا ہی بسبب ہونے حضرت کے ایک دور کنون شہادت کا اور معمول اہل مدینہ طیبہ ہی کہ حضرت کی

تفسیر نعیمی

بیان رفتار مبارک

نہایت باوقار و باتمکین تھے اور اسی انداز سے خرامان ہوتے اور جب راہ مین چلتے صحابہ کرام کو اپنے آگے روانہ کرتے اور آپ سبکے پیچھے چلتے حدیث شریف مین وارد ہی کہ حضرت فرماتے کہ پیچھا میرا فرشتون کے لیے چھوڑو یعنے آپ کے پس رو فرشتے ہوتے تھے اسواسطے اصحاب کو آگے چلنے کا حکم تھا اور حدیث ابوہریرہ مین وارد ہوا کہ نہ دیکھا مینے کسی کو شتاب تر راہ چلنے مین رسولخدا صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے گویا زمین لپٹتی جاتی تھی آپ کی وسطے یہان تک کہ ہم سب مشقت مین پڑ ڈالتے تھے اپنی جانون کو اور دوڑتے تھے کہ حضرت کے ساتھہ چلین اور آپ بے تکلف بطور خود چلتے تھے اور چلنے مین گھبراتے نہ تھے باوصف ایسی تیز رفتاری کے اور تمام بدن حضرت کا پر گوشت اور دہرا اور کھنچا تھا یعنے کنارون سے گوشت لٹکتا تھا اور جسم شریف حضرت کا نہایت روشن اور نورانی تھا ف جمہور اصحاب بیانس لون شریف پر اتفاق رکھتی ہین چنانچہ وارد ہی کان ابیض ملیحا یعنے رنگ حضرت کا سفید مکمین تھا ملاحت ایک وصف ہی کہ بیان اوسکا دشوار ہی کیونکہ وہ کیفیت وجدانی ہی نہ بیانی خلاصہ یہ رنگ شریف آپکا سفیدی خالص نہ تھی کہ ربودگی اور جذب نہ رکھتی ہو بلکہ سفیدی ملیح تھی کہ جسکو بیان کیا ہو ساتھہ مائل بسرخی کے چنانچہ مروی ہی کہ سفیدی رنگ شریف مشرب بحمرت یعنے مخلوط بسرخی تھی اور بنظر اس اختلاط کے رنگ شریف کی وصف مین اسمر بھی واقع ہی یعنے گندم گون کیونکہ ظاہر ہی کہ سفیدی اور سرخی کے اختلاط سے گندمی رنگ پیدا ہوتا ہی اور حق یہ ہی کہ رنگ بدن مین اس رنگ سے بہتر کوئی رنگ نہین ہی اور نورانیت لون شریف نور ماہ شب چہاردہم پر غالب تھی براء بن عازب فرماتے ہین کہ مینے حضرت کو شب ماہ مین حلہ سرخ یعنے دھاری دار پہنے دیکھا پھر دیکھتا تھا مین آپ کو ایک نظر اور چاند کو ایک نظر تسم خدا کی کہ جسم شریف آپکا چاند سے زیادہ روشن نظر آتا تھا الصلوۃ والسلام علیک یارسول اللہ

بیان صفات خلقیہ

صفات خلقیہ حضرت کے جیسے آگے پیچھے سے اور اندھیری اور جالی مین برابر دیکھنا اور بغل شریف کا سفید رنگ بدن صاف ہونا اور جائی تمام عمر مین نہ آنا اور احتلام کا نہ ہونا اور پسینہ سے خوشبو مشک و عنبر کی آنا اور زمین کا بوقت قضائی حاجت شگافتہ ہونا اور بول و غائط کا غائب ہونا اور اوس مکان سے مشک کی خوشبو آنا اور اثر فضلے کا زمین پر نہ دیکھنا اور ختنہ کیے کرائے اور ناف بریدہ پیدا ہونا اور

حضرت نے اوسقدر پانی مین ہاتھہ اپنا رکھا اوسوقت آپ کی گھائیونسے پانی نکلتا تھا یہان تک
کہ اون سبھون نے فراغت تمام سے وضو کیا اور حضرت جابرؓ سے روایت ہی کہ ایکبار اصحابؓ کو روز حدیبیہ
مین تشنگی ہوئی اور آپ کی ایک چھاگل تھی اوسمین تھوڑا سا پانی تھا حضرت نے دست مبارک
اوسمین رکھا فی الفور پانی نے بکثرت تمام اونگلیون سے مانند چشمون کے جوش مارا ہم سبھون نے
پیا اور وضو کیا حضرت جابر کہتے ہین کہ اگر لاکھہ آدمی ہوتے تو پانی کفایت کرتا مگر ہم اوسوقت
سب پندرہ سو آدمی تھے **قدم مبارک** کے وصف مین روایات مختلف ہین خلاصہ یہ کہ قدم
شریف دونون دراز اور پر گوشت اور اونگلیان پاؤن کی دراز اور باریک تھین اور انگشت سبابہ سب
اونگلیون سے دراز تھی اور خنصر پر گوشت اوپر سے پانو ڈھلکتے ہوئے کہ اونپر پانی ٹھہرتا اور ایڑیان
مبارک چھوٹی کم گوشت تھین **ساق مبارک** کی تعریف مین وارد ہوا کان فی ساقیہ
حموشۃ حموشۃ بجا حملی باریکی ساق یعنے دونون ساقون حضرت مین باریکی تھی اور بھی عربی
ہی کانھما جمارۃ نجارہ بضم جیم و تشدید میم میانہ درخت خرما کہ اوسکو شحم النخل عربی مین کہتے
ہین اور گاوھا کھجور کا ہندی مین خلاصہ یہ کہ دونون ساق بکمال لطیف اور باریک اور کم گوشت
تھین نہ دراز نہ عریض اس سبب سے رفتار مین سرعت تھی اور چلنے مین قدم رکھتے قوت سے خوب
جما کر آگے جھکے ہوئے گویا بلندی سے پستی کی طرف اوترتے ہین باوجود اسکے تیز رفتار سبک قدم
آہستہ رو نرم چال تھی جابر بن عبداللہؓ سے روایت ہی کہ میرے باپ جنگ احد مین شہید ہوئے
قرضدار یہودیون کے تھے ایک باغ خرمے کا اپنی ملک مین چھوڑا وہ باغ پھلا یہود نے چاہا
کہ سارا باغ قرض مین لگالین مینے کہا کہ چند سال کی بہار مین قرض اپنا ادا کرلین یہودیون نے
نہ مانا آخر یہ قصہ حضرت کے حضور مین آیا آپ نے فرمایا کہ خرمے کاٹ کر خرمن کرو پھر حضرت اوس
باغ مین تشریف لائے اور ایک انبار کلان خرمے کے گرد پھر کر قدم شریف اوسپر رکھا اور فرمایا
کہ قرضخواہون کو بلا کر خرمے اس خرمن کے اونکے قرض مین لگادو جابر کہتے ہین مینے ناپ ناپ کر
کر دینے لگا حق تعالے کی قدرت سے سب قرض اونکا اوسی انبار سے ادا ہو گیا مین دیکھتا
تھا اوس انبار کی طرف گویا اوسمین سے ایک خرما بھی خرچ نہین ہوا سلمانو دیکھو یہ ایک شمہ
اثر برکت قدم شریف کا ہی اور اسطرح کے معجزے بہت سے سیر کی کتابون مین لکھے ہین اور حضرت

بیان قدم مبارک
بیان ایڑیان مبارک
بیان ساق مبارک

پھٹین گے مثل تقویم کہن دیوان ہزاروں کے
ہوا عالم مین شہرہ میرے اشعار مجدد کا

ہوئی ہے ہمت عالی مری معراج کی طالب
میسر ہو طواف اے کاش محبوب پیمبر کا

کبھی مژدہ یک جا کر ستانے پر ملون انکہین مین
کبھی گرد و رہ مینہون مین کرون نظارہ گنبد کا

فراغ دل سے گروان زندگی کا کوئی دم ہوتا
حسد ہو خضر و عیسی کو مری عیش مخلد کا

مدینے کی زمین کے گرد لائق ہو مرا لاشہ
کسی صحرا مین ہانکے طعمہ ہو غمین وام اوزد کا

تمنا ہی درختون پر ترے روضہ کے جا بیٹھون
تفس جسوقت ٹوٹے طائر روح مقلد کا

خدا منھ چومنے تک ہی شہیدی کس محبت سے
زبان پر میرے جسدم نام آتا ہی محمد کا

خاتمہ الطبع

الحمد للہ کہ کتاب مقبول حضرت رسول الثقلین یعنے مرج البحرین تصنیف فاضل نبیل عالم خبیر نبیل حقیقت آگاہ عاشق رسول مختار جناب مولوی عبد الغفار صاحب مفتی صدر نظامت ممالک محروسہ گوالیار جسمین منصف صاحب نے بڑی تحقیق سے بیان حج اور اوسکی شرائط درج فرمائی ہین اور حالات مدینہ طیبہ کے بھی جیسا کہ چاہیے لکھے ہین اور نص قرآنی اور حدیث نبوی سے ہر مقام خوب ثابت کیا ہے غرض کہ یہہ کتاب بیان حج وغیرہ مین بے نظیر ہے اور مصنف صاحب نے سب باتین مفید خاص و عام بیان کی ہین جب فرمایش حضرت مؤلف صاحب مطبع جناب منشی نولکشور صاحب واقع شہر لکھنؤ ماہ دسمبر ۱۸۷۱ء صحیح و خوشخط اور عمدہ کاغذ پر طبع ہوئی ٭

چمن ہیرای کون فراش جسکی بزم رنگین ہی — بہار آفرینش ایک بوٹا اوسکی سند کا
عجم مین ذکر نوشیروانکے قصر مین آیا — عرب مین شور اوٹھا جسوقت اوسکی آمد کا
شرف حاصل ہوا آدم و ابراہیم کو اوس سے — نہ تھا فخر دو عالم فخر تھا اپنے اب وجد کا
شب و روز اوسکے صاحبزادونکا کہوارہ جنبان تھا — عجب ڈھب یاد تھا روح الامین کو بھی خوشی کا
وہ اس عالم مین رونق بخش تھا حورونکی تسکین کو — گیا جنت مین طوبیٰ بی بی کے سایہ اوس سہی قد کا
شب معراج چڑھکر عرش پر دم مین اوتر آیا — بیان اوس قلزم معنی کا ہو کیا جذر اور مد کا
روان تسنیم و کوثر ایک قطرہ آب ہے جسکے — کرون کیا وصف اوس دریتیم بحر سرمد کا
وفات ظاہری سے جو ہر جان مین فرق آیا — وہ جسم پاک گو مجسود تھا روح مجرد کا
نہ کم قدر اوسکی شیرازہ بکھر جانے سے ارکان کے — نہ افزون رتبہ قرآن مخبر اسے مجلد کا
گر اضی بن کے جا نکلے اودہر ابلیس اندا ہو — ملا ہی قصر اخضر روح گو اوسکی زمرد کا
اودہر اللہ سے واصل ابد ہر مخلوق سے شامل — خواص اوس برزخ کبریٰ مین ہی حرف مشدد کا
گذر وحدت سے کثرت مین نہو تا ذات مطلق کو — نہ بنتا صفر گر نقش احد پر میم احمد کا
کشادہ عقدۂ باطن مین کافی نام حق اوسکو — کھلا کرتا ہی بن کنجی ہمیشہ قفل ابجد کا
بھروسا ہر کسیکو ایک حصار عافیت کا ہی — مجھے نام مبارک کا ہی ذوالقرنین کو سد کا
تری پابوس سے ہفتم فلک پر منزل کیوان — ترے سجدے سے ہشتم آسمان پر فرش مقعد کا
خدا بن مانگے کیا کیا نعمتین دیتا ہی بندون کو — تراوت دعا ضامن ہی جب سے کل کے وعدہ کا
بٹین گے جس گھڑی سامان عشرت نرم جنت مین — کھلے گا حال امت کو تری انعام بیحد کا
لب گوہر فشان وا ہونگے جب عرض تمنا کو — تماشا گاہ محشر مین تکین گے نیک منھ بد کا
رہا کعبے مین تیرے روضہ کے در پر جا بجا پانی — اسی اندوہ سے ہی رنگ تیرہ سنگ اسود کا
نشانہ قادر انداز قدر کا دست و بازو ہو — تری خواہش کری تیر قضا کو حکم گردد کا
عدو کو حشر تک ارکار ہو تیری رسالت مین — محل باقی رہی اللہ کو قول موکد کا
ہوا تجسسانہ ہو سکتا ہی میرا ہی یہی ایمان — نہ مانون مسئلہ ہرگز کسی زندیق و مرتد کا
تری تعریف ہے میری زبان مین آتی ہی تیری — صفاہان تک مسخر ہوگا اس تیغ ہندی کا

فیوض و کرمت گلدستہ محاسن مجد و علا منہل شریف اقصی منبع فضائل و مکارم کبری یادگار زمانہ
نمیدہ یگانہ دستگیر خویش و بیگانہ ابر مطیر خیر کثیر مجمع خوبی ہا مصدر جود و سخا ملاذ اکرم رکن اعظم ملجا افخم
مرجع خاص و عام محمود الانام مصدر جود و احسان محسن عالمیان جناب محمد مصاحب خان صاحب
زاد شرفہ و فضلہ اور خلف رشید اور فرزند سعید اونکے جناب رفعت نصاب قطب سماء سعادت
مرکز دائرہ اشیاد و ہمت صاحب فکر صائب و ذہن ثاقب گنجینہ علوی ہمتی و خزینہ دریا دلی کریم الاخلاق
عمیم الاشفاق ممدوح اعظم امیر مکرم سردار نامدار مشہور و معروف امصار و دیار امیر ابن امیر
منعم بے نظیر محسن صغیر و کبیر مقبول بارگاہ حضرت سبحان جناب محمد رمضان خان صاحب ادام اللہ
اجلالہ و اکرامہ طالع القران فی البوادی و العمران کہ دریا دلی اور عالی ہمتی اور ایثار طبعی اس
خاندان والاشان کی اقالیم سبعہ مین مشہور و معروف ہی اور ممدوح و موصوف ہی ظاہرین
ان سخنان بلند اور کلمات ارجمند کو بہ پیرایہ طلاقت و زیادت حمل نفرہا دین اور راز قبیل قیل و قال
مداحین اور افراط و مبالغہ و صافین سے نہ تصور کرین کہ محمودیت اور ممدوحیت دونون صاحبونکی
مسلم الثبوت خاص و عام اور متفق علیہ کافہ انام ہی لہذا بناء مساجد و رباط و تعین وظائف
از علماء و حفاظ از الواف و آت و واسطہ طبع چند دیوان ابیات صالحات بیّنات و انتخاب و اعلی مشاہدات
محمودیت و قدسیت دونون صاحبون پر نادی یا علی ندا ہین الحق کہ ثقلین و ملوین بنام ہر دو ممدوح
تا یوم بعث و نشور ادعیات وافیات محمود العاقبت و تحیات طیبات حسن آخرت درگاہ رب العزت
سے مستدعی رہینگے اور روحانیان قدس سبح و مسانوبت خوش اقبالی اور نقارہ تہنیت مبارکبادی
بنام نامی اسم گرامی ہر دو ممدوح بجا دینگے ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ يُؤْتِيهِ مَنْ يَّشَاءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِيمِ

کلمات طیبات و ملفوظات قدسیات در نعت حضرت سرور کائنات از جناب شہید علیہ الرحمۃ والغفران

بسم اللہ الرحمن الرحیم

رقم پیدا کیا کیا طرفہ بسم اللہ کے مدکا ۔ سر دیوان لکھا مینے مطلع نعت احمد کا
طلوع روشنی جیسے نشان ہوشہ کی آمد کا ۔ ظہور حق کی حجت ہی جہان مین نور احمد کا
وبستان ازل مین وہ معلم عقل کل کا تھا ۔ نہ تھا نام و نشان جن روزون اس لوح خرد کا

فاطمہ الزہرا صاحبزادی حضور کا صراط پر آنا اور سب خلق کو حکم آنکھیں ڈھانک لینے کا ہونا اور پہلے
دروازہ بہشت کا آپکا کھولنا اور دن قیامت کے بمرتبہ وسیلہ مشرف ہونا یہ سب بخصوصیہ
حضرت کے ساتھ ہی اور مرتبہ وسیلے کا نہایت بلند ہی کہ سوا آپ کے اور کسی پیغمبر کو میسر
نہوا اور حقیقت اجمالی اسمرتبہ کی یہ ہی کہ حضرت قیامت کے دن حضتعالی کی طرف سے بمنزلہ
وزیر کے بادشاہ کی طرف سے ہونگے خلاصہ یہ کہ بعد خدای عزوجل کے سب مخلوقات سے
افضل اور اشرف اور اکمل اور اکرم و اعظم ہمارے محمد الرسول اللہ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم ہیں
اور مناقب اور کمالات اور معجزات اور اخلاق حمیدہ اور اوصاف پسندیدہ اور شمائل ستودہ
اور خصائل محمودہ حضرت کے زیادہ از حد و شمار ہین مقدور بشر نہین کہ سب کو احاطہ کرے
اور معجزات حضرت کے جو کتب احادیث و سیر مین قلمبند ہین چونسٹھ ہزار ہین بڑی خوبی
اور بھلائی مسلمان کے لیے اسی مین ہی کہ موافق آپ کے ارشاد کے عمل مین لاوین
اور ہمیشہ درود و سلام مین مشغول رہین الصلوۃ والسلام علیک یا رسول اللہ ایھا المعاصین
بحرمتہ رحمۃ للعالمین سب مسلمانون کا خاتمہ بخیر کرے اور حرمین شریفین کی زیارت نصیب کرے آمین یا رب العالمین

کلمات طیبات حضرت شہیدؒ و ذکر سعید و بیان جلیل حضرات عظمت انصاب
باعث حسن نظام و اعظم اتمام و واسطہ الخیر حسن طبع انصرام ان اسائل شریفہ و اذکار طیبہ کا

خاص و عام کافہ انام پر روشن و مبرہن ہو کہ فقیر بعد اتمام ان حالات طیبات و بیانات سراپا تصدیقات
و بشارات معضلات کے ہر لحظہ و ہر لحظہ اس معنے کا جویا رہتا تھا کہ دیکھے آفریدگار عالم باعث
حسن طبع اس برات اعظم حسنات اور نامہ کفارت سیئات کا کسکو گردانتا ہی اور فضل عظیم
اور رحمت جلیل اور خیر کثیر اور اجر کبیر کسکو عطا فرماتا ہی اور خدمت میر سامانی اس سعادت دو جہانی کی
کس سے لیتا ہی حمدا منوالیا و شکرا متکاثرا اللہ تعالے شانہ کہ حسب تمنیات قلبی اور
موافق ملتمسات معنوی کے شاہد مقصود جلوہ گر ہوا یعنی بروز سعید دیوم شریف ایک شکل
بدیعی الانتاج نے رو دکھلایا اور قران سعدین صغری و کبری اوسکے سے نتیجہ محمود و غایت مطلوب
جلوہ ظہور پکڑا یعنے جناب مستطاب خلائق مآب امیدگاہ شیخ و شاب ابرگو ہربار موہبت محیط زمان

اگلی کتابون مین ہی اور صیانت وحفاظت قدح اور طعن وانکار سے ہی جیسے کسی چیز پر مہر کرنی تاخلل
اور فساد اوسمین راہ نپائے اور حق یہ ہی کہ مہر نبوت ایک سر عظیم مخصوص حضرت کی تھی حقیقت حال
اوسکی حق تعالے کو معلوم ہی **دونون ہاتھہ مبارک** آپکے دراز تھے اور درازی ہاتھہ کی کمال
جود وعطا اور قوت وغلبہ پر دلیل صریح ہی **کلائیان** چوڑی اور دراز تھین **ہتھیلیان مبارک**
پر گوشت اور نرم ونازک پھیلی پھیلی اور خوشبودار تھین چنانچہ صحیحین مین انس بن مالک رضؓ سے روایت
ہی کہ ہاتھہ نہین لگایا مینے دیبا اور نہ حریر کو کہ نرم زیادہ ہو ہتھیلی رسول مقبول صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم
سے اور نہ سونگھا مینے مشک اور نہ عنبر کو کہ خوشبودار زیادہ ہو خوشبو آنحضرت صلعم سے مروی ہی کہ
جب آپ یتیم کے سر پر شفقت سے ہاتھہ پھیرتے اوسکا سر خوشبودار ہو جاتا اور صحیح مسلم مین روایت ہی
کہ مسح کیا حضرت نے رخسارہ جابر بن سمرہ کو جابر کہتے ہین کہ پائی مینے دست مبارک کی سردی اور
خوشبو کہ گویا باہر لائے ہین اوسکو طبلہ عطار سے اور طبرانی اور بیہقی مین وائل بن حجر سے روایت ہی
کہ مصافحہ کرتا ہون مین حضرت سے اور مس کرتا ہی میرا بدن حضرت سے پھر سونگھتا ہون اپنے ہاتھہ کو
اوس سے پاتا ہون خوشبو خوشتر بوی مشک سے اور سعد بن وقاص رضؓ سے روایت ہی کہ ایکبار
حضرت میری عیادت کو تشریف لائے اور رکھا دست مبارک میری پیشانی پر پھر مسح کیا میرے
منھہ کو اور سینہ کو پس ہمیشہ پاتا ہون مین سردی دست مبارک کی اپنے جگر مین اس ساعت تک
مسور بن شداد اپنے باپ سے روایت کرتے ہین کہ مین آیا حضرت کے پاس اور مسح کیا مینے
دست مبارک کو تھا وہ نرم زیادہ ابریشم سے اور سرد زیادہ برف سے اور روایت ہی
کہ ایک دن حضرت نے قتادہ بن ملحان کے منھہ کو ہاتھہ لگایا تھا اونکا چہرہ اسقدر روشن
ہو گیا کہ عکس ہر چیز کا اوسمین نظر آنے لگا **اونگلیان مبارک** آپ کی دراز اور باریک
نہایت خوشنما تھین چنانچہ اونکی تعریف مین مروی ہی **سائل الاطراف** یعنے کنارے
اعضا کے کہ عبارت اونگلیون سے ہی دراز اور روان تھی اور بعض روایات مین طویل
الاصابع وارد ہی اور یہ معجزہ حضرت کی اونگلیون کا مشہور ہی کہ چاند کو شق کیا اور سنگریزون نے
آپکی اونگلیون مین تسبیح کی اور گھاٹیون سے پانی اوبلا چنانچہ حدیث شریف مین وارد ہوا کہ
ابریق مین ایک وضو کے مقدار پانی تھا اور تین سو آدمی اوسوقت حاضر اونکو حاجت وضو کی ہوئی

بیان دونون ہاتھہ مبارک کا اور ہتھیلیان اور ہتھیلیان مبارک

بیان اونگلیان مبارک

اور سینہ مراد اسکے ہموار ہی حدیث ام ہانی مین آیا ہی کہ دیکھا مینے شکم مبارک رسول مقبول صلی اللہ علیہ
وآلہ وسلم کو گویا قرطاسہا بالای یکدیگر تہ کیے ہوئے رکھے ہین یہ کنایہ کمال نرمی وصفائی سے ہی اور
حدیث ابن ہالہ مین آیا ہی دقیق المسربۃ ف مسربہ بمیم کے زبر سے اور سین ساکن اور باے کے
پیش سے وہ بال ہین کہ اوپر سینہ سے تا ناف ہون اور باریک ہون یعنے بالون کا ایک خط باریک
لبنا ابتداے سینہ سے تا ناف بسکاری نقاش ازل سے کھنچا تھا باقی سینہ اور شکم صاف تھا
لہذا حدیث شریف مین وارد ہوا عاری الثدیین والبطن سوی ذلک یعنے سوا اوس
خط باریک بالون کے کہ جسکو سند مین وامل کہتے ہین چھاتی اور پیٹ پر کوئی بال نہ تھا پشت مبارک
آپ کی گویا تودہ گداختہ تھی یعنے نہایت سفید اور صاف ہموار تھی اور استخوان شانہ مضبوط اور
پر گوشت تھی اور دونون شانون مین مہر نبوت تھی چنانچہ حدیث شریف مین وارد ہوا وبین کتفیہ
خاتم النبوۃ وھو خاتم النبیین یعنے درمیان دونون شانون کے مہر نبوت تھی اور آپ خاتم الانبیا
ہین اور وہ ایک چیز ابھری ہوئی اعزائی بدن شریف سے رنگ اور صفائی مین مانند بدن کے
تھی اوسکو خاتم النبوت کہتے تھے اور یہ مہر نبوت ایک آیت آیات الہی سے تھی حاکم نے مستدرک مین
وہب سے روایت کی ہی کہ مبعوث نہوا کوئی پیغمبر مگر اوسکی علامت نبوت کی دست راست مین تھی
الا ہمارے پیغمبر کی علامت نبوت آپ کے درمیان دونون شانون کی تھی اور بعض روایات مین
عند کتفہ الیسری اور بعض مین عند کتفہ الیمنی وارد ہی اور یہ دونون روایتین منافی روایت
بین الکتفین کی مشہور ترین روایات ہی نہین ہین کسواسطے کہ درمیان دونون شانون کے ہونا مستلزم
اسکا نہین کہ میانہ اور بیچا بیچ مین دونون کے ہو اگر مائل بائین طرف یا داہنے طرف شانہ کے ہو تب بھی
درمیان دونو شانون کے اوسپر صادق ہی اور تشبیہ مہر نبوت مین روایات مختلف ہین بعضون مین
مانند تکمہ حجلہ عروس اور بعضون مین مثل بیضہ کبوتر یا کبک آیا ہی اور ہمرنگ بدن شریف صفائی اور
نورانیت مین تھی اور اوسپر چند خال اور کئی بال اسطرح سے جمے تھے کہ صورت حرفون کی نمودار تھی
جیسے کہا جاتا ہی کہ اوسپر لکھا تھا لا الہ الا اللہ محمد رسول اللہ اور بعضون نے کہا ہی کہ اوسپر لکھا
تھا اللہ وحدہ لا شریک لہ حیثما توجہت فانک منصور یعنے جسطرف تو متوجہ ہو سو فتحیاب
ہی اہل حدیث لکھتے ہین کہ معجزات حضرت کی معرفت اور تصدیق کی ہی کہ یہ ہی پیغمبر ہی کہ جسکی بشارت

بیان پشت مبارک کیفیت تفصیلی مہر نبوت کی

روایات مین پنجشنبہ آیا ہی اور کیفیت ناخن تراشی مین کچھ ثابت نہین لیکن اسقدر کہ ابتدا سبابہ یمنی
سے کرتے اور ختم سبابہ یسرے ہاتھہ کی نر انگشت پر فرماتے اور مسواک اور کنگھی آپ کے پاس
سے جدا نہین ہوتی تھی اور جب آپ تیل لگاتے ریش مبارک مین تو کنگھی فرماتے اور
آئینہ مین جمال حق نما اور صورت حق نما ملاحظہ فرماتے صلی اللہ علیہ وعلی آلہ علی قدر حسنہ
وجمالہ گردن شریف رشک بنائے بہشت بکمال خوبی حد اعتدال پر رخشان و درخشان تھی
اور اسقدر صفائی اور آب و تاب رکھتی تھی کہ آئینہ جسکی صفائی کے روبرو شرمندہ تھا گویا
چاندی کا ٹکڑا تصویر کا عالم تھا حدیث ابن ابی ہالہ مین آیا ہی کان عنقہ جید دمیۃ فی صفاء
الفضۃ یعنے تھی گردن آپ کی گردن دمیہ کی صفائی چاندی مین دمیہ دال کے پیش سے
بت کو کہتے ہین کہ بنایا ہو عاج سے کذا فی النہایہ اور صاحب قاموس لکھتے ہین کہ رخام یعنے سنگ صفید
سے اور مقصود تشبیہ سے فقط مبالغہ صفت مین اور تحسین ہی اور حاشیہ شمائل وغیرہ مین کہ دمیہ بمعنی
غزال یا آہو بچہ کے لکھا ہی لیکن سند اوسکی کتب لغت مین نہین ملتی شانے مبارک اونچے اونچے
اور بہ بال اور دونون مین کچھہ جدائی تھی چنانچہ اوسکے بیان مین بعید ما بین المنکبین وارد ہی
یعنے درمیان دونو شانون کے بعد اور مسافت تھی اور بعضون نے بعید بصیغہ تصغیر پڑہا ہی اور بعضون نے
اسکو بعید بین الصدر تفسیر کیا ہی عرض صدر اگرچہ وصف جداگانہ ہی لیکن ان دونون وصفون مین تلازم ہی
یعنے ایک دوسرے کو لازم ہی بغل شریف کمال سفیدی سے ہمرنگ تمام بدن کے تھی اور یہ
از جملہ عجائب و خواص حضرت سے ہی کہ بغل آپ کی بمیون کی مانند بے بال ہوتی ہی اور بعضون نے لکھا ہی
کہ بال آپ کی بغل مین نہ تھے اور بعض کے نزدیک تھے اور آپ کی بغلون سے خوشبو مشک کی آتی
تھی چنانچہ بعض صحابہ سے روایت ہی کہ آپ نے مجکو اپنے ساتھہ ملایا تو حضرت کی بغل شریف کا
پسینہ مین نے سونگھا خوشبوی مشک کی اوس سے آتی تھی سینہ مبارک چوڑا اور وسیع اتھا اور
فاین اس ترکیب مین یہ ہی کہ سینہ مبارک مجمع علوم و معارف اور منبع تجلیات اور معدن اسرار و حقائق تھا
اس سبب سے وسعت اور کشادگی مناسب ہوئی کہ وسعت ظرف بقدر وسعت مظروف چاہیے کہ اس نعمت
عظمی کو حق تعالے قرآن مجید مین یاد دلاتا ہی الم نشرح لک صدرک شکم مبارک نہایت ہموار
وصاف برابر سینہ کے تھا چنانچہ حدیث شریف مین وارد ہوا سواء البطن والصدر یعنے برابر شکم

وظائف النبی مین لکھا ہی کہ ریش مبارک بقدر چہار انگشت از روی خلقت کے تھی اسقدر سے کم اور زیادہ نہین ہوتی تھی حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہین کہ اس روایت کی سند پائی نہین جاتی اور ارسال لحیہ موجب حسن و جمال ہی خصوصًا اوس صورت مین کہ انبوہ ہو اور یہ روایت خلاف اوسکے ہے کہ ہمشقی عیاض سے منقول ہوا اور خلاف روایت ترمذی کے ہی کہ کتاب مذکور مین وارد ہوا کہ حضرت لیتے تھے ریش مبارک کو طول و عرض سے تاکہ برابر اور ہموار ہو جاوی اور موچھون مبارک کو بھی برابر فرماتے تھے اور ارشاد فرماتے تھے کہ جو کوئی نہ کاٹی اپنی موچھون کو وہ ہمسے نہین اور صحیحین مین وارد ہوا کہ حضرت نے فرمایا مخالفت کرو مشرکون کی اور ایک روایت مین مجوس کی دراز کرو داڑھیون کو اور پست کرو موچھون کو اور مبالغہ کرو پست کرنے موچھون مین اور نافع نے ابن عمرؓ سے روایت کی ہی کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے مبالغہ کرو قطع اور پست کرنے موچھون مین اور چھوڑو داڑھیون کو اونکے حال پر غرض قصر اور ارسال لحیہ مین اختلاف روایات ہی لیکن بہمول اکثر مشائخ اور اسلاف کا ارسال ہی اور منقول ہی کہ ریش مبارک حضرت علیؓ نے اونکے سینہ کو پر کیا تھا اور اسیطرح حضرت عمرؓ اور حضرت عثمانؓ کی ریش مبارک تھی اسیطرح جناب قطب العالمین حضرت محبوب سبحانیؒ کی بھی ریش مبارک طویل و عریض تھی یہ سب مدارج النبوۃ مین مذکور ہی اور حضرت کے خضاب کرنے مین جلا کو اختلاف ہی تحقیق یہ ہی کہ آپ نے خضاب نہین فرمایا کسواسطے کہ سفیدی حضرت کی موی سر مبارک اور ریش مبارک کی حد خضاب کو نہین پہونچی تھی چنانچہ تمام سر اور ریش مبارک مین چودہ یا سترہ یا اٹھارہ بال سفید ہوئے تھے بہر تقدیر بیس سے کم تھے پس جب آپ روغن ڈالتے تو سفیدی بالون کی پوشیدہ ہو جاتی پھر حاجت خضاب کی نہ تھی انس بن مالکؓ سے روایت ہی کہ ریش مبارک مین چند بال سفید تھے اگر چاہتا مین گن لیتا اور اسقدر آپ کے سر مبارک مین غرض تحقیق محققین کی یہی ہی کہ آپ نے خضاب نہین فرمایا اور جو احادیث کہ دلالت خضاب پر کرتی ہین وہ مؤول ہین چنانچہ قائلین خضاب جو کہتے ہین کہ بکالا حضرت انس نے بالون شریف کو کہ اونکے پاس تھے وہ خضاب کیے ہوئے تھے جواب اسکا یہ ہی کہ وہ مخضوب نہ تھے بلکہ ممزوج و مخلوط طیب کے تھے ایسے معلوم ہوتے تھے کہ گویا خضاب کیے ہوئے ہین اور احتمال ہی کہ حضرت انس نے اونکو خضاب کیا ہوتا محکم ہو جاوین اور دیر تک ٹھہرین وارد ہوا کہ آپ موچھین اور ناخن جمعہ کے دن کاٹتے تھے اور بعض

بیان جمع مذہب خضاب کرنے حضرت سے اور کیا ہین

بیان اسکا کہ ریش مبارک مین چودہ یا سترہ بال سفید تھے

بال سفید ہو جانے سے خضاب کرنا

خوشرو اور خوش آواز زیادہ تر سب سے اور آواز مبارک بے تکلف پہونچتی تھی اوس مقام تک کہ وہان
کسیکی آواز پہونچتی نہ تھی خاصکر خطبہ پڑھنے مین جو وعظ و نصیحت فرماتے اسقدر آواز بلند ہوتی
کہ عورتین اپنے گھرون مین سنتی تھین اور جب خطبہ پڑھا مینے ایام حج مین سب آدمیون نے
حضرت صلعم کی آواز اپنے منازل مین سنی اور دور و نزدیک سے کوئی شخص نہ تھا کہ جسکے کان مین
آپکی آواز نہ پہونچی ہو اور وہ جو حدیث شریف مین آیا کہ حضرت منی مین خطبہ پڑھتے تھے
اور جناب امیرؓ اوسکو تعبیر کرتے تھے مراد اوس سے تفسیر و توضیح کلام شریف ہے نہ سنوانا آواز کا

فصاحت لسان کی وقعت جوامع الکلم اس باب مین وارد ہے احاطہ تخمین و قیاس سے
خارج ہے حقتعالے نے کسیکو فصیح و بلیغ زیادہ آپسے پیدا نہین کیا ایکبار حضرت عمر رضؓ نے پوچھا
کہ یارسول اللہ صلعم آپ ہمارے درمیان سے باہر نہین گئے اور کوئی فصیح و بلیغ ہمارے بیچ مین اور مقام سے
نہین آیا اسقدر فصاحت آپکو کہان سے حاصل ہوئی فرمایا کہ زبان حضرت اسمعیلؑ محو و مندرس ہوگئی تھی
لاکے حضرت جبرئیلؑ میرے پاس اوس زبان کو اور مینے اوسکو یاد کر لیا اور فرمایا ادّبنی ربی
فاحسن تادیبی یعنے ادب سکھلایا مجکو میرے رب نے اور نیک کیا میرے ادب کو علم عربیت
کہ متعلق علم فصاحت و بلاغت ہے اوسکو ادب کہتے ہین اور فرمایا کہ پرورش پائی مینے بنی سعد
بکر مین کہ تمام حضرت کی مرضعہ حلیمہ سعدیہ کی تھی یہہ قبیلا فصیح عرب مشہور تھا اور کلام شریف ایسا واضح
مفصل مبین ہوتا تھا کہ اگر سامع چاہتا تو جدا جدا آپ کے کلمات کو شمار کر لیتا اور مقام احتیاط مین
ایک ایک کلمہ کو تین تین بار فرماتے تا سننے والا خوب سمجھ لے اور یہ طرز بیان ہمیشہ نہ تھا وقت
ضرورت اقتضاے فہم سامع کلام کو تکرار ارشاد کرتے تھے اور خصائص کلام شریف سے ہے
کہ حدیث شریف مین وارد ہوا اوتیت جوامع الکلم یعنے دیے گیے ہین مجکو کلمات جامعہ اور
جوامع الکلم سے یہ ہے کہ لفظ تھوڑی اور معنے بہت ہون اہل حدیث نے حضرت کے جوامع الکلم کو
سے جمع کر کے کتابین اور دفتر مرتب کیے ہین ریش مبارک طول و عرض مین سب طرف سے
بھری ہوئی اور خوب گھنی بکمال زیبایش تھی حدیث ابن ماجہ مین وارد ہوا کان رسول اللہ صلی اللہ
علیہ وسلم کث اللحیۃ مراد اس سے انبوہ اور از دحام بالوں کا ہے اور شمائل قاضی عیاض سے منقول
ہے کہ انبوہ ریش مبارک نے سینہ شریف بھر لیا تھا اور درازی ریش مبارک مین قدر معین ثابت نہین

چھدری اور کشادہ تھی اور حکمت اسمین یہہ تھی کہ شعاع تجلیات کہ دل نورمنزل مین جلوہ گر تھی
راہ کشادگی دندان مبارک سی چہرہ شریف پر نورافشان رہی اور حدیث ابن عباسؓ مین وارد ہے
کہ جب حضرتؐ ہونٹ کھول کر بات کرتے دیکھا جاتا کہ کشادگی دو دانتون اگلے سے نور نکلتا ہی
اور طبرانی نے اوسط مین روایت کی کہ ہونٹ حضرت صلعم کے مہربان شریف اور احسن اور الطف
سب آدمیون کے ہونٹون سی تھے **عادات شریف** سی اکثر اوقات مین تبسم تھا تبسم مبادی
ضحک سے ہے اور حد ضحک کی یہہ ہی کہ دانت خوش ہونے مین ظاہر ہون اور آواز
بلند نہ ہو اور اگر آواز اس حالت مین گوش زد ہو اوسکو قہقہہ کہتے ہین اور اگر آواز اصلا پیدا نہ ہو
وہ تبسم ہی جسکو ہندی زبان مین مسکرانا بولتے ہین خلاصہ یہہ کہ خندہ حضرت صلعم کا اکثر اوقات
اور احوال مین زیادہ تبسم سی نہ تھا اور کبھی حد ضحک کو پہونچا ہو لیکن قہقہہ ہرگز ثابت نہین
حضرت عائشہ صدیقہؓ کہتی ہین کہ مینے نہین دیکھا حضرت صلعم کو ہنستے اسطرح کہ دیکھی جائین اسوات آپکے
ف اسوات بفتحات جمع اسۃ بفتح لام ہی معنی اوسکے پارہ گوشت کہ اعلای حنجرہ مین اقصای دہن کے
اور مراد اس حدیث سی نفی قہقہے کی ہے اور ہمیشہ تھی حضرت کشادہ رو اور خندہ پیشانی بیقی سے
ابوہریرہؓ سی روایت کی ہی کہ جب حضرت صلعم ہنستے تھے دیوارین روشن ہو جاتین اور نور دانتون کا
دیوارون پر ایسا پڑتا جیسے عکس آفتاب اور گریہ حضرت جنس ضحک سی تھا یعنے رونے مین
آواز بلند نہ ہوتی فقط آنسو آنکھون سی حالت گریہ مین گرتے تھے اور سینہ شریف سے
ایک آواز مانند جوش دیگ مسی کے سنی جاتی احد سبب گریہ حضرت شفقت اور رحمت امت پر تھی
اور اکثر قرآنمجید کے سننے سے اور کبھی نماز شب مین روتے تھی **صوت شریف** احسن الصوت تھے
کان احسن الناس صوتا واعلاهم یعنی تھے حضرت صلعم بہترین مردم از روی آواز
اور شیرین تر آدمیون کے از روی کلام کے کوئی آدمی مانند حضرت صلعم کے خوش آواز
اور خوش کلام نہ تھا اور **اصدق الناس لهجة** کہ آپکے وصف کلام مین وارد ہے
مراد اوس سی یہہ ہی کہ زبان شریف راست تر اور درست تر زبانون کی تکلم مخارج حروف مین تھی
اور صدق لہجہ بمعنی فصاحت آتا ہی انس بن مالکؓ سی روایت ہی کہ نہین بھیجا تعالی نے کسی پیغمبر کو
مگر خوش رو اور خوش آواز تا آنکہ بھیجا تمہارے پیغمبر محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم کو

بیان عادات شریف

بیان گریہ حضرت صلعم

بیان صوت شریف

بیان لعاب دہن شریف

لعاب دہن شریف شفاے بیمار اور دوار درد دل عاشق زار تھا منہل اور منبع معجزات اوسکو کہتے ہین چنانچہ روز خیبر حضرت علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کی آنکھین دکھتی تھین حضرت صلعم نے لعاب دہن مبارک سی اونکی آنکھون مین ڈالا فی الفور اچھی ہوگئین اور ایکبار طفلان شیر خوار کو حضرت صلعم کی خدمت مین لاے حضرت صلعم نے اپنا آب دہن اونکے منہہ مین ڈالا اسقدر سیراب ہوے کہ تمام روز دودہ نہ مانگا حضرت امام حسین پیاسے تھے حضرت صلعم نے زبان شریف اونکے دہن مین رکھی اونھون نے اوسکو چوسا پیاس جاتی رہی اور تمام روز سیراب رہے اور روز حدیبیہ ایک کنوان تھا کہ کثرت پانی بھرنے سے خالی ہوگیا اور پانی اوسمین باقی نرہا جب یہہ حال حضرت صلعم کو دریافت ہوا تو اوس کنوین پر تشریف لاے اور پانی طلب کرکے کلی اپنے دہن مبارک سی اوس کنوین مین ڈالی اور فرمایا ایک ساعت توقف کرو پھر دیکھو کنوان جوش مین آیا سب آدمیون اور جانورون نے پانی پیا جب تک وہان مقام رہا پانی کم نہوا اور حضرت صلعم کے پاس ایک کنوین سی پانی کا ڈول بھر کر لاے آپنے اوس ڈول سی پانی پیا اور آب دہن شریف سی اوسمین ڈالا پھر اوس ڈول کی پانیکو اوس کنوین مین ڈالا تو اوس کنوین کے پانی سی بوے مشک آنے لگی اور انس بن مالک رض کے گھر مین کنوان تھا کہ اوسکا پانی کھاری تھا اوسمین ایک قطرہ آب دہن حضرت صلعم کا ڈالا وہ کھاری پانی ایسا شیرین ہوگیا کہ مدینہ شریف مین اوسکے مثل دوسرا نتھا اور اسطرح کے معجزے بہت سی کتب سیر مین لکھے ہین اور عرق شریف ایسا خوشبودار تھا کہ بعضی بیبیون نے شیشہ مین کر رکھا تھا دہنون کی بجاے عطر لگا دیتی تھین سب خوشبوؤن سی اوسکی خوشبو غالب رہتی تھی جس کوچہ مین آپ نکل جاتے اوس سے خوشبو آتی یہانتک کہ پھر جو وہان نکلتا خوشبو سی پہچان لیتا کہ آپ ادھر سے تشریف لیگئے ہین اور آپ جہان قضاے حاجت کو بیٹھتے تھے وہان سی خوشبو آتی اور زمین آپکی فضلہ کھپا لیتی پیشاب مین آپکی قذارت اور بدبو نہ تھی رات مین ایکبار برتن مین آپنے پیشاب کیا تھا ام ایمن رض نے دھوکے سی پی لیا مطلق نہ جانا کہ پیشاب تھا آپنے منکر فرمایا کہ تیرا پیٹ کبھی نہ دکھیگا اسیواسطے فقہا نے لکھا ہے کہ بول و براز آپکا نجس نہ تھا چنانچہ عینی شارح بخاری نے لکھا ہے اور لکھا ہے کہ مذہب حضرت امام اعظم کا یہی ہے

بیان دو دندان شریف

دندان نور افشان کشادہ اور نہایت روشن اور چمکتے تھے بوقت کلام گویا نور مجسم تھا چنانچہ مفلج الاسنان اور مفلج الثنان حدیث شریف مین وارد ہے یعنے اگلے دانت آپکے

آپکی آنکھہ کو احاطہ اور وسعت احساس محسوسات مین حاصل تھی کہ شش جہت کو حضرت صلعم کی
نظر مبارک کی روبرو حکم ایک جہت کا تھا بروایت صحیح ثابت ہی کہ حضرت ثریا کے تارے گیارہ یا بارہ
دیکھتے تھے اور بوقت بناء مسجد مدینہ طیبہ مین آپنے قبلہ کو بچشم سر دیکھہ کر سمت قبلہ درست فرمائی
اور آپکی نظر زمین کیطرف زیادہ رہتی تھی اور یہہ جو حدیث مین وارد ہوا کہ نگاہ آپکی بجانب آسمان رہتی تھی
مراد اس سے حالت انتظار وحی ہی اور نیچی نگاہ رکھنا حالت روزمرہ تھی اور سبب اسکا حیا اور حضور ہے
اور اکثر نظر آپکی ملاحظہ تھا یعنی گوشہ چشم سے دیکھنا اور باعث اسکا نہایت حیا اور وقار ہے
غرض جو فعل آپکا تھا وہ محبوب اور محمود اور مطبوع تھا **پلکین مبارک** آپکی دراز بکمال آرائش
و زیبائش تھین چنانچہ وارد ہوا اھداب الاشفار یعنے صاحب پلکون دراز کے
گوش مبارک نہایت مناسب اور خوبصورت تھے اور لکھا یہہ معجزہ تھا کہ دور و نزدیک سے
برابر سنتے تھے حدیث شریف مین وارد ہوا کہ مین دیکھتا ہون اوس چیز کو کہ تم نہین دیکھتے
اور سنتا ہون اوس چیز کو کہ تم نہین سنتے اور بھی ایک حدیث مین وارد ہوا کہ ایک دن آپ
مجمع صحابہ کرام مین بیٹھے تھے ناگاہ آپنے طرف آسمان کے نظر کرکے فرمایا کہ اسوقت یعنے آسمان کے
دروازہ کھولنے کی آواز سنی اور یہہ دروازہ آگے کبھی نہین کھلا تھا اور اوس دروازہ سے ستر ہزار فرشتے
واسطے متابعت نزول سورۂ انعام کے اوترے اسمقام سے حضرت صلعم کی قوت شنوائی اور بینائی
دونو معلوم کیا چاہیے اور لکھا ہے کہ بیداری اور خواب مین آپ برابر سنتے تھے حدیث شریف مین وارد ہوا
کہ آپنے فرمایا کہ آنکھین میری سوتی ہین اور دل جاگتا ہی اسیوجہ سے حضرت صلعم کا خواب ناقض وضو نہ تھا
بینی مبارک بلند تھی اور اوسپر نور کا ابھار تھا یعنی وہ بلندی شعاع نور کی تھی جو بلند نظر
آتی تھی **رخسارہ شریف** آپکے نرم و نازک بکمال نظافت و لطافت اور نہایت آب و تاب سے
رشک گلہای بہشت تھے اور ایسے چمکتے تھے نور الہی سے کہ روشنی چاند کی اوسکے سامنے شرماتی تھی
دہن مبارک کشادہ تھا یعنی نہایت تنگ کہ بدنما ہو نہ تھا حدیث جابر مین وارد ہوا
کہ تھی رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم ضلیع الفم یعنی فراخ دہان نکتہ کشادگی دہن شریف مین
یہہ ہی کہ وسعت دہن نزدیک عرب کے مردون مین ممدوح ہی اور تنگی دہن خوبی عورتون کی ہے
اور تنگ دہنی کو کہ شعرا معشوقون کی تعریف مین اعتبار کرتے ہین گویا مردون کے نزدیک عورتون کے حکم مین داخل ہین

بیان پلکین مبارک
بیان گوش مبارک
بیان بینی مبارک
بیان رخسارہ مبا
بیان دہن مبارک

اوسکو بروز نکاح اپنی دختر کے خوشبو میسر نہوئی حضرت کی خدمتمین آئی اور ایک ظرف مین آپ کی
جبین مبارک سے چند قطرے عرق کے لیجاکر اوس ولن کے بدنمین ملے کئی پشت تک اوسکی اولاد مین
ویسی ہی خوشبو آتی رہی **ابرو مبارک** آپکی قریب بہ پیوستگی مثل کمان گویا محراب سجود عارفون
اور عاشقون کی تھی اور عبارات احادیث کی اسمقام مین مختلف واقع ہین بعض احادیث مین ملی ہوئی ابرو
اور بعض مین غیر ملی ہوئی وارد ہی اور وجہ تطبیق یہہ کہ بحد اعتدال تھی اور درمیان دونون ابرو مبارک کے
ایک رگ تھی کہ حالت غصہ مین نمود ہوتی اور صورت خدا کے قہر کی اوس سے نظر آتی **آنکھین مبارک**
آپکی کہ ہر وقت نظارۂ حق مین مشغول تھین سیاہی اور سفیدی اونکی بحد اعتدال تھی اور ڈورے سرخ
اونمین خوشنمائی کے ساتھہ نمودار تھے اور روایات حدیث اس باب مین بھی مختلف وارد ہین
بعض روایات مین وارد ہوا عظیم العینین یعنے بزرگ چشم اور ایک روایت مین وارد ہے
اشکل العینین **ف** شکلہ بضم شین معجمہ سرخی کہ سفیدی آنکھہ مین ہو اور بعض روایات مین
آیا ہے اشہل العینین شہلہ سرخی کہ سیاہی مین ہو شاعرون نے معشوقون کی آنکھہ کی تعریف مین
نرگس شہلا باندھا ہی لیکن مشہور اہل حدیث کی نزدیک اشکل العینین ہی اشکل وہ چیز ہی کہ اوسمین سرخی
اور سفیدی ملی ہو یا وہ چیز کہ سفیدی اوسکی مائل بسرخی ہو اور بعض روایات مین ادعج العینین
وارد ہی ادعج بہت سیاہ چشم کو کہتے ہین اور قاموس مین بمعنی فراخ چشم بھی اعتبار کیا ہے
اور کحل العینین بھی آیا ہے یعنی آنکھین آپکی ایسی تھین کہ گویا سرمہ لگا ہوا ہی اور سرگین چشم
معشوقون کی آنکھہ کی تعریف مین مشہور ہے حاصل یہہ کہ جو وصف آنکھہ مین ہونی چاہئین
وہ سب بلا تصنع حضور کی آنکھہ مین جمع تھین اور وجہ تطبیق ان روایات مین باعتبار جامعیت
تصور کرنا چاہیے بخاری نے ابن عباسؓ سے اور بیہقی نے حضرت عائشہ صدیقہؓ سے روایت کی ہے
کہ حضرت اندھیرے مین ایسا دیکھتے تھے جیسے روشنی مین یعنے اندھیرے اور اوجالے مین
برابر نظر آتا تھا اور لکھا ہے کہ حضرت کی نظر پیشہ رو اور پس پشت برابر تھی یعنی آگے اور پیچھے سے
برابر دیکھتے تھے چنانچہ حدیث شریف مین وارد ہوا کہ حضرت مقتدیون سے فرماتے
کہ سبقت نکرو مجھسے رکوع اور سجدہ مین کہ مین تمکو آگے اور پیچھے سے یکسان دیکھتا ہون
فی الحقیقت جیسکہ قلب انور مظہر احاطہ اور وسعت ادراک معقولات مین رکھتا تھا اسیطرح سے

بیان ابرو مبارک

بیان چشم مبارک

ظاہر ہی کہ تشبیہ شمشیر مین معنی تدویر فوت ہوتی تھے اور قمر جامع لمعان اور تدویر دونون کا ہی اسواسطے
تشبیہ شمشیر سی طرف قمر کے عدول کیا خلاصہ احادیث صحاح مین تشبیہ چہرۂ مبارک کی کئی چیزونکی ساتھہ واقع ہی
یعنی آفتاب ماہتاب شمشیر آئینہ ماہ شب چہاردہم پارۂ قمر ہالۂ ماہ اور مقصود ان تشبیہون سی براقت لمعان و صفا
اور تدویر چہرۂ مبارک کی ہی لیکن اسجگہ اتنا خوب سمجھ لینا چاہیی کہ تدویر چہرۂ مبارک کی اعتدال کی ساتھہ تھی
یعنی چہرۂ نورانی فی الجملہ گول تھا اور بہت دراز نہ تھا اور فائدہ اختیار تشابیہ مختلفہ مین یہہ ہی کہ چہرہ شریف آپکا
جامع جمیع صفات حسن و جمال تھا اور یقین کرنا چاہیے کہ یہ سب تشبیہات بطرز شعراء اور موافق عرف
وعادت کے ہین ورنہ حقیقت مین کوئی چیز دنیا مین مماثل صفات خلقیہ اور خلقیہ حضرت کی نہین ہے
جیسے کہ مدارج النبوۃ مین تحقیق اسکی بخوبی مذکور ہے اور **لون چہرہ نورانی کا** سفیدی مائل بسرخی تھا
اور ایسی چمک دمک نور کی آپکی چہرۂ مبارک مین تھی کہ نگاہ نہین ٹھہرتی تھی اور چہرہ آپکا مثل آئینہ صاف اور روشن تھا
کہ عکس ہر چیز کا اوسمین معلوم ہوتا بلکہ صفائی اس آئینہ خدانما کی یہانتک پہونچی تھی کہ صورت نور خدا کی
صاف اوسمین نظر آتی تھی چنانچہ حدیث شریف مَنْ رَآنِی فَقَدْ رَاَی الْحَقَّ
کاشف اس رمز کی ہے اللھم صل علی محمد و آلہ علی قدر حسنہ وجمالہ
بعض روایات مین وارد ہی کہ حضرت عائشہ صدیقہ رضی جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم سی پوچھا
کہ آپ زیادہ خوبصورت ہین یا یوسفؑ آپنے فرمایا انا اصلی وانی یوسف اصبح مین ملیح ہون
یعنی گورا بانمکینی اور بھائی میرے یوسفؑ خوب گورے تھے **ف** اہل نکات نے لکھا ہی کہ آپکے
بانمک ہونے مین یہہ نکتہ تھا کہ نمک کی یہہ خاصیت ہی کہ دوسری کو آپسا کر لیتا ہے **مصرعہ**
ہر چیز کہ در کان نمک رفت نمک شد + اور بھی کھانے کو مزہ دار کر دیتا ہی چونکہ اللہ جل جلالہ کو
منظور تھا کہ ایک عالم کو آپکی کیفیت سی مکیف کری اور خلق کو آپکے سبب سی باذاق معرفت کر دے
اور ظاہر عنوان باطن کا ہوتا ہی لہذا رنگ مبارک مین ملاحت عنایت ہوئی **جبین نورا گین**
کہ انوار و تجلیات الہی سی مالامال تھی مانند جوصلہ گول عشاق واضح اور کشادہ تھی کعب ابن مالکؓ سے
روایت ہی کہ جب جبین آپکی پیشانی مین پڑتی ایسا معلوم ہوتا کہ گویا چاند کا ٹکڑا ہے اور خوشبو
آپکی پیشانی نور افشان کی مشک عنبر زعفران گلاب عطر سے زیادہ تھی چنانچہ عورتین بجای خوشبو
اور عطریات کی آپکے پیشانی مبارک کی پسینے کو بدنمین اور بالونمین ملتی تھین منقول ہی کہ ایک عورت بیمار تھی

بیان
لون چہرہ نورانی

بیان
جبین نورا گین

سر مبارک بزرگ تھا اور بزرگی سر کی دلیل زیادتی عقل اور تیزی فکر کی ہی بسبب قوت دماغ کے
کہ حامل جوہر عقل ہے اور مراد بزرگی سر مبارک سی یہہ نہ سمجھنا چاہیے کہ خارج حد اعتدال سے تھا
اور یہہ قاعدہ کلیہ تمام اعضاء جسم شریف مین محفوظ رہے کہ کمال اعتدال خلقت مین تھی **موی مبارک** حضور کے سر مبارک کے گھونگر والے نہ نرم و فربہ گشتہ یعنی سیدھی کہ اصلا پیچ نہ رکھتے ہون اور بہت پیچدار
اور سخت جیسے حبشیون کے ہوتے ہین بلکہ درمیان مین تھی اور لپٹین خوشبو کی اونسی ہر وقت آتی تھین
اور ہر وقت نور سے چمکتے تھی اور آپکے بالونکا یہ معجزہ تھا کہ جب اونکو دھو کر بیمار کو پلاتی فورًا شفا حاصل ہوتی
اور درازی موی سر گاہی کان مبارک تک اور کبھی کندہی مبارک تک اور کبھی درمیان کان اور کندھی مبارک کے تھی
اور کبھی موی شریف کو اطراف سر پر چھوڑ دیتی اور کبھی فرق فرماتے جسکو زبان عربی مین مفرق اور ہندی مین
مانگ کہتی ہین اور یہہ سنت حضرت ابراہیم کی ہے اور دو جانب دو گیسو اور گاہی دونو طرف چار گیسو
چھوڑتے چنانچہ حدیث ام ہانی مین وارد ہوا کہ جب حضرت مکہ معظمہ مین تشریف لاے تو آپکی چار گیسو چھوڑی تھی

ف سر کے بال رکھنا سنت اور عادت قدیم عرب کی ہے لیکن چاہیے کہ خبر گیری بالون کی رکھے
یعنی تیل ڈالے اور کنگھی کرے حضرت اسکا بہت اہتمام فرماتے تھے اور جسکے بال کہ پریشان و خراب دیکھتے
ناخوش ہوتے اور جسکو کہ آپ رات دن بنانے سنوارنے مین مشغول پاتے اوس سے بھی آپ بیزار ہوتے
غرض اعتدال آپکو پسند تھا اور حلق سر مبارک کا یعنی حجامت سوا حج اور عمرہ کے ثابت نہین ہوا

روی شریف حضور کا آئینہ جمال الہی اور مرآت انوار نامتناہی تھا صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین
براء بن عازب رضی سی روایت ہی کہ تھے رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم خوب رو اور خوشخو ترین مردم
اور حدیث حضرت ابی ہریرہ رضہ مین آیا ہے کہ نہین دیکھا مینے کسی چیز کو بہتر رسولخدا صلی اللہ علیہ وسلم سے

ف اس حدیث مین اشارہ ہی کہ حسن اور خوبی حضرت صلعم کے جمال باکمال کی غالب اور فائق
سب اشیا پر تھی کوئی چیز دنیا مین ایسی نہین کہ جسکا حسن اور خوبی برابر حسن و خوبی حضرت صلعم کی ہو
اور فرمایا حضرت ابو ہریرہ رضہ نے کہ ایسا چہرہ آپکا روشن اور تابان تھا کہ گویا آفتاب اوسمین سیر کرتا ہی
اور دوسری حدیث مین وارد ہوا کہ جب تو دیکھی آپکے چہرہ کو دیکھی تو گویا آفتاب طلوع کرتا ہے
مقصود اس تشبیہ سی بیان روشنی اور اشراق و لمعان روی مبارک کا ہی اور حدیث بخاری مین وارد ہے
کہ پوچھا براء بن عازب رضی سی کہ تھا روی شریف حضرت صلعم کا مانند شمشیر کے کہا نہین بلکہ تھا مثل قمر کے

سر مبارک کے بالون کی کنگھی کا بیان

روی شریف

اب اس جگہہ تصویر حلیۂ شریف تبرکاً و تیمناً لکھی جاتی ہے اہل ذوق کو مقام آگاہی اور بیداری ہے
کہ اولین مخلوقات و نخستین کائنات ذات بابرکات اشرف بریات افضل موجودات احمد مجتبےٰ محمد مصطفےٰ
صلے اللہ علیہ وسلم ہے چنانچہ حدیث صحیح مین وارد ہی اول ما خلق اللہ نوری یعنے فرمایا
کہ سب سے پہلے جو چیز خدا نے پیدا کی وہ نور محمد صلے اللہ علیہ وسلم ہی یہہ بات بالاتفاق ثابت ہے
کہ حقتعالی نے اپنے نور سے محمد صلے اللہ علیہ وسلم کا نور پیدا اور اوس نور سے ظہور تمام مخلوقات کا ہوا
اصل اس نور و ظہور کا بیان یون ہے کہ جب شاہد خلوتکدہ کان اللہ ولم یکن معہ شئ نے چاہا
کہ ایک آئینۂ خدانما بنا کر اوسمین صورت جمال کمال اسمائی و صفاتی کی دیکھے تو اپنی ہی نور ذکیف سے
ایک حصہ کو مخصوص بنظر ربوبیت فرماکے ارشاد کیا کن محمدًا صلے اللہ علیہ وسلم یعنے ہوجا
محمد صلے اللہ علیہ وسلم اوس سر مکنون نے باستمثال امر کن فیکون مثل ستون حجاب عظمت تک بلند ہوکر
نہایت ادب سے جبین ارادت زمین اطاعت پر رکھہ کر سجدہ کیا اور الحمد للہ کہا حق تعالی نے فرمایا
اسیواسطے میںنے تجکو پیدا کیا اور تیرا نام محمد صلے اللہ علیہ وسلم رکھا ابتدا خلق کی گہ وارگاہ مین تجھسے
اور انتہا رسولون کی گہ وارگاہ مین تجھپر کتب معتبرہ مین وارد ہوا کہ اوسوقت حضرت صلعم نے سجدہ مین فرمایا
یارب ھب لی امتی یعنے اے پروردگار بخش تو واسطے میری امت کو حقتعالی نے فرمایا
وھبتک امتک باعلی ھمتک بخشا میںنے تیری امت کو بسبب بڑی ہمت تیری کے اور فرمایا
حقتعالی نے اشھد و ایاما ملائکتی ان حبیبی لا ینسی امتک عند الولادۃ فکیف ینسھا
یوم القیمۃ یعنے گواہ رہو فرشتو میرے کہ دوست میرا نہ بھولا اپنی امت کو وقت پیدائش کے
پھر کیونکر بھولیگا اپنی امت کو دن قیامت کے یارب صل و سلم دائما ابدًا * علی نبیک
خیر الخلق کلھم **تصویر حلیۂ شریف** اہل حدیث تحریر فرماتے ہین کہ قد مبارک سایہ نہ تھا
یعنے نہ بہت بلند و دراز اور نہ قصیر و کوتاہ باوجود اسکے آپکے قامت رعنا کا یہہ معجزہ تھا کہ جب آپ کھڑے ہوتے
یا چلتے سب آدمیون مین تو آپکا قد مبارک بلند نظر آتا اور کسیکا قد حضرت کی قامت شریف کی برابر نہ ہوتا
اور جب حضور مسند ارشاد و ہدایت پر جلوہ فرما ہوتے تو تمام جماعت مین سر مبارک بلند اور اونچا معلوم ہوتا
خلاصہ یہہ کہ غیرت الہی نے آپکا ہمسر پیدا نہ کیا یہانتک کہ آپکا سایہ بھی نہ تھا تا شائبہ ہمسری و برابری کا
اوس سے ظاہر نہ ہو اور نہ ہونا سایہ کا دلیل روشن اس بات پر ہی کہ کسی چیز کو خدا نے آپکا مثل پیدا نکیا

بیان تصویر حلیۂ شریف

اور ہمیشہ بقیتہ العمر نماز روزی اور تقوی طہارت مین بہ نسبت پہلے کے زیادہ مشغول رہی کہ یہ علامت ہے قبول ہونی حج کی اور زیارت کی اور چاہیے کہ اون تبرکات مین سی تھوڑا تھوڑا سب مسلمانونکو بھیجا دے اور زمزم شریف سب اہل محلہ کو پلا دی رب العالمین یہ دولت عظمی دین و دنیا کی سب مسلمانونکو نصیب فرماوی آمین یا ارحم الراحمین

فصل پانچوین

رسول مقبول صلعم کے حلیہ شریف وغیرہ و فضائل جلیہ کے بیان مین

پوشیدہ نہ رہی کہ قاعدہ اور دستور یہ ہی کہ جو کوئی حاکم اپنی نائب کو سرفراز کرتا ہی تو ایسی معاملہ راز و نیاز کے اوسکی ساتھہ عمل مین لاتا ہی کہ سب لوگ معلوم کرین کہ یہ شخص مخصوص اور مصاحب خاص مالک کا ہے اسکا ساختہ پرداختہ سبطرحسی مالک کو منظور و مقبول ہی اور اسکی محبت یا عداوت مالک کی محبت یا عداوت ہے اسیطرحسی پاک پروردگار نے کہ احکم الحاکمین سارے عالم کا ہی اپنی پیغمبر حضرت محمد مصطفے صلے اللہ علیہ وسلم کو تمام مخلوقات سی بخشم رسالت برگزیدہ فرماکے اپنی خاص مہربانیونکے ساتھہ مخصوص کیا تاکہ سب پر روشن ہوجاے کہ یہہ پیغمبر محبوب اور مخصوص خالق کون و مکان اور مالک زمین و آسمان کا ہی یہانتک کہ اسکی رضامندی خدا کی رضامندی اور اسکی ناخوشی خدا کی ناخوشی ہے پس فضیلتین حضرت کو جو حقتعالی نے بخشین دو قسم ہین **ایک قسم وہ** کہ اور نبی بھی اوسمین شریک ہین لیکن آپکو اور انبیا سی زیادتی اوسی وصف اور صفت مین حاصل ہے علاوہ اسکے جو جو کمال ایک ایک نبی کی ذات مین جدا جدا تھے وہ سب حضرت کی اکیلی ذات مجمع صفات مین مجتمع ہوی گویا آپ عطر مجموعہ اور گلدستہ کمالات عامہ و خاصہ تھی فضیلت اس اجتماع کی انفراد پر جو ہی سب خاص و عام پر ظاہر ہے اسکی مثال یہ ہی کہ بیس چراغ بیس مکانونمین جدا جدا روشن ہون اور اونمین بیسون کو ایک مکان مین روشن کرین تو کیا کچھہ ترقی روشنی کی ہوگی چنانچہ خلافت اور ملک اور حسن اور خلت اور کلام اور عبادت اور شکر جو آدم و داؤد اور سلیمان اور یوسف اور ابراہیم اور موسی اور نوح علیہم السلام کو جدا جدا دیا گیا یہہ سب وصف اور کمال ذات پاک سرور کائنات مین یکجا جمع ہوے **اور دوسری قسم وہ** کہ مخصوص حضرت صلعم کے ساتھہ ہے اور کسی نبی کو اوسمین شرکت نہین جیسے انواع **ولایات اور محبوبیت مطلق و اصطفاء مطلق و رویت و قرب اتم و شفاعت عظمی و جہاد** اور سوا انکے اور کمالات جنکی تصریح سراالشہادتین اور اوسکی شرح تحریر الشہادتین مین بخوبی مذکور ہے رسول مقبول صلعم کے ساتھہ خاص ہین

بیان تبرکات مکہ معظمہ و مدینہ طیبہ

علامت قبولیت ہی اور جسکو کہ ایک ذرا سا بھی سرشتۂ محبت اور علاقۂ دوستی حاصل ہی اوسکی رقت وزاری کا
کیا حال بیان کیا جاوی ؎ ولیکہ عاشق صابر بود مگر سنگ ست ہزار عشق تا بصبوری ہزار فرسنگ ست
غرض پھرے حضوری شریف سی حسرت کرتا ہوا روتا ہوا اور جو اوسوقت میسر ہو وہان خیرات کرے
کہ یہ باعث نجات ہی ہر آفت ہی اور موجب سلامتی ہی ہر ملامت سی حتی الامکان اسمین قصور نکرے
پس چلتے وقت ضرور ہے کہ کچھ تحفے اور پھل وغیرہ اپنے دوستون اور عزیزون کی لیی مدینہ طیبہ سے
اپنی ساتھہ لیوی تاکہ موجب خوشنودی عزیزون اور دوستون کا ہووی مثل کھجورون عجوہ برنی ہلیلہ کی
اور خاک شفا اور پانی ساتون کوؤن کا اور تبرکات مثل اوسکے ساتھہ لیجاوی اور ایسی ہی مکہ شریف سے
پانی زمزم شریف کا اور سوائے اسکے تبرکات ہمراہ لیوی شیخ مرحوم لکھتے ہین کہ اکثر علما اسپر ہین کہ مدینہ طیبہ
و مکہ معظمہ کی خاک اور اینٹ پتھر وغیرہ نہ اوٹھاوی لیکن علمای حنفیہ اور بعض شافعیہ کے نزدیک جائز ہے
جیسے کہ تصریح اسکی جذب القلوب مین مذکور ہے غرض جب اپنی شہر کے پاس پہونچے تو یہ دعا پڑھے
اللھم انی اسئلک خیرھا وخیر اھلھا وخیر ما فیھا واعوذ بک
من شرھا وشر اھلھا وشر ما فیھا اللھم اجعل لنا بھا قرارا ورزقا حسنا آمنون
تائبون لربنا حامدون اور چاہیے کہ پہلے پہونچنے سے خبر پہونچاوی اپنی گھر والون کو
کہ وہ استقبال کرین اسکا جب شہر مین آوے تو یہ دعا پڑھے لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ
لہ الملک ولہ الحمد وھو علی کل شیٔ قدیر لا الہ الا اللہ وحدہ صدق وعدہ ونصر عبدہ
وھزم الاحزاب وحدہ فلا شیٔ بعدہ اور چاہیے کہ رات کو نہ داخل ہو گھر مین
اور نہ یکایک چلا آوے بہترین وقت چاشت کا وقت ہی تا آخر دن تک اور پہلے گھر کے داخل ہونیکے
مسجد مین دوگانہ پڑھے اگر وقت مکروہ ہو اور دعا مانگے اور شکر نعمت الہی بجا لاوی کہ خیر و سلامتی سی پہونچا
اور کہے الحمد للہ الذی بنعمتہ وجلالہ تتم الصالحات پس گھر مین داخل ہو یہ کہتا ہوا
توبا توبا لربنا اوبا لا یغادر علینا حوبا پھر گھر مین جاکر دوگانہ تحیۃ المنزل کا پڑھے
اور جو شخص کہ ملاقات کو آوی اوس سی مصافحہ کرے اور اگر معانقہ کرے تو بھی درست ہے
اور اگر کوئی عالم یا صالح یا شریف آوے تو اوسکے ہاتھہ کا بوسہ دینا بھی درست ہی اور جو شخص
کہ ملاقات کو آوی اوس سے کشادہ پیشانی اور نرمی اور تواضع سے پیش آوے اور دعا کرے

باعث حصول تمامی مقاصد دینی و دنیوی ہی خصوص آفات دریا و کشتی کے لیے مجرب ہے اقل مرتبہ قرارت کا
تین سو بار ہی کہتے ہین کہ ایک شخص اپنی حصول حاجت کی لیے ہزار بار پڑہنیکے ساتھہ مامور ہوا پس اوسنے
تین سو بار پڑہی تھی کہ وہ حاجت پوری ہوگئی بعد اوسکے وظیفہ اس درود کا تین سو بار مقرر ہوگیا
کذا ذکرہ بعض العلماء **ف** حاصل یہ کہ درود شریف سی زیادہ کوئی وظیفہ نہین دین و دنیا کی سعادت
اوسمین ہی جیساکہ حال اسکا تفصیلی بیان ہوا ہر ایک مسلمان بھائی کو چاہیے کہ اس درود اعظم کو جہانتک
ممکن ہو ترک نکرے اور ہر روز کے لیے جتنی ہوسکے پڑہنے کے لیے مقرر کرے اور جو دعا مانگے اوسکی
اول و آخر درود شریف ضرور پڑہے کیونکہ جس دعا کی ساتھہ کہ درود شریف نہین ہوتی ہے تو ملائکہ
دروازہ آسمان کے اوسکے لیے نہین کہولتے ہین اور وہ دعا ہرگز نہین قبول ہوتی ہی اللھم صل وسلم علی محمد وعلی آل محمد الف الف مرۃ

فصل چوتھی

طریقہ رخصت ہونے مدینہ طیبہ سے تا احوال پہونچنے حاجی کے اپنے وطن مین

پوشیدہ نہ رہے کہ جب حاجی حرمین شریفین کی زیارتون سے اور زیارت شریف جناب سید الانام
علیہ افضل الصلوۃ والسلام اور زیارت مساجد و مشاہد عظام سی فارغ ہو تو رخصت ہونے کیوقت
دوگانہ رخصت کا مسجد نبوی مین پڑہے اور جو حضور صلعم کے مصلے شریف پر پڑہ سکے تو نہایت افضل ہے
بعد اسکے آداب زیارت شریف جو مذکور ہوچکے اون سبکو کمال آداب اور اعتماد سے بجا لاوے
اور اپنی سعادت دنیا و آخرت کے لیے اور زیارت شریف کی قبول ہونیکے لیے اور پھر حاضر ہونیکی دیگر
جو چاہی دین و دنیا کی بھلائی سے دعا مانگے اور روضۂ اقدس اطہر پر جاکر بعد صلوۃ و سلام کے عرض کرے
اللھم انا نسئلک فی سفرنا ھذا البر والتقوی ومن العمل ما تحب وترضی اللھم لا تجعل ھذا
آخر العھد بنبیک ومسجدہ وحرمہ ویسر لی العود الیہ والوقوف لدیہ واسئلک فی
العفو والعافیۃ فی الدنیا والاٰخرۃ ورد الی اھلنا سالمین غانمین امنین
برحمتک یا ارحم الراحمین

دعا وقت رخصت

اور وقت رخصت کی چاہیے کہ مبالغہ گریہ وزاری مین بہت کرے کہ یہ بہت بڑی علامت قبولیت
اور نشان امیدواری ہے یہانتک کہ اگر غلبۂ گریہ وزاری میسر نہووے تو اپنی سنگدلی پر روئے
اور جو باتین کہ ذوق و شوق و رقت کو پیدا کرتی ہین دلمین یاد دلاوے کیونکہ بیقراری و زاری جسوجہ سی کہ ہو

علامت

من مضی من خلقك ومن بقی ومن سعد منهم ومن شقی صلوٰة تستغرق العد
وتحیط بالحد صلوٰة لا غایة لها ولا انتهاء ولا انقضاء صلوٰة دائمة بدوامك وعلی آله
واصحابه کذلك والحمد لله علی ذلك امام سخاوی نقل کرتے ہین کہ ثواب اس درود شریف کا
دس ہزار کا ہی اور ایک درود شریف یہ ہی اللهم لك الحمد بعدد من حمدك ولك الحمد بعدد
من لم یحمدك ولك الحمد کما تحب ان تحمد اللهم صل علی محمد بعدد من صلی علیه
وصل علی محمد بعدد من لم یصل علیه وصل علی محمد کما تحب ان یصلی علیه یہ درود شریف طبرانی سی ہے
کہ اکابر علماء حدیث سی ہین وہ کہتے ہین کہ یہ درود شریف مینے خواب مین حضرت کے روبرو پڑھی
پس رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے سنکر تبسم فرمایا یہان تک کہ کچلیان مبارک نمایان ہوئین اور نور
نور چمکا صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم اللهم صل علی محمد وعلی آل محمد صلوٰة انت لها اهل وهو
لہ اهل وبارك وسلم اہل حدیث فرماتے ہین کہ یہ درود شریف نہایت مقبول ہی بارگاہ مصطفوی مین کہتے ہین
کہ ایک شخص زیارت کرنیوالون سے کہ مقبول دربار احمدی صلے اللہ علیہ وسلم تھا اس درود شریف کا
تحفہ بھیجا کرتا تھا جب وہان نے ارادہ سفر کا کیا ارشاد ہوا کہ چند روز اور ٹھہر کہ مجکو یہ درود شریف
تیری خوش معلوم ہوتی ہے لکھا ہی کہ حضرت جناب قطب العالمین غوث الثقلین رض یہ درود شریف پڑھا کرتے تھے
اللهم صل وسلم علی حبیبك وقربیك ولبیك مظهر ربوبیتك ومثال حضرتك
وتمثال قدرتك روح القدس معطی الحیوة والفضیلة بارك بكثیر العوالم فیض
نواطق النفوس صباح الظفر والتعاشم نورس امام سخاوی در منظوم سی نقل کرتے ہین کہ جو شخص یہ درود شریف
کثرت سی پڑھے اللهم صل وسلم علی روح محمد فی الارواح وصل وسلم علی جسده فی الاجساد
وصل وسلم علی قبره فی القبور زیارت شریف سی مشرف ہووی اور حضرت کی شفاعت اوسکو حاصل ہووے
اور حوض کوثر کا پانی اوسکو نصیب ہووی اور جسم اوسکا دوزخ کی آگ پر حرام ہوجاوی صلی اللہ علیہ وسلم
اور یہ صیغہ حرمین شریفین مین بہت مستعمل ہی اور صلوٰة تنجینا یہ ہی اللهم صل علی سیدنا محمد وعلی آل
سیدنا محمد صلوٰة تنجینا بها من جمیع الاهوال والافات وتقضی لنا بها
جمیع الحاجات وتطهرنا بها من جمیع السیات وترفعنا بها عندك اعلی الدرجات
وتبلغنا بها اقصی الغایات من جمیع الخیرات فی الحیوة وبعد الممات حضرت شیخ رح لکھتے ہین کہ یہ درود شریف

اسوجہ سے کہ صحابہ کو اسکا علم کما حقہ حاصل تھا اور اسی پر قیاس کر لینا چاہیے
کہ سلام بے صلوٰۃ کے بھی مکروہ ہے بہ دلیل قولہ تعالے صَلُّوْا عَلَیْہِ وَسَلِّمُوْا تَسْلِیْمًا
اب معلوم کرنا چاہیے کہ علماء دین میں اختلاف ہے اس باب میں کہ درود شریف کونسی افضل ہے
پس اس باب میں دس قول ہیں **قول پہلا** افضل صلوٰۃ صلوٰۃ تشہد ہے یعنے جو التحیات میں
پڑھی جاتی ہے کہ وہ مذکور ہو چکی **قول دوسرا** اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد
کلما ذکرہ الذاکرون وکلما سھی عنہ الغافلون **قول تیسرا**
اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد کما ھو اھلہ ومستحقہ **قول چوتھا**
اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد کما انت اھلہ **قول پانچوان** اللھم صل علی محمد وعلی
ال محمد افضل صلوتک وعدد معلوماتک **قول چھٹا** اللھم صل علی
محمد النبی الامی وعلی کل نبی وملک وولی عدد کلماتک التامات المبارکات
قول ساتوان اللھم صل علی محمد عبدک ونبیک ورسولک النبی الامی وعلی ازواجہ وذریاتہ
عدد خلقک ورضی نفسک وزنۃ عرشک ومداد کلماتک **قول آٹھوان** اللھم صل علی
محمد وعلی ال محمد صلوٰۃ دائمۃ بدوامک **قول نوان** اللھم یا رب محمد وال محمد
صل علی محمد وال محمد واجز محمدا ما ھو اھلہ **قول دسوان** اللھم صل علی محمد
وازواجہ امہات المومنین وذریتہ واھل بیتہ کما صلیت علی ابراھیم انک حمید مجید اور حضرت
شیخ عبد الحق محدث دہلوی لکھتے ہیں کہ وقت رخصت ہوئی حضرت رضیہ سے حضرت شیخ عبد الوہاب متقی رحمۃ اللہ علیہ
نے ایک درود شریف کی اس فقیر کو اجازت دی کہ جس سے اقسام اقسام کے فتوح باطنی حاصل ہوئی جو بیان میں
نہیں آسکتے وہ یہ ہے اللھم صل علی سیدنا محمد افضل ما صلیت علی احد من خلقک صلوٰۃ دائمۃ
بدوامک باقیۃ ببقائک صلوٰۃ تکون لک رضی ولحقہ اداء اصلوٰۃ مقبولۃ لدیک معروضۃ
علیہ وعلی الہ وصحبہ وبارک وسلم اور آپ فرماتے ہیں کہ سبعات عشر جو وظیفہ مشہور ومتبرک ہے اویس
بھی ہی درود شریف بجا درزمانہ تابعین سے معمول حضرات مشائخ کا چلا آتا ہے حضرت شیخ اجل واکرم علی المتقی نے اپنی
بعض رسالوں میں اس درود شریف کو پسند کی ہے اور ایک درود شریف یہ ہے کہ اسکی بھی بڑی فضیلت ہے
اللھم صل علی سیدنا محمد السابق للخلق نورہ ورحمۃ للعالمین ظھورہ عدد من

کما بارکت علی ال ابراھیم انک حمید مجید روایت کیا بخاری و مسلم نے اور نسائی ابن ماجہ نے **صیغہ پانچواں** اللھم صل علی محمد عبدک و رسولک کما صلیت علی ابراھیم و بارک علی محمد و علی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم و علی ال ابراھیم انک حمید مجید روایت کیا بخاری و مسلم و نسائی نے **صیغہ چھٹا** اللھم اجعل صلواتک و برکاتک علی محمد و علی محمد کما جعلتھا علی ابراھیم و ال ابراھیم انک حمید مجید و بارک علی محمد و علی ال محمد کما بارکت علی ابراھیم انک حمید مجید روایت کیا قاسم اصبہانی نے اور تلمسانی نے نبی مفاخر میں **صیغہ ساتواں** اللھم صل علی محمد و اھل بیتہ کما صلیت علی ابراھیم انک حمید مجید اللھم صل علینا معھم اللھم بارک علی محمد و اھل بیتہ کما بارکت علی ابراھیم انک حمید مجید اللھم بارک علینا معھم صلوۃ اللہ و صلوۃ المومنین علی محمد النبی الامی السلام علینا و رحمۃ اللہ و برکاتہ روایت کیا واقطنی نے **صیغہ آٹھواں** اللھم صل علی محمد و علی ال محمد روایت کیا ابوداؤد نے **صیغہ نواں** اللھم صل علی محمد النبی الامی و ازواجہ امہات المومنین و ذریتہ و اھل بیتہ کما صلیت علی ابراھیم انک حمید مجید روایت کیا ابوداؤد نے **صیغہ دسواں** اللھم صل علی محمد و علی ال محمد و بارک علی محمد و علی ال محمد کما صلیت و بارک علی ابراھیم و علی ال ابراھیم انک حمید مجید روایت کیا نسائی نے **صیغہ گیارھواں** اللھم اجعل صلواتک و برکاتک علی محمد و ال محمد کما جعلتھا علی ابراھیم انک حمید مجید روایت کیا احمد نے **صیغہ بارھواں** اللھم صل علی محمد کما امرتنا ان نصلی علیہ و صل علیہ کما ینبغی ان یصلی علیہ ذکر کیا اسکو صاحب شرف المصطفی نے **صیغہ تیرھواں** اللھم صل علی محمد عبدک و رسولک النبی الامی الذی امن بک و بکتابک و اعطہ افضل رحمتک و اتاہ الشرف علی خلقک یوم القیمۃ و اجزہ خیر الجزاء و السلام علیہ و رحمۃ اللہ و برکاتہ **ف** شیخ عمر لکھتے ہیں کہ یہ کل صیغے جو مذکور ہوئے خالی ہیں ذکر سلام سے پس چاہیے پڑھنے والے کو کہ یکمرتبہ الیوے السلام علیک ایھا النبی الکریم و رحمۃ اللہ و برکاتہ اسواسطے کہ ذکر صلوۃ بی سلام اکثر علما کے نزدیک مکروہ ہے اس آیت شریف کے حکم سے یا ایھا الذین امنوا صلوا علیہ و سلموا تسلیما اور رسول مقبول صلعم نے امین جو ذکر سلام نہ فرمایا

صیغہ چوتھا صیغہ پانچواں صیغہ چھٹا صیغہ ساتواں صیغہ آٹھواں صیغہ نواں صیغہ دسواں صیغہ گیارھواں صیغہ بارھواں صیغہ تیرھواں

سورہ اخلاص پڑھی اور بعد سلام کے سو بار درود شریف پڑھی اللھم صل علی محمد النبی الامی
وآلہ وسلم زیارت شریف سے مشرف ہووی اگر اوسکے نصیب مین ہی تو تین جمعہ نہین گذرین گے
انشاء اللہ تعالے اور تحقیق تجربہ کیا بعض فقرانے اور بھی روایت ہی کہ جو شخص پڑھی دو رکعت نماز جمعہ کی انکو
ہر رکعت مین بعد الحمد کے سورہ اخلاص پچیس بار پڑھی اور بعد سلام کے ہزار بار درود شریف پڑھے
صلی اللہ علی النبی الامی زیارت شریف سے مشرف ہووی سعید بن عطاسے روایت ہے
کہ جو شخص بستر خاک پر سووی اور وقت سونے کے یہ دعا پڑھی اور سیدھی ہاتھہ پر سر رکھہ کے سو رہے
زیارت شریف سے مشرف ہووی اللھم انی اسئلک بجلال وجھک الکریم ان ترینی فی منامی ھذا نبیک
محمد صلی اللہ علیہ وسلم رؤیۃ تقر بھا عینی وتشرح بھا صدری ویجمع بھا شملی وتفرج
بھا کربتی ویجمع بھا بینی وبینہ یوم القیامۃ فی الدرجات العلی ثم
لا تفرق بینی وبینہ ابدا یا ارحم الراحمین اب معلوم کرنا چاہیے
کہ علماء دین لکھتے ہین کہ افضل واکمل صلوٰۃ مسلوٰۃ تشہد ہی یعنی جو درود کہ نماز مین پڑھی جاتی ہے
کہ وہ مشہور ہی ہر ایک مسلمان اوس سے واقف ہی شیخ کمال الدین بن ہمام حنفی رحمۃ اللہ علیہ لکھتے ہین
کہ تمام کیفیات واردہ اس صیغہ مقدس مین موجود ہین اللھم صل ابدا افضل صلواتک
علی سیدنا محمد عبدک ورسولک محمد وآلہ وسلم تسلیما وزدہ تشریفا
وتکریما وانزلہ المنزل المقرب یوم القیمۃ اور ابن قیم جوزی بعض علماء شافعیہ سے نقل کرتے ہین
کہ اولے یہ ہے کہ جو صیغہ کہ وارد ہوئے ہین جدا جدا ہر وقت مین سب پڑھی تاکہ سب صیغون واردہ کا
ثواب اوسکو حاصل ہووی الصیغۃ الاولی اللھم صل علی محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی
ابراھیم وعلی آل ابراھیم وبارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت علی ابراھیم وعلی
آل ابراھیم فی العالمین انک حمید مجید روایت کیا مسلم نے صیغہ دوسرا اللھم صل علی
محمد وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم انک حمید مجید اللھم بارک علی محمد وعلی آل محمد کما بارکت
علی ابراھیم انک حمید مجید روایت کیا بخاری اور مسلم نے صیغہ تیسرا اللھم صل علی محمد النبی الامی
وعلی آل محمد کما صلیت علی ابراھیم وعلی آل ابراھیم انک حمید مجید روایت کیا احمد نے اپنی مسند مین صیغہ چوتھا
اللھم صل علی محمد وازواجہ وذریتہ کما صلیت علی ابراھیم وبارک علی محمد وازواجہ وذریتہ

صیغہ پہلا
صیغہ دوسرا
صیغہ تیسرا
صیغہ چوتھا

اور قرات حدیث کی اول و آخر اور وقف کنمو نام مبارک صلعم کے حدیث شریف مین وارد ہوا
من صلی علی فی کتاب لم تزل الملائکۃ تستغفر لہ مادام اسمی فی الکتاب ترجمہ
یعنی جسنے درود شریف پڑہی اوپر میرے بیچ کتاب کی ہمیشہ ملائکہ استغفار مانگتے رہتے ہین اوسکے لیے
جبتک کہ نام میرا اوس کتاب مین ہی کہتے ہین کہ ایک شخص تہا کہ بسبب بخل کاغذ کے لفظ صلوۃ
اوپر سید الکائنات صلی اللہ علیہ وسلم کے نہین لکہتا تہا تو ہاتہہ اوسکے مین ایک عارضہ سخت پیدا ہو گیا
اور دوسرا شخص تہا کہ صلے اللہ علیہ لکہتا تہا اور لفظ وسلم کو اوسکے ساتہہ نہین ملاتا تہا پس خواب مین
بارگاہ سید انام سی اوسپر عتاب ہوا کہ کسواسطی چار نیکیون سے اپنو تئین محروم رکہتا ہی یعنی لفظ وسلم کی
چار حرف ہین اور ہر حرف پر دس نیکیان ہین پس اس حساب سی ثواب اس لفظ کا چالیس نیکیان
ہوتی ہین اور اسی قبیل سے ہی جو لوگ کہ صرف حرف ص و م یا صلعم پر اکتفا کرتے ہین لکہا ہے
کہ ایک شخص سی خواب مین پوچہا کہ حق تعالے نے تیرے ساتہہ کیا معاملہ کیا اور تجکو کس عمل کے
عوض بخشا کہا کہ بسبب اسکے کہ مین نام مبارک کی ساتہہ صلے اللہ علیہ وسلم لکہتا تہا ایک شخص نے
حضرت امام شافعی کو خواب مین دیکہا پوچہا کہ حق تعالے نے آپکے ساتہہ کیا معاملہ کیا آپنے فرمایا
کہ رحمت کی مجہپر اور مغفرت کی میری اور اسطرح پر مجکو بہشت مین لیگئے جیسے دلہن کو لیجاتے ہین
اور نثار کیمی مجہپر موتی اور یاقوت جیسے دلہن پر کرتے ہین بعوض اس عمل شریف کے کہ وقت لکہنے
رسالہ حدیث کی کہتا تہا صلی اللہ علی محمد ما ذکرہ الذاکرون وغفل ما غفل عن ذکرہ
الغافلون ف اہل حدیث فرماتے ہین کہ جو شخص مشتاق شرف زیارت حبیب کبریا ہووے
اوسکو چاہیے کہ التزام کثرت درود شریف کا اختیار کرے اللھم صل علی محمد و آلہ وسلم کما تحب و ترضی
کہ یہہ باعث حصول مقصود ہے خواہ یہہ پڑہے اللھم صل علی روح محمد فی الارواح اللھم
صل علی جسدہ فی الاجساد اللھم صل علی قبرہ فی القبور
صاحب مفاخر الاسلام روایت کرتے ہین کہ جو شخص جمعہ کے دن ہزار بار درود شریف پڑہی اللھم
صل علی محمد النبی الامی جناب رسول مقبول صلعم کی زیارت سی مشرف ہووے یا اپنے گہر کو
بہشت مین دیکہے اور اگر نہ دیکہے تو پھر کرے پانچ جمعہ تک بفضل الہی مقصود حاصل ہوگا اور جو شخص
کہ جمعہ کی شب کو دو رکعت نماز پڑہے ہر رکعت مین بعد الحمد کے گیارہ بار آیۃ الکرسی اور گیارہ بار

یعنے فرمایا کہ جسنے پڑھی درود شریف اوپر میری سو بارون جمعرات کی نہین محتاج ہوگا وہ کبھی علمارون لکھتے ہین
کہ اس بات مین شک نہین کہ درود شریف ہر جگہہ لائق مین موجب ثواب و برکات بے انتہا کا ہی لیکن علمانے
کئی مقام ضروری شمار کیے ہین چند اونمین سے لکھے جاتے ہین کہ چاہیے مسلمان کو کہ بعد طہارت کے
حتی کہ بعد تیمم کے اور نماز مین بعد تشہد کے اور امام شافعیؒ کے نزدیک بعد قنوت کے بھی اور بعد نماز کے
اور بعد اذان کے اور تکبیر کے اور وقت اوٹھنے خواب سے واسطے نماز تہجد کے اور بعد وضو کے اور حمد کے
اور بعد نماز تہجد کے اور وقت گذرنے مسجد مین اور وقت داخل ہونے مسجد مین اور وقت نکلنے مسجد سے
اور جمعہ کے دن اور جمعہ کی رات کو خصوصًا بعد نماز جمعہ کے اور روز جمعرات اور ہفتہ اور اتوار کے دن مین بھی
حدیثین وارد ہوئی ہین اور خطبون مین اور وقت فجر کے اور تکبیرات عید مین بھی نزدیک امام شافعیؒ کے
اور نماز جنازہ مین اور حالت احرام مین بعد لبیک کے اور صفا مروہ پر اور بعد لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر کہنے کے
اور وقت دیکھنے کعبہ شریف کے زاد اللہ تعظیما و شرفا اور وقت بوسہ دینے حجر اسود کے اور طواف مین
اور مواقف حج مین اور نزدیک قبر اطہر نبوی صلعم کی خاص ترین و نزدیکترین مقامونکا ہی اور جاذب انوار و برکات
و تجلیات گوناگون ہی صلے اللہ علیہ وسلم اور وقت مشاہدہ آثار نبویہ اور مقامات حضور اقدس صلعم کے
مثل قبا و مدینہ طیبہ و وادی بدر و جبل احد وغیرہ اور وقت بیع و شرا اور وقت لکھنے وصیت کے اور ارادہ سفر کے
اور وقت سوار ہونے سواری پر اور وقت اوترنے سواری سے اور وقت نکلنے کے بجانب بازار
اور داخل ہونے اوسمین عبد اللہ ابن مسعودؓ ہر بازار مین کہ مشغولی اور غفلت لوگون کی دیکھتے تھے
تو آپ وہان آکر حمد و صلوۃ پڑھتے تھے اور وقت حضور دعوت اور پھرنے دعوت سے اور وقت گھر مین
داخل ہونیکے اور وقت حاجت پیش آنیکے اور وقت بھاگ جانے جانور اور غلام کے اور وقت غم و شدت کے
اور طاعون اور خوف غرق کے اور وقت سونے کے اور وقت چھینک آنیکے اور وقت یاد آنے کسی چیز کی ہوئی کے
یا خوف بھول جانیکے اور وقت پانی پینے کے اور وقت سننے آواز گدھے کے اور بعد ہو جانے گناہ کے
کہ کفارہ اوس گناہ کا ہو جاوے اور دعا کے اول و آخر مین اور وقت ملاقات بھائی مسلمانکے اور یار و صاحب کے
اور وقت جمع ہونے قوم کے اور بعد ہو جانے تفرقہ کے اور وقت اوٹھنے مجلس سے واسطے امن غیبت کے
اور جو جلسہ کہ واسطے اللہ کے اور اعلان شعائر اسلام کے منعقد ہووے اور وقت ختم قرآن مجید کے
اور وقت دعا حفظ قرآن مجید کے اور وقت شروع ہر کلام جائز کے اور وقت شروع درس اور وعظ

علی جمیع اخوانہ من النبیین والصدیقین والشہداء والصالحین یا ارحم الراحمین اور حضرت
ابن مسعودؓ نے یزید بن وہب سے فرمایا کہ ترک نکرو درود شریف کو جمعہ کے دن ہزار بار اللھم
صل علی محمد النبی الامی اور بھی کتاب مفاخر الاسلام مین حضرت سعید ابن مسیب سے
روایت ہے کہ فرمایا رسو نخدا صلی اللہ علیہ وسلم نے کہ جو شخص مجھ پر درود شریف پڑہے جمعہ کے دن اسی بار
بخشے جاوین گناہ اوسکے اسی برس کے اور ذمیری شرح منہاج مین نقل کرتے ہین کہ حدیث حسن مین وارد ہوا کہ جو شخص
درود شریف پڑہے حضرت پروردگار جمعہ کو اللھم صل علی محمد عبدک ورسولک النبی الامی وعلی الہ واصحابہ وسلم تسلیما
بخشے جاوین گناہ اوسکے اسی برس کے مفاخر الاسلام مین وارد ہوا کہ جو شخص جمعہ کے دن بعد نماز عصر کے
پہلے اس سے کہ نماز پڑہنی کی جگہ سے اوٹھے اسی بار درود شریف پڑہے بخشے جاوین گناہ اوسکے اسی برس کے
بروایت صحیح وارد ہوا کہ خالد ابن کثیر کے سرہانے سے پہلے اس سے کہ انتقال فرماوین
ایک ٹکڑا کاغذ کا پایا کہ اوسمین لکھا تھا برئت من النار لخالد ابن کثیر اونکے اہل سے پوچھا
کہ وہ کیا عمل کرتے تھے جو اونہون نے یہ کرامت اور سعادت پائی کہا کہ عمل اونکا یہ تھا کہ ہر جمعہ
ہزار بار درود شریف پڑہتے تھے صلی اللہ علیہ وسلم ف اہل حدیث لکھتے ہین کہ جیسے کہ
درود شریف کی جمعہ کی شب کی فضائل عالی ہین ایسی ہی پیر کی رات بھی اوسی حکم مین شریک ہے
اسوجہ سے کہ پیر کا دن بھی بڑا دن بزرگ ہے کہ اوسمین عرض اعمال بندون کی درگاہ عزت وجلال مین ہوتی ہے اور
اسی سبب سے رسول مقبول صلعم اسدن مین اکثر احوال التزام روزہ کا فرمایا کرتے تھے اور ارشاد فرماتے
کہ اسدن مین اعمال بندون کے حضرت ذی الجلال مین پیش ہوتے ہین پس مین دوست رکھتا ہون
کہ اعمال میرے عرض کیجاوین اور مین روزہ دار ہون اخبار اللعلوم مین وارد ہوا کہ جو شخص کہ پیر کی رات کو
چار رکعت نماز پڑہے پہلی رکعت مین بعد فاتحہ کے سورۂ اخلاص دس بار اور دوسری مین پندرہ بار
اور تیسری مین بیس بار اور چوتھی مین چالیس بار پڑہے اور بعد سلام کے پچھتر بار سورۂ اخلاص پڑہے
اور استغفار پڑہے اور اپنی اپنی ماں باپ کے لیے پچھتر بار۔ پھر درود شریف پڑہے پچیس بار بعد اسکے
دعا مانگے پس اللہ پر حق ہوچکا اس بات کا کہ جو وہ مانگے دیا جاوے اور اسکو صلوٰۃ الحاجۃ کہتے ہین
اور جمعرات کی درود شریف مین بھی حدیث وارد ہوئی ہے کہ کہ صاحب مفاخر الاسلام روایت کرتے ہین
کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے من صلی علی یوم الخمیس مائۃ مرۃ لم یفتقر ابدا

پیر کے نماز کے ثواب کا کہ جسکو صلوٰۃ الحاجۃ کہتے ہین

بعض مفسرین آیت شریف وَقُولُوا لِلنَّاسِ حُسْنًا کی تفسیر مین لکھتے ہین کہ مراد ناس سے محمد صلے اللہ
علیہ وسلم ہین اور مراد قول حسن سے درود شریف پڑھنا ہے حضرت پر ف اہل حدیث لکھتے ہین
کہ فضیلت اور عظمت درود شریف کی اوپر رسول مقبول صلعم کے ہر احوال اور ہر اوقات مین ہے لیکن شب جمعہ
اور روز جمعہ مین بسبب شرف حاصل ہونے اس دن اور رات کو بڑھنی بڑی فضیلت ہے اور اس باب مین
بہت حدیثین وارد ہوئی ہین یہانتک کہ حضرت امام احمد حنبل کے نزدیک شب جمعہ افضل ہے شب قدر سے
اسوجہ سے کہ نطفہ طاہرہ کہ اصل کل خیرات وطیبات وماوٰہ تمامی برکات ہے شکم مبارک حضرت آمنہ مین
اسی رات کو قرار پایا نہا علاوہ اسکے جابجا احادیث مین وارد ہوا اَفْضَلُ اَیَّامِکُمْ یَوْمُ الْجُمُعَۃِ آخر تک
یعنے فرمایا کہ دن جمعہ کے مجھپر زیادہ درود پڑھو کہ یہ دن فضیلت خاص رکھتا ہے پس تحقیق جو درود
کہ اس دن مین پڑھتے ہو وہ مجھپر عرض کیجاتی ہے پس مین تمھارے حق مین دعا خیر کرتا ہون اور تمھارے
گناہونکی بخشش چاہتا ہون اور دوسری روایت مین وارد ہوا کہ دن جمعہ کا وہ دن ہے کہ
فرشتے مقربان بارگاہ الہی اوسمین حاضر ہوتے ہین اور درود شریف پڑھنے والیکی درود شریف سنتے ہین
اور مجکو پہونچاتے ہین اور بھی حدیث شریف مین وارد ہوا کہ جو درود کہ دن جمعہ کی مجھپر پڑھے ہو
وہ سوای عرش کے نیچے کہین نہین ٹھہرتی ہے اور کوئی فرشتہ نہین پہونچتا ہے مگر کہ کہتا ہے
جماعت ملائکہ سے صَلُّوا عَلٰی قَائِلِهَا یعنے درود بھیجو اوپر کہنے والے اس درود کے شیخ لکھتے ہین
کہ بعض علما نقل فرماتے ہین کہ خصوصیات شب جمعہ سے ہے کہ آنحضرت صلعم بنفس شریف
جواب صلوٰۃ وسلام کا فرماتے ہین صاحب مفاخر الاسلام لکھتے ہین کہ حدیث شریف مین وارد ہوا
کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص شب جمعہ مین سو بار مجھپر درود شریف پڑھتا ہے سو حاجتین اوسکی
برآتی ہین ستر حاجتین دنیوی اور تیس آخرت کی اور دوسری حدیث مین وارد ہوا کہ جو شخص جمعہ
کے دن ہزار بار یہ درود شریف پڑھے جبتک وہ شخص اپنا مقام بہشت مین نہ دیکھ لے دنیا سے
نہ جاوے اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّاٰلِهٖ اَلْفَ اَلْفَ مَرَّةٍ امام سخاوی لکھتے ہین کہ حدیث مرفوع مین
وارد ہوا کہ جو شخص ساتھ جمعہ ہر روز سات بار یہ درود شریف پڑھے واجب ہو جاتی ہے میری شفاعت
اوسکے حق مین اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلٰی مُحَمَّدٍ وَّعَلٰی اٰلِ مُحَمَّدٍ صَلٰوةً تَكُوْنُ لَكَ رِضًى وَّلِحَقِّهٖ اَدَاءً وَّاٰتِهِ الْوَسِيْلَةَ وَالْمَقَامَ
الْمَحْمُوْدَ الَّذِيْ وَعَدْتَّهٗ وَاجْزِ عَنَّا مَا هُوَ اَهْلُهٗ وَاجْزِهٖ عَنَّا اَفْضَلَ مَا جَزَيْتَ نَبِيًّا عَنْ اُمَّتِهٖ وَصَلِّ

فضائل شب جمعہ کہ حضرت امام احمد حنبل کے نزدیک افضل ہے شب قدر سے

فضائل درود شریف شب جمعہ

کہ سات رات یہ کہے صلی اللہ علی محمد صلی اللہ علیہ وسلم مجکو خواب مین دیکھہ لیگا اور اوس سے کہدے
کہ مجھسے یہ حدیث روایت کرے چنانچہ اوسنے بموجب ارشاد کے عمل کیا پس دیکھا آنحضرت صلعم کو خواب مین
اور آپسے یہ حدیث روایت کی اور حضرت کعب رض سے روایت ہے کہ وہ حضرت عائشہ صدیقہ کے پاس آئے
اور مجلس مین ذکر رسول مقبول صلعم کا جاری ہوا تو اونہون نے کہا کہ کوئی دن نہین ہے
کہ آفتاب طلوع کرے مگر کہ اوترتے ہین ستر ہزار فرشتے اور گھیر لیتے ہین قبر اطہر صلعم کو اور مارتے ہین
اپنے بازو کو اور پڑھتے ہین درود شریف شام تک پھر دھچلے جاتے ہین اور دوسرے ستر ہزار اوترتے ہین
اور مانند اونھین کے کرتے ہین یہانتک کہ آپ قبر شریف سے اوٹھین اور ستر ہزار فرشتے آپکے
گرد ہووین صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم رواہ الدارمی یہ سب حال جذب القلوب سے لکھا گیا جو مشتاق ہو دیکھلے

حکایت شیخ عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہین کہ نقل کرتے ہین کہ ایک شخص کو دیکھا طواف وسعی
اور سب مناسک حج مین بجز درود شریف کے کوئی دوسری دعا نہین پڑھتا تھا لوگون نے کہا
کہ اور کوئی دعاؤن ماثورہ سے کوئی دعا کیون نہین پڑھتا ہے تو اوسنے کہا کہ مینے عہد کیا ہے
کہ درود شریف کے ساتھہ کوئی دوسری دعا نہ شریک کرون اور سبب اسکا یہ ہے کہ جب میرے باپ نے
انتقال کیا تو دیکھا مینے کہ چہرہ اوسکا بشکل گدھے کے ہوگیا ہے اس حال کو مشاہدہ کر میرے غم نے ایسا غلبہ کیا
کہ مین سو گیا اور رسول مقبول صلعم کو خواب مین دیکھا پس مینے آپکے دامن مبارک کو پکڑ کر اپنے
باپ کی شفاعت چاہی اور اس عذاب کا سبب پوچھا آپنے فرمایا کہ وہ سود کھاتا تھا اور جو شخص کہ سود کھاوے
جزا اوسکی دنیا و آخرت مین یہی ہے لیکن باپ تیرا ہر رات وقت سونے کے سو بار مجھپر درود شریف پڑھتا تھا
اسوجہ سے میری شفاعت اوسکے حق مین قبول ہوئی پس جاگا مین اور اپنے باپ کا چہرہ مانند چودھوین رات کے
چاند کے دیکھا اور وقت دفن کے آواز غیب سے سنی مینے کہ سبب عنایت اور بخشش تیری والد کا درود شریف
پڑھنا ہوا شیخ جلال الدین سیوطی دیباچہ کتاب جمع الجوامع مین لکھتے ہین کہ ابن عساکر اپنی تاریخ مین
حفص بن عبداللہ سے روایت کرتے ہین کہ ابوزراعہ کو مینے بعد موت کے خواب مین دیکھا کہ آسمان دنیا مین
ملائکہ کے ساتھہ نماز مین امامت کرتا ہے مینے کہا کہ یہ رتبہ کس عمل سے پایا تو اوسنے کہا کہ مینے اپنے ہاتھہ سے
ہزار ہزار حدیث نبوی لکھی مینے اور ہر حدیث مین کہا مینے عن النبی صلی اللہ علیہ وسلم
اور پیغمبر خدا صلعم نے فرمایا ہے کہ جو شخص مجھپر ایکبار صلوۃ پڑھتا ہے اللہ تعالی اوسپر دس بار صلوۃ پڑھتا ہے

فضائل درود شریف

بیان ثواب لکھنے نام مبارک حضرت رسالت پناہ صلعم پر درود شریف

تجکو حاصل ہوجاوی اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ ای موسیٰ چاہتا ہے تو کہ دن قیامت کی
پیاس کی تکلیف تجکو نہ پہونچے آپنے عرض کیا کہ ہان ای رب میری ارشاد ہوا کہ درود اوپر محمد صلعم کے
بہت کہہ صلے اللہ علیہ وآلہ وسلم رواہ الحافظ ابو نعیم فی الحلیۃ اور بھی شیخ موصوف لکھتے ہین
کہ حضرت علی مرتضے حضرت ابا بکر صدیق سے روایت کرتے ہین کہ درود شریف پڑھنا پیغمبر صلی اللہ علیہ وسلم پر
محو کرینوالا زیادہ ہے گناہون کو مارنے پانی سے آگ کو اور تحفہ سلام پہونچانا حضرت صلعم پر
افضل ہے دس گردنون کے آزاد کرنے سے اور محبت رسول اللہ صلعم کی افضل ہے مارنی تلوار سے
فی سبیل اللہ رواہ ابو القاسم اصبہانی اور بھی شیخ موصوف حضرت انس رض سے روایت کرتے ہین
کہ رسول مقبول صلعم نے فرمایا دو مسلمان کہ وقت ملاقات کے باہم مصافحہ کرین اور درود شریف پڑہین
ایک دوسرے سے جدا نہین ہوتے ہین کہ گناہ اونکے اگلے پچھلے سب بخشے جاتے ہین رواہ الحافظ
بن علی بشکوال اور حضرت علی رض سے روایت ہے کہ جب رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ جو شخص حج اسلام مین
بجالاوے اور بعد اسکے غزا کرے تو وہ حج برابر چار سو حج کے ہوتا ہے یہ سنکر اوس قوم کی دل ٹوٹ گئے
کہ استطاعت حج اور قوت جہاد کی نہین رکھتے تب حق سبحانہ تعالے نے وحی بھیجی رسول مقبول صلعم کو
کہ جو شخص تجھپر درود پڑہے ثواب اوسکا چار سو غزا کے برابر ہے اور ہر غزا برابر چار سو حج کے
اخرجہ ابو حفص بن عبد المجید المیانشی فی المجالس المکیہ اور بھی شیخ مجد الدین فیروزآبادی بسند طویل
روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص کہے صلی اللہ علی محمد صلی اللہ علیہ وسلم
پاک کیا جاوے دل اوسکا نفاق سے جیسے کہ پاک ہوجاتا ہے کپڑا پانی سے اور ایک روایت مین وارد ہوا
کہ جو شخص کہے صلی اللہ علی محمد صلی اللہ علیہ وسلم تو کھلجاتے ہین اوسکے لیے ستر دروازے رحمت کے
اور بھی باسناد معتبر وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جب تم بیٹھو مجلس مین تو کہو بسم اللہ
الرحمن الرحیم وصلی اللہ علی محمد حق تعالی ایک فرشتہ مقرر فرما دیتا ہے
کہ تمکو غیبت سے باز رکھے اور جب اوٹھو تو پہر بھی کہو تاکہ روک دے حق سبحانہ تعالی لوگونکو تمہاری غیبت
کرنے سے اور بھی باسناد وارد ہوا کہ کہا حضرت خضر اور حضرت الیاس نے کہ ایک شخص شام سے
رسول مقبول صلعم کی خدمت مین حاضر ہوا اور عرض کی کہ یا رسول اللہ صلعم میرا باپ نہایت بوڑھا اور ضعیف
نابینا ہوگیا ہے مگر دوست رکھتا ہے کہ تجکو دیکھے اور قدرت آنے کی نہین رکھتا ہے آپنے فرمایا کہ اپنی بابسی کہدے

دیکھا کہ ایک عورت خوبصورت اونکی جنس کی پہلو مین بیٹھی ہی آپ دیکھ کر خوش ہوی اور پوچھا
کہ تو کون ہی حق تعالی نے فرمایا کہ یہ میری کنیز ہے نام اسکا حوا ہی تیری انس اور رفع وحشت کیلیے
جو ترا تیرا مینے پیدا کیا آپنے چاہا کہ اوسکو ہاتھ لگائین حکم ہوا کہ ای آدم ہاتھ اوسکو نہ لگانا تا وقتیکہ
مہر اوسکا ادا نکرے آپنے عرض کی کہ مہر اسکا کیا ہی حکم ہوا کہ مہر اسکا یہ ہی کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کی اوپر
دس بار درود بھیجو حضرت آدمؑ نے فرمایا کہ محمد صلی اللہ علیہ وسلم کون ہین فرمایا کہ خاتم الانبیاء والمرسلینؐ
تیری اولاد سی اگر اونکی پیدائش منظور نہوتی تجکو مین نہ پیدا کرتا حضرت آدمؑ نے دس بار درود شریف
حبیب کبریا پر اور اونکی آل پاک پر پڑھی اللھم صل علی محمد وعلی ال محمد دس بار کہا یعنی
فرشتے شاہد اور گواہ ہوی اور عقد نکاح حضرت آدمؑ اور حوا کا منعقد ہوا اور بھی شیخ مجد الدین رح
فیروزآبادی حضرت شیخ شبلیؒ سے نقل کرتے ہین کہ اونھون کہا کہ ایک شخص ہمارے ہمسایہ مین مرا
اوسکو مینے خواب مین دیکھا تو اوس سی پوچھا مینے کہ خدا تعالی نے تیری ساتھ کیا معاملہ کیا کہا کہ کیا
پوچھتا ہی تو کہ عجائب صدمہ ہولناک مجھپر گذری اور وقت سوال منکر ونکیر کے نہایت مشکل پڑی
مینے اپنے دلمین کہا مگر کہ دین اسلام پر نہین مرا ہون ندا آئی کہ یہ عقوبت اور سختی اس کی ہے
کہ دنیا مین تونے اپنی زبان کو بیکار رکھا پس جبکہ فرشتون نے میری عذاب کا قصد کیا تو اکیمرد
نہایت خوبصورت معطر ومعنبر میرے اور فرشتون کے درمیان مین حائل ہوا اور حجت ایمانی مجکو تعلیم کی
مینے کہا کہ خدا تعالی تجھپر رحمت کرے کہ تو کون ہی اوسنے کہا کہ مین وہ شخص ہون کہ تیری کثرت
درود شریف سی پیدا ہوا ہون اور مجکو حکم ہی کہ تیری ہر سختی اور مصیبت مین مددگار ہون اور یہی حکایت
مصباح الظلام مین بھی وارد ہوئی ہے اور بھی شیخ موصوف کعب احبارؓ سے روایت کرتے ہین
کہ حق تعالی نے حضرت موسیؑ کو وحی بھیجی کہ ای موسی اگر محمد کہنوالے میرے عالم مین نہ ہون
تو مینہ کا ایک قطرہ نہ برساؤن اور ایکدانہ زمین سی نہ اوگاؤن ایسی ہی بہت سی چیزین ذکر کین
یہانتک کہ کہا کہ ای موسیؑ چاہتا ہی تو کہ مین قریب تر ہون تجھسے قرب کلام تیرے سے نسبت ساتھ
زبان تیری کے اور خطرون قلب تیرے سے نسبت ساتھ دل کی اور روح تیری کی نسبت
ساتھ بدن تیرے کے اور نور بصر تیری کے نسبت ساتھ آنکھ کے حضرت موسیؑ نے عرض کیا
کہ ہان ای رب میرے ارشاد ہوا کہ درود شریف اوپر محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کی بہت کہنا یہ نسبت

حضرت آدم

تو لذت اور شیرینی اوسکی طالب کی مذاق جان مین ایسی بہو نچیگی کہ قوت اور قوام روح اوسکی ساتھہ ہوجائیگا
فذکر الحبیب للمریض طبیب بعضو متاخرین مشائخ شاذلی رح لکھتے ہین کہ تقرب الہے
اور تقرب نبوی کے حاصل ہونیکے لیے کوئی طریقہ قوی اور قریب درود شریف سے زیادہ نہین ہے
امام سخاوی وغیرہ اہل حدیث لکھتے ہین کہ محمد بن سعد بن معروف کا ورد تھا کہ پہلے سو نے سو درود شریف
بعد معین پڑھتے تھے ایک رات رسول مقبول صلعم کو دیکھا کہ آپ اندر گھر مین رونق افروز ہوے ہین
کہ تمام گھر جمال باکمال سے منور اور روشن ہوگیا اور آپ فرماتے ہین کہ لا اپنی دہن کو کہ درود بہت پڑہتا ہے
تا بوسہ دون اوسکو تو وہ کہتی ہین کہ مجکو شرم آئی اس بات سے کہ اپنی مونہہ کو حضرت صلی اللہ علیہ وسلم کی
دہن مبارک کی سامنے کرون اپنے رخسارہ کو آپکے دہن مبارک کی سامنے کردیا پس آپنے بوسہ دیا
میری رخسارہ پر جب مین جاگا تو تمام گھر سے بوی مشک آتی تھی اور آٹھہ دن تک میری رخسارہ سے
بوی مشک آتی تھی اور شیخ احمد بن ابی بکر رقوادصوفی محدث اپنی کتاب مین شیخ مجدالدین فیروزآبادی سے
روایت کرتے ہین وہ کہتے ہین قلقشندی رح نے کہا کہ ایک روز حضرت شبلی ابوبکر مجاہد کے پاس آئے
تو ابوبکر آپکی تعظیم کو کھڑے ہوگئے اور معانقہ کیا اور آپکے درمیان دونون آنکھونکے بوسہ دیا
مینے کہا کہ یا سیدی یہ کام تو شبلی کے ساتھہ کرتا ہی حالانکہ تو اور کل اہل بغداد شریف کہتے ہین
کہ وہ مجنون ہی تو اونھون نے اسکے جواب مین کہا کہ مینے نہین کیا مگر وہ ہی فعل کہ پیغمبر خدا صلعم سے دیکھا مینے
وہ یہ کہ خواب مین دیکھتا ہون کہ شبلی رسول مقبول صلعم کی شرف ملازمت مین حاضر ہوی تو آپ کھڑے ہوگئے
اور معانقہ فرمایا اور دونون آنکھون مین بوسہ دیا پس عرض کیا مینے کہ یارسول اللہ صلعم اس فعل کو
حضور شبلی کے ساتھہ کرتے ہین آپنے ارشاد فرمایا کہ نعم یہ بعد نماز کے یہ آیت شریف پڑھتا ہے
لَقَدْ جَاءَكُمْ رَسُولٌ مِّنْ أَنفُسِكُمْ عَزِيزٌ عَلَيْهِ مَا عَنِتُّمْ آخر تک اور بعد اسکے مجھپر درود پڑھتا ہے
تفسیر فتح العزیز مین لکھا ہی کہ حضرت آدمؑ نے آرزو کی کہ میری جنس سے میرا جوڑا پیدا ہو
کہ اوسکی صحبت سے حصول انسیت اور دفع وحشت کرون فرشتون نے بحکم خالق ارض وسما حالت خواب
بہلوی چپ حضرت آدمؑ کا چاک کیا اور اوس بہلو سے ایک عورت خوبصورت پیدا ہوئی مقدار ایک لمحہ مین
قد وقامت اوسکا درست ہوگیا پھر اوس بہلو کو فرشتون نے ملایا اسطرح سے کہ حضرت آدمؑ سو رہے
اور اونکو اس حالتمین کچھہ درد والم محسوس نہوا جسوقت حضرت آدمؑ خواب سے بیدار ہوے

فضیلت آپنے
شریف احمد
بیان پیدائش
حضرت حوا
اور آرزو
فرمانا حوا کا

اور اوسپر ثابت قدم رہنا اور فوائد اعظم درود شریف سے یہ ہے کہ باز رہنا دونون فرشتون کا اوسکے
گناہون کے لکھنے سے تین روز تک اور ہونا اوسکا دن قیامت کی نیچے سایہ عرش کے اور بھاری ہونا
عملون کا اور امن پانا روز قیامت کے تشنگی سے اور رہنا جنت مین بہت حورون سے نکاح ہونا اور
دین و دنیا کی سب کامون کا درست ہونا اور قیامت کے دن حبیب خدا سے شرف مصافحہ حاصل ہونا
اور بشرف زیارت دنیا مین مشرف ہونا اور بارگاہ حبیب کبریا مین ملائکہ کا اوسکا اور اوسکے باپ کا نام لیکر
تحفہ درود شریف پیش کرنا اس طریقہ سے فلان بن فلان شملا کمترین بندگان عبد الغفار بن احمد حسن
یسلم علیک یا رسول اللہ اور آپکا نفس نفیس سے جواب سلام فرمانا شیخ لکھتے ہین کہ اب اس سے زیادہ
کیا شرف و فضل بیان کیا جاوے اگر تمام عمر مین ایکبار حاصل ہو موجب صد ہزار کرامت اور مثمر
خیر و سلامت دنیا و آخرت ہے ؎ بہر سلام مکن رنجہ در جواب آن لب ۔ اما کہ صد سلام مرا بس
سیکے جواب از تو واجب اور حاصل ہونا اس سعادت اور عظمت کا یقینات سے ہے کہ نعوذ باللہ اسمین
کیسیطرح کا شک و شبہ نہین ہے اسواسطے کہ بعد ثبوت حیات مبارک سرور عالم صلعم مذاہب اربعہ و اجماع سے
اور ثابت ہوئی سلام کی اعظم ترین سنت نبویہ سے اور فرضیت جواب سلام کے ضرور ہے کہ یہ شرف و فضل
قاری صلوۃ و سلام کو حاصل ہووے چہ جائیکہ حبیب کبریا کی شمائل کریمہ و خصائل حمیدہ سے تھا
کہ پہلے آپ سلام فرمایا کرتے تھے اس سے صاف معلوم ہوا کہ زیارت کرنیوالا وقت زیارت پہلے عرض کرے
سلام سے دربار حضرت سید مختار سے مشرف بسلام ہونا ہے اور بعد سلام کرنیکے بزیادت سعادت
و کرامت جواب سلام مشرف ہوتا ہے حضرت علی رض فرماتے ہین لو لا اجد ما في ذکر اللہ لجعلت
الصلوۃ النبویۃ عبادتی کلها یعنی اگر نہ پاؤن مین اوس چیز کو جو اللہ کے ذکر مین ہے
تو مین اپنی کل عبادت درود شریف ہی کو مقرر کرتا عجب ہے اوس مسلمان سے کہ ایکساعت دن رات
اس عبادت عالی مین نہ صرف کرے علاوہ اسکے نکتہ غریب اور فائدہ عجیب درود شریف مین یہ ہے
کہ بضمن ذکر رسول ذکر الہی بھی اوسمین ہے حضرت امام حسن بصری وغیرہا کا بزرگ سے منقول ہے
کہ جسنے حضرت رب العزت کو اللہم کے ساتھ یاد کیا گویا اوسنے تمام اسماء حسنی کے ساتھ یاد کیا
تو اب مومن صادق اور محب مشتاق پر لازم ہے کہ اس عبادت کی کثرت مین قصور نکرے
اور جتنی بار کہ ہر روز پڑھ سکے اوتنی بار مقرر کرے لیکن بہتر یہ ہے کہ سو سے کم نکرے جب عادت پر مجاہدہ کی

فصل تیسری
درود شریف کے فضائل و آداب کے بیان مین

پوشیدہ نہ رہی کہ عمدہ ترین اذکار اور اشرف ترین تحفہ بارگاہ عالیجاہ حضرت رسول مختار لیل نہار تحفہ صلوۃ وسلام ہی لہذا اس فصل مین تبرکا و تیمنا کچھ فضائل مع دیگر متعلقات بیان کیے جاتی ہین کہ تا ساکنان درد دولت احمدی اور طالبان آستانہ عرش آشیانہ مصفوی کی حال مین بارگاہ عالیجاہ سید الانبیا حبیب کبریا مین اس ہدیہ طیبہ و تحفہ شریفہ کے پہونچانے سے غافل اور عاطل نہ رہین اور افضلترین اوراد و اشرف ترین وظائف اسکو تصور کرین شیخ لکھتے ہین کہ فوائد و فضائل درود شریف کی تحریر و تقریر سے متجاوز ہین کہ خداوند عالم صاحب قرآن مجید مین ارشاد فرماتا ہی اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ آخر تک پس جس صورت مین کہ معبود مطلق وحدہ لاشریک ایسا فرماوی کہ تحقیق اللہ اور فرشتے اوسکے درود پڑھتے ہین نبی پر تو اب کیا مقدور بشر ہی کہ اوسکے فضائل تمام و کمال بیان کر سکے لیکن چند فضائل بپاس خاطر مسلمان بھائیون کے لکھی جاتے ہین کہ حدیث شریف مین وارد ہوا کہ جو شخص ایک صلوۃ حضرت صلعم پر بھیجتا ہے اللہ تعالی اوسپر دس صلوۃ بھیجتا ہی اور دس درجہ بہشت مین اوسکے لیے بلند کیے جاتے ہین اور دس گناہ معاف ہوتے ہین اور بعض احادیث مین وارد ہوا کہ برابر دس گردنون کے آزاد کرنیکے اور بیس بار غزا کرنیکے ثواب ہے علاوہ اسکے قبولیت دعا اور وجوب شفاعت حضرت سید انبیا اور گواہی دینا آپکا اوسکی حق مین قیامت کے دن اور حاصل ہونا قرب نبوی کا اور ملنا قیامت کے دن حضرت سے سب سے پہلے اور پوری ہونا حاجتون کا اور مغفرت سب گناہون کی اور کفارہ ہونا سب معاصی کا اور ایک روایت مین فوت ہونی فرائض سے بھی وارد ہوا اور قائم ہونا اوسکا صدقہ کی جگہ بلکہ افضل اوس سے اور سختیون کا دور ہونا اور بیماریون سے شفا پانا اور خون و گھبراہٹ سے محفوظ ہونا اور دشمنون پر غالب آنا اور رضا و محبت الہی حاصل ہونا اور اعمال و مال کا بڑھنا اور طہارت و صفائی بطن حاصل ہونا اور خوشحال رہنا اور حاصل ہونا برکت کا سب کاموں مین یہانتک کہ اسباب اور اولاد اور اولاد الاولاد مین تا چوتھی طبقہ تک صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم اور نجات پانا ہولون قیامت سے اور آسانی سکرات موت سے پانا اور خلاصی پانا دنیا کی تکلیفون اور تنگیون سے اور بھولی ہوئی چیزون کا یاد ہوجانا اور غنا حاصل ہونا اور سلامتی پانا اقسام بخل و جفا و نفاق سے اور جس مجلس مین کہ پڑھی جاوی معطر و معنبر ہونا تمام مجلس کا اور رحمت الہی مین مستغرق ہوجانا سب اہل مجلس کا اور وقت گذرنے پل صراط پر نور کا ساتھ ہونا

بعض فضائل و فوائد درود پر

کہ نہ جھاڑا جاوی اوسمین درخت مگر واسطے کھانی جانورون کی اور حرم مکہ معظمہ کے جو درخت ہین
اونکو بھی جھاڑنی کسی حال مین درست نہین پس شکار کرنا مدینہ طیبہ مین بعضے صحابہ نے حرام جانا ہے
اور جمہور صحابہ نے نہین انکار کیا ہی پرند جانورون کے شکار کرنیکا مدینہ شریف مین اور نہین پہونچی ہی ہمکو
اس باب مین ایسی طریق سی نہی کہ اعتماد کیا جاوی اوسپر انتہے کلامہ اسیطرح ملا علی قاری وغیرہ لکھتے ہین
اور حضرت عامر بن سعد سی روایت ہی کہ حضرت سعد سوار ہوی طرف محل اپنے کے کہ عقیق مین تھا جسے
پس پایا ایک غلام کو کہ کاٹتا تھا درخت یا جھاڑتا تھا اوسکے پس چھین لیی حضرت سعد نے کپڑے
اوس غلام کی پس جب پھری سعد یعنی طرف مدینہ طیبہ کے آئے اونکے پاس مالک غلام کی پس گفتگو کی
اوسنے یہ کہ پھیر دین انکے غلام پر یا اونپر اوس چیز کو کہ لی ہی غلام انکے سے یعنے کپڑے اوسکے
پس کہا حضرت سعد نے پناہ خدا کی یہہ کہ پھیر دون مین اوس چیز کو کہ دلوائی ہی مجکو پیغمبر خدا صلعم نے
اور نہ مانا یہ کہ پھیر دین اونپر روایت کی مسلم نے **ف** سعد سی مراد سعد بن ابی وقاص ہین کہ عشرہ مبشرہ
سی تھی اور عقیق نام ایک جگہ کا ہی قریب مدینہ شریف کی اور یہ جو آپنے فرمایا کہ دلوائی مجکو حضرت نے
یعنی اذن دیا ہی اسکا کہ جو کوئی دیکھے کسیکو شکار کرتے یا درخت کاٹتے مدینہ شریف مین چھین لیوے
کپڑے اوسکے طیبی لکھتے ہین کہ مشہور مذہب مالک و شافعی مین یہ ہی کہ نہین لازم آتا بدلہ بیچ شکار
مدینہ کی اور کاٹنے درخت اوسکے کے بلکہ یہ حرام ہی بغیر لازم آنے بدلہ کے اور بعضون نے کہا کہ حرام نہین
بلکہ مکروہ ہی اور بعض کہتے ہین کہ واجب ہی بدلہ مانند حرم مکہ معظمہ کے حضرت انس سی روایت ہی
کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ خداوند تحقیق ابراہیم نے حرم کیا مکہ کو یعنے ظاہر کیا حرام ہونا اوسکا اور تحقیق
مین حرام کرتا ہون اسجگہ کو کہ درمیان دونون طرفون سنگستان مدینہ طیبہ کے ہی روایت کی بخاری
اور مسلم نے اور مولانا قطب الدین قسطلانی نے کتاب جمل الایجاز فی الاعجاز بنام الحجاز مین لکھا ہے
کہ وہ آگ جو موافق پیشین گوئی جناب رسول اللہ صلعم کی ملک حجاز مین متصل مدینہ طیبہ کے ظاہر ہوئی تھی
اور وہ پتھرون کو جلا دیتی تھی اور گلا دیتی تھی سو وہ ایک پتھر پر پہونچی کہ آدھا داخل حرم مدینہ طیبہ تھا
اور آدھا خارج جسقدر پتھر خارج حرم تھا اوسکو جلا دیا اور جو پتھر نصف داخل پر پہونچی بجھ گئی اور فرمایا نے
لکھا ہی کہ وہ آگ ایک مرحلہ پر مدینہ طیبہ سی ظاہر ہوئی تھی اور حالانکہ مانند دریا کے موج مارتی تھی
اور ملک یمن کے ایک قریہ پر جا پہونچی سو اوسی جلا دیا مگر بجانب مدینہ طیبہ کے اوس آگ مین سی ٹھنڈی ہوا آتی تھی

کہ آپنے فرمایا کہ جو شخص اہل مدینہ کو ڈراوے کو یا کہ اوسنے مجکو ڈرایا بروایات متعدد وارد ہوا من اخاف
اهل المدينة ظالما اخافه الله و كانت عليه لعنت الله والملائكة والناس اجمعين
یعنی جسنے ڈرایا اہل مدینہ کو ظلم سے ڈراویگا اوسکو اللہ تعالی اور ہوگی اوسپر لعنت اللہ کی اور ملائکہ کی
اور سب لوگون کی اور دوسری حدیث مین وارد ہوا کہ کوئی عمل اوسکا فرض و نفل سے قبول نہین
اور بھی فرمایا کہ جو شخص اہل مدینہ کو ایذا و تکلیف دیوے یا ڈراوے انجام کار اوسکا دنیا و آخرت مین
عذاب و نکال ہے کہ ذکر تفصیلے اسکا واقعہ ہائلہ جنگ حرہ سے دریافت کرنا چاہیے کہ کتب سیر اوس ذکر سے
معمور ہین اب معلوم کرنا چاہیے کہ مدینہ طیبہ کے حرم شریف کی باب مین بہت حدیثین وارد ہوئی ہین
اونمین سے چند اسجگہ بیان کیجاتی ہین حضرت علیؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ مدینہ حرام ہے
درمیان عیر کے ثور تک ف مدینہ حرام ہے یعنی بزرگ قدر ہے اور منع ہے اسمین ایسی چیز کرنی
کہ باعث اوسکی حقارت کی ہو اور نزدیک شافعیہ کے حرام بمعنے حرم کے ہے یعنے مدینہ طیبہ مانند حرم
مکہ معظمہ کے ہے جو چیزین کہ حرم مکہ معظمہ مین کرنی حرام ہین مدینہ طیبہ مین بھی حرام ہین اور حد اس حرم کی
درمیان عیر کے ثور تک ہے کہ یہہ دونون پہاڑ ہین دونون طرف مدینہ طیبہ کے طبرانی سے روایت ہے
کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ حرام ابراهيم مكة وحرمي المدينة یعنی حرم حضرت ابراہیمؑ کا مکہ معظمہ ہے
اور حرم میرا مدینہ طیبہ ہے لیکن شیخ عز لکھتے ہین کہ تعیین حد حرم مدینہ طیبہ مین اور ثبوت احکام حرمت مین
اختلاف مشہور ہے حضرت سعد ابن ابی وقاصؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلے اللہ علیہ وسلم نے
تحقیق مین حرام کرتا ہون درمیان دونون کنارون سنگستان مدینہ کے یہہ کہ کاٹے جاوین
درخت خاردار اوسکی یا مارا جاوے شکار اوسکا روایت کیا مسلم نے ف نہ کاٹا جاوے حمل کیا ہے اوسکو
ہمارے علماء نے نہی تنزیہی پر حضرت ابی سعیدؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے تحقیق ابراہیمؑ نے
بزرگی دی مکہ معظمہ کو یعنی ظاہر کی بزرگی اوسکی پس گردانا اوسکو حرام اور تحقیق مینے بزرگی دی
مدینہ طیبہ کو بزرگی دونا درمیان دونون طرفون اوسکے کے ساتھ اسکے کہ نہ خونریزی کیجاوے اوسمین
اور نہ اوٹھایا جاوے اوسمین ہتیار واسطے لڑائی کے اور جھاڑا جاوے اوسمین درخت یعنی پتے درخت کے
مگر واسطے کھانے جانورون کے روایت کی مسلم نے ف کہا تورپشتی رح نے کہ حرمت المدينة
جو فرمایا مراد اوس تحریم سے تعظیم ہے نہ احکام کہ متعلق ہین ساتھ حرم کے اور دلیل اسپر قول حضرت کا ہے

کنایہ وجود مرقد انور اطہر صلعم سے ہی وفیہا منعتے اور اسمین ہی اوٹھنا میرا یعنی آپ اسی بقعہ مقدس سے
ستر ہزار فرشتون رحمت کی ساتھ جو مرقد اطہر کو گھیرے رہتے ہین اوٹھینگے حقیق علی امتی حفظ
جیراني لازم اور سزاوار ہی میری امت پر کہ محافظت حرمت میری ہمسایہ والیکی کرین اونکی
رعایت حقوق واکرام مین شمہ فروگذاشت نکرین اور جو کچھ کہ اونسی ظہور مین آوے مواخذہ نکرین
جبتک ہوسکی درگذر کرین من احتلش الکبائر جبتک کہ وہ کبائر سی بچین ورنہ جو حق شرع شریف ہو
حق اللہ اور حق العباد مین قائم کرین من حفظهم کنت له شهيدا او شفيعا يوم القيامة جو شخص
کہ محافظت انکی حرمت اور عزت کا کرے دن قیامت کی اوسکا مین شاہد اور شفیع ہونگا ومن لم
يحفظهم سقى من طينة الخبال اور جو شخص کہ حق حرمت اہل مدینہ کا نگاہ نہ رکھی پلایا جاویگا
وہ طینت خبال سی طینت خبال ایک حوض ہی دوزخ مین کہ پیپ اور زرد پانی دوزخیونکا اوسمین جمع ہوگا
نعوذ باللہ منہا اور صحیح مسلم مین وارد ہوا کہ لا يريد احد من اهل المدينة بسوء الا اذا به الله
في النار كما ذوب الرصاص او ذوب الملح في الماء یعنی فرمایا کہ جو کہ اہل مدینہ کی ساتھ ارادہ
بدی کا کریگا مگر کہ وہ بعقوبت خداوند حقیقی جبار گرفتار ہووی اور مانند رانگ کی آگ مین اور نمک کے
پانی مین گلی سعید ابن مسیب سی روایت ہی کہ ایکدن رسول مقبول صلعم مدینہ طیبہ مین ایک مقام پر تھے
کہ آپنی دونون ہاتھ مبارک واسطی دعا کے اوٹھای اور فرمایا اللهم من اراد بي واهل بلدي
بسوء فعجل هلاله خداوندا جو شخص کہ میری ساتھ اور میری شہر والون کے ساتھ بدی کا ارادہ کریگا
جلدی اوسکو ہلاک کر چنانچہ وقوع فتنہ وقائع کہ زمانہ یزید ابن معاویہ وغیرہ مین واقع ہوئی اونسی تصدیق
اس مضمون کی از بس روشن ہی امام احمد حنبلؒ حدیث صحیح جابر ابن عبداللہ رضی سی روایت کرتے ہین
کہ ایک امیر امرا رفتنہ سی مدینہ طیبہ مین وارد ہوا حضرت جابرؓ اوس زمانہ مین مدینہ شریف مین تھے
اور آپکی بینائی بسبب زیادہ عمر کے جاتی رہی تھی لوگون نی آپ سی کہا کہ مصلحت یہ ہی کہ آپ چند قدم
اس ظالم کے مقابلہ سی ٹل جاوین کہ آفت اس فتنہ سی محفوظ رہین کہتے ہین کہ آپ ہاتھ اپنی دونون بیٹونکے
کندھون پر رکھکی مدینہ طیبہ سے باہر چلے کہ راہ مین بسبب ضعف بصارت کی آپنی ٹھوکر کھائی تو آپنی فرمایا
کہ ہلاک ہو جیوہ شخص جسنی رسول خدا صلعم کو ڈرایا تو آپکے ایک لڑکے نی پوچھا کہ ڈرانا رسول مقبول صلعم کیسی
ہوسکتا ہے جس حال ہین کہ آپ دنیا سی رخصت ہوگئے آپنی فرمایا کہ سنا مین نے

مینے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلعم ہی مین نکال لایا اور آپکے ساتھہ بیر بصہ پر گیا مین پس آپنے وہان
سر مبارک دھویا اور غسالہ کو کنوین مین ڈالدیا پانی اس کنوین کا بہت نزدیک ہی **بیر حاء**
کہ مسجد نبوی کے سامنے دیوار شہر سے باہر ابو طلحہ کے باغ مین ہی وارد ہوا کہ اکثر اوقات رسول مقبول
اسجگہ رونق افروز ہوتے تھے اور درختون کے سایہ مین آپ بیٹھتے تھے اور پانی اوسکا پیتے تھے
پانی اسکا نہایت شیرین اور لطیف ہی اور یہ مقام نہایت دلچسپ ہی **بیر عہن** کہ مسجد قبا سے
مشرق کیطرف مسجد شمس کے آگے تھوڑی دور پر ایک باغ کے اندر ہی یہ مقام نہایت پاکیزہ اور لطیف ہے
رسول مقبول صلعم وہان تشریف لیگئے اور آپنے وہان وضو کیا اور نماز پڑہی **بیر رومہ** کہ مدینہ طیبہ سے
تین کوس پر اوتر کیطرف وادی عقیق مین مسجد قبلتین سے آگے ہی یہ کنوان بھی بڑا ہی پانی نہایت
لطیف و شیرین ہی جسکا وصف نہین بیان ہوسکتا اہل حدیث لکھتے ہین کہ مدینہ طیبہ مین اس کنوین کا
پانی بہت شیرین تھا اور کنوون کا پانی کھاری تھا اور بیر رومہ کا مالک ایک یہودی تھا وہ پانی بیچا
کرتا تھا اس سبب سے مسلمانون کو پانی کی تکلیف تھی رسولخدا صلعم نے فرمایا کہ جو شخص بیر رومہ کو خرید کر کے
ڈول مسلمانون کی اوسمین جاری کردے اوسکے لیے جنت ہی حضرت عثمانؓ نے اوس کنوین کو
اپنے خالص مال سے خریدا اور وقف کردیا اور تدبیر خریدنے کی یہ کی کہ پہلے آدھا بارہ ہزار درم کو خرید لیا
اور وقف کردیا سو جسدن باری حضرت عثمانؓ کی ہوتی تو آپ پانی بلا قیمت دیتے اور دوسرا اپنی باری کے دن
بیچتا لوگون نے اوسکی باری کے دن پانی بھر نا موقوف کردیا کیونکہ حضرت عثمانؓ کی باری مین سب بقدر حاجت
بھر لیتے تھے چار رہوے اوسنے بھی اپنا حصہ حضرت عثمانؓ کے ہاتھہ بیچ ڈالا اور حضرت عثمان رضؓ نے
وہ بھی وقف کردیا اور کنوین مین بے تکلف ڈول مسلمانون کے جاری ہوگئے اور حضرت عثمان رضؓ
حسب وعدہ جناب رسول مقبول صلعم مستحق جنت ہوے رب العالمین ان سب کنوؤن کا پانی بینا سب مسلمانونکو

فصل دوسری

مدینہ طیبہ کے حرم کے بیانمین اور اہل مدینہ کی تعظیم اور تکریم اور اداب مین

مسلمانون پر پوشیدہ نرہی کہ اہل مدینہ کی آداب مین بہت سی حدیثین وارد ہوئی ہین اور نکر نیوالیکے
حقمین سخت وعیدین مذکور ہوئی ہین اونمین سے چند اسجگہ لکھی جاتی ہین فرمایا رسول مقبول صلعم نے
المدینۃ مہاجری یعنے مدینہ طیبہ میری ہجرت کی جگہ ہی وفیہا مضجعی یعنے اسمین ہی خوابگاہ میری

اور وہ کہتے ہین کہ مینے بہت اہل مدینہ سے سنا کہ غرس غین کی پیش سے پڑھتے ہین لیکن اولی زبر ہی ہے
یہ کنوان مسجد قبا سے مشرق کیطرف نصف میل کے فاصلہ پر ہے اور غرس نام اون جگہون کا ہے
جو گرداوسکے ہین اہل تحقیق لکھتے ہین کہ یہ کنوان بڑا ہے اور اوسمین پانی وہ دہ سے بھی زیادہ ہے
اور اوسکی پانی پر سبزی غالب ہے اور اوسمین ایک درجہ ہے کہ اوس راہ سے کنوین مین چلے آتے ہین
سنہ ۸۲ مین تعمیر پایا روایات صحیحہ سے ثابت ہوا کہ آنحضرت صلعم نے اوس سے وضو فرمایا اور باقی پانی کو
کنوین مین ڈالدیا ابن حبان بنقل ثقات لکھتے ہین کہ انس ابن مالک رض اس کنوین سے پانی منگواتے تھے
اور فرماتے تھے کہ دیکھا مینے رسولخدا صلعم کو کہ آپ اس کنوین کا پانی پیتے تھے اور وضو فرماتے تھے
ابراہیم بن اسمعیل بن مجمع سے روایت کی ہے کہ کہا کہ ایکدن رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا
کہ مینے آجکی رات دیکھا کہ ایک کنوین پر بہشت کے کنودن سے صبح کی ہے مینے پس صبح کی آنحضرت صلعم نے
بیرغرس پر اور آپنے وضو کیا اور آب دہن مبارک اوسمین ڈالا اور شہد کہ جو آپکے پاس بطور تحفہ کہین سے
آیا تھا اوسکو بھی آپنے اوس کنوین مین ڈالدیا شیخ ۱۲ بروایت ابن ماجہ لکھتے ہین کہ رسول مقبول صلعم نے
وصیت کی کہ مجکو بعد انتقال کے سات مشک پانی میرے کنوین سے کہ بیرغرس ہے غسل دینا
اور رسولخدا صلعم عالم حیات مین اسی کنوین کا پانی پیتے تھے اسیطرح بروایت حضرت امام باقر ثابت ہے

بیر بضاعہ کہ شامی دروازہ کے باہر درگاہ حضرت حمزہ رض کو جاتے ہوئے داہنی طرف
بالفعل باغ جمل اللیل مین ہے حدیث شریف مین وارد ہوا کہ رسول مقبول صلعم اس کنوین پر تشریف لائے
اور پانی مانگا اور وضو کیا اور باقی پانی کو آب دہن مبارک کے ساتھ اوس کنوین مین ڈالدیا آنحضرت کے
زمانہ مین جو شخص کہ بیمار ہوتا تھا تو اوسکو اس کنوین کے پانی سے غسل دیتے تھے تو اوسکی برکت سے اوسکو
شفاء کامل عاجل نصیب ہوتی تھی حضرت اسماء بنت ابی بکر رض سے روایت ہے کہ جو شخص بیمار ہوتا تھا
تو تین روز ہم اوسکو اس کنوین کے پانی سے غسل دیتے تھے اور وہ صحت پاتا تھا حضرت سہل ابن سعد
روایت ہے کہ آنحضرت صلعم نے اس کنوین مین آب دہن مبارک ڈالا اور پانی اوسکا پیا اور خیر و برکت کی
دعا فرمائی **بیر بصہ** کہ جنت البقیع سے آگے مدینہ طیبہ سے قبا کو جاتے ہوئے بائین طرف ایک باغ کے اندر ہے
ابن عدی بروایت حضرت ابو سعید خدری نقل کرتے ہین کہ ایکدن رسول مقبول صلعم اونکے گھر مین
رونق افروز ہوئے اور فرمایا کہ تیرے پاس کوئی شے سرد ہونی کی ہے کہ مین اپنے سر کو دھولون کہ سوگیا

دیکھا کہ آپ چاہ اریس پر بیٹھے ہین پنڈلیان مبارک کھولے ہوے اور پاؤن مبارک کنوین مین لٹکائے ہوے
پس مین سلام کرکے پھرا اور دروازہ پر بیٹھ گیا اس مراد سے کہ آجکے روز خدمت دربانی حبیب کبریا کی
بجالاؤن کہ تھوڑی سی دیر مین حضرت ابوبکر صدیق آئے اور آپنے دروازہ ہلایا مینے کہا کہ کون ہے
آپنے فرمایا کہ ابوبکر مینے کہا کہ آپ ٹھہریے مین جاکر خبر کرتا ہون مینے جاکر عرض کی کہ یارسول اللہ صلعم
ابوبکر آئے ہین اور اذن آنے کا چاہتے ہین فرمایا کہ آنے دے اور بشارت دے اوسکو جنت کی
مینے آکر آپکو بشارت دی جنت کی اور آپ آکر دہنی طرف حضرت کے بیٹھ گئے اور بھی بقصد متابعت آپکے
اپنی پاؤن بھی اوسیطرح لٹکا دیے مین پھر آکر اپنی خدمت پر حاضر ہوگیا اور منتظر آنے اپنے بھائی کا ہوا
کہ کاشکے وہ بھی اسوقت چلا آئے اور اسوقت خاص مین جنت کی بشارت پاوے کہ اس درمیان مین
حضرت عمر آئے اور دروازہ ہلایا مینے پہلے جیسے حضرت کی خدمت مین جاکر عرض کی آپنے فرمایا کہ آنے دے
اور بشارت دے اوسکو جنت کی مینے آکر آپکو بشارت جنت کی دی اور آپ اندر آکر بائین طرف حضرت کے
بیٹھ گئے بسطرح کہ حضرت بیٹھے تھے مین پھر آکر دروازہ پر بیٹھ گیا اور دلمین کہنے لگا کہ کاشکے اسوقت
بھائی میرا بھی آجاوے کہ حضرت عثمان آئے اور پہلے جیسے مینے خبر کی آپنے فرمایا کہ آنے دے اور بشارت دے
اوسکو جنت کی ساتھ اوس بلاکے کہ اوسکو پیش آوے مینے آکر آپکو بشارت دی جنت کی اوسیطرح
اور آپ بسبب تنگ ہونے جگہ کے مقابل اونکے دوسری طرف بیٹھ گئے اور اس کنوین کو بیر خاتم بھی
کہتے ہین صحیح بخاری مین وارد ہوا کہ خاتم آنحضرت صلعم کہ دست مبارک مین رکھتی تھے اور بعد اسکے خلیفہ اول
اور دوم کو پہونچی بعد اونکے حضرت عثمان کو پہونچی ایکدن آپ اس کنوین پر بیٹھے تھے اور انگشتری کو نکال کر
حسب عادت پھرا رہے تھے کہ کنوین مین گر پڑی تین روز تک تلاش کی اور کنوین کا پانی کھینچا مگر نکلی
اور گرنا انگشتری کا چھٹے برس آپکی خلافت مین ہوا تھا کہ اوسیدن سے فتنے اور فساد برپا ہونے شروع ہوے

ف محققین نے لکھا ہے کہ انگشتری مبارک خاصیت انگشتری حضرت سلیمان کی رکھتی تھی کہ اوسکے
گم ہونے سے انتظام بگڑ گیا لکھا ہے کہ پہلے آپنے سونے کی انگشتری بنوائی تھی اور اصحاب نے بھی
آپکو دیکھکر سونے کی انگوٹھیان بنوائین پھر آپنے سونے کی انگوٹھی اوتار ڈالی اور فرمایا کہ سونا
مردون پر حرام ہے اور چاندی کی انگوٹھی بنوائی اصحابنے بھی ایسا ہی کیا **بیر غرس** شیخ محمد الدین
لکھتے ہین غرس غین کی زبر سے اور سکون راسے یعنی درخت لگانے کے اور بعضے راکو بھی زبر سے پڑھتے ہین

ف یہ مکان قبہ اہلبیت سی جنوب کیطرف مشرق کو جھکا ہوا نہایت نزدیک ہی وہان حضرت خاتونؓ جاکر بعد رسول مقبول صلعم کے رویا کرتی تھین غرض یہ وہ مسجدین بیان ہوئین کہ مدینہ طیبہ مین مشہور و معروف ہین اور لوگ اون کی زیارت سی مشرف ہوتے ہین لیکن اہل حدیث لکھتے ہین کہ مسجدین اور بھی ہین زیادہ چالیس سے مگر اونکی نشان نہین معلوم ہین اسواسطے نہ لکھی گئین اللہ تعالی سب مسلمانونکو ان مسجدون مقدس کی زیارت نصیب فرما آمین

باب بارہوان
فصل پہلی
مدینہ طیبہ کی کنوؤن کی فضائل کی بیان مین

اہل اسلام پر پوشیدہ نہی کہ کنوین مدینہ طیبہ مین مانند مسجدون کے بہت ہین لیکن بعضے منہدم اور معدوم ہوگئے کہ نشان اون کا نہین معلوم ہے حضرت سید سمہودی اپنی تاریخ شریف مین زیادہ پنتیس سی لکھے ہین لیکن بالفعل جو مشہور و معروف ہین اور لوگ اونکی زیارت سی مشرف ہوتی ہین وہ سات ہین جنمین رسول مقبول صلعم نی آب دہن مبارک اور غسالہ وضو کا ڈالا ہی پس ضرور ہی کہ پانی اونکا پیے اور وضو اور غسل اوس سی کرے ایک اونمین سی **بیر اریس** ہی کہ مسجد قبا سی مغرب کے جانب نہایت قریب ہی اریس نام یہودی کا تھا پانی اس کنوین کا نہایت شیرین و لطیف ہی کئی روایتون سے ثابت ہی کہ آنحضرت صلعم نی آب دہن مبارک اس کنوین مین ڈالا پس یہ شیرینی اور لطافت جب سے پیدا ہوئی ورنہ پہلے اس سی یہ کنوان شیرین نہ تھا بیہقی روایت کرتے ہین کہ انس بن مالکؓ نے قبا مین آنکر اس کنوین کا پتہ لوگون سی پوچھا پس ایک شخص آپکو چاہ اریس پر لے آیا آپنی وہان یہ حدیث نقل کی کہ رسول مقبول صلعم اس کنوین پر تشریف لای اور ایک شخص کہ پانی کھینچ رہا تھا اوس سی پانی مانگا اور پیا پانی پانی کو ساتھ آب دہن مبارک کی اس کنوین مین ڈالدیا پھر آپنی وضو کیا اور نماز پڑہی اور صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین وارد ہوا کہ ابو موسی اشعری کہتے ہین کہ مین وضو کرکے بقصد ملازمت حضرت صلعم کی گھر سی باہر نکلا اور عہد کیا مینی کہ آجکی روز آپکی خدمت سے علیحدہ نہونگا پس پتا یا مینی آپکو مسجد نبوی مین لوگون نی کہا کہ آپ ابھی جانب قبا تشریف لیگئی ہین مین بھی وہین پہونچا معلوم ہوا کہ حضور بیر اریس پر تشریف رکھتے ہین پس مین جاکر جس باغ مین کہ بیر اریس تھا اوسکی دیوار پر بیٹھ گیا یہانتک کہ آپنی قضاے حاجت سی فارغ ہوکر وضو فرمایا پس اندر گیا مین

پس سجدہ کیا میں نے اور شکرانہ اس نعمت عظمی کا بجالایا میں نے معاذ عمدہ نرین اور فاضلترین وہ حال
کہ بندہ کو مولی سے نزدیک کرے سجدہ ہی **مسجد القبلتین** جسمین ایک محراب بیت المقدس کیطرف ہے
اور دوسری کعبہ کی جانب وہ مسجد الفتح سے آدہ کوس پر مغرب کیطرف ہی محمد ابن اخنس سے روایت ہے
کہ رسول مقبول صلعم نماز ظہر پڑھتے تھے دو رکعتین پڑہین تھین کہ وحی تحویل قبلہ کی آئی قَوِّلْ وَجْهَكَ
شَطْرَ الْمَسْجِدِ الْحَرَامِ پس دو رکعتین اخیر کی آپنے طرف کعبہ کے ادا فرمائین اسوجہ سے مسجد القبلتین کہتے ہین
شیخ مجد الدین فیروز آبادی لکھتے ہین کہ مسجد قبا احق اور اولی ہے اس نام کے ساتھ اسوجہ سے کہ صحیح بخاری
اور صحیح مسلم مین وارد ہوا کہ وقوع تحویل قبلہ کا اوسمین ہوا ہی مگر بعض علما نے ترجیح قول اول کی کی ہے
واللہ اعلم **مسجد السقیا** جو گرد نواح مدینہ طیبہ مین مکہ معظمہ کے جانیوالیکو پہلے ملتی ہی بہت چھوٹی
مسجد ہی سات گز کا طول و عرض رکھتی ہے رسول مقبول صلعم نے اوسمین نماز پڑہی اور اہل مدینہ کے لیے
برکت کی دعا فرمائی اور بالفعل مسجد سقیا اوس مسجد کو کہتے ہین کہ مکہ شریف کی راستہ مین قریب مدینہ طیبہ کے
پہلی مسجد ملتی ہے اور سُقیا نام ایک کنوین کا ہی **مسجد الرایہ** کہ باہر مدینہ شریف کے شام کی راہ مین
ذباب پہاڑی پر واقع ہی جو مدینہ شریف سے شام کیطرف جاتی اوسکو دہنی طرف پڑتی ہی اور جبل سلع سے
مشرق کیطرف ہی اس مسجد پر سے قبہ شریف سرور عالم صلعم کا دکھلائی دیتا ہی **مسجد الفسح** کہ اُحد کو
جاتی ہوی مزار حضرت حمزہؓ سے مشرق کیطرف پڑتی ہے آیت کریمہ یَا أَيُّهَا الَّذِينَ آمَنُوا إِذَا قِيلَ لَكُمْ
تَفَسَّحُوا فِي الْمَجَالِسِ آخر تک وہین نازل ہوئی مطری کہتے ہین کہ آنحضرت صلعم نے نماز ظہر و عصر احد کے دن
بعد فارغ ہونے لڑائی سے وہین ادا فرمائی **مسجد عینین** کہ حضرت حمزہ سید الشہداؓ کی مشہد مقدس سے
قبلہ کی جانب ہی اور اس پہاڑ کو جبل الرمات بھی کہتے ہین کہ تیر انداز لشکر اسلام کی احد کی روز اوسی پر کھڑی تھی
اور جناب سید الشہدا کو بھی زخم وہین آیا **مسجد الوادی** جو اوبر کنارہ شامی جبل عینین کی واقع ہے
مطری لکھتے ہین کہ محل شہادت جناب سید الشہدا یہی مقام ہی بعضے علما اس مسجد کو مسجد العسکر بھی کہتے ہین
واللہ اعلم اور مسجد ابی ذر کہ حضرت امیر حمزہؓ کی درگاہ کو جاتے ہوی راہ مین دہنی طرف پڑتی ہے
اور **مسجد ابی بن کعب** کہ بقیع مین ہی اور **مسجد مصلے عید** کہ باہر دروازہ کی مغرب کیطرف ہے
اور وہان مسجد ابو بکرؓ و مسجد علیؓ و مسجد عمرؓ بھی مشہور ہین پس چاہیے کہ نماز بھی ہر ایک مین ان مساجد کی
پڑھی اور چاہیے کہ نماز پڑہے **مسجد فاطمہؓ** مین کہ بقیع مین ہے اور اوسکو بیت الحزن بھی کہتے ہین

پس آنحضرت بدہ کیدن بارگاہ الہی سی بشارت قبولیت دعا کی پائی کہ اثر فرح وسرور کا چہرہ شریف سی عیان ہوتا تھا
حضرت جابر رضہ فرماتے ہین کہ ہمکو کوئی مہم سخت پیش نہ آوی کہ اوسی ساعت مسجد الفتح کو جاؤن اور قبولیت دعا کی
بشارت نہ پاؤن حضرت شیخ رح لکھتے ہین کہ رسول مقبول صلعم کی دعا اس مسجد مین یہہ تھی اللھم لک الحمد ھدیتنی
من الضلالۃ فلا مکرم لمن اھنت ولا معز لمن اذللت ولا مذل لمن اعززت ولا ناصر لمن خذلت
ولا خاذل لمن نصرت ولا معطی لما منعت ولا مانع لما اعطیت ولا رازق لمن حرمت ولا حارم لمن رزقت
ولا رافع لمن خفضت ولا خافض لمن رفعت ولا خارق لمن سترت ولا ساتر لمن خرقت ولا مقرب لمن باعدت
ولا مباعد لمن قربت یا صریخ المکروبین یا مجیب المضطرین الکاشف ھمی وغمی وکربی فقد تری حالی وحال اصحابی

پس جبرئیلؑ آئی اور کہا کہ پروردگار تیرے نے دعا تیری سنی پس آپکو مع آپکے صحابیون کے دشمن کی ہول سے
محفوظ رکھا پس رسول مقبول صلعم سنکر دوزانو بیٹھے اور ہاتھون مبارک کو بلند فرمایا اور آنکھون مبارک کو
نیچی کیا اور کہا شکرا لکما رحمتنے رحمت اصحابی **اور مسجد سلمان فارسی اور مسجد ابی بکر رض**
اور مسجد علی رض کہ یہہ مسجدین جبل سلع سی مغرب کیطرف مقام جنگ احزاب مین واقع ہین اصل بنا
ان مسجدون کی عمر ابن عبد العزیز سے ہے اور بعد منہدم ہونے اون عمارات کے سیف الدین حسین رض
اور زین الدین منیعم منصوری نے تعمیر کی **مسجد بنی حرام** کہ سلع کی گھاٹی مین داہنی طرف پڑتی ہے
اگر مدینہ شریف سی مسجد الفتح کو جاوے رسولخدا صلعم نے اوسمین نماز ادا فرمائی ہے منصل اوسکی ایک غار ہے
کہ ایام خندق مین مشرف ہوا ہی بشرف حضور سرور انبیا صلعم اور بعض اوقات آپ وہان شب باش بھی
ہوی ہین طبرانی ابو قتادہ سی روایت کرتے ہین کہ ایک روز حضرت معاذ ابن جبل رسول مقبول صلعم کی تلاش مین
نکلے جب آپکو حجرون شریف مین نہ پایا تو آپ جبل سلع کیطرف روانہ ہوی اور وہان جاکر دہنی بائین طرف دیکھنا
شروع کیا دیکھا کہ سرور انبیا صلعم غار مین سر بسجدہ ہین حضرت معاذ دیکھتی ہی پہاڑ پر سے اوترے
اور بسبب زیادہ عرصہ ہوجانے کے گمان لیگئے کہ روح پاک عالم بالا کو رخصت ہوئی کہ اتنے مین آپنے
سر مبارک سجدہ سی اوٹھایا اور فرمایا کہ جبرئیلؑ امین میرے پاس آیا اور کہا کہ حق سبحانہ تعالی تحفہ سلام
تمپر بھیجتا ہی اور پوچھتا ہے کہ تو جانتا ہی کہ تیری امت سی مین کیا معاملہ کرونگا مینے کہا کہ اللہ خوب جانتا ہے
مین کیا جانون بعد اسکے پھر آیا اور کہا کہ پروردگار تیرا فرماتا ہی کہ ای حبیب تو دل اپنا خوش رکھ
مین تیری امت سی ہرگز وہ معاملہ نکرونگا جس سی تو ناخوش ہووے اور موجب تیری رنج کا ہووے

جب وہ قاری اس آیت پر پہونچا فکیف اذا جئنا من کل امۃ بشہید آخر تک تو آپ پر آثار گریہ کے
پیدا ہوے اور آپنے فرمایا کہ خداوند مدامین گواہی دینے والا ہون اوسکا جنمین مین ہون اور جنکو کہ مینے نہین دیکھا
اونکا حال کیا جانون بعض علماء تاریخ لکھتے ہین کہ جس عورت کو کہ حمل نہ رہتا ہو وہ اوس پتھر پر بیٹھے خدا چاہے
حاملہ ہوجاویگی شیخ لکھتے ہین کہ یہ خاصیت اہل مدینہ کے نزدیک قدیم سے ابتک مشہور چلی آتی ہے مطری لکھتے ہین
کہ اس مسجد شریف کی قبلہ کی جانب کئی پتھر ہین کہ اونمین آثار شریف ہین چنانچہ ایک پتھر کا کہ آنحضرت صلعم نے تکیہ لگایا تھا
اور کہنی مبارک اوسپر رکھی تھی ابتک نشان کہنی مبارک کا اوسمین موجود ہے اور ایک پتھر مین آثار انگلیون مبارک کا
ظاہر ہے اور کسی پتھر مین آپکے خچر کے سم کا نشان موجود ہے لہذا اوسکو مسجد البغلہ بھی کہتے ہین وغیرہ کہ ان سب سے
لوگ برکت و خیر حاصل کرتے ہین اور **مسجد الاجابہ** کہ حضرت کی دو دعائین وہان قبول ہوئین ہین ایک
امت کا قحط سے نہ مرنا دوسری غرق سے ہلاک نہ ہونا یہہ مسجد بقیع سے اور ترکیطرف بلندی پر ہے اوسکو مسجد بنی ہدیلہ
بھی کہتے ہین **مسجد طریق السافلہ** کہ حضرت حمزہؓ سید الشہداء کی مشہد مقدس کو جاتی ہوے جانب مشرق
پڑتی ہے مشہور ہے مسجد ابوذر غفاریؓ بیہقی شعب الایمان مین عبدالرحمن بن عوفؓ سے روایت کرتے ہین
کہ ایک روز مسجد نبوی مین پڑا تھا مین کہ ناگاہ رسول مقبول صلعم باہر تشریف لاے اور آپ روانہ ہوے
مین بھی آپکے پیچھے ہوا پس آپ ایک باغ مین داخل ہوے اور وضو کرکے آپنے دو رکعتین پڑہین اور بعد نماز کے
آپ سجدہ مین گیے اور یہانتک دیر فرمائی سجدہ مین کہ مجھکو گمان ہوا کہ مگر کہ روح پاک آپکی اعلی علیین کو پہونچی
پس اس حال کی دیکھتے ہی مین رونے لگا کہ اس عرصہ مین آپنے سر مبارک اوٹھایا اور فرمایا کہ کیون روتا ہے
عرض کیا مینے یا رسول اللہ صلعم حضور اتنی دیر تک سجدہ مین رہے کہ مین ڈر گیا کہ شاید روح پر فتوح اس عالم سے
رخصت ہوئی آپنے فرمایا کہ اسوقت جبرئیلؑ بارگاہ الہی سے میرے پاس یہہ پیام لایا کہ پروردگار فرماتا ہے
کہ ای حبیب میرے جو شخص اوپر تیرے تخمہ درود کا بھیجے مین اوسپر بھیجون دس رحمت اور جو سلام تجھپر بھیجے مین اوسپر
سلام بھیجون اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ جو شخص تجھپر درود بھیجے دس نیکیان اوسکے لیے لکھون
اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ دس بار اوسپر مین درود بھیجون پس مین اپنے پروردگار کا شکر بجا لایا
کہ یہہ نعمت عظمی مجھکو عطا ہوئی بیہقی حاکم سے روایت کرتے ہین کہ یہہ حدیث صحیح ہے طول و عرض اس مسجد کا آٹھ گز ہے
مسجد الفتح جسکو مسجد الاحزاب اور مسجد اعلی بھی کہتے ہین حضرت امام احمد حنبل اپنی مسند مین بروایت ثقات
جابر بن عبداللہ سے روایت کرتے ہین کہ رسول مقبول صلعم نے مسجد فتح مین تین روز دعا کی پیر مشکل بدر

جہان حضرت علی کرم اللہ وجہہ کے لیے اعادہ شمس کا ہوا تھا کیونکہ وہ قضیہ صہبا مین واقع ہوا تھا کہ شہرون خیبر سے
جیسا کہ قاضی عیاض نے تصریح اوسکی کی ہے **ف** جاننا چاہیے کہ حدیث رد شمس کی بروایت
حضرت ابوہریرہؓ باسناد حسن ثابت ہی اور وہ کئی طریقون سے وارد ہوئی ہے اور طحاوی نے
صحت اوسکی کی ہے اور ابن جوزی اوسکو موضوعات مین لایا ہی شیخ ابن حجر فتح الباری مین لکھتے ہین
کہ ابن جوزی نے خطا کی کہ اس حدیث کو موضوعات مین شمار کیا **مسجد بنی قریظہ** جانب مشرق
مسجد شمس کی ہے جسوقت کہ رسول مقبول صلعم نے محاصرہ بنی قریظہ کا کیا تو آپنے بمقام مسجد قیام فرمایا وارد ہوا
کہ اوسکے قریب ایک عورت کا گھر تھا کہ جناب سرور عالم صلعم نے اوسمین نماز ادا فرمائی تھی ولید ابن
عبدالملک نے وقت بنائی مسجد کے اس گھر کو بھی مسجد مین داخل کر دیا اور عمارت قدیم اس مسجد کی مسجد قبا کی
عمارت کی ڈول پر تھی یعنی چھت اور ستونون اور منارہ کے ساتھ اور اب ایک حاطہ ہی کہ کہ قبلہ سی جانب شام
۴۴ گز ہی اور مشرق سی جانب مغرب ۴۳ گز ہے **مسجد مشربۂ ام ابرہیم** جانب یعنی اوتر ۱۲ شمال
مسجد بنی قریظہ کے ہی کہ وہ ایک احاطہ ہے نے چھت کا قبلہ سی جانب شام گیارہ گز اور مشرق سے
جانب مغرب چودہ گز بروایت صحیح ثابت ہوا کہ آنحضرت صلعم نے اوسجگہ نماز ادا فرمائی اہل تحقیق لکھتے ہین
کہ مشربہ بمعنے باغ کے ہے حضرت ابراہیمؑ ابن رسول اللہ صلعم کی والدہ شریفہ حضرت ماریہؓ قبطیہ کا
وہان باغ تھا اور پیدایش حضرت ابراہیمؑ کی بھی اوسجگہ ہوئی تھی حضرت عائشہؓ سی روایت ہے
کہ حضرت ماریہ قبطیہؓ نہایت خوبصورت تھین رسول مقبول صلعم اونسے بہت خوش اور موافق تھے
اول اونکو حارثہ بن نعمان کے گھر مین رکھا اور آخر کو بسبب میری غیرت کی اونکو عوالی مدینہ منورہ مین
کہ یہہ مسجد اوسجگہ ہے آپ لیگئے اور اوسجگہ کبھی کبھی آپ تشریف لیجاتے تھے اور یہہ مجھپر پہلے سی بھی
زیادہ سخت گذرا آخر کار اونکو حق تعالے نے اولاد عنایت کی یعنے حضرت ابراہیمؑ اور مین اس نعمت سے
محروم رہی اور قصہ ماریہ قبطیہ کا جو قرآن مجید مین وارد ہوا یَا اَیُّهَا النَّبِیُّ لِمَ تُحَرِّمُ مَا اَحَلَّ اللّٰهُ لَكَ
آخر تک سب اہل تفسیر لکھتے ہین **مسجد بنی ظفر** کہ اب اوسکو مسجد بغلہ کہتے ہین اور عوام لوگ سفرہ پیغمبر صلعم
اوسی کہتے ہین بقیع سی جانب مشرق ہی حضرت فاطمہؓ بنت اسد کی قبہ کی راہ سی روایات معتبرہ سی ثابت ہوا
کہ آنحضرت صلعم نے محلہ بنی ظفر مین ایک جماعت اصحاب مثل حضرت ابن مسعودؓ و حضرت معاذ بن جبلؓ کی ساتھ
نماز وہان ادا فرمائی اور ایک پتھر پر کہ وہان آپ بیٹھے اور قاری کو حکم کیا کہ قرآن مجید پڑھے چنانچہ

کہ ایک جماعت بحالی بنداالضاریون نی کہ اصرار کفر و نفاق مین گرفتار تھے اونھون نی مسجد قبا کے مقابلہ مین
ساتھہ غرضون فاسد کے جاہل نفاق کی ہوتی ہین بنا کی تھی کہ آیت کریمہ والذین اتخذوا مسجدا ضرارا وکفرا
تا آخر اسی باب مین نازل ہوئی ہے بیہقی ابن عباسؓ سی روایت کرتے ہین کہ ابو عامر نی اون لوگونسی کہا
کہ تم بھی ایک مسجد بناؤ اور محمد صلعم کو حیلہ و نفاق سی نگاہ رکھو یہانتک کہ مین قیصر روم کے پاس جاتا ہون
اور ایک لشکر عظیم اپنی ساتھہ لاکر محمد صلعم کو معہ اصحاب نکالی دیتا ہون معاذ اللہ منھا غرض وہ لوگ بعد فارغ ہونے
بنا مسجد سی ملازمت اقدس حبیب کبریا صلعم مین حاضر ہوی اور عرض کی کہ ہم لوگون نی ایک مسجد بنائی ہے
اور اب وہ بن چکی ہے اگر حضور معہ اصحاب اوسمین نماز ادا فرماوین تو موجب خیر و برکت عظیم کا ہوگا اوسیوقت
وحی نازل ہوئی کہ لا تقم فیہ ابدا لمسجد اسس علی التقوی من اول یوم احق ان تقوم فیہ آخر تک
آخر کار بحکم خدا و رسول اوس مسجد مین آگ لگادی اور ویران کردیا طبری ایک علماء اہل حدیث سی نقل کرتے ہین
کہ اونھون نی کہا کہ مینی مسجد ضرار کو جعفر منصور کے زمانہ مین دیکھا کہ اوس سی دھوان نکلتا تھا بالفعل اوس مسجد کا
کوئی نشان اور مقام معین معلوم نھین لیکن وہ مسجد گرد مسجد قبا کے تھی واللہ اعلم **مسجد الجمعہ**
مسجد قبا سی مدینہ شریف کے آنے مین بائین طرف پڑتی ہے بنی سالم مین اسکو مسجد الوادی اور مسجد عاتکہ بھی
کہتے ہین رسول مقبول صلعم جب جمعہ کے دن قبا سی طرف مدینہ طیبہ کے روانہ ہوے تو بسبب آجانی وقت جمعہ کے
نماز جمعہ اوسجگہ ادا فرمائی اور اول جمعہ یہی تھا اور قریب اسکی مسجد کے ایک وادی ہے کہ جانب مغرب اوسمین
بنی عوف کے گھرون کی ابتک نشان باقی ہین اور عمارت قدیم اس مسجد کی منھدم ہوگئی تھی پس بعض عجمیون نے
سنہ ۹۰ مین تجدید اوسکی کردی طول اوسکا قبلہ سی تا شام بیس گز اور عرض مشرق سی مغرب تک ساڑھے سولہ گز

مسجد الفضیخ بالفعل لوگ اوسکو مسجد الشمس کہتے ہین ایک مسجد چھوٹی ہے قریب مسجد قبا کی جانب مشرق
ایک مکان بلند پر بی چھت کی مثل مربع جسوقت کہ رسول مقبول صلعم نے بنی نضیر کا محاصرہ کیا تو قریب اسکے
خیمہ آپکا تھا پس اس مسجد کی جگہ آپ نی چھ روز نماز ادا فرمائی بعد اسکے اوسجگہ مسجد بنادی گئی ابن زبالہ
روایت کرتے ہین کہ حضرت ابو ایوب اور جماعت انصار اس مسجد کی جگہ بیٹھکے فضیخ کہ ایک قسم مینی کی چیز دینسی ہے
استعمال کرتے تھے جب کہ آیت حرمت شراب کی نازل ہوئی سنتی ہی مشکون کی منھہ کھولدی اور جسقدر فضیخ اوسمین تھا
اوسجگہ بہا دیا اس سبب سے اوسکو مسجد فضیخ کہتے ہین شیخ مجد الدین فیروز آبادی لکھتے ہین کہ مسجد الشمس اسوجہ سی کہتی ہین
کہ چونکہ وہ مقام بلند پر بنی ہے تو اول شمس وہین ظاہر ہوتا ہی یہہ نہ سمجھنا چاہیی کہ یہہ مقام وہ ہے

تم بہت نہین ہوا بن زبالہ زید ابن اسلم سی روایت کرتے ہین کہ یہہ کلمات آپنی فرمائے الحمد للہ الذی
قرب منا مسجد فبادرنا لو کان بافق من الافاق لضربنا الیہ اکباد الابل وارد ہوا
کہ حضرت ابن عمرؓ جبکہ داخل ہوتے تھے آپ مسجد قبا مین تو نہایت مکروہ جانتے تھے اس بات کو کہ نکلین اوس سے
بغیر نماز پڑہے اور حضرت سیدنا عمرؓ کا معمول تھا کہ آپ مسجد قبا مین پیر کے دن اور جمعہ رات کے دن تشریف
لیجاتے تھے اور باسناد صحیح بطرق متعددہ سعد بن ابی وقاصؓ سی روایت ہی کہ آپنے فرمایا کہ دو رکعت نماز مسجد قبا مین
پڑہنا مجکو زیادہ محبوب ہے اس سی کہ دو بار بیت المقدس کی زیارت کرون اور آپنے فرمایا کہ اگر جانو تم اون اسرار کو
جو اس مسجد شریف مین ہین تو کیا کیا سعیان اوسکی زیارت مین نکرو اور اسیطرح باسناد صحیح وارد ہوا
فرمائی حضرت ابو ہریرہؓ سی حدیث شریف مین وارد ہوا کہ جسنی نماز پڑہی چار مسجدون مین بخشے گئے گناہ اوسکے
یعنی مسجد الحرام و مسجد نبوی و مسجد اقصے و مسجد قبا اور روایت کیا ترمذی نے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے
کہ نماز پڑہنا مسجد قبا مین مانند عمرہ کے ہے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ دو رکعتین مسجد قبا مین پڑہنا
افضل ہی ہزار رکعت سی مسجد اقصے مین پڑہنے سے اور اس باب مین کئی حدیثین وارد ہوئی ہین پس
بعض کی نزدیک دو رکعتین ہین اور بعض کی نزدیک چار اور صفہ کہ اس مسجد شریف کی صحن مین ہی کہتے ہین
کہ وہ جگہ بیٹھنے ناقہ سرور عالم صلعم کی ہے بقول مشہور اور طول و عرض مسجد قبا کا ۶۶ گز ہے لکھا ہے
کہ کچھ تھوڑی زیادتی اس مسجد شریف مین جانب منارہ حضرت عثمانؓ بن عفان نے فرمائی ہوا و عمر ابن عبد العزیز نے
اپنے عہد مین موافق بنا مسجد اعظم نبوی کی اس مسجد مین بھی آرائش اور زینت کی تھی جب بسبب زیادہ عرصہ کے
وہ عمارت منہدم ہوگئی تو سلاطین اور امراء آفاق قرنا بعد قرن تعمیر اوسکی کرتے رہے
دعا مسجد قبا مین پڑہنیکی یہہ ہے یا صریخ المستصرخین یا مفرج کرب المکروبین یا مجیب دعوۃ المضطرین
صل علی محمد و آلہ و اکشف کربی و فرجنی کما کشفت عن رسولک کربہ و حزنہ فی ھذا المقام یا حنان
یا منان یا کثیر المعروف یا دائم الاحسان یا ارحم الراحمین آمین اور مقام کہ جس سی برکت لینی اس مسجد شریف مین لازم ہے
گھر سعد بن خیثمہؓ کا ہے کہ جانب قبلہ مسجد تھا اور مسجد قبا کے رکن غربی قبلہ کے جانب ایک مقام ہے
اوسکو مسجد علی کہتے ہین امام سمہودی لکھتے ہین کہ شاید یہی مسجد گھر سعد بن خیثمہؓ کا ہی کہ رسول مقبول صلعم نے
اوسمین آرام فرمایا اور وضو کرکے وہان نماز ادا فرمائی اور چہ ارسیس بھی قریب قبا کے ہے
اور وہ مسجد ذکر اوسکا نزدیک مسجد قبا کی بعلاقہ نسبت تضاد تقریباً مناسب ہی **ذکر مسجد ضرار**

کہ کیا عمل کرتے ہو تم جو مستحق اس مدح اور کرامت کے ہوے سب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم ہم کچھ
عمل نہین جانتے ہین سوا اسکے کہ ہم استنجا کرنے مین بعد استعمال پتھرون کے پانی سے بھی طہارت
کر لیتے ہین تاکہ بخوبی پاکی حاصل ہو وی آپنے فرمایا کہ یہی عمل ہی کہ اسکے کرنے سے تمکو یہ کرامت
اور عظمت و سعادت اعلے نصیب ہوئی چاہیے کہ لازم پکڑو اوپر اپنے اس عمل کو بعض علما اسطرف گئے ہین
کہ مراد ساتھ اس مسجد کی مسجد اعظم نبوی ہے علیہ افضل الصلوۃ و اکمل التحیات اور بعض احادیث بھی
اسکی تائید مین وارد ہوئی ہین لیکن حق یہ ہے کہ مفہوم اس آیت کریمہ کی دونون مسجد شریف پر صادق ہین
اور ہو سکتا ہی کہ دونون مراد ہون چنانچہ بعض علما رحدیث، اسمقام کی تحقیق مین ایسا ہی فرماتے ہین
واللہ اعلم امام احمد بروایت حضرت ابو ہریرہؓ نقل کرتے ہین کہ ایک جماعت صحابہؓ کی حضرت صلعم کی
خدمت مین حاضر ہوی آپنے فرمایا کہ جاؤ طرف مسجد تقوی اور پیچھے اونکے آپ بھی اوسی جانب متوجہ ہوے
اور دونون دست مبارک اوپر کندھی حضرت ابابکر صدیقؓ و حضرت عمرؓ رکھے تھے پس یہہ حدیث موید اسکی ہی
کہ مسجد قبا کا نام مسجد تقوی ہی اور حضرت امیر المومنین علی کرم اللہ وجہہ سے روایت ہی کہ اونھون نے فرمایا
قال النبی صلعم المسجد الذی اسس علی التقوی من اول یوم ھو مسجد قبا قال اللہ جل ثنائہ فیہ رجال
یحبون ان یتطھروا واللہ یحب المطھرین صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین ابن عمرؓ سے روایت ہے
کہ آنحضرت صلعم سوار و پیادہ واسطے زیارت مسجد قبا کے تشریف لیجاتے تھے اور دو رکعت نماز اوسمین جاکر
ادا فرماتے تھے اور دوسری روایت صحیح بخاری مین وارد ہوا کہ آپ ہر ہفتہ کو سوار و پیادہ مسجد قبا کو
جاتی تھے عبد اللہ بن عمرؓ بھی ایسا ہی کیا کرتے تھے اور ابن شیبہ پیر کے دن کی بھی روایت نقل کرتے ہین
محمد بن منکدر سے روایت ہی کہ رسول مقبول صلعم ستر ہوین ماہ مبارک رمضان کو وقت صبح کے تشریف لاتے تھے
وارد ہوا کہ ایک روز حضرت امیر المومنین عمرؓ مسجد قبا کی زیارت کیواسطے تشریف لاے اوسوقت آپنے
وہان کسیکو نہ دیکھا فرمایا کہ قسم ہی اوس خدا کی کہ جان میری اوسکے قبضہ قدرت مین ہی دیکھا ہی پیغمبر صلعم کو
کہ آپ ذات خاص ہی صحابہؓ کے ساتھ اس مسجد کی بنا کیواسطے پتھر اوٹھا کر لاتے تھے قسم ہی اللہ کی
اگر یہہ مسجد ایک کونہین عالم کے کونون مین سے ہوتی تو کفتی ایک جگر اونٹون کے اوسکی طلب مین نہ مارتا مین
پس آپنے شاخین کھجور کی منگوا کر ایک جھاڑو بنائی اور جو کوڑا کچرہ کہ اوسمین پڑا تھا اوسکو دور کیا
لوگون نے عرض کیا کہ ای امیر المومنین ہم بہت ہین ہمکو خدمت فرمایئے آپنے فرمایا کہ نہین قسم ہی اللہ کی

فرماتی تین صحابہ بھی تشریف لیگئے پس آپنے جب ازدحام صحابہ کا ملاحظہ فرمایا تو آپ بوریا لپیٹ کر اندر گھر کے لیگئے
صبح کو صحابہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلعم حضور ہر رات یہان نماز ادا فرماتے تھے تو ہم بھی مشرف ہوجاتے
فرمایا کہ ڈر امین اس بات سی کہ تمپر فرض ہوجاوے اور تم اوسکو نہ ادا کرسکو پس یہ آٹھون ستون بسبب زیادہ
شرف وفضل حاصل ہونیکے خاص ہین ورنہ تمام مسجد اور سب ستون افضل اور اعلے ہین جنکی بزرگیان نہین بیان
ہوسکتی ہین کیونکہ وارد ہوا ہے کہ کوئی ستون ایسا نہین ہے کہ بڑی بڑی جلیل القدر صحابہ نے وہان
نماز نہ پڑھی ہو صحیح بخاری مین حضرت انس سی روایت ہی کہ وہ کہتے ہین کہ بڑی بڑی صحابہ کو دیکھا مینے
کہ بوقت نماز مغرب ہر ایک دنمین سی ایک ستون کی جانب سبقت اور مبادرت فرماتے تھے روضۂ اقدس مین
ہر ستون پر نام اوس ستون کا لکھا ہوا ہے خداوند کریم سب مسلمانون کو اون سبکی زیارت نصیب فرماوے امین

فصل پانچوین مسجد قبا وغیرہ مساجد مدینہ طیبہ کے فضائل مین

پوشیدہ نہ رہی کہ پہلے داخل ہونے مدینہ طیبہ مین رسول مقبول صلعم نے بنی عمرو بن عوف مین جو قبا مین
رہتے تھے قیام فرمایا مدت تین روز یا زیادہ باختلاف روایات پس اسی عرصہ مین آپنے وہان مسجد قبا بنا فرمائی
اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ جب بنی قبا نے ایک مسجد بنانے کی درخواست کی تو رسول اللہ صلعم نے
صحابۂ کرام کو فرمایا کہ ایک تم مین سے میری اس اونٹنی پر سوار ہووی اور اوسکو پھراوے جسکے
حضرت ابابکر صدیق اوٹھے اور اونٹنی پر بیٹھے لیکن اونٹنی نہ اوٹھی بعد اسکے حضرت عمر فاروق اوٹھے
اور سوار ہوے تو بھی اونٹنی نہ اوٹھی پھر حضرت علی کرم اللہ وجہہ سوار ہوے وہ ہین کہ آپنے قدم مبارک
رکاب مین دیا اونٹنی کو دی رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ باگ اسکی چھوڑ دو کہ یہہ حکم کی گئی ہی جسجگہ کہ ہمری
آخر کار جسجگہ کہ پھر کر بیٹھی آپنے فرمایا کہ اسجگہ مسجد بناؤ اور اہل قبا سی فرمایا کہ پتھر جمع کرو پس ایک عصا
جو دست مبارک مین رہتا تھا اوس سی ایک خط واسطے تعیین سمت قبلہ کے کھینچا اور ایک پتھر دست مبارک مین
لیکر مقام بنیاد پر رکھا اور صحابۂ کرام کو حکم کیا کہ پتھر رکھین بروایت ثقات ثابت ہوا کہ رسول مقبول صلعم
ذات خاص سی اس مسجد کی تعمیر کیواسطے پتھر اوٹھا کر لاتے تھے اکثر مفسرین لکھتے ہین کہ آیت کریمہ
لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى مِنْ اَوَّلِ يَوْمٍ مسجد قبا کی شان مین نازل ہوئی ہے کیونکہ اول مسجد ہی دین اسلام مین
بنی ہی یہانتک اللہ تعالے قرآن مجید مین اہل اس مسجد کی بھی تعریف فرماتا ہی فِيْهِ رِجَالٌ يُّحِبُّوْنَ اَنْ يَّتَطَهَّرُوْا
تا آخر وارد ہوا کہ بعد نزول اس آیت کریمہ کے رسول مقبول صلعم نے اہل قبا سے فرمایا

اور تعلیم احکام شرعی فرماتی تھے اور وہ لوگ یحمہ پڑھتے جاتے تھی اللھم صل علی ھذا النبی الکریم ارسلتہ رحمۃ للعالمین واجر الفقراء ومعینا للضعفاء والمساکین پس خندیک طلوع آفتاب کی جسوقت کہ اہل شروت وغنا اور ارباب شرف وعلا صحابہ خدمت شریف مین حاضر ہوتے تھی تو وہ جگہ بیٹھنے کی مجلس اقدس مین نہین پاتے تھے اسصورت مین بقصد تالیف قلوب قلب شریف رسول مقبول صلعم کا اون آنیوالون کیطرف کھینچتا تھا فرمان الہی آیا واصبر نفسک مع الذین یدعون ربھم بالغداۃ والعشی یریدون وجھہ آخر تک چوتھا ستون اسطوانہ میر سے کہ ملا ہوا ہی اسطوانہ توبہ سی مشرقی کیطرف شباک اقدس سی اکثر رسول مقبول صلعم بحالت اعتکاف اسیجگہ بوریا بچھا کر بیٹھتے تھے اور حضرت عائشہ صدیقہؓ سر مبارک مین شانہ کیا کرتی تھین پانچوان ستون اسطوانہ محرس ہے کہ اوسکو اسطوان علی ابن ابیطالبؓ بھی کہتے ہین کیونکہ حضرت علی کرم اللہ وجہہ اکثر اسیجگہ نماز پڑھتے تھے اور راتون کو بھی اوسیجگہ بیٹھکے پاسبانی رسول مقبول صلعم کی کیا کرتے تھے مطریؒ لکھتے ہین کہ یہ ستون اوس دروازہ کے مقابلہ مین ہے کہ رسول مقبول صلعم حضرت عائشہ رضہ کے گھر سے نکل کے مسجد شریف مین تشریف لاتی تھے چھٹا ستون اسطوانۃ الوفود ہی کہ یہ پیچھے ستون محرس کے جانب شمال اکثر سرور عالم صلعم ایلچیون عرب سی اور اون لوگون سے جو اسلام لانے کیواسطے یا احکام شرع شریف سیکھنے کے واسطے آپکی خدمت مین حاضر ہوتے تھے تو آپ اسیجگہ اونکو جمال جہان آرا سی مشرف فرمایا کرتے تھی اور بڑی بڑی ذی رتبہ ملازمت اقدس مین بیٹھتے تھے ساتوان ستون اسطوانہ مربعۃ البصیر ہے اور اوسکو مقام جبرئیل بھی کہتے ہین کیونکہ اکثر اوقات حضرت جبرئیلؑ وحی لیکر اسیجگہ حاضر ہوتے تھے اور اس ستون اور اسطوانۃ الوفود کے درمیانمین ایک ستون ہی کہ حجرۂ شریف کی جھنجری اقدس سے ملا ہوا ہی حضرت جناب فاطمہ زہرہ رضہ کے گھر کا دروازہ اسیجگہ تھا اور رسول مقبول صلعم حجرۂ اقدس سی باہر آنے کے وقت اسیجگہ کھڑے ہوکر حضرت علی وحضرت فاطمہؓ وحضرت حسنین رضی اللہ عنہم اجمعین سی مخاطب ہوکر فرماتے تھے السلام علیکم اھل البیت انما یرید اللہ لیذھب عنکم الرجس اھل البیت ویطھرکم تطھیرا حضرت سید سمہودیؒ فرماتے ہین کہ بالفعل لوگ بسبب بند ہوجانے دروازون کے جھنجریون سی کہ گرد روضۂ اطہر اقدس ہی اس ستون اور اسطوانہ سر بر کے شرف وتبرک سی محروم ہین کیونکہ وہ ستون اندر ہوگئی آٹھوان ستون اسطوانۂ تہجد ہے اور وہ مسجد شریف کی محراب مین آگیا ہی اور حضرت فاطمہؓ کے حجرہ اقدس کی پشت پر ہی شمال کیطرف مین دروازہ کہ رسول مقبول صلعم ہر رات پوریا اسیجگہ بچھا کر نماز تہجد ادا فرماتے تھے صحابہؓ نے جو دیکھا کہ آپ ہر روز نماز ادا

مخلقہ اس جہت سی کہتے ہین کہ خلوق ایک خوشبو مشہور کا نام ہے تو وہ اوس ستون کو ملدی تھی بسبب لگجانے
کسی شئ مکروہ کے دوسرا ستون جسکو اسطوانہ عائشہ صدیقہؓ کہتی ہین اور اوسکو اسطوانۃ القرعہ اور اسطوانۃ
المہاجرین بھی کہتی ہین اسوجہ سی کہ مہاجرین جلیل القدر مثل حضرت ابابکر صدیقؓ و حضرت عمر فاروقؓ سے
ستون کیطرف نماز پڑہتے تھے حضرت عائشہ صدیقہؓ سی روایت ہی کہ فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے
کہ میری مسجد مین ایک جگہ ہی اس ستون کے آگے کہ اگر آدمیون کو اوسکا مرتبہ معلوم ہووی تو بدون
قرعہ ڈالے کسیکو نماز اوسجگہ میسر نہووی روایت کیا طبرانی نے اور دعا اس ستون کی پیچھے مستجاب ہے
تیسرا ستون ابو لبابہ ہی جسکو اسطوانۃ توبہ بھی کہتے ہین کہ حجرہ اقدس سے دوسرا ہی اور منبر شریف سے
چوتھا ہی برابر اسطوانہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے بجانب حجرہ اقدس کہ درمیان اوسکی اور قبر شریف کے
فاصلہ بیس گز کا ہے واللہ اعلم وارد ہوا کہ ابو لبابہ بڑے رتبہ کے صحابی انصاری تھے
اونھون نی اپنے تئین اس ستون سی باندھا تھا کہ رسول مقبول صلعم میرے عذر کو قبول فرمائین
چنانچہ وہ زیادہ دس روز سی زنجیر گران سی اسی ستون سے بندھے رہے اونھون نی قسم کھائی تھی
کہ اپنے تئین اس قید سی کبھی نہ کھولونگا جبتک رسول مقبول صلعم اپنی دست مبارک سی مجکو نہ کھولینگے
اور آب و دانہ نہ کھاؤن یہانتک کہ مرجاؤن پس رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ اگر ابو لبابہ اول میری پاس آتا
تو مین اوسکے واسطے شرط استغفار بجا لاتا لیکن اب جو اوسنے اپنی آپکو بدرگاہ رب العزت باندھا ہے
تو جبتک حکم الہی نہوگا مین اوسکو نہین کھول سکتا ہون غرض دس روز سے زیادہ اسی حال زاری اور بیقراری مین
بندہی رہے لکھا ہی کہ آپکی لڑکی آتی تھین اور وقت نماز یا قضاء حاجت اونکو کھولدیتی تھین یہانتک
کہ بسبب شدت بھوک اور پیاس کے سماعت جاتی رہی اور قریب تھا کہ بینائی بھی جاتی رہی کہ آیت کریمہ
اونکی قبول توبہ مین حضرت ام سلمہؓ کے گھر مین نازل ہوئی یا ایھا الذین امنوا لا تخونوا اللہ والرسول
آخرتک پس رسول مقبول صلعم نے اوسیوقت آکر اونکو کھولدیا ابن زبالہ حضرت محمد بن کعبؓ سے
روایت کرتے ہین کہ رسول مقبول صلعم نماز نفل اسی ستون کے پاس پڑہتے تھی اور بعد نماز صبح کے بھی
رسول مقبول صلعم اسجگہ رونق افروز ہوتے تھے اور آگے آپکے ضعفا و مساکین اصحاب و موانعۃ القلوب
اور اصحاب صفہ وغیرہ مہمان گرد اسی ستون کے بطور حلقہ بیٹھتے تھے اور حبیب کبریا صلی اللہ علیہ وسلم
اون سب مین بیٹھتے تھے اور جو کچھ کہ رات کو قرآن مجید نازل ہوتا تھا آپ اونکے سامنے پڑہتے تھے

محمد عبدك ورسولك وعلى اله وصحبه تسليما كثيرا اللهم اغفر لي ذنوبي وافتح لي ابواب رحمتك اللهم وفقني واعني
على كل ما يرضيك ومن علي بحسن الادب السلام عليك ايها النبي ورحمة الله وبركاته السلام علينا
وعلى عباد الله الصالحين لکھا ہی کہ اس دعا کو وقت آنے اور نکلنے مسجد شریف سے ترک نکرے
لیکن وقت نکلنے کے کہے وافتح لي ابواب افضالك بجاي رحمتك اور اگر اتنی دعا نہ پڑھ سکے تو قلیل اور کافی
یہ دعا ہے اعوذ بالله بسم الله الحمد لله السلام على رسول الله السلام عليك ايها النبي ورحمة الله وبركاته
حدیث شریف مین وارد ہوا کہ جسوقت داخل ہو ایک تم مین سے مسجد مین پس چاہیے کہ تحفہ سلام بھیجے
اوپر سرور عالم صلعم کے پس جسوقت کہ داخل ہو مسجد نبوی مین تو نہایت خشوع وخضوع اور تعظیم اور تکریم
اور آداب سے نیچے آنکھین کیے ہوے داخل ہو بعض علما فرماتے ہین کہ نزدیک داخل ہونے مسجد شریف کے
تھوڑا سا ٹھہرے گویا کہ اذن حضوری کا چاہتا ہے غرض داخل ہو کر کھڑا رہے کمال ادب سے
بملاحظہ عظمت محمدی ومشاہدہ سطوت احمدی اور اوسوقت اعتقاد صحیح کہ شرف حضوری اور حیات وزندہ
وسماعت سید الکائنات صلعم کا اور دلمین تصور کرے کہ یہ مقام عالیشان جاے نزول وحی اور جاے اوترنے
رحمت ارحم الراحمین ورحمۃ للعالمین ہے اور یہ مسجد خاتم النبیین اور مقام سید الانبیا والمرسلین
وحبیب رب العالمین صلعم ہے اور آداب سے یہ ہے کہ جب داخل ہو مسجد شریف مین تو نیت اعتکاف کی
کر لیوی اگرچہ تھوڑی ہی دیر ہو کہ بمذہب بعض علما صحیح ہے پس فضیلت وثواب اعتکاف کی حاصل کر سکیگا
اسیقدر کافی اور بس ہے اور دو رکعتین بہ نیت تحیۃ المسجد ادا کرے اور حضوری قلب کا ضرور ہیا ن رکھے
اور شکر خدا بجا لاوے کہ رب العالمین نے اوس مقام اقدس مین اسکو پہونچایا اللہ تعالے
سب مسلمانون کو اوس مقام اقدس اطہر مین نماز پڑھنا نصیب کرے آمین یارب العالمین +

فصل چوتھی مسجد نبوی کے ستونون کے فضائل مین +

پوشیدہ نہ رہی کہ مسجد نبوی مین جن ستونون کی کہ تبرک وتیمن مستحب ہی ازروی وارد ہوئی آثار معتبرہ کی اٹھارہ ہین
اول وہ ستون جو متصل محراب نبوی صلعم کے ہے امام کے کھڑے ہونیکے مقام سے سیدھی طرف
اور رسول مقبول صلعم منبر بنانے کے پہلے اوسیجگہ خطبہ پڑھتے تھے اور لکڑی کھجور کی اوسیجگہ فراش مصطفوی مین
روئی تھی بالفعل اوسیجگہ اسطوانہ مخلقہ ہے بعض اصحاب جلیل القدر اسیجگہ نماز نفل پڑھتے تھے ف

حضرت انس رضی سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے نماز پڑھی چار مسجدونمین بخشی جاتی ہین
گناہ اوسکے مسجد الحرام و مسجد نبوی و مسجد قبا و مسجد اقصے حضرت جابر رضی سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین
کہ سنا مینے رسول مقبول صلعم سے کہ آپ فرماتے تھے کہ جسوقت شیطان آواز اذان کی سنتا ہے
تو چلا جاتا ہے یہانتک کہ پہونچ جاتا ہے روحا تک روایت کیا مسلم نے ف روحا ایک جگہ کا نام ہے
کہ مدینہ شریف سے ۳۶ میل ہے ابو بکر بن ابی شیبہ عبد الرحمن بن سابط سے روایت کرتے ہین کہ ایک شخص
مسجد نبوی مین ان کلمات طیبات سے دعا مانگ رہا تھا اللھم انی اسئلک باسمک الذی لا الہ الا انت
الرحمن الرحیم بدیع السموات والارض واذا اردت امرا فانما یقول لہ کن فیکون رسول مقبول صلعم نے اوسکی یہ دعا سنکر
فرمایا کہ اس دعا کر نیوالے سے کہدو کہ دعا اوسکی اسم اعظم کے ساتھ مانگی گئی اور بارگاہ الہی مین مستجاب ہوئی
اور اس دعا کی بھی بڑی فضیلت ہے بسم اللہ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ رب ادخلنی مدخل صدق و
اخرجنی مخرج صدق واجعل لی من لدنک سلطانا نصیرا حسبی اللہ امنت باللہ توکلت علی اللہ لا حول
ولا قوۃ الا باللہ اللھم انی اسئلک بحق السائلین علیک بحق ممشای ھذا الیک فانی لم اخرج بطرا ولا
اشرا ولا ریاء ولا سمعۃ اخرجت اتقاء سخطک وابتغاء مرضاتک اسئلک ان تعیذنی من النار وان
تغفر لی ذنوبی انہ لا یغفر الذنوب الا انت شیخ رح لکھتے ہین کہ یہ دعا وقت چلنے طرف مسجد شریف کی بلکہ ہر وقت مین مستحب ہے
بروایت حضرت ابو سعید خدری وارد ہوا کہ جو شخص اس دعا کو مسجد شریف کی رستہ مین پڑھے ستر ہزار فرشتے
اوسکی استغفار کیلیے مقرر کیے جاتے ہین اور اقبال فرماوی حضرت رب العزت جل جلالہ اپنی وجہ عزیز
و مقدس سے اور منجملہ آداب مسجد نبوی سے یہہ ہے کہ پہلے داخل ہونیکے کچھ صدقہ دی شروع اسلام مین
جو شخص کہ قصد مناجات بارگاہ حبیب کبریا مین کرتا تھا اوسپر واجب تھا کہ کوئی چیز صدقہ کرتا تھا بعد اسکے
ملازمت اقدس مین حاضر ہوتا تھا چنانچہ آیت کریمہ ہی یہ مضمون صاف ظاہر ہے اذا ناجیتم الرسول فقدموا
بین یدی نجوکم صدقہ سکتے ہین کہ اول عمل اسپر حضرت علی کرم اللہ وجہہ نے کیا بعد اسکے
وجوب اسکا منسوخ ہو گیا اور استحباب باقی رہا اور منجملہ آداب سے یہہ ہے کہ مسجد شریف مین حاضر ہونیکو
بقصد زیارت حبیب کبریا سب کاموں پر مقدم رکھے اور وقت داخل ہونیکے اول سیدھا پاؤں رکھے
اور یہ دعا پڑھے کہ ہر مسجد مین داخل ہوتی وقت پڑھنا مستحب ہے اعوذ باللہ العظیم وبوجھہ الکریم وسلطانہ
القدیم من الشیطان الرجیم بسم اللہ ولا حول ولا قوۃ الا باللہ ما شاء اللہ لا قوۃ الا باللہ اللھم صل علی سیدنا

دلیل قاطع ہی مساوات پر وا نہ ترک فضیلت کا اون حضرات کبار سے غیر متصور ہی اگرچہ افضلیت اور اعظمیت
مقام آنحضرت صلعم کی سب مقامون پر باقی ہے اور جو اس مسئلہ کی تفصیل کا مشتاق ہو وہ شیخ کی تصنیفات کو
مطالعہ کرے اور اسجگہ یہ بھی سمجھ لینا چاہیے کہ نزد یک اکثر علماء کے ثواب مذکورہ کی ترقی مین فرض و نفل
برابر ہین لیکن بعض علماء حنفیہ اور اکثر مالکیہ نے اس حکم کی تخصیص فرضون کے ساتھہ کی ہی علاوہ اسکے
جیسے کہ ترقی اور زیادتی ثواب کی عبادت نماز مین ان مقامات مقدسہ مین وارد ہوئی اسیطرح وہانکی
تمام عبادات وحسنات کا حکم ہے جیسے کہ بیہقی نے حضرت جابرؓ سے روایت کی ہے کہ وہ شروع اس فصل مین
مذکور ہو چکی ہے اور اسیطرح علامہ غزالی رح احیاء العلوم مین لکھتے ہین اور حضرت شیخ جذب القلوب مین
تحریر فرماتے ہین جو مشتاق ہو دیکھہ لے حضرت ابو سعید خدریؓ سے روایت ہی کہ آپنے فرمایا کہ دو شخصون نے
باہم جھگڑا کیا اس باب مین کہ اللہ تعالی جس مسجد کی شانمین فرماتا ہی لَمَسْجِدٌ اُسِّسَ عَلَى التَّقْوٰى
ایک نے تو کہا کہ وہ مسجد قبا ہی اور دوسرے نے کہا کہ وہ مسجد نبوی ہے پس آئے وہ دونون حضرتؐ کی پاس
آپنے فرمایا کہ وہ مسجد میری ہے یہ جو ہے روایت کیا مسلم نے چنانچہ ابن عمرؓ اور زبیر ابن ثابت
اور ابو سعید خدری کا یہی قول ہے اسیطرح صاحب تفسیر احمدی لکھتے ہین علاوہ اسکے اور حدیثین اسکی
تائید مین وارد ہوئی ہین مگر قول اکثر یہ ہے کہ وہ مسجد قبا ہی حضرت شیخؒ اسمقام مین لکھتے ہین کہ حق یہ ہی
کہ آیت کریمہ مذکورہ دونون مسجدونکو شامل ہین ہی احمد و طبرانی منقل نقلت حضرت انسؓ روایت کرتے ہین
کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے نماز پڑھی میری مسجد مین چالیس نمازین اور زیادہ کیا
طبرانی ہی کہ ناغہ نہوئی اونمین سے کوئی نماز لکھی جاوے واسطے اوسکی برارت دوزخ سے
اور برارت عذاب سے اور برارت نفاق سے یعنے وہ شخص عذاب آخرت سے محفوظ ہو جاوی بلکہ جنس
عذاب دنیا و آخرت سے آمن مین رہے اور مرض نفاق سے کہ بدترین امراض ہے بری ہو جاوے
بیہقی سے روایت ہی کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص بحالت طہارت اپنے گھر سے اس ارادہ سے نکلے
کہ میری مسجد مین نماز پڑھی توجح کامل لوسکے نامہ اعمال مین لکھا جاوے اور دوسری حدیث مین وارد ہوا
کہ آپنے فرمایا کہ جو میری مسجد مین اس نیت سے آوے کہ تا آپ کوئی خیر کی بات سیکھی یا دوسری کو سکھاوے
تو وہ بمنزلہ جہاد کرنیوالیکے ہے راہ خدا مین اور جو کہ اس قصد سے نہ آوے بلکہ غرض اوسکی مصاحبت خلق ہو
یا بیان قصص وحکایات ہو تو وہ مانند اوس شخص کے ہے کہ اپنے محبوب کو دوسرونکے ہاتھہ مین دیکھے

چنانچہ طبرانی معجم کبیر مین بنقل ثقات روایت کرتے ہین کہ حضرت ارقم رسول مقبول صلعم کی خدمت مین
بیت المقدس کے جانیکے لیے رخصت ہونے کو آئے آپنے فرمایا کیون جاتے ہو کیا قصد تجارت ہے
اونھون نے عرض کیا کہ قصد تجارت نہین ہے لیکن مین چاہتا ہون کہ اوسمین نماز پڑھون آپنے
ارشاد فرمایا کہ ایک نماز میری مسجد مین بہتر ہے اوسجگہ کی ہزار نماز سے اور بعض احادیث مین وارد ہوا
کہ نماز بیت المقدس مین برابر ہزار نماز کے ہے دوسری مسجدون سے اسصورتمین نفل نماز مسجد نبوی کی
اوپر نماز مسجدون دوسری کے برابر ہزار ہزار کے ہووے غرض حدیث شریف مین جو مسجد الحرام
استثنا کی گئی ہے شیخ علی لکھتے ہین کہ اسمین کئی احتمال ہین یا تو واسطے بیان برابری ثواب کی ہو
یعنی مسجد الحرام اور مسجد نبوی مین برابر ثواب ہو یا یہہ کہ زیادتی ثواب مسجد الحرام کی اوپر ثواب
مسجد نبوی کے ہو یا کمی اوسکی ہو لیکن نہ اس عدد کے ساتھہ پس بعض علماء دین اس باب مین ترجیح
پہلے احتمال کو دیتے ہین یعنے یہ کہ مسجد الحرام اور مسجد نبوی مین نماز ثواب مین برابر ہے
اور حضرت امام مالکؒ مع اونکی ایک جماعت کی تیسری احتمال کیطرف گئے ہین یعنے یہ کہ زیادتی ثواب
نماز مسجد نبوی کی سب مسجدون پر ایک ہزار کی ہے لیکن وہ زیادتی مسجد الحرام پر کم ہی ہزار سے
پس بعض مالکیہ تو گئے ہین کہ زیادتی سو کے ساتھہ ہے اور بعضے نوسو کہتے ہین اور ہر ایک اپنی اپنی بیان کو
احادیث سے مستنبط فرماتے ہین لیکن جمہور علماء مسجد الحرام کی زیادتی کے قائل ہین علماء دین فرماتے ہین
کہ احادیث مذکورہ مین جو تفاوت اور اختلاف واقع ہوا جائز ہے کہ وقوع اسکا وقتون مختلف مین
بموجب وحی آسمانی اور منکشف ہونے احوال حقائق اشیا کے ہووے جیسے کہ تصریح اسکی شیخ علی کما حقہ
اپنی تصنیفات شریف مین فرماتے ہین ف علماء دین استقام کی اسطرح پر تصریح فرماتے ہین کہ یہ ثواب
اور فضائل مسجد نبوی کے جو مذکور ہوئے تو اوسسے یہ نہ سمجھنا چاہیے کہ یہ اوسیقدر مسجد کو شامل اول ہی سے
جتنی کہ حضرت صلعم کے عہد مبارکمین مسجد شریف بنی تھی بلکہ مذہب مختار موافق احادیث و عمل اہل سلف
و قول جمہور علما یہی ہے کہ یہ فضیلت عام ہے یعنے شامل ہے سب زیادتی تعمیرن کو جو رسول مقبولؐ کے
عہد مبارک کے بعد خلفاء اور امراء کیوقت مین ظہور مین آئین چنانچہ حدیث شریف مین وارد ہوا +
لو مد هذا المسجد الی صفا کان مسجدی اور حضرت عمر فاروقؓ نے فرمایا لو مد المسجد رسول اللہ
الی ذی الحلیفۃ لکان منہ علاوہ اسکے کھڑا ہونا واسطے نماز کے حضرت عمرؓ اور حضرت عثمان کا نئی محراب بڑھائی ہوئی مین

کہ صدقت یارسول اللہ صلعم فرمایا بیٹھ جا اور جتنی خواہش رکھتا ہو پی لے سینے خوب سیر ہو کر پیا اور باقی
آپکو دیا آپ شکر خدا بجالائے اور اوسکو نوش فرمایا اسیطرح روایت کھانا بڑھ جانے کی بروایت
حضرت ابو ہریرہؓ کی ثابت ہی کئی روایتون مین وارد ہوا کہ ہر ایک انصاریون مین سے اپنی اپنی کھجورون مین سے
خوشہ لاتے تھے اور اون سب خوشون کو ایک رسی مین باندھکر درمیان دو ستونون مسجد شریف کی لٹکا دیتے
اور نیچے اوسکے اصحاب صفہ کو بلاتے اور اون خوشون کو لکڑی سے جھاڑتے تاکہ بے تکلف اونکو کھاوین
ایکدن ایک شخص نے خوشہ خرما ردی لاکر لٹکا دیا آنحضرت صلعم نے فرمایا کہ اگر صاحب اس صدقہ کا خرما
اس سے بہتر لاتا تو لاسکتا تھا لیکن اوسنے نہ چاہا کہ دن قیامت کی بہتر اس سے خرما کھاوے صلے اللہ
علیہ وآلہ وسلم و رضے اللہ تعالے عن اصحابہ اجمعین ✣

فصل تیسری مسجد نبوی کی فضائل مین

عاشقان مسجد نبوی و طالبان آستانہ احمدی پر پوشیدہ نرہے کہ مسجد نبوی کی فضائل مین بہت حدیثین
وارد ہوئی ہین اونمین سے چند اسجگہ لکھی جاتی ہین صحیح بخاری مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ نماز میری مسجد مین یہ جو ہے بہتر ہے ہزار نمازون سے دوسری مسجدون سے مگر مسجد الحرام اور صحیح مسلم مین
اتنا اور زیادہ وارد ہوا پس تحقیق مین آخر الانبیا ہون اور مسجد میری آخر المساجد ہے اور بیہقی بروایت
حضرت جابرؓ نقل کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ نماز میری مسجد مین یہ جو ہے افضل ہی ہزار نماز سے
دوسری جگہ سے مگر مسجد الحرام اور جمعہ میری مسجد مین یہ جو ہے افضل ہے ہزار جمعہ دوسری جگہ سے
مگر مسجد الحرام اور رمضان المبارک میری مسجد مین یہ جو ہے افضل ہے ہزار رمضان دوسری جگہ سے
مگر مسجد الحرام اور حضرت انس بن مالکؓ سے روایت ہی کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ نماز پڑھنا
میری مسجد مین برابر پچاس ہزار نماز دوسری جگہ کے ہے روایت کیا طبرانی نے تشویق مین
اور حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہی کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ نماز میری مسجد مین برابر دس ہزار نماز کے ہے
اور نماز مسجد اقصی مین برابر ہزار نماز کے اور نماز مسجد الحرام مین برابر لاکھ کے ہے احیاء العلوم

ف شیخ عہ لکھے ہین کہ صاف ظاہر ہوا کہ زیادتی نماز کی مسجد نبوی مین اور انبیاؤن کی مسجدون سے
برابر ہزار نماز کے ہے مثل مسجد اقصی کہ حضرت سلیمانؑ کی مسجد ہے سوائے مسجد الحرام کے
کہ مسجد حضرت ابراہیمؑ ہے چنانچہ اور حدیثون مین اسکی تحقیق اور تصریح کما حقہ مذکور ہے

اوسمین فقرا اور مساکین صحابہؓ جو کچھ اپنے پاس نہ رکھتے تھے اوسجگہ رہتے تھے اسوجہ سے اونکو اصحاب صفہ کہتے ہین
جیسے حضرت ابو ہریرہؓ اور حضرت سلمانؓ اور حضرت ابوذرؓ اور یہہ لوگ کبھی کم ہوتے تھے اور کبھی بہت
حافظ ابو نعیم حلیہ مین زیادہ سوسے اونکے نام لکھتے ہین اور عوارف المعارف مین لکھا ہے کہ کچھ کم چارسو
آدمی تھے جب یہ آیت شریف نازل ہوئی وَاصْبِرْ نَفْسَكَ مَعَ الَّذِينَ يَدْعُونَ رَبَّهُمْ آہ تو رسول مقبول صلعم کو
بحکم الہی اون لوگون کے ساتھہ محبت اور انس دلی زیادہ پیدا ہوا لکھا ہے کہ اکثر ایسا ہوتا تھا
کہ جماعت اصحاب صفہ کی بھوک کی شدت اور صدمہ افلاس سے حبیب کبریا کے در دولت پر آبیٹھتے تھے
آنیوالے لوگ خیال کرتے تھے مگر کہ یہہ دیوانہ ہین رسول مقبول صلعم اونکے پاس تشریف لاتے
اور تشفی اور تسلی اونکی فرماتے کہ تم میرے ساتھہ ہو اور اگر جانو تم اپنے مرتبہ کو کہ خدا کی نزدیک کیا ہے
تو البتہ دوست رکھو زیادہ فقر و فاقہ کو پس کبھی کبھی آپ اصحاب صفہ مین سے ایک ایک دو دو مالدار
صحابیونکو واسطے مہمانی کے حوالہ فرمادیتے اور جو باقی رہتے اونکو اپنے ساتھہ شریک فرماتے
اور جو صدقات سے آتا وہ دیدیتے اور تحفون مین اونکا حصہ لگاتے حضرت ابو ہریرہؓ فرماتے ہین کہ وہ بھی
اصحاب صفہ سے ہین کہ دیکھا مینے ستر آدمیونکو اصحاب صفہ سے کہ ہر ایک کی پاس اونمین سے
سوای ایک تہمد مختصر کے دوسری شے نہ تھی یہانتک کہ وقت سجدہ کے اوس تہمد کو بلحاظ ستر عورت
جمع کر لیتے تھے اور اکثر اوقات ایسا ہوتا تھا کہ بھوک کی شدت سے پتھر پیٹ پر باندہ لیتا تھا مین یہانتک
کہ ایکدن رستہ پر بیٹھتا تھا مین کہ حضرت ابا بکر صدیقؓ اوس راہ سے گذرے مینے ایک آیت پڑھی
مگر آپنے کچھہ زیادہ توجہ نفرمائی اور چلے گئے بعد اسکے رسول مقبول صلعم وہان رونق افروز ہوے
اور میرا یہ حال زار نزار دیکھکر تبسم فرمایا اور ارشاد کیا یا اباہریرہؓ مینے عرض کیا لبیک یا رسول اللہ
فرمایا یہان آ مین آپکے ساتھہ ہوا پس آپکے پاس گھر مین سے ایک پیالہ دودہ کا بطور تحفہ آیا تھا وہ آپ نے
اور مجھسے فرمایا کہ اصحاب صفہ کو بلا لا مینے اپنے دلمین کہا کہ دودہ کتنا ہے جو حضرت اونکو بلاتے ہین
یہ مجکو آپ دیدیتے کہ مین آسودہ ہو جاتا لیکن اطاعت خدا اور رسول سے چارہ نہ دیکھا اور اصحاب صفہ کو لایا
آپنے فرمایا یا اباہریرہؓ مینے عرض کیا لبیک یا رسول اللہ صلعم فرمایا کہ یہہ پیالہ دودہ کا لے اور ان سبکو پلا
مینے بموجب حکم کے سبکو پلایا ہر شخص اوس سے آسودہ ہو گیا اور دودہ اوسیقدر رہا مینے وہ
حضرت کی سامنے رکھدیا آپنے تبسم فرماکر ارشاد کیا کہ اب ہم اور تو دونون رہگئے ہین مینے عرض کیا

بقیہ قصہ دودہ

اور مسجد شریف کی بنا شروع کی اور باوجود ہر روزہ روزہ دار ہونیکے اور رات بھر کی عبادت کے
آپ ذات خاص سے مسجد شریف کے کام مین مصروف ہوتے تیسری مرتبہ ولید بن عبدالملک بن مروان نے
مسجد شریف کو بنا کیا آگے اوسکے کسیسنے خلفاء اور امراء مین سے عمارت عثمانی مین داخل نکیا بس
عمر بن عبدالعزیز کہ اوسوقت مین ولید کیطرف سے عامل مدینہ منورہ کا تھا اونکو لکھا کہ مسجد شریف کو نئی سر سے
تعمیر کرو اور اگر دائرہ مسجد شریف کے جتنے گھر ہون اونکو وہی قیمت دیکر مول لیلو اور جو انکار کرے
اوسکا گھر گرا دو اور جو قیمت نہ لیوی تو فقرا کو بانٹ دو ازواج مطہرات کے حجرے بھی مسجد مین داخل کردو
کہتے ہین کہ جسدن کہ یہہ حکم ولید کا مدینہ طیبہ مین پہونچا اور حجرون مقدس مطہر کو گرایا تو ایک مصیبت عظیم
لوگون مین برپا ہوئی کوئی اہل مدینہ مین سے ایسا نتھا کہ نہ روتا ہو سعید ابن مسیب فرماتے ہین
کہ کاشکے حجرے رسول مقبول صلعم کے بحال خود چھوڑ دیے جاتی تا لوگ دیکھتے کہ سرور کائنات حبیب کبریا صلعم
اس دار فنا مین حیات اس طور بسر فرماتے تھے غرض اس زیادتی مین طول مسجد شریف کا دو سو گز ہوا
اور عرض ایک سو ستر گز ہوا اور تکلف و آرائش مین نہایت کوشش کی چنانچہ چھت اور دیوارین
اور ستون سب نقشدار اور سنہری کر دیے اور قیصر روم نے بموجب اوسکے درخواست کے چالیس معمار
اوستاد روم کے اور چالیس قبطی روانہ کیے اور اونکے ساتھ اسی ہزار دینار اور قندیلین کہ جنکی
زنجیرین چاندی کی تھین روانہ کین اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ چالیس ہزار مثقال سونا
اور قسم قسم کے اسباب و سامان عمدہ بطور ہدیہ روانہ کین پس عمارت کا کام اون کاریگرون نے بنایا
اور اس قسم کی محراب جواب مروج ہی اول اسکی وقتمین بنی لکھا ہے کہ جو کاریگر شکل کسی درخت کی
یا کوئی نقش بہتر تھہر پر کھینچتا تھا تو اوسکو مزدوری کے سوا تیس درم بطور انعام ملتے تھے شروع اس عمارت کی
سنہ ۸۸ ہجری مین ہوئی اور سنہ ۹۱ ہجری مین تمام ہوئی تو مدت تعمیر کی تین سال ہوئی اور اس عمارت مین
مسجد کی چارون کونون پر چار مناری بنائی چوتھی مرتبہ ایک بادشاہ نے خلفاء عباسیہ سے جسکا نام مہدی تھا
سنہ ۱۶۱ ہجری مین مسجد شریف کی جانب شمال دس ستونون کو زیادہ کیا اور ویسا ہی نقشدار اور سنہری کر دیا
جیسی ولید کیوقت مین تیاری تھی بعد اسکے کسیسنے مسجد نبوی کو نہین بڑھایا سوائے اسکے کہ بعض نے
لکھا ہی کہ سنہ ۳۰۶ ہجری مین مامون رشید نے کچھ زیادتی کی تھی رب العالمین سب مسلمانونکو استقام اقدس کا
دیکھنا نصیب کری آمین ف قاضی عیاض لکھتے ہین کہ صفہ ایک سائبان تھا انتہا مسجد نبوی مین

لیکن بعد اسکے حضرت عباسؓ نے کہا کہ اب مینے اس گھر کو واسطے مسلمانون کی تصدق کیا پس حضرت عمرؓ نے
اوسکو مسجد شریف مین داخل کیا اور دوسرا گھر جعفر بن ابیطالب کا اسی گھر کی سمت مین تھا اوسکو اپنے
آدھا سو ہزار درم مین خرید کیا اور مسجد شریف مین داخل کیا اور آدھا باقی حضرت عثمانؓ کے وقت مین
داخل مسجد مین ہوا لکھا ہی کہ حضرت عمرؓ نے انتہا مسجد مین جانب مشرق ایک صفہ تعمیر فرمایا اس مراد سے
کہ لوگ وہان شعر پڑھین یا باواز بلند باتین کرین مسجد شریف مین نہ کوئی شعر پڑہی اور نہ ہمین باواز بلند
کلام کرے ایکدن دو شخص تھے کہ باواز بلند مسجد شریف مین باتین کرتے تھے حضرت عمرؓ نے فرمایا
کہ جاؤ اور دیکھو تو کہ وہ کون لوگ ہین عرض کیا کہ اہل طائف سے ہین فرمایا کہ اگر دیار غربت سے نہوتے
تو انپر کیے ہوئے کی سزا پاتے یہ مسجد پیغمبر صلعم ہے باواز بلند ہمین کلام نہین درست ہی بعد اسکے
حضرت عثمانؓ نے حضرت عمرؓ کی بھی عمارت سے زیادہ بڑھایا بلکہ از سر نو مسجد شریف کی تعمیر فرمائی چنانچہ
دیوارین پتھر کی بنائین اور ستون نقش دار بنائے اور اونکو لوہے اور شیشہ سے جمایا اور چھت کو
ساج کی لکڑی سے پاٹا اور جانب شمال زیادتی بہت کی گئی اور جنوب و مغرب کیطرف کم اور مشرق کی طرف کو
بسبب ہونے حجرون ازواج طاہرات کے کچھ نہ جھیڑا پس عمارت عثمانؓ دس مہینے مین تمام ہوئی
سنہ ۲۹ ہجری ربیع الاول کے مہینے مین شروع ہوئی اور سنہ ۳۰ ہجری اول محرم مین تمام ہوئی صحیح مسلم مین وارد ہوا
کہ جب حضرت عثمانؓ نے ارادہ بنائی مسجد نبوی کا کیا تو بعض کو اس باب مین انکار پیدا ہوا تو اوسوقت
آپنے لوگون سے ارشاد فرمایا کہ مینے سنا رسول مقبول صلعم سے کہ آپنے فرمایا من بنی مسجدا للہ بنی اللہ له
بیتا فی الجنۃ یعنے جو شخص بنا دے مسجد واسطے اللہ کے بنا دے اللہ اوسکے لیے گھر جنت مین
اور غالب ہی کہ یہ انکار بعض لوگون کا صرف گرانی مسجد نبوی مین تھا نہ اصل زیادتی مین کیونکہ اصل زیادتی
رسول مقبول صلعم کی اجازت سے وقوع مین آئی ہے علاوہ اسکے بروایت حضرت ابوہریرہؓ وارد ہوا
کہ فرمایا رسول اللہ صلعم نے کہ اگر یہ میری مسجد صنعا تک بنائی جاوی تو بھی مسجد میری ہے وارد ہوا
کہ سنہ ۲۴ ہجری مین حضرت عثمانؓ نے مسند خلافت پر اجلاس فرمایا تو لوگون نے بسبب تنگی مسجد کے
کہ جمعہ کے دن زیادہ ہوتی تھی آپسے شکایت کی آپنے صحابہ سے اس باب مین مشورہ فرمایا
بعد منعقد ہونے اجماع صحابہ کے آپ منبر شریف پر بیٹھے اور اس باب مین خطبہ پڑھا اور حدیث نبوی صلعم
اور فعل حضرت عمرؓ اور اجماع صحابہ کو دلیل کیا نا عنبار شیعہ کا لوگونکے دلونسے اوٹھ جاوے پس آپنے عاملونکو طلب فرمایا

یا اوسمین آپنی مصلحت دیکھی کہ مسجد نبوی مین کچھ تغیر و زیادتی فرماوین البتہ آپنے جو ستون کہ کڑے تھے
اونکی جگہہ اوسیطرح کی بنوادیے پس حضرت عمر فاروق نے جو اشارہ جناب رسول مقبول صلعم سے اسمقدمہ مین
پایا تھا تو آپنے بسبب مسلمانون کی کثرت کے وسیع فرمایا مسجد شریف کو چنانچہ ۱۷ھ ہجری مین آپنے بڑھایا
مسجد نبوی کو جانب قبلہ و شام و مغرب سے سوائے جانب مشرق کے کہ اوسطرف مین حجرہ ازواج مطہرات کے تھے
اور آپنے فرمایا کہ اگر رسول مقبول صلعم کی جانب سے مسجد شریف کی زیادتی کی باب مین نہ سنتا مین تو ہرگز زیادتی
نکرتا مین اگرچہ لوگون پر تنگی ہوتی پس تعمیر حضرت عمرؓ کی مانند تعمیر رسولخدا صلعم کے زمانہ کی تھی یعنی کچی اینٹ
اور چھت اور ستون کھجور کی شاخون سے بنی تھی نقل ہے کہ حضرت عباسؓ کا بھی گھر مسجد شریف کی قریب تھا
حضرت عمرؓ نے اونسے کہا کہ مسجد مسلمانون کے لیے تنگ ہی اور مین چاہتا ہون کہ وسیع ہو جاوے
پس ایک جانب حجرہ ازواج مطہرات کی ہین اور دوسری جانب آپ کے گھر کے بھی حجرہ امہات المومنین ہین
مجکو مجال اونکے گرانے کی نہین ہے یہی گھر آپکا ہے جو قیمت آپ کہین گے بیت المال سے دیجاویگی
یا جگہہ کہ آپ مدینہ طیبہ مین مکان پسند فرماوین مین دلوادونگا یا آپ مسلمانون کے لیے اس مکان کو صدقہ کیجیے
پس ان تینون باتون مین ایک اختیار کیجیے حضرت عباسؓ نے کہا نہین قسم ہے اللہ کی مجکو ان تینون
باتون مین سے ایک بات بھی قبول نہیں ہے یہہ گھر میرا ہے کہ رسولخدا صلعم نے وسطے میری علحدہ کردیا ہے
غرض اس باب مین حضرت ابی بن کعبؓ کو منصف کیا اونھون نے ایک حدیث رسول مقبول صلعم سے سنی تھی
حضرت عمرؓ کے سامنے بیان کی وہ یہہ ہے کہ اونھون نے کہا کہ سنا مینے رسول مقبول صلعم سے
کہ آپنے فرمایا کہ حق سبحانہ تعالے نے وحی بھیجی حضرت داؤدؑ کو کہ ایک گھر تعمیر کرو واسطے میرے
کہ لوگ مجکو اوسمین یاد کرین حضرت داؤدؑ نے بحکم الہی بنا بیت المقدس شروع کی کہ اوس مین
ایک گھر ایک بنی اسرائیل کا بھی آتا تھا حضرت داؤدؑ نے اوس مرد سے کہا کہ اپنا گھر فروخت کردے
اوسنے قبول نکیا اور ہر چند کہ قیمت اوسکی کی مگر صاحب خانہ نے قبول نکیا اسصورت مین حضرت داؤدؑ کے
دلمین آیا کہ اس گھر کو اس سے لینا چاہیے پس وحی آئی کہ ای داؤدؑ مینے تجکو حکم گھر بنانے کا کیا ہے
واسطے عبادت کی تو گھر آدمیون کا غصب کرنا ہی تو اب اسکی عقوبت یہ ہی کہ تجکو مینے اس گھر کی بنا سے
منع کیا آپنے عرض کی کہ خداوندا میری اولاد مین سے کسیکو مقرر کر کہ وہ اس عمارت کو تمام کرے
پس سلیمانؑ نے اوس عمارت کو تمام فرمایا پس جسوقت کہ حضرت عمرؓ نے اس حدیث کو سنا اس ارادہ سے باز رہے

اب جو اسنے نہ سنا تو رونے لگا بعد اسکے اوس سے فرمایا کہ اگر تو چاہے تو جسطرح تو تھی اوسی حال پر پھر دونگا
اور اگر تو چاہے تو بہشت مین تجکو لگا دونگا کہ جنت کی نہرون اور چشمون سے پانی پیا کرے اور ہمیشہ
پھلون سے ہری بھری رہے اور سب بہشتی تیرے پھل کھایا کرین پس بعد ایک لحظہ کے آپنے
صحابہ سے ارشاد فرمایا کہ اسنے بہشت کے رہنے کو اختیار کیا روایت ہے کہ جب حضرت امام حسن بصری رح
اس حدیث کو بیان فرماتے تھے تو آپ روتے تھے اور فرماتے تھے کہ اے بندگان خدا
جبکہ فراق احمدی صلعم مین لکڑی نے فریاد کی آخر کیا تم آدمی ہوکر لائق اس رقت کی نہین ہو
قاضی عیاض رح لکھتے ہین کہ حدیث فریاد وزاری کرنے ستون حنانہ کی مشہور و معروف ہے
بلکہ حد تواتر کو پہونچی ہے اسیطرح علامہ تاج الدین سبکی لکھتے ہین کہ صحیح میرے نزدیک یہہ ہے
کہ حدیث گریہ ستون کی متواتر ہے ایک جماعت کثیر اصحاب رض سے روایت ہے کہ وہ عصا
بعض اصحاب کے پاس تھا غرض اب ستون حنانہ نہین باقی رہا بالفعل اوسی جگہ اسطوانہ مخلقہ ہے
بعض کہتے ہین کہ حنانہ کو وہین دفن کر دیا اور بعض کہتے ہین کہ اوسکی کنگھیان بنا کر بطور تبرک کے تقسیم کی تھین

حضرت مولانای رومؒ مثنوی شریف مین ستون حنانہ کی روایت کمال آب و تاب سے تحریر فرماتی ہین
الحاصل طول منبر شریف کا بقول صحیح دو گز تھا اور عرض ایک گز اور ہر درجہ ایک بالشت کا تھا
تا زمانہ خلفاء راشدین اسیطور پر رہا پھر اوسکو پوشش پہنائی حضرت عثمان رض نے بعد اسکے چھ درجہ اور زیادہ کیے
اور اوسپر منبر شریف کو کھا بعد اسکے خلیفہ مہدی نے اور زیادتی کرنی چاہی مگر حضرت امام مالک نے
منع فرمایا بعد جب انکی مدت کی وہ شکست ہوگیا تو پھر بعض خلفاء عباسیہ نے اور منبر نیا بنایا بعد اسکے
ہر ایک بادشاہ اپنے اپنے عہد مین منبر شریف بناتے گئے یہانتک کہ ۹۶۶ چھ سو چھیاسٹھ مین
سلطان مراد خان بن سلیم خان بادشاہ روم کے حکم سے منبر شریف سنگ سفید کا بنایا گیا
اور اوسپر ایک قبہ بشت درجات کا ڈھالا ہوا بنایا بعض فاضلون روم نے اوسکی تاریخ مین یہ مصرع
عربی مین کہا ہے منبر اعظم سلطان عرب العالمین سب مسلمانونکو وہ مسجد اور منبر دیکھنا نصیب فرمائے آمین

فصل دوسری مسجد نبوی کی تغیرات اور زیادات عمارات کی بیان مین جو خلفاء اور ائمہ اور سلاطین کے عہد مین ظہور پایا علماء سیر لکھتے ہین کہ بعد زمانہ جناب رسول مقبول صلعم کے جو اول زیادتی
کہ مسجد نبوی مین ہوئی حضرت عمر رض کے وقت مین تھی اور حضرت ابا بکر صدیق رض کو یا تو فرصت اسکام کی نہ ہوئی

دس ہزار درم مین خرید کیا اور آپسے آنکر عرض کیا کہ یارسول اللہ صلعم وہ گھر مجھسے بعوض بہشت کے گھر کی
خرید لیجے آپنے اوسی شرط پر خرید لیا اور مسجد شریف مین اوسے داخل کیا کتب حدیث مین وارد ہوا
کہ مسجد شریف کی تعمیر مین آپنے ایک پتھر رکھکر ارشاد کیا حضرت ابوبکر صدیق رضؓ سے کہ تم ایک پتھر
اس پتھر سے ملاکر رکھو اور حضرت عمر رضؓ سے متصل پتھر حضرت ابوبکر صدیق رضؓ کے اور حضرت عثمان رضؓ سے
متصل پتھر حضرت عمرؓ کے پتھر رکھوا کے فرمایا ھولاء الخلفاء من بعدی یعنی یہہ لوگ خلیفہ ہونگے میری
بعد سو مطابق اسی پیشین گوئی کے واقع ہوا اور آپ ساتھہ اصحاب کی تعمیر مسجد کی کام مین برابر شریک
رہتے تھے چھت مسجد شریف کی کھجور کی شاخون کی اور ستون کھجور کی لکڑی کے بنوائے اور تین در رکھے
اور کسیطرح اوسمین زینت و نقاشی کا کام نہ کیا وارد ہوا کہ پہلے مسجد شریف نبی کے سولہ مہینے یا سترہ مہینے تک
قبلہ بیت المقدس کیطرف رہا جب آیت تحویل قبلہ نازل ہوئی فول وجھک شطر المسجد الحرام
حضرت جبرئیل بحکم الٰہی حاضر ہوے اور جتنی پہاڑ درخت وغیرہ بیچ مین حاجب تھے اون سبکو جمال کعبہ معظمہ
اوٹھا لیا اور بنا قبلہ مسجد نبوی جانب میزاب رحمت کعبہ شریف کو دیکھکر کی گئی اور بعد پھرنے قبلہ کے
چودہ یا پندرہ روز تک مصلے حضرت کا بیچ اسطوانہ مخلق کے رہا جسکو اب اسطوانہ عائشہ صدیقہ
کہتے ہین بعد اسکے مصلے شریف جہان اب محراب نبی ہے قرار پایا محراب کی بنا عمر ابن عبدالعزیز کے
وقت سی ہوئی کہ وہ بنی امیہ کیطرف سی امیر مدینہ طیبہ تھے احادیث صحیحہ مین وارد ہوا کہ رسول مقبول
جو پہلے رکھتے منبر شریف کی خطبہ پڑہتے تھے تو آپ بسبب تکلیف ہونے زیادہ دیر کی وجہ سے
ایک کھجور کی لکڑی پر تکیہ فرما لیتے تھے تو ایک انصار کی بی بی کے غلام نے عرض کی کہ اگر حضور کا
حکم ہو تو ایک منبر تیار کرون آپنے اوسکی عرض قبول فرمائی اور اوسنے منبر تین زینہ کا بنایا
تیسرا درجہ مقام نشست رسول مقبول صلعم کا تھا جبکہ آپنے اوسجگہہ کو چھوڑکر منبر اطہر پر خطبہ پڑھنا
اختیار فرمایا اب وہ لکڑی کہ جسپر حضور گاہ گاہ تکیہ فرما لیتے تھے صدمہ فراق مصطفوی سی شق ہوگئی
اور مانند اونٹنی کی آواز کے گریہ و زاری شروع کی اور ہچکیان لینے لگا جیسے بچہ رونے سے
چپ کرایا جاتا ہی ہچکیان لیتا ہے یہانتک کہ تمام اصحاب اوسکی بیقراری اور زاری دیکھکر بیقرار ہوے
اور رونے لگے رسول مقبول صلعم اوسکی بیتابی ملاحظہ فرماکر منبر شریف پر سی اوترے اور دست رحمت
و شفقت اوسپر رکھا اور اوسکو جسم مبارک سی چپٹاکر لوگون سی فرمایا کہ یہہ ستون ہمیشہ ذکر سنا کرتا تھا

وہ زمین اونسے خریدی اور حضرت ابابکر صدیق نے قیمت ادا کی پس آپنے اوسجگہ کو صاف کیا اور تعمیر
مسجد شریف کی شروع فرمائی بتبع مین قریب ببر ابوب کے اینٹین بنوائین اور آپ ذات خاص سے
اینٹین اوٹھا کر لاتے تھے اور صحابہ بھی آپکے ساتھ لاتے تھے اور آپ واسطے شوق بڑہانی صحابہ کے
یہہ فرماتے تھے اللھم لا خیر الا خیر الاخرۃ فارحم الانصار والمھاجرۃ یعنے ای اللہ نہین خیر چاہتا ہون
مگر خیر آخرت کی پس رحم کر انصار اور مہاجرین پر حضرت ابو ہریرہ فرماتے ہین کہ ایکبار مینے دیکھا
کہ رسول مقبول صلعم شکم مبارک سے تا سینۂ مبارک تک اینٹین اوٹھائے ہوے لیے آتے تھے
مینے دیکھکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم مجکو دیجیے کہ لیجاؤن آپنے فرمایا کہ اینٹین بہت ہین
تو بھی اوٹھا لا یہہ مجکو لیجانے دی اور فرمایا ابا ھریرۃ لا عیش الا عیش الاخرۃ یعنے ای ابو ہریرہ
نہین عیش ہی مگر عیش آخرت کا مگر علماء سیر لکھتے ہین کہ شاید یہہ حال دوسری بنا کا ہو اسوجہ سے
کہ حضرت ابو ہریرہ ۷ سال فتح خیبر مین ایمان لائے ہین اور مسجد شریف کی بنا متقدم ہے
حدیث صحیح مین وارد ہوا کہ ہر صحابی ایک ایک اینٹ اوٹھاتے تھے اور عمار بن یاسر
دو اوٹھاتے تھے رسول مقبول صلعم نے اونکو دیکھکر فرمایا ویح عمار تقتلہ الفئۃ الباغیۃ
یعنے افسوس ہی ای عمار قتل کرے گی اوسکو ایک گروہ باغی بلاویگا وہ اونکو طرف جنت کے
اور وہ بلاوینگے اوسکو طرف دوزخ کے ف یہہ پیشین گوئی از قبیل معجزات جناب سید الکائنات
تصور کرنا چاہیے مسلم نے حضرت ابی قتادہؓ سے روایت کی ہے کہ ایام غزوۂ خندق مین عمار
بن یاسر خندق کھودتے تھے حضرت نے اونکے سر پر ہاتھ پھیر کے فرمایا کہ افسوس ابن سمیہ تجھے
ایک گروہ باغیونکا قتل کریگا اور تھے سمیہ حضرت عمار کی مان کا نام ہے جناب رسول مقبول صلعم نے
براہ شفقت عمار کے سر پر ہاتھ پھیر کے یہ خبر فرمائی کہ تمھین باغی لوگ شہید کرینگے سو مطابق
اس خبر کے واقع ہوا کہ حضرت عمار جنگ صفین مین حضرت علی رضہ کے ساتھ تھے اور معاویہ کی لشکر نے
اونھین شہید کیا طبرانی نقل کرتے ہین کہ ایک انصاری کا مسجد کے ہمسایہ مین گھر تھا رسولخدا صلعم نے
اوس انصاری سے فرمایا کہ یہہ گھر بعوض بہشت کی گھر کے مجکو دیدی اوس انصاری نے توفیق اس معاملہ کی
نہ پائی عرض کیا کہ یا رسول اللہ صلعم مین مرد فقیر اور عیالدار ہون اور سوائے اسکے اور جگہ
نہین رکھتا ہون آپنے یہ عذر اونکا قبول فرمایا لیکن حضرت عثمانؓ نے اوس گھر کو

ستر ہزار بنی اسرائیل سی پہان اوترے اور آپنی دو عبا قطوانی یمان پہن کر ناقہ ورقا پر سوار ہوے
اور قیامت قایم رہیگی جبتک کہ عیسی ابن مریم بھی بقصد حج یا عمرہ اس جنگل مین گذرین اور منجملہ
جنگلون مقدس سی وادی عقیق ہی کہ جابجا احادیث مین اوسکے فضائل وارد ہوی ہین حدیث صحیح مین
ابن عمر سے روایت ہی کہ وہ فرماتے تھے آنحضرت صلعم سے سنا مینے کہ آپ وادی عقیق کی شان مین
فرماتی تھی کہ آج کی رات فرشتہ آیا میرے پاس اور اوسنے کہا کہ صل فی ھذا الوادی المبارک
یعنی نماز پڑہ اس جنگل مبارک مین اور دوسری حدیث مین حضرت عمر رضی اللہ عنہ سی روایت ہی
کہ العقیق وادی مبارک یعنے عقیق جنگل مبارک ہی اور حضرت انس رض سی روایت ہی کہ اونھون نی کہا
کہ ایکبار رسول اللہ صلعم کے ساتھ وادی عقیق کیطرف گیا مین آپنی فرمایا کہ ای انس رض سن ہمارا کہا
اس جنگل کے پانی سے بھر لے کہ مین اس جنگل کو دوست رکھتا ہون اور وہ مجکو دوست رکھتا ہی
حضرت ابن عباس رض سی روایت ہی کہ کہا اونھون نے کہ فرمایا حضرت عمر رض نے کہ سنا مینے رسول اللہ صلعم سی
اور آپ تھے اوسوقت وادی عقیق مین کہ آجکی رات آیا میرے پاس ایک آنیوالا پروردگار
میرے کیطرف سی یعنے فرشتہ اور اوسنے مجھ سے کہا کہ نماز پڑہ اس جنگل مبارک مین اور کہہ عمرہ
حج مین اور ایک روایت مین آیا کہ کہہ عمرہ اور حج یعنے نماز پڑہنا اس جنگل مین مانند حج اور عمرہ کی ہے
روایت کیا بخاری نی **ف** اہل حدیث لکھتے ہین کہ وادی عقیق قبا سی ایک دن کی راہ ہے
اہل اسلام کو مقام غور کرنیکا ہے کہ جس شہر پاک کی جنگلون کے یہ فضائل اور مناقب ہون
تو خاص اوس شہر مقدس یعنی مدینہ طیبہ کے کیا فضائل بیان کیے جاوین رب العالمین اون جنگلون

فضائل وادی عقیق

مقدس کی زیارت سب مسلمانون کو نصیب فرمائی آمین

باب گیارھوان فصل پہلی مسجد نبوی کی شروع تعمیر کے بیان مین

علماء سیر لکھتے ہین جب ناقہ سرور عالم صلعم کا دروازہ مسجد پر بیٹھا تو رسول مقبول صلعم نے فرمایا
ھذا المنزل ان شاء اللہ تعالی یعنے یہ البتہ ہمارے اوترے کی جگہ ہے انشاء اللہ تعالی پس
آپ سواری پر سی اوترے اور یہ آیت شریف پڑہی رَبِّ اَنْزِلْنِیْ مُنْزَلًا مُّبٰرَکًا وَّاَنْتَ خَیْرُ الْمُنْزِلِیْنَ
اوندنون مین اوسجگہ کھجور کے درخت تھے اور اوسمین حق دو یتیمون کا تھا آپنی اونکو بلایا اور اوسجگہ کو
واسطے مسجد کی قیمت سی چاہا اونھون نی ہر چند عرض کی کہ حضور کی نظر ہے لیکن آپنی بموجب منقول ملا مین

اور بداوصافی مین مشہور ہی روایات معتبرہ مین وارد ہوا کہ احد پہاڑ ہے پہاڑون جنت سے
جب تم گذرو اوسپر تو کھاؤ اوسکے درختون کے میوون کو اگر وہ نہوین تو اوسکے جنگل کی
گھاس کھاؤ حضرت زینبؓ بنت نبط اپنی اولاد کو کہا کرتی تھین کہ جاؤ واسطے زیارت احد پہاڑ کے
اور لاؤ میرے واسطے اوسکی گھاس کو حدیث شریف مین وارد ہوا الاحد علی رکن من ارکان الجنۃ
وعیر علی رکن من ارکان النار یعنے احد پہاڑ اوپر رکن کے ہے ارکان جنت سے اور عیر اوپر رکن کی ہے
ارکان نار سے طبرانی حضرت عمرو بن عوفؓ سے روایت کرتے ہین کہ رسول خدا صلعم نے فرمایا چار پہاڑ
ہین پہاڑون جنت سے اور چار نہرین ہین نہرون جنت سے اور چار ملاحم ہین ملاحم جنت سے
پوچھا گیا کہ یارسول اللہ صلعم وہ کونسے پہاڑ ہین آپنے فرمایا کہ احد کہ وہ دوست رکھتا ہے ہمکو
اور ہم اوسکو دوست رکھتے ہین اور ورقان پہاڑ ہے پہاڑون جنت سے اور طور پہاڑ ہے
پہاڑون جنت سے اور لبنان پہاڑ ہے پہاڑون جنت سے اور چار نہرین یہ ہین نیل اور فرات
وسیحان وجیحان اور چار ملاحم یہ ہین بدر واحد وضدق وحنین اسیطرح ابن شیبہ نے اس حدیث کو
روایت کیا بعض روایات مین وارد ہوا کہ بنیاد عمارت کعبہ شریف کی چھ پہاڑون سے ہوئی ہے
ابوقبیس وطور وقدس وورقان ورضوی واحد ابن شیبہ حضرت انس ابن مالکؓ سے روایت کرتے ہین
کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ جبکہ حضرت رب العزت نے کوہ طور پر تجلی فرمائی تو چھ پہاڑ سطوت اور عظمت
تجلی رب العزت سے اوڑے تین نکرے مدینہ منورہ مین گرے احد وورقان ورضوی اور تین
مکہ معظمہ مین گرے حرا وثبیر وثور ف ورقان ایک پہاڑ ہے مکہ شریف کی رستہ مین چار منزل
اسیطرح رضوی پہاڑ ہے ابن شیبہ حضرت جابر ابن عبداللہؓ سے روایت کرتے ہین کہ جب موسیٰؑ
اور حضرت ہارونؑ بقصد حج یا عمرہ مکہ معظمہ مین پہونچے تو پھرتے وقت جب مدینہ طیبہ مین پہونچے
تو احد پہاڑ پر اوترے کہ یکایک پیام اجل حضرت ہارونؑ کا وہان پہونچا چنانچہ آپ ہین دفن ہوئے
قبر آپکی مشہور ومعروف ہی وارد ہوا کہ رسول خدا صلعم جب غزوہ ابواء مین ورقان پہاڑ کی پاس پہونچے
آپنے فرمایا کہ جانتے ہو کہ نام اس پہاڑ کا کیا ہی نام اسکا حمت ہی بعد اسکے آپنے دعا کی اور فرمایا
اللھم بارک فیہ وبارک لاھلہ فیہ بعد اسکے فرمایا کہ جانتے ہو کہ نام اس جنگل کا کیا ہی یہ سجا سیج ہے
اور یہ جنگل ہی جنت کی جنگلون سے شتر پیغمبرون نے پہلے مجھسے اس جنگل مین نماز پڑھی ہی اور موسیٰ بن عمرانؑ

حضرت ہارون کی قبر

طرف تمام مخلوقات کی کچھ خصوصیت جن وانس اور فرشتون کی نہین ہی بلکہ آپ رسول کل عالم کے ہین
حتو کہ نباتات وجمادات کی علاوہ اسکے ایکبار رسول مقبول صلعم احد پہاڑ پر کھڑے ہوے تو اوسکو
کمال جنبش اور بیقراری پیدا ہوئی تو آپنے اس پہاڑ سے خطاب فرمایا اسکن یا احد فانما علیك
نبی او شهید پس یہ خطاب بہت بڑی دلیل قوی اور روشن ہی اسبات پر کہ انمین خدانے علم عقل بھی
پیدا فرمایا ہی اور ظاہر ہے کہ عشق ومحبت لوازم فہم وعقل سے ہی علاوہ اسکے سلام کرنا حجر کا حضرت کی
اور رونا ستون حنانہ کا آپکے فراق مین وغیرہ دلیل روشن ہی ثبوت مدعا پر اور جیسے کہ اہل مدینہ آنحضرت صلعم
حق مین دو طرح پر ہوے مخلص اور منافق اسیطرح بقاع واماکن مدینہ طیبہ بھی دو طرح پر ظاہر ہوئی وجہ اسے
کہ جبل عیر جانب منافقون اہل مسجد ضرار کے واقع ہوا اور آخرت مین بھی اونمین کے ساتھ دوزخ مین ہوگا
وارد ہوا کہ ابن ابی وغیرہ جماعت بڑی منافقون کی جنگ احد کے روز حضرت کی ساتھ نکلی لیکن
جبل احد تک کہ مقام صدیقون اور حبیبون کا ہے نہ جاسکے رستہ ہی سے پھر آئے لکھا ہے
کہ جسوقت جناب رسالت مآب صلعم کسی سفر سے پھرتے تھے تو جب آپ قریب احد پہاڑ کی پہونچتے تھے
تو آپ اوسکو دیکھکر نہایت خوش ہوتے تھے اور وہ بزبان حال اہل مدینہ کو خبر پہونچتی حبیب کبریا کی
دیتا تھا پس ظاہر ہے کہ یہ کام محبون اور دوستدارون کا ہے شیخ ع لکھتے ہین کہ ابتک مشاہدہ اثر محبت
اور عداوت آنحضرت صلعم کا ان دونون پہاڑون مین یعنے جبل احد وجبل عیر مین نورانیت اور تاریکی
اور خوشنودی اور غمگینی سے ظاہر ہے کہ کسی صاحب نظر پر مخفی نہین ہے ہر وقت اور ہر حالت مین
یعنی جب احد پہاڑ کیطرف کہ نظر کیجاتی ہے تو نور وسرور اوسمین عیان دکھلائی دیتا ہے
کہ انکار اوسکا نعوذ باللہ بیچ حکم انکار ظاہر شے کے ہے اور پریشانی اور تاریکی ہر وقت
جبل عیر مین نمودار ہے کیونکہ وہ دشمن سید ابرار ہے نعوذ باللہ علماء دین فرماتی ہین کہ احد مشتق
توحد سے ہے کیونکہ وہ پہاڑ بھی علحدہ ہے اور پہاڑون سے کسی پہاڑ سے ملا نہین ہے
فی الحقیقت جبل احد ایک کوہ علحدہ ظاہر وعیان ہے مقابل مدینہ منورہ کی جانب شمال مین
بمسافت دو میل یا قدری زائد یا یہ وجہ کہ جو کہ وہ مقام تجلی باہی اہل ایمان اور اہل توحید کا ہے
اسوجہ سے اوسکا نام احد رکھا گیا پس کونسا نام اس سے زیادہ فاضل ہے اسوجہ سے کہ مشتق احدیت سے ہے
کہ صفت لازمہ ذات احد مطلق کی ہے بخلاف غیر کے کہ نام حمار وحشی کا ہے کہ برائی اخلاق

کہ اونسی تائید دین متین کی ہوئی ایسی موقع پر کہ دین کی جڑ قائم ہوگئی اس سے معلوم ہوا کہ تائید دین متین افضل عبادات ہے

فصل پانچوین مدینہ طیبہ کے جنگلون اور پہاڑون کے فضائل مین

عاشقان در دولت احمدی و طالبان آستانہ اقدس مصطفوی پر پوشیدہ نہ رہی کہ حق سبحانہ تعالے جل جلالہ نے اپنے حبیب محمد رسول صلے اللہ علیہ وسلم کے شہر مبارک کی جنگلون اور پہاڑون کو بھی بہت بڑی بزرگیان عنایت فرمائی ہین اونمین سے چند اجملہ لکھی جاتی ہین کہ کتب احادیثمین وارد ہوا کہ احد پہاڑ عاشق اور معشوق حبیب کبریا ہی اور جناب سید الشہدا حضرت حمزہؓ کا مقام شہادت ہے صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین وارد ہوا کہ رسول مقبول صلعم نے احد پہاڑ کیطرف اشارہ کیا اور فرمایا کہ ھٰذا جبل یحبنا ونحبہ یعنے یہ پہاڑ ہی کہ دوست رکھتا ہی ہمکو اور ہم دوست رکھتے ہین اوسکو اہل حدیث لکھتے ہین کہ حضرت صلعم نے یہ فضیلت احد پہاڑ کے حق مین کئی وقتون مین بیان فرمائی ہے جیسے کہ بخاری کی کئی روایتون سے ظاہر ہی حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ ایک روز نظر اطہر آنسرور صلعم کی جبل احد پر پڑی تو آپنے تکبیر کہی اور فرمایا کہ ھٰذا جبل یحبنا ونحبہ علی باب من ابواب الجنۃ وھذا عیر جبل یبغضنا ونبغضہ علی باب من ابواب النار یعنی یہ پہاڑ ہے کہ دوست رکھتا ہی ہمکو اور ہم اوسکو دوست رکھتے ہین اور ہوگا یہ اوپر ایک دروازہ کے دروازون جنت سے اور یہ عیر پہاڑ ہے کہ بغض رکھتا ہی ہمسے اور ہم اس سے بغض رکھتے ہین اور ہوگا یہ اوپر دروازہ کے دروازون دوزخ سے ف عیر نام ایک پہاڑ کا ہی مقابل احد پہاڑ کے مکہ شریف کے رستہ مین کہ حبیب خدا نے اوسکو دشمن اپنا بیان فرمایا اسجگہ علماء دین فرماتے ہین کہ دوستی اور دشمنی اور نیک بختی اور بدنصیبی جمادات مین بھی خدا نے پیدا فرمائی ہی امام نووی فرماتے ہین کہ بحمد اللہ مذکور حدیث شریف ہمارے مذہب سے ثابت ہی یعنی بھی آنحضرت صلعم کی جانب سے اور بھی جانب جبل احد پس اسیوجہ سے یہ پہاڑ جنت مین رسول مقبول صلعم کے ہمسایہ مین ہوگا حضرت شیخ عبدالحق محدث دہلوی فرماتے ہین کہ جس صورت مین کہ پہاڑ اور سب جمادات و نباتات وغیرہ خدای برحق کی تسبیح و تہلیل مین مصروف ہین کہ خداوند کریم فرماتا ہے وَاِنْ مِّنْ شَیْءٍ اِلَّا یُسَبِّحُ بِحَمْدِہٖ اگر بمحبت حبیب کبریا بھی موصوف ہون تو کچھ محل تعجب نہین والنعم ما قیل ؎ سر جب ازلی در ہمہ اشیا جاریست ۔ ورنہ بر گل نزدی بلبل مسکین فریاد ✦ اسیوجہ سے محققین علماء اس بات پر متفق ہین کہ رسول مقبول صلعم مبعوث ہین

بیان استدلال رسول مقبول صلعم مبعوث ہین طرف جمادات اور نباتات کے جو کہ محل عجب ہین

لوگ زیارت کرتے ہین اسی غزوہ مین رسول مقبول صلعم نے حضرت طلحہؓ کے حق مین ارشاد فرمایا
اوجب طلحۃ یعنی طلحہؓ نے اپنے لیے جنت واجب کرلی اور شہدا احد بقول صحیح مشہور
اونمین سید الشہدا حضرت حمزہؓ ہین اخبار صحیحہ مین وارد ہوا کہ بعد گذرنے چھیالیس برس کے
جو بعض شہدا احد کی قبرین کھولین تو اونکو ویسی ہی تر و تازہ مانند غنچہ ہاے گل خمومہ ہاتھہ دہر ہے ہوے
پایا اور جب خمومہ سے ہاتھہ اوٹھاتے ہین خون تازہ اوسمین سے جاری ہوتا ہی اور یہہ غزوہ
ساتوین یا گیارھوین شوال کو واقع ہوا رسول مقبول صلعم نے شب برات مین واسطے شہدا احد کے
استغفار کیا ہی جیسے کہ اہل بقیع کے لیے بھی استغفار کیا ہی پس شب برات مین شہدا احد
اور اور مردون کے لیے استغفار کرنا اور اونکو ثواب پہونچانا مطابق سنت کی ہی اور ایک روایت مین
وارد ہوا ہی کہ رسول مقبول صلعم ہر سال شہدا احد کی قبرون پر آتے تھے اور فرماتے تھے سلام علیکم
بما صبرتم فنعم عقبی الدار اور مقام شہدا احد کا ایک احاطہ ہی جانب مغرب مشہد مقدس
حضرت حمزہ سید الشہدا کہ اوسمین علحدہ علحدہ نشان قبرونکا نین ہے مدینہ شریف سے یہہ مقام
قریب تین کوس کے ہے پس علمارد ین لکھتے ہین کہ زیارت شہدا احد کی جمعرات کو
مستحب ہی اور وقت زیارت کہے سلام علیکم بما صبرتم فنعم عقبی الدار سلام
علیکم دار قوم مومنین و انا ان شاء اللہ بکم لاحقون اور آیۃ الکرسی اور قل ہو اللہ پڑہے
اسیطرح علمارد ین لکھتے ہین کہ جمیع حاضرین بدر کا بہت بڑا رتبہ ہی اور باقی صحابہ سے افضل ہین
اور سب بہشتی ہین رسول مقبول صلعم اور خلفارد راشدین اہل بدر کی بہت توقیر و اکرام
کرتے تھے صحیح بخاری مین وارد ہوا کہ حضرت جبرئیل نے رسولخدا صلعم سے بیان کیا
کہ جسطرح تمہارے اصحابؓ مین اہل بدر عالی رتبہ ہین نسبت باقی اصحاب کی اسیطرح جو ملائکہ
کہ جنگ بدر مین حاضر ہوے وہ اشرف و اعلی ہین نسبت اور ملائکہ کے حدیث شریف مین وارد
کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ تم نہین جانتے ہو اے عمر کہ اللہ تعالی نے ایک توجہ خاص کی
اہل بدر پر اور اونہین کہا اعملوا ما شئتم فقد غفرت لکم یعنی جو تمہارے جی مین آوے کرو
میں نے تمکو بخشدیا بروایت مشہور اہل بدر تین سو تیرہ آدمی تھے ستتر مہاجرین مین سے
اور دو سو چھتیس انصار مین سے ف علمارد ین لکھتے ہین کہ اہل بدر کی وجہ فضیلت یہ ہے

جو شخص کہ اپنپر سلام کری تو جبتک کہ زمین آسمان قائم ہے وہ جواب سلام کا دیتے ہین بعد اسکے آپ
دوسری جگہہ کھڑے ہوے اور فرمایا کہ یہ اصحاب میری ہین کہ دن قیامت کے اونکے حق مین
گواہی دونگا حضرت ابا بکر صدیق رض نے عرض کیا کہ یارسول اللہ صلعم کیا ہم آپکے اصحاب نہین ہین
فرمایا کہ تم اصحاب میری ہو لیکن نہین جانتا ہون کہ تم بعد میرے کیا کرو اور یہ تو خیر و سلامتی سے
دنیا سے رخصت ہوگئے وارد ہوا کہ جب رسول مقبول صلعم حضرت حمزہ سید الشہدا رض کی لاش مبارک کی پاس
جاکر کھڑے ہوے تو آپنے دیکھا کہ ملعونون نے آپکے گوش و بینی قطع کیے ہین معلون اللہ منہا و شکم اطہر کو
پارہ پارہ کیا تو آپنے وہان چند کلمات افسوس و حسرت اور غیظ و غضب کی فرمائے اور فرمایا
کہ مجکو ہرگز ایسی مصیبت نہ پہونچی گی اور ہرگز اس سے زیادہ غصہ کی جگہہ نہ کھڑا ہونگا کہ اسی درمیان
حضرت جبرئیل وحی لائے مکتوب فی اھل السموات السبع حمزۃ ابن عبد المطلب اسد اللہ واسد رسولہ
غرض آپنے شہدا احد کو بی غسل و کفن اونھین خون آلودہ کپڑون سے دفن کر دیا اور ایک ایک قبر مین
دو دو شہیدون کو دفن کیا اور جسکو قرآن مجید زیادہ یاد تھا اوسے آگے کیا حدیث صحیح مین وارد ہوا
کہ اللہ تعالی نے شہدا کی ارواح کو سبز طائر کے قالب مین رکھکر اجازت دی ہے کہ بہشت مین
جہان چاہین سیر کرین جو چاہین کھاوین اور رات کو سونے کی قندیلون مین کہ سایہ عرش مین لٹک
جارہتی ہین اور بھی حدیث صحیح مین وارد ہوا کہ اللہ تعالی جل جلالہ نے شہدا احد کو اپنے حضور مین
بلاکر اونسے کلام کیا اونمین سے عبد اللہ والد جابر رض سے بالمشافہہ کلام کیا اور پوچھا کہ اگر تمھین کسی چیز کی
خواہش ہو تو بیان کرو دیجاوے اونھون نے عرض کیا کہ ہمین سب عمدہ نعمتین بہشت کی ملتی ہین ہمین
اب کس شئی کی خواہش ہو البتہ ایکبات کی خواہش ہے کہ ہم پھر دنیا مین بھیجے جاوین اور تیرے لیے
پھر شہید ہون اللہ تعالی نے فرمایا کہ دنیا مین دوسری بار جانا نہین ہو سکتا اسوجہہ یہ آرزو تمھاری
حاصل نہ ہوگی تب اونھون نے عرض کیا کہ ہمارا حال ہماری بھائیون کو پہونچا دیا جاوے تب اللہ تعالی نے
یہہ آیتین نازل فرمائین وَلَا تَحْسَبَنَّ الَّذِينَ قُتِلُوا فِي سَبِيلِ اللَّهِ أَمْوَاتًا آخر تک لکھا ہے کہ جو صحابہ
کہ غزوہ احد مین بچا گے اونکا قصور اللہ تعالی نے معاف فرمایا اسلیے کہ وہ لوگ مخلص جان نثار
رسول مقبول صلعم کے تھے یہ قصور اونسے بمقتضای بشریت ہو گیا تھا قرآن مجید مین آیت عفو کی موجود ہے
اسی غزوہ مین رسول مقبول صلعم کا دندان مبارک شہید ہوا کہ وہ مقام قریب حد بھاڑ کے ہے

مکہ معظمہ کے قبرستان جنت المعلا میں دفن ہیں اور حضرت میمونہ کی جو بمقام سرف میں دفن ہیں قبہ پانچوان رسول مقبول صلعم کے صاحبزادیونکا سوائے حضرت فاطمہ کی قبہ چھٹا عقیل بن ابیطالب حضرت علی کے بھائیکا قبہ ساتوان نافع کا جو موے تھے عبداللہ بن عمر کی قبہ آٹھوان حضرت امام مالک کا اور قریب آنیکے مزار کے امام سمہودی کی بھی قبر شریف ہی قبہ نوان حضرت حلیمہ سعدیہ کا قبہ دسوان فاطمہ بنت اسد حضرت علی کی والدہ ماجدہ کا قبہ گیارہوان حضرت ابوسعید خدری کا قبہ بارہوان حضرت صفیہ کا جو حضرت صلعم کی پھوپھی تھیں مگر یہ تینوں قبہ احاطہ دیوار کے باہر ہیں اسقدر اصحاب سیر نے آثار و اخبار سے تحقیق فرماکر لکھے ہیں علاوہ ان مقابر کے جو مقبرے اور قبے کہ مدینہ طیبہ کے اطراف میں مشہور ہیں اور سلاطین نے اپنے اپنے عہد میں اونکو تعمیر کیا وہ یہ ہیں قبہ سیدنا حضرت اسمعیل بن امام جعفر صادق کا جنکا بقیع سے مغرب کی طرف دیوار شہر کے اندر بڑا قبہ بنا ہوا ہی قبہ سیدنا مالک بن سنان رض پدر گرامی والد ماجد حضرت ابوسعید خدری رض کا جو مدینہ طیبہ کی دیوار مغربی کے پاس قریب دروازے کے ہی وقبہ نفس زکیہ حضرت مہدی پوتے حسن مثنی کا جو ابوجعفر منصور کے وقت میں شہید ہوئے اونکا قبہ باہر مدینہ سے جبل سلع سے مشرق کی طرف ہی پس مستحب ہی کہ ہر روز بعد زیارت جناب سرور عالم صلعم کے جہت البقیع کی زیارت کری اور بعد سلام کے یہ دعا پڑہی اَللّٰھُمَّ اغفر لاھل البقیع الغرقد اَللّٰھُمَّ لَا تحرمنا اجرھم ولا تفتنا بعدھم واغفر لنا ولھم پھر گیارہ بار سورہ اخلاص پڑہی حدیث شریف میں وارد ہوا کہ جو شخص قبرستان میں آوی اور گیارہ بار سورہ اخلاص پڑہ کر ثواب اوسکا اہل مقبرہ کو بخشے اللہ تعالے اوسکو اجر بقدر شمار ہر مردہ کے جو اوس مقبرہ میں ہی دیتا ہی اور چاہیے کہ وقت سلام کے تمام آل و اصحاب اور مسلمانونکی نیت کرے اور ہر ایک جگہ تھوڑی دیر ذکر و تسبیح کے ساتھ ٹھہرا جاوی خداوند کریم سب مسلمانونکو و مقام مقدس کی زیارت سے مشرف فرماوے

فصل چوتھی

شہدا احد اور بدر کے فضائل میں و غیرہ اذکار مناسب

اہل اسلام پر پوشیدہ نرہی کہ حق تعالی نے شہدا احد کو بہت بڑی بزرگیان عطا فرمائی ہیں ابن عمر سے منقول ہی کہ جو شخص شہدا احد پر گذری اور اونپر سلام کری تو وہ دن قیامت تک اوس شخص پر سلام بھیجتے رہتے ہیں اور ایک روایت میں وارد ہوا کہ رسول مقبول صلعم قریب لاش مبارک حضرت مصعب بن عمیر کے کہ آپ شہدا احد میں کھڑے ہوئے اور یہ آیت شریف پڑہی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ رِجَالٌ صَدَقُوْا مَا عَاھَدُوا اللّٰہَ عَلَیْہِ آہ اللھم ان عبدك ونبیك یشھدان ھولاء شھدا احد پھر فرمایا کہ اوشہدا احد کے پاس اور سلام کرو

کہ یارسول اللہ وہ لوگ جو بعد آپکے ہونگے اونکو آپ بغیر دیکھے ہوئے کیسے پہچان لینگے آپنے فرمایا کہ تم اپنے گھوڑون کو
نشانیون سے کیسے پہچان لیتے ہو اسیطرح میری امت بھی قیامت مین سفید پیشانیان اور سفید پانون یعنے روشن اور
نمودار اعضا سے اوٹھینگے سیر کی معتبر کتابون مین یون وارد ہوا کہ بقیع جو اصحاب جنت آب کہ حضرت کے عہد مبارک مین
اور بعد آپکے دفن ہوئے بہت ہین چنانچہ قاضی عیاض حضرت امام مالک رح سے دس ہزار صحابی نقل کرتے ہین
اسیطرح سادات اہلبیت نبوت اور علماء تابعین وغیرہ اوسمین ہین لیکن قول صحیح یہ ہی کہ اون سب حضرات کی قبرین بالتحقیق
نہین معلوم ہین مگر بعض کی اسوجہ سے کہ عہد سلف مین قبرون کا بنانا اور اونپر نام کندہ کردینا معمول نہ تھا اس سبب سے بوجہ
گذرجانے زمانہ کے نشان قبرونکے جاتے رہے جیسے کہ تصریح اسکی امام سمہودی نے فرمائی ہی اسوجہ سے جو قبے کہ مشہور
و معروف بالفضل اوس مقبرہ مقدس مین ہین وہ لکھے جاتے ہین ایک قبہ اہلبیت کا کہ اوسمین حضرت عباس چچا
حضرت کے اور حضرات امام حسن و حضرت امام زین العابدین امام محمد باقر و امام جعفر صادق و حضرت جناب فاطمہ زہرا رض بہ روایت
صحیح کے سوائے رضی اللہ عنہم اجمعین اوسمین مدفون ہین ف اس جگہ معلوم کرنا چاہیے کہ جناب سید الشہداء حضرت امام حسین رض کے
سر مبارک کے مقام دفن مین اختلاف ہی لیکن بعد تحقیق قول صحیح یہ ہی کہ سر مبارک مدینہ طیبہ مین جنت البقیع مین مدفون
ہی چنانچہ قرطبی سے منقول ہی کہ یزید لعین نے سر مبارک جناب سید الشہداء کو مدینہ طیبہ مین روانہ کیا پس آپکے
سر مبارک کو کفن دیکر قریب حضرت فاطمہ رض کے دفن کردیا اور خلاصۃ الوفا جو نہایت کتاب معتمد ہی امام سمہودی کی
اوسمین لکھا ہی کہ جسم مبارک جناب امام حسین رض کا کربلا مین ہی اور سر مبارک آپکا مدینہ طیبہ مین جنت البقیع مین حضرت
امام حسن رض کے پہلو مین مدفون ہی پس جو لوگ کہتے ہین کہ سر مبارک کربلا مین لیجاکر دفن کیا گیا اس قول کی صحت
نہین ہی اور اسبات مین چند قول ہین لیکن قول صحیح لکھا گیا اسیطرح حضرت شیخ عبد الحق محدث دہلوی جذب القلوب مین
لکھتے ہین کہ زبیر بن بکار روایت کرتے ہین کہ امام حسن مجتبے نے جسم شریف امیر المومنین علی مرتضی کرم اللہ وجہہ کا
لاکر بقیع مین دفن کیا اور حضرت امام سمہودی کی تحقیق سے بھی یہی ثابت ہوتا ہی پس جسوقت کہ زیارت کرنیوالا اس قبہ شریف پر
پہونچے تو تمام آئمہ ہدی کی نیت کرکے سلام کرے دوسرا قبہ حضرت عثمان بن عفان رض کا ابن شبہ نقل کرتے ہین کہ
لوگون نے چاہا کہ آپکو حجرہ اور سول متصل مین دفن کرین اور آپ نے حضرت عائشہ صدیقہ رض سے بھی زندگی مین یہ
اجازت لے لی تھی لیکن مقربون نے آپکو وہان دفن ہونے نہ دیا اور مستعد فساد ہوئے آخر کار آپکو جانب مشرق بقیع بقوام
حسن کے کسبب داخل بقیع ہی دفن کیا قبہ تیسرا حضرت ابراہیم ابن خاتم النبیین صلعم کا کہ اوسمین قبر ہفتاد
بن مظعون اور عبد الرحمن بن عوف اور سعد بن ابی وقاص کی قبہ چوتھا ازواج مطہرات رض سوائے حضرت خدیجہ کے کہ

توریت مین پڑھا ہے کہ مقبرہ ہوگا درمیان سنگستان کی مکہ رونکے درختون سے گھرا ہوا کہ ستر ہزار آدمی
اوس سے اوٹھینگے مانند چودھویں رات کے چاند کے غرض اس سے زیادہ کیا فضائل اور بزرگیان بیان کیجاوین کہ
رسول مقبول صلعم نے اور آپ کے اصحاب اہلبیت تابعین نے وہانکے دفن ہونے کو دوست رکھا
اور جابجا خوشخبری شفاعت اور شہادت کی وہانکے دفن ہونے والون کے حقمین ارشاد فرمائی حضرت
ابی موہبہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین کہ آدھی رات کو مجکو حضرت نے بلایا اور فرمایا کہ مجکو حکم ہوا ہے کہ بقیع
بقیع پر جاؤن اور اونکے لیے مغفرت چاہون پس مین حضرتکے ساتھ ہوا اور مقبرہ بقیع مین آیا پس آپنے
اونکے لیے دعا فرمائی اور بعد اسکے مجھ سے ارشاد فرمایا کہ یا ابا موہبہ اسوقت میرے پاس دنیا کے
خزانون کی کنجیان لائی گئین اور مجکو اختیار دیا کہ یا دنیا مین رہنا ہمیشہ اختیار کرون یا جنت مین مرا
حال اور مقامات افضل حاصل کرون یا باشتیاق ملاقات پروردگار جلدی کرون مین نے ملاقات اپنے پروردگار
کی اختیار کی ابو موہبہ کہتے ہین کہ مین نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ دنیا کے خزانونکی کنجیان لے لیجیے اور
اسکے بہشت مین داخل ہوجیے آپنے فرمایا لا واللہ ای ابا موہبہ مین ملاقات اپنے پروردگار کی چاہتا ہون
بعد اسکے آپ بقیع سے پھرے اور وہی عارضہ دوسرا جس مین آپنے دنیا سے رحلت فرمائی شروع ہوا
اور بھی وارد ہوا کہ آنحضرت صلعم بقیع سے غرقد مین تشریف لائے اور تین بار آپنے فرمایا السلام علیکم
یا اہل القبور اور بھی فرمایا کہ اے رخصت ہو دنیا سے آرام کرو نجات پائی تمنے بلاؤن اور فتنون سے
جو بعد تمھارے ظاہر ہونگے بعد اسکے اپنے صحابہ سے خطاب کرکے ارشاد فرمایا کہ یہ گذرے ہوئے
تم سے بہتر ہین صحابہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ وہ بھائی ہمارے ہین جیسے کہ وہ ایمان لائے ہم بھی ایمان
لائے اور جیسے اونھون نے مال خرچ کیا ہمنے بھی خرچ کیا اور جیسے وہ دنیا سے رخصت ہوگئے ہم بھی رخصت
ہوجائینگے تو اونکو ہم پر کس بات کی فوقیت ہے آپ نے فرمایا کہ وہ دنیا سے رخصت ہوگئے اور اپنے اعمال کے
اجر و ثواب سے دنیا مین کچھ نہ کھایا اور نہین جانتا ہو تمین کہ تم بعد اسکے کیا کام کرو اور کیا فتنے تم مین پیدا ہون
حضرت ابو ہریرہؓ کہتے ہین کہ ایکدن رسول خدا صلعم کے ساتھ مقبرہ بقیع مین آیا حضرتنے وہان جا کر فرمائی
السلام علیکم دار قوم مومنین وانا انشاء اللہ بکم لاحقون اور فرمایا ای کاش مین اپنے
بھائیون کو دیکھتا صحابہ نے عرض کیا یا رسول اللہ کیا ہم نہین بھائی تیرے ہین فرمایا کہ تم اصحاب میرے ہو بھائی
میرے وہ لوگ ہین جو پیچھے میرے ہونگے یعنے ابھی تک پیدا نہین ہوئے مین ذمہ دار اونکا ہون حوض کوثر پر صحابہ نے عرض

حضرت ابو ایوب سے شامول تک اکیسوین پشت تھی اور جس گھر مین آپ ٹھہرے یہ گھر بھی اسی
بادشاہ نے بنوا دیا تھا اسمراد سے کہ جب حضور تشریف لاوین اوسمین ٹھہرین حضرات انصار
اونمین علما کی اولاد ہین جیسے پہلے بھی سرکار کو رہو چکا ہی رب العالمین سب مسلمانون کو وہان رہنا اور مرنا نصیب فرماوے آمین

فصل تیسری

مدینہ طیبہ کے قبرستان یعنے جنت البقیع کے فضائل مین مع ذکر تفصیلی وہانکی قبرون کے اور طریقہ زیارت کے

پوشیدہ نہی کہ مدینہ منورہ کے قبرستان کے فضائل مین اور وہان کے دفن ہونے مین بہت حدیثین
وارد ہوئی ہین اونمین سے چند اس جگہ لکھی جاتی ہین فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ سب سے پہلے
اوٹھنے والون زمین سے سرور عالم صلعم ہین بعد اسکے حضرت ابابکر صدیقؓ و حضرت عمرؓ بعد اسکے جنت البقیع
والے بعد اسکے اہل مکہ اور دوسری حدیث مین وارد ہوا کہ دو مقبرہ ہین کہ روشنی اونکی آسمان مین
ایسی ہی جیسے کہ روشنی چاند اور سورج کی زمین مین ایک مقبرہ بقیع اور دوسرا مقبرہ عسقلان حضرت
کعب احبار سے روایت ہی کہ توریت مین وارد ہوا کہ مقبرہ بقیع پر فرشتے مقرر ہین کہ وہ جب معمور
ہو جاتا ہی قبرون سے تو اطراف اوسکے جنت مین جھاڑ دیے جاتے ہین احیاء العلوم مین وارد ہوا
کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ مین ہون کہ اول زمین سے نکلونگا پھر آونگا اہل بقیع کے پاس پھر اوٹھائے
جاونگے وہ ساتھ میرے پھر آونگا اہل مکے کے پاس بس محشر کیا جاؤنگا درمیان دو حرمون کے
اور فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ مقبرہ بقیع سے ستر ہزار آدمی ایسے اوٹھینگے کہ بے حساب
بہشت مین جاوین گے چہرے اونکے مانند چودھوین رات کے چاند کے روشن ہون گے اور
ایک روایت مین سو ہزار مذکور ہوئے اسیطرح اکثر اخبار بیچ شان مقبرہ بنی سلمہ کے جو نزدیک
منزل بنی حرام جانب غربی مدینہ طیبہ کے زیر کوہ سلع واقع ہی وارد ہوے ہین لیکن بالفعل وہ قبرستان
پورانا ہو گیا دفن کرنا اوسمین موقوف ہو گیا ہی وارد ہوا کہ رسول مقبول صلعم نے سوال کیا
بیچ متعدمہ اہل بقیع غرقد کے حکم ہوا کہ واسطے انکے جنت ہی روایت کیا قرشی نے مناسک مین حضرت
مصعب ابن زبیرؓ سے روایت ہی کہ وہ بقیع کی راہ سے مدینہ طیبہ کو آتے تھے اونکے ساتھ ایک شخص
اہل کتاب مین سے جسکا نام ابن راس جالوت تھا ہمراہ تھا جسوقت کہ نظر اوسکی اوپر مقبرہ بقیع کے
پڑی کہا کہ یہی ہی یہی ہی حضرت مصعب نے پوچھا کہ کیا کہا تو نے اوسنے جواب دیا کہ اس قبرستان کا ذکر تورات

وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ
یعنے جو شخص کہ نکلے اپنے گھر سے اس حال مین کہ وہ ہجرت کرنیوالا ہی طرف اللہ و رسول کے پھر پالے
اوسکو موت پس تحقیق ثابت ہولیا اجر و ثواب اوسکا اللہ پر یعنے واجب ہوچکا ثواب اوسکا اللہ پر
فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو مسلمان کہ نکلا اسحال مین کہ ہجرت کرنیوالا ہی اللہ و رسول کی طرف
اور رکھا اوسنے پانون اپنا سواری پر اگرچہ ایک ہی قدم ہو پھر آئی اوسکو موت تو عطا فرماویگا
اللہ تعالے اوسکو مثل اجر و ثواب مہاجرین کے انتہی انس ابن مالکؓ سے روایت ہی کہ فرمایا
رسول مقبول صلعم نے کہ فرشتہ ایمان نے کہا کہ مین عہد کرتا ہون اسبات کا کہ مدینہ طیبہ مین
رہون اور ہرگز اوس سے باہر نہ نکلون فرشتہ حیا نے بھی اوسکے ساتھ عہد کیا کہ مین بھی تیرے
ساتھ رہون اور کبھی تجھسے جدا نہون تو ضرور ہوا کہ یہ دونون وصف عالی حبیب کبریا صلعم کے
شہر مقدس مین بر سبیل لزوم و وجوب جمع ہین کہ حدیث شریف مین وارد ہوچکا ہی الحیاء
من الایمان حدیث شریف مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ اول وہ لوگ جو میری شفاعت
سے مشرف ہوین اہل مدینہ ہین پھر اہل مکہ پھر طائف والے وارد ہوا کہ جناب سرور عالم صلعم یہی دعا
فرمایا کرتے تھے کہ خداوندا میری روح سوائے مدینہ طیبہ کے نہ قبض کر اور بھی آپ نے فرمایا
کہ روے زمین پر کوئی جگہ ایسی نہین کہ دوست رکھون مین اپنی قبر کو اوسمین مگر مدینہ طیبہ اسبوجہ سے
حضرت عمر فاروقؓ بھی دعا اپنے لیے فرمایا کرتے تھے اللھم ارزقنی شھادۃ فی سبیلک
واجعل موتی فی بلد رسولک اہل سیر لکھتے ہین کہ بادشاہ تبع کا گذر زمین پاک مدینہ طیبہ پر اوس
زمانہ مین ہوا کہ مدینہ طیبہ اون دنونمین آباد نہ تھا وہان ایک چشمہ جاری تھا تو چار سو عالم اوسکے ہمراہ
تھے پس اون عالمون کو توریت و انجیل سے معلوم ہوا کہ یہ جگہ ہجرتگاہ نبی آخر الزمان ہی تو سب نے
بادشاہ کی رفاقت ترک کرکے مدینہ طیبہ مین رہنا اختیار کیا بادشاہ نے ہر ایک کے لیے گھر بنا دیے
اور خود بھی اوسنے چاہا کہ وہان رہجاوے مگر بسبب بکھیڑے سلطنت کے نہ رہ سکا لیکن شاہ رسول کو
جو سردار چار سو عالمو نکا تھا ایک ایمان نامہ بنام جناب رسول مقبول صلعم لکھ کر دیا کہ تم اپنی اولاد کو
وصیت کیجو کہ جو اونمین سے جناب پیغمبر آخر الزمان کو پاوی میرا سلام اور یہ نامہ پہونچا دے
لکھا ہی کہ حضرت ایوبؑ کے گھر مین وہ نامہ چلا آتا تھا اونھون نے جناب رسول مقبول صلعم کو پہونچا دیا

فاروق رضی اللہ عنہ کی دعا

حضرت ایوب

سفیان بن زہیر سے روایت ہی کہ سنا مینے رسول مقبول صلعم سے کہ آپ فرماتے تھے کہ فتح کیا
جاویگا یمن پس آویگی ایک قوم کہ وہ سیر کریگی پھر کوچ کر جائیگی وہ معہ اپنی اہل و عیال اور
تابعداروں کے حال یہ کہ مدینہ طیبہ بہتر ہی واسطے اونکے اگر جانین تو نہ چھوڑین اور فتح کیجاویگی
شام پھر آویگی ایک قوم اور چل پھر کر وہ بھی چلی جائیگی مع اپنی اہل و تابعداروں کے اور حال یہ
مدینہ طیبہ بہتر ہی واسطے اونکے اگر جانین تو نہ چھوڑین اور فتح کیا جاویگا عراق اسیطرح وہ قوم
بھی چل پھر کر چلی جاوے گی اور مدینہ طیبہ بہتر ہی اونکے لیے اگر جانین تو نہ چھوڑین مدینہ طیبہ کو
روایت کی بخاری اور مسلم نے ف اس حدیث کے یہ معنے ہین کہ رسول مقبول صلعم نے فرمایا
کہ یہ شہر اسلام مین فتح ہونگے اور لوگ واسطے طلب مشیت اور دنیا کی ترقی کی چھوڑ کر دوسری
جگہ چلے جائینگے اور اگر جانین قدر اور بزرگی مدینہ طیبہ مین رہنے کی کہ اوسمین سعادت اور خیر و برکت دنیا
و عقبی کی ہی تو وہانسے نہ نکلین اسمقام مین علماے دین فرماتے ہین کہ جو کوئی بضرورت قوی
وہان کے رہنے کو چھوڑی وہ اسمین داخل نہین لیکن جابجا مضمون احادیث سے اسبات پر
تاکید اور تنبیہ ہی کہ مسلمان کو حتی الامکان چاہیے کہ رہی صابر و شاکر اوپر رہنے مدینہ طیبہ کے
اور نہ نظر کری طرف عیش ظاہری دنیاے فانی کے کیونکہ اصل نعمت اور راحت آخرت کی ہی
بموجب حدیث شریف کے اللھم لا عیش الا عیش الاخرۃ حضرت فقیہ ابواللیث سمرقندی
حضرت امام حسن بصری سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص بھاگا
ایک زمین سے طرف دوسری زمین کے اپنے دین کے احتیاط کے لیے تو واجب ہو گئی اوسکے
لیے جنت اور ہوگا وہ شخص رفیق جنت مین حضرت ابراہیم خلیل اللہ اور رسول مقبول صلعم کا کیونکہ
حضرت ابراہیم نے ہجرت کی زمین حران سے طرف زمین شام کے اور یہی معنے ہین قول اللہ تعالیٰ
کے وقال انی مہاجر الی ربی انہ ھو العزیز الحکیم وقال انی ذاھب الی ربی سیھدین اور
تحقیق ہجرت فرمائی رسول مقبول صلعم نے مکہ معظمہ سے طرف مدینہ طیبہ کے پس جو شخص کہ ہو
ایسی زمین مین جسمین گناہ زیادہ ہوتے ہون اور وہ نکلے وہان سے خدا تعالیٰ کی رضامندی
کے لیے پس تحقیق اوسنے پیروی کی حضرت ابراہیم خلیل اللہ کی اور رسول مقبول صلعم کی
تو ہوگا وہ رفیق جنت مین حضرت ابراہیم اور حضرت رسول مقبول صلعم کا فرمایا سبحانہ تعالیٰ نے

اونکے زمانہ مین اونسے سوا دوسرے شخص سے نہین ہوا بکثرت لوگ مشقت سفر اختیار کرکے
اونکی خدمت مین آکر فیضیاب ہوے اور آپ مدت العمر مسجد نبوی مین علم حدیث کا درس فرماتے
رہے اور آپ ایسے آداب سے مدینہ مین رہتے تھے کہ حضرت شیخ مقدمہ مشکوۃ مین لکھتے ہین
خلاصہ اوسکا یہ ہی کہ آپ کبھی مدینہ طیبہ مین سواری پر نہ چڑھے اور جب کسیسنے کہا تو آپ نے
جواب دیا کہ مجھکو شرم آتی ہی خداوند تعالے سے کہ جس زمین پر حبیب رب العالمین رونق افروز ہی
اور مین اوسپر سوار چلون سبحان اللہ سچ ہی بڑونکی بڑی سمجھ ہی رحمۃ اللہ علیہ ابدا ابدا غرض بعض
علماے دین لکھتے ہین کہ نکلنا مدینہ طیبہ سے بے حجت شرعی کے برا ہی چنانچہ صحابہ کرام
بعد اداے حج جلد مدینہ طیبہ کو آجاتے تھے اور ضرورت سے زیادہ قیام نفرماتے تھے
ابتک عادت اہل مدینہ منورہ کی اسی پر ہی ہزارون خاصان حق پوشیدہ اور علانیہ اسی سے
وہان قیام پذیر ہین کہ اوس سرزمین اقدس ہمسایہ حبیب کبریا مین مدفون ہون سرزقنا اللہ
وجمیع المومنین امین حضرت امام حسن بصری سے روایت ہی کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ جو شخص تم مین سے طاقت رکھی اسبات کی یہ کہ مری مکہ معظمہ یا مدینہ طیبہ مین پس چاہیے
اوسکو کہ وہین مرے پس تحقیق مین اول شفاعت کرونگا اوسکی اور ہوگا وہ شخص دن قیامت کے
امن پانے والا عذاب الہی سے اور نہوگا اوسکا حساب اور نہوگا اوسپر عذاب اور کیسے ہو عذاب الہی
اوسپر جو آگیا امن اور پناہ ارحم الراحمین مین اور سایہ رحمۃ للعالمین مین حضرت سعد ابن ابی وقاص
سے روایت ہی کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ مدینہ طیبہ بہتر ہی واسطے رہنے والون کے دنیا
اور عقبی مین اگر جانین اسکی قدر اور بزرگی تو نہ چھوڑین اسکو اور نہ نکلین وہانسے بامید فراغت اور
کشایش دنیا کے اور نہین چھوڑتا ہی کوئی وہان کے رہنے کو بے رغبتی سے مگر کہ اللہ تعالے
بدل دیتا ہی اوسمین اوس شخص کو کہ وہ افضل و اعلے ہوتا ہی اور نہین ثابت رہیگا کوئی اوسکی
سختی اور بھوک پر مگر کہ ہونگا مین واسطے اوسکے شفاعت کرنیوالا دن قیامت کے یا فرمایا
کہ ہونگا مین گواہ اوسکا یعنے اوسکی طاعت اور عبادت کا دن قیامت کے روایت کی مسلم نے
حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہی کہ نہین صبر کریگا مدینہ شریف کی سختی اور بھوک پر کوئی میری امت سے
مگر کہ ہونگا مین واسطے اوسکے شفاعت کرنے والا دن قیامت کے روایت کی مسلم نے اور حضرت

حضرت صلعم نے کہ بری بات کہی تو نے کہا اوس شخص نے کہ بخدا مینے نہین ارادہ کیا اسکا سوا
اسکے نہین کہ ارادہ کیا مینے قتل فی سبیل اللہ کا پس فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ نہین ہی کوئی چیز مانند
قتل فی سبیل اللہ کے پھر فرمایا کہ نہین ہی زمین پر کوئی جگہ محبوب اور عزیز میرے نزدیک کہ ہو قبر
میری اوسمین مدینہ منورہ سے زیادہ اور تین بار یہی آپنے فرمایا روایت کیا مالک نے ف
بری ہی وہ چیز الخ یعنے اسلیے کہ برا کہا تو نے مومن کی قبر کو باوجودیکہ قبر مومن کی باغ ہی
باغون جنت سے اوس صحابی نے عرض کیا کہ یہ ارادہ مین نے نہین کیا کہ قبر مطلق بری خوابگاہ
ہی بلکہ یہ ارادہ کیا تھا مینے کہ شہید ہونا اللہ کی راہ مین بہتر ہی گھر مین مرنے سے حضرت نے
اوسکی بات کو پسند فرمایا اور فرمایا کہ نہین کوئی چیز مانند شہید ہونے کے راہ خدا مین پھر آپنے
بیان فرمائی فضیلت اور بزرگی مدینہ منورہ مین مرنے کی برابر ہی کہ شہید ہو یا غیر شہید ہو ساتھ
اس عبارت کے کہ نہین ہی روے زمین پر کوئی جگہ محبوب آخر عبارت تک ملا علی قاری اس
حدیث کی شرح مین لکھتے ہین کہ اگر مسلمان کو شہادت نہ نصیب ہو تو مدینہ طیبہ مین مرنا سب
دنیا کے شہرون سے افضل اور اعلے ہی اور حضرت طیبی محدث لکھتے ہین کہ اس حدیث کے
یہ معنے ہین کہ مدینہ منورہ مین مرنا نہین ہی مانند قتل فی سبیل اللہ کے یعنے وہان مرنا اس سے بھی
زیادہ افضل اور اعلے ہی لکھا ہی کہ جب حضرت عثمان رضی اللہ عنہ کا خارجیون نے محاصرہ کیا تو
بعض صحابہ نے آپ سے کہا کہ اب مصلحت یہ ہی کہ آپ شام کو چلے جائین تاکہ اس جماعت
اشقیا سے نجات پاوین آپنے فرمایا کہ مین ہرگز روا نہین رکھتا ہون اسبات کو کہ اپنے ہجرت کے
گھر سے اور حبیب کبریا کے ہمسایہ سے علیحدہ ہون واردہوا کہ حضرت امام مالک نے سوائے
ایک حج کے دوسرا حج نکلا اسوجہ سے کہ مبادا موت سوائے مدینہ منورہ کے دوسری جگہ
آجاوی پس مرت العمر آپ اوس جناب عرش مآب پر حاضر رہے اور جنت البقیع مین دفن ہوے
ف حاکم نے بسند صحیح روایت کی ہی کہ جناب رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ عنقریب ایسا ہوگا کہ
لوگ سفر دور دراز کرینگے اور نہ پاوین گے کوئی عالم زیادہ علم والا مدینہ طیبہ کے عالم سے انتہے
مطابق اس حدیث کے حضرت امام مالک پیدا ہوے چنانچہ حضرت سفیان بن عیینہ نے انطباق
اس حدیث کا اوپر بیان کیا ہی اور واقع مین ایسا ہی حال تھا حضرت امام مالک کا کہ جسقدر فیض علم حدیث

مالک نے بیان کیا کہ حضرت امام
مدینہ طیبہ مین قیام کرنے کے
بیان مین کہ انتقال ہوے

کہ اس خطاب سے تھا فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے زیارت کی میری قصد کرکے ہوگا وہ
میرے ہمسایہ مین اور میری پناہ مین دن قیامت کے اور جو شخص کہ رہا مدینہ طیبہ مین اور صبر کیا
اوسکی سختیون پر ہونگا مین واسطے اوسکے یعنے اوسکی عبادت و طاعت کے لیے گواہ اور
شفاعت کرنیوالا یعنے اوسکے گناہونکا دن قیامت کے اور جو شخص کہ مرا یک دونون حرمون
مین یعنے مکہ معظمہ و مدینہ طیبہ مین اوٹھاویگا اوسکو اللہ تعالے امن والون مین سے دن قیامت کے
ملا علی قاری لکھتے ہین کہ اللہ تعالے اوسکو قیامت کی بڑی گھبراہٹ سے محفوظ رکھی گا یا ہر
کدورت سے بچاویگا دن قیامت کے ف قصد کرکے یعنی خاص میری زیارت ہی کے لیے
آیا بنظر ثواب کے نہ واسطے تجارت اور سنانے دکھانے وغیرہ کے حاصل یہ کہ کوئی غرض
دنیوی نہ درپیش تھی محض میری زیارت کے لیے آیا مشکوٰۃ مین ابن عمرؓ سے روایت ہی کہ کہا
فرمایا رسول مقبول صلعم نے جو شخص کہ طاقت رکھی یہ کہ مرے مدینہ طیبہ مین پس چاہیے یہ کہ
مرے مدینہ منورہ مین پس تحقیق مین شفاعت کرونگا واسطے اوس شخص کے کہ مرے مدینہ طیبہ مین
روایت کی احمد و ترمذی نے اور کہا کہ یہ حدیث حسن صحیح غریب ہی باعتبار سند کے ف اول
جملہ حدیث کے یہ معنے ہین کہ جو کوئی رہ سکے مدینہ منورہ مین یہان تک کہ آوے اوسکو موت
پس چاہیے کہ رہے اوسمین یہان تک کہ مرے اوسمین کہ مین شفاعت اوسکی کرونگا اگر گنہگار
ہوگا گناہ بخشوا ونگا اور اگر نیک ہوگا اعمال و افعال مین تو درجے اوسکے بلند کروا ونگا اور مراد
شفاعت سے خاص شفاعت ہی یعنے جیسے وہان کے رہنے والون کے لیے ہوگی ویسی اور کسی
لیے نہین ہوگی ورنہ شفاعت عام حضرت کے سب مسلمانون کے لیے ہوگی پس افضل یہ ہی کہ جسکی
عمر بڑی ہو یا کشف وغیرہ سے معلوم ہو کہ موت قریب پہونچی تو وہ مدینہ منورہ مین جاوے
تا اس نعمت عظمی کو پہونچی اور حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہی کہ تحقیق رسولخدا صلعم
نے فرمایا کہ نہین صبر کریگا مدینہ منورہ کی سختی اور بھوک پر اور اوسکی محنت پر کوئی امت میری سے
مگر کہ ہونگا مین واسطے اوسکے شفاعت کرنیوالا دن قیامت کے روایت کی مسلم نے یحیی بن سعیدؓ
سے روایت ہی کہ تحقیق پیغمبر خدا صلعم تھے کہ بیٹھے تھے اور قبر کھودی جاتی تھی مدینہ منورہ مین
پس جھانکا ایک شخص نے قبر مین اور کہا کہ بری خوابگاہ مومن کی ہی یعنے یہ قبر پس فرمایا

سفت مین کھویا اور اتنی مشقت عظیم سفر بحر و بر کی اوٹھا کر محروم و ناکام پھرا خاص کر مقدور ہو نی جیسے
کہ حدیث دسوین اور حدیث گیارھوین اور حدیث پانچوین ان سب مضمون کو شامل ہین حضرت
عبد الرزاق محدث سے منقول ہی کہ آپ فرماتے ہین کہ کیسے ہلکا جانتا ہی مسلمان زیارت شریف
سرور عالم صلعم کو حال یہ کہ حقتعالے نے آپکو پیدا فرمایا افضل المخلوقات سید الکائنات خاتم الانبیا
شفیع الورے اوسکے سبب سے ہمنے پہچانا اللہ کو اور پایا صراط مستقیم اور احکام و ارکان حج کو لکھا ہی کہ
عمر بن عبد العزیز شام سے مدینہ طیبہ کو قاصد بھیجا کرتے تھے اس مراد سے کہ دربار شفیع المذنبین
رحمۃ للعالمین مین تحفہ صلوٰۃ و سلام عرض کری ف علماے دین تحریر فرماتے ہین کہ اگر حج کرنیوالا
مدینہ منورہ کی راہ گذری جیسے شام کا رہنے والا پس بہتر یہ ہی کہ وہ پہلے زیارت شریف کری پھر حج
ادا کری ورنہ اگر حج کرنا اوسپر فرض ہی اور حج کے مہینے شروع ہوے تو بہتر یہ ہی کہ پہلے حج پھر زیارت
کری و اگر حج نفل ہی یا فرض ہی مگر ابھی مہینے حج کے شروع نہین ہوے تو اختیار ہی چاہی پہلے حج
ادا کری چاہی پہلے زیارت کری شیخ عبد الحق محدث دہلوی رحمۃ اللہ علیہ اخبار الاخیار مین لکھتے
ہین کہ حاجی عبد الوہاب نجاری جو اولاد حضرت سید جلال نجاری سے ہین اپنے وقت مین بکمال علم
و عمل مین مشہور و معروف تھے ایک دن آپ اپنے پیر سید صدر الدین کی خدمت مین حاضر تھے کہ شیخ نے
فرمایا کہ دو نعمتین عالم مین بالفعل موجود ہین کہ تمام دین و دنیا کی نعمتون سے اعلی اور افضل ہین
لیکن لوگ اونکے قدر و مرتبہ سے غافل ہین ایک یہ کہ وجود مبارک سرور عالم صلعم بصفت حیات مدینہ طیبہ
مین موجود ہی اور آدمی اس سعادت و کرامت کے حاصل کرنے سے غافل ہین دوسرے قرآن مجید کہ
کلام پروردگار ہی کہ حق سبحانہ تعالے بواسطہ اپنے بندون کے ساتھ ہمکلام ہوا اور خلقت اوس سے
غافل ہی آپ اس ارشاد کے سنتے ہی شیخ کے پاس سے اوٹھے اور رخصت مدینہ طیبہ کی چاہی چنانچہ آپنے
خشکی کی راہ سے یہ سعادت اور نعمت عظمی حاصل کی بلکہ آپ کو کئی بار ایسا ہی اتفاق ہوا سبحان اللہ
اسلام اور مسلمانی اسکا نام ہی اور عشق و مذاق و عقیدہ و محبت و اثق اسکا نام ہی رحمۃ اللہ علیہ و علے جمیع اولیآ و اصفیآ اجمعین

فصل دوسری

مدینہ منورہ مین رہنے اور مرنے کے فضائل مین

مسلمانون پر پوشیدہ نرہی کہ مدینہ طیبہ مین رہنے اور مرنے کے بہت بڑے بڑے فضائل ہین
اور اس باب مین بہت حدیثین وارد ہوئی ہین اونمین چند جگہ لکھی جاتی ہین روایت ہی ایک شخص سے

باب دسوان

فصل پہلی

اون عقوبات کے بیان مین جو لوگ حج کرکے بغیر زیارت شریف کے محروم و نامراد چلے آتے ہین

مسلمان بھائیون پر پوشیدہ نرہے کہ زیارت شریف رسول کی افضل عبادات اقرب واجب کے ہی بلکہ بعض کے نزدیک عین واجب ہی بدلیل اس حدیث کے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے من حج ولم یزرنی فقد جفانی روایت کیا ابن عدی نے یعنے جس نے حج کیا خانہ کعبہ کا اور نہ زیارت کی میری پس تحقیق اوسنے ظلم کیا مجھپر اور یہ مضمون ثابت ہوچکا ہی کہ جس فعل کے پروعید وارد ہوتی ہی تو اوسکا کرنا لازم ہوتا ہی پس مقام غور کرنیکا ہی کہ جس حال مین رحمۃ للعالمین نے بعد حج کے زیارت نکرنے والے کے حقمین ایسا صاف ارشاد فرمایا کہ اوسنے مجھپر ظلم کیا تو نعوذ باللہ رسول مقبول صلعم پر ظلم کرنا گویا خدا پر ظلم کرنا ہی اور خدا و رسول پر ظلم کرنا معاذ اللہ کفر ہی حاصل یہ کہ جو رحمۃ للعالمین اور ختم المرسلین کے دربار عالی اقتدار سے محروم و نامراد پھرا تو اوس شخص کا کہین ٹھکانا نہ رہا اور ایک حدیث مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے مقدور ہوتے میری زیارت نہ کی پس نہین ہی واسطے اوسکے کوئی عذر مقام غور و فکر کا ہی کہ جب رحمۃ للعالمین نے فرمایا کہ اوسکا عذر قبول نہین تو اب اوس معصیت اور مذمت کا کیا ٹھکانا ہی شیخ علیہ الرحمہ فرماتے ہین کہ رسول مقبول صلعم نے جو زیارت نہ کرنے والے کے حق مین ایسا سخت حکم فرمایا حقیقت مین یہ عین شفقت اور رحمت عام رحمۃ للعالمین کی سمجھنی چاہیے کیونکہ آپ اپنی امت کے حقمین ہر حال مین شفیق اور حریص ہین کہ حقتعالے خود فرماتا ہی عزیز علیہ ما عنتم حریص علیکم اسوجہ سے آپ نے اپنی امت کو یہ حکم سخت سنایا کہ بعد حاصل ہونے نعمت عظمی حج کے میری زیارت کی خیر و برکت اور سعادت سے بدنصیب اور محروم نہ رہ جائین کیون کہ قبولیت حج کی موقوف اوپر حاصل ہونے اسی نعمت عظمی کے ہی علاوہ اسکے فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے حج کیا پھر اوسنے قصد کیا میری زیارت کا اور مشرف ہوا مسجد نبوی مین تو لکھے جاتے ہین واسطے اوسکے دو حج مقبول یعنے دو حج مبرور اور خراج حج مبرور کی وارد ہوچکی ہی کہ جنت اوسکے لیے واجب ہوجاتی ہی تو مقام غور و فکر کرنے کا ہی کہ جو شخص حبیب کبریا کی زیارت سے بعد حج کے مشرف نہوا تو علاوہ گناہ عظیم اور محرومی و بدنصیبی ابدی کے اوس شخص نے دو حج مبرور کے ثواب اور اجر کو

چنانچہ ابن عساکر بروایت حضرت ابو الدرداء لکھتے ہین کہ حضرت بلال رضی اللہ عنہ نے جناب سرور عالم صلعم کو خواب مین دیکھا کہ آپ فرماتے ہین کہ یہ کیا جفا ہی اے بلال کہ کبھی میری زیارت کو نہین آتا ہی تو حضرت بلالؓ اوسیوقت مدینہ طیبہ کو روانہ ہوئے جب روضہ اقدس پر آئے تو آپنے گریہ وزاری فرمائی اور چہرہ نورانی آستانہ اقدس پر ملا کہ یکایک حضرت امام حسن و امام حسینؓ حجرۂ اقدس سے باہر تشریف لائے آپنے دونون صاحبزادون کو کنار مبارک مین لیا اور سر و روئے مبارک پر بوسہ دیا اونھین دونون مین قریب حضرت فاطمہؓ انتقال فرما چکی تھین لوگون نے چاہا کہ حضرت بلالؓ سے اذان سنین پس آپسمین مشورہ کیا کہ اگر حضرت امامینؓ فرماوین گے تو آپ خواہ مخواہ تعمیل حکم کرینگے ورنہ آپنے بعد سو بخدا صلعم کے اذان ندی یہانتک کہ بعد انتقال حضرت صلعم کے حضرت ابا بکر صدیقؓ نے چاہا کہ آپ اذان دیا کرین مگر آپ نے کہا کہ یا ابا بکر اگر تو نے مجکو زر خریدا پس خدا کی راہ مین آزاد کیا یا واسطے اپنے آپنے فرمایا کہ واسطے خدا کے آزاد کیا مین نے تو آپ نے کہا کہ اب مجکو میرے حال پر برائے خدا چھوڑ دیجیے مجکو طاقت اور تحمل نہین ہی کہ بعد حبیب کبریا کے اذان دون پس آپشام کو چلے گئے تھے اور وہان سے بقصد زیارت شریف مدینہ طیبہ مین آئے الغرض جب حضرت امامینؓ نے ارشاد فرمایا کہ اب آذان دو ناچار آپ سطح مسجد نبوی پر جہان حضرت صلعم کے عہد مبارک مین اذان دیتے تھے کھڑے ہوئے اور آپنے فرمایا اللہ اکبر اللہ اکبر ایک شور و شیون عظیم سب لوگون مین پیدا ہوا گویا کہ تمام مدینہ طیبہ جنبش مین آگیا جب آپنے کہا اشہد ان لا الٰہ الا اللہ گریہ وزاری اور جنبش لوگون کی زیادہ ہوئی جب آپنے فرمایا اشہد انّ محمد الرسول اللہ اور قیامت قائم ہوئی کوئی مرد و عورت چھوٹا بڑا مدینہ طیبہ مین نہ رہا سب کے سب نکل آیا اور فریاد و آہ و نالہ کرنے لگا گویا کہ روز مصیبت سید المرسلین صلی اللہ علیہ و آلہ وسلم تازہ ہوا احیاء العلوم مین حضرت ابی سلیمان دارانی سے روایت ہی کہ حج کیا حضرت خواجہ اویس قرنیؓ نے اور واسطے زیارت شریف کے مدینہ طیبہ مین آئے پس آپ کھڑے ہوئے دروازہ مسجد نبوی پر تو لوگون نے کہا آپ سے کہ یہ ہی روضۂ اطہر سطح منبر تو آپ غش کھا کر گر گئے جب ہوش مین آئے تو آپ نے فرمایا کہ نکالو مجکو کہ نہین لذت آتی مجکو جہان رسول مقبول صلعم دفن ہون

ولنعم ما قیل ؎ وللناس فیما یعشقون مذاہب

بیان ذکر اذان دینا حضرت بلالؓ کا اور تمام مدینہ طیبہ مین گریہ و زاری کرنا اور جنبش حبشیون کا

فخر کرے آسمان و زمین پر اور ناز کرے روحانیان قدس پر تو بجا اور زیبا ہے حضرت شیخ تحریر فرماتے
ہین کہ وارد ہوا کہ جب قصد کرینوالا زیارت شریف کا قریب مدینہ منورہ کے پہونچتا ہے تو ملائکہ
اقسام اقسام کے ہدایا اور تحائف و فضل و رحمت اور خیر و برکت حضرت کے لیکر اوسکے
استقبال کے واسطے آتے ہین اور طرح طرح کی بشارتین اور مبارکبادیان اور بزرگیان اوسکے شامل حال
کرتے ہین اور اطباق طرح طرح کے نورون کے اوسکے حاضر ہونیکے وقت نثار کرتے ہین فی الحقیقت
وہ وقت ایسا ہی عظیم الشان و جسیم الاحترام ہے کہ دنیا و مافیہا کی دولت اوسکے ساتھ لگا نہین کھاتی کیونکہ صاحب لولاک
کے دربار اور صاحب قاب قوسین کے آستانہ اقدس پر حاضر ہونے سے مسلمان کے لیے کونسی
خیر و برکت اور شرف و سعادت زیادہ بھی جاوی شیخ فرماتے ہین کہ حضرت امام مالک کے نزدیک مکروہ ہے
یہ کہ کہین نزرنا قبر النبی یعنے زیارت کی ہمنے قبر نبی صلعم کی اور وجہ کراہت اس قول مین اختلاف ہے
شیخ عبد الحق مقلی فرماتے ہین کہ وجہ اسکی یہ ہے کہ زیارت ایک ایسا فعل ہے کہ کرنا اور نکرنا اوسکا برابر ہے
اور زیارت سرور عالم صلعم کی واجب ہے اور مذہب مختار قاضی عیاض مالکی کا یہ ہے کہ اسمین کراہت نسیب
تک جانے نسبت زیارت کے ہے ورنہ اگر کہین نزرنا النبی یعنے زیارت کی ہمنے نبی صلعم کی تو بسیط علی
اسمین کراہت نہین ہے کیونکہ حبیب کبریا صلعم زندہ ہین بحیات حقیقی و جسمی حضرت امام تاج الدین سبکی
نے بیان فضیلت و ترتب زیارت آنحضرت صلعم کو اصول اربعہ شرعیہ سے بیان کیا ہے جو مشتاق ہو
تصنیفات شیخ مین مطالعہ کرے حدیث مرفوع مین وارد ہوا کہ جسنے زیارت کی ماں باپ کے قبر کی
ہر جمعہ یا ایک اون دونون کی تو لکھا جاویگا وہ شخص ابرارون مین اگرچہ دنیا مین پہلے اس سے
دونون کی طرف سے عاق ہو چکا ہے بھلا مقام غور کرنیکا ہے کہ جب یہان یہ فائز اور نفع حاصل ہے
تو حبیب کبریا کی زیارت اقدس سے کیا کچھ نفع اور فائدہ عظیم حاصل ہوتا ہوگا بعد شرف زیارت
جناب سرور عالم صلعم مرتبہ زیارت اہلبیت اطہار ہے فصل الخطاب مین حضرت امام جعفر صادق کی
روایت ہے کہ فرمایا من زار واحدا من الائمة کان کمن زار رسول الله صلعم یعنے جسنے
زیارت کی ایک امامون مین سے تو ہو چکا وہ شخص مثل اوسکے جسنے زیارت کی رسول خدا صلعم کی کیونکہ
دمان بابہ الامتیاز سوائے اہلبیت اور فرعیت کے دوسرا نہین ہے کتب معتبرہ سیر مین وارد ہوا کہ حضرت
عمر کے عہد مبارک مین حضرت عاشق صادق بلال واسطے زیارت شریف کی مدینہ طیبہ مین حاضر ہوئے

سید الانام اور جہاد و غزا با کفار اور ادائے نماز بیت المقدس مین کہ مقام ابرار و اخیار ہی بیان ہوے
یعنے فرمایا کہ جسنے حج کیا اور زیارت کی میری قبر کی اور غزا کی کفار کے ساتھہ اور نماز پڑھی
بیت المقدس مین تو اللہ نہین سوال کریگا اوس سے فرائض مین شیخ علیہ الرحمۃ لکھتے ہین کہ احتمال
رکھتا ہی کہ یہ جزا خاص یعنے نہ پوچھا جانا اوس شخص سے فرائض کا ان سب باتون کے جمع ہونیکے
ساتھہ خاص ہو یا جدا جدا ہر ایک کے ساتھہ ہو **حدیث نوین** من حج الی مکۃ ثم قصدنی فی مسجدی
کتبت لہ حجتان مبرورتان **ف** یعنے ارشاد ہوا کہ جسنے حج کیا یعنے قصد کیا طرف مکہ معظمہ کے
اور پھر قصد کیا میرا یعنے مسجد میری کے تو لکھے جاتے ہین واسطے اوسکے دو حج مبرور خلاصہ یہ کہ
قصد زیارت شریف کرنا اور مشرف ہونا مسجد نبوی مین برابر اجر و ثواب دو حج مبرور اور مقبول
کے ہی بلکہ سبب قبولیت حج کا ہی اور جزا حج مبرور کی جنت ہی وجوبا **حدیث دسوین** من
زارنی میتا فکانما زارنی حیا و من زار قبری وجبت لہ شفاعتی یوم القیمۃ وما
من احد من امتی لہ سعۃ ثم لم یزرنی فلیس لہ عذر **ف** یہ حدیث پہلی اور چوتھی حدیث
کے معنے کو اور خلاصہ مضمون حدیث پانچوین کو شامل ہے **حدیث گیارہوین** حضرت علی رضؓ
سے روایت ہی من زار قبری بعد موتی فکانما زارنی فی حیاتی ومن لم یزر قبری
فقد جفانی یہ حدیث موافق مضمون چوتھی اور پانچوین حدیث کے ہی **حدیث بارہوین**
حضرت علی رضؓ سے من سأل لرسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم الدرجۃ والوسیلۃ حلت لہ
شفاعتی یوم القیمۃ ومن زار قبر رسول اللہ صلے اللہ علیہ وسلم کان فی جوار رسول اللہ
صلی اللہ علیہ وسلم یہ حدیث ساتوین حدیث کے معنے کو شامل ہی اور طلب درجہ اور وسیلے کا
آپکے واسطے اسطور پر کرنا چاہیے اللھم ات محمدن الوسیلۃ الخ یعنے وہ دعا جو بعد اذان کے
مانگی جاتی ہی پڑھی کہ وہ موجب حلول شفاعت اور سبب نزول برکت و کرامت ہی پس یہ
حدیثین جو بیان کی گئین بہت طریقون اور اسنادون سے منقول ہین جنکا بیان باعث طوالت ہی
ف جب حاجی اوس شہر مقدس کے قریب پہونچے تو چاہیے کہ پہلی داخل ہونے سے غسل کرے
اور لباس طاہر و نفیس پہنے اور خوشبو لگاوے اوسدن دل سے یقین کرے کہ آجکا دن ثمرہ
زندگانی اور نتیجہ تمام عمر ہی کیونکہ دن مغفرت کا ہی اس خوشی مین پھولا نہ سمائے اگر اسوقت

نیت کی درستی اور دل کی صفائی پر موقوف ہی اسکابہت لحاظ رکھو **حدیث چوتھی** من حج فزار قبری بعد وفاتی کان کمن زارنی فی حیاتی **ف** یعنے ارشاد ہوا کہ زیارت میری قبر کی بعد وفات میری کے حکم میری صحبت کا رکھتا ہی حالت زندگی مین کیونکہ نبی آخر الزمان کا حیات النبی ہونا اور جواب سلام دینا اور قبر شریف مین آپکا نماز پڑھنا اور آپ کی حضوری مین امت کے اعمال ہفتہ مین دوبار پیش ہونا اور آپکا امت کے لیے استغفار پڑھنا بروایت صحیحہ ومتواترہ ثابت ہی صحاح ستہ مین اس باب مین بہت حدیثین وارد ہوئی ہین کہ جنکے ذکر اور تفصیل کو ایک کتاب طویل علیحدہ چاہیے اسمقام پر اسیقدر سمجھ لینا چاہیے کہ رسول مقبول صلعم کی زیارت کرنیوالے کو کچھ ایسی خصوصیت اور شرف وامتیاز حاصل ہوجاتا ہی جو فہم وقیاس سے باہر ہی کیونکہ جبکہ زیارت کرنے والا مانند دیگر شخص کے ہوگیا جسنے کہ زیارت کی آپ کی زندگی مین تو اب اس بزرگی اور فضیلت کا کیا حساب ہی لیکن اس تشبیہ سے یہ لازم نہین آتا کہ زیارت کرنیوالے کو حکم صحابی ہوجاوے سب طرح کی فضیلت اور سب حکمون مین جیسے کہ سننا حدیث کا خواب مین زبان مبارک رسول مقبول صلعم سے باوجود صحت رویت وحقیت ارشاد باعث ثبوت شرائع اور احکام نہین ہوتا ہی **حدیث پانچوین** من حج البیت ولم یزرنی فقد جفانی یعنے ارشاد ہوا کہ جسنے حج کیا اور زیارت کی پس تحقیق اوسنے ظلم کیا مجھ پر کہ اسکی تحقیق عنقریب بیان ہوگی انشاء اللہ تعالے **حدیث چھٹی** من زارنی الی المدینۃ کنت لہ شفیعا وشہیدا اور ایک روایت مین وارد ہوا من زار قبری کنت لہ شفیعا وشہیدا **ف** یعنے ارشاد ہوا کہ جسنے زیارت کی میرے قبر شریف کی تو ہونگا مین واسطے اوسکے شفاعت کرنیوالا اور گواہی دینے والا یعنے شفاعت کرنے والا گنہگارون کے لیے اور گواہی دینے والا عبادت کرنیوالا ہونگا **حدیث ساتوین** من زارنی متعمدا کان فی جواری یوم القیمۃ **ف** یعنے فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو زیارت کری میری اور اوسکو مقصود اصلی جانی تو وہ دن قیامت کے میرے ہمسایہ مین ہوگا پس مسلمان کے واسطے اس سے زیادہ کون سی سعادت اور نعمت اعلے ہی کہ جسکو ہمسائگی حبیب کبریا کی قیامت مین نصیب ہو رب کریم اپنے فضل عظیم سے جسکو نصیب کرے **حدیث آٹھوین** من حج حجۃ الاسلام وزار قبری وغزی غزوۃ وصلی فی بیت المقدس لم یسأل اللہ فیما افترض علیہ **ف** اس حدیث مین فضیلت حج الاسلام اور زیارت قبر شریف

رب العالمین جناب رحمۃ للعالمین کی سب مسلمانونکو زیارت نصیب فرماوے آمین

فصل پانچوین
فضائل زیارت شریف کے

پوشیدہ نہ رہی کہ مسلمان کو اسبات پر عقیدہ کامل رکھنا چاہیے کہ مسلمان کے واسطے دین و دنیا مین زیارت شریف حبیب کبریا خاتم الانبیا کی نعمت کے مقابل کوئی نعمت اعلے اور سعادت عظمے نہین ہی اور اسباب مین بہت حدیثین احسن اور صحیح وارد ہوئی ہین ادنین سے چند لکھی جاتی ہین کہ تا اونکو سنکر مسلمانون کا باغ ایمان ترو تازہ اور مشام جان معطر و معنبر ہو جاوے اور اس سعادت عظمے کے حاصل کرنے کا ہر ایک بھائی کو شوق اور عشق پیدا ہووی حدیث اول مزار قبری وجبت له شفاعتی یعنے ارشاد فرمایا کہ جسنے زیارت کی میری قبر کی واجب اور لازم ہو جاتی ہی شفاعت میری اوسکے لیے ف اہل حدیث لکھتی ہین کہ جو زیارت کرنیوالے کے حقمین خوشخبری شفاعت کی وارد ہوئی حالانکہ شفاعت کی امیدواری اوس شفیع المذنبین سے سب مسلمانون کو بالیقین ہے پس مراد اس سے یہ ہی کہ زیارت کرنیوالے کے حق مین ایک شفاعت خاص ہوگی یعنے وہ شفاعت سبب حاصل ہونے ایک ایسے مرتبہ خاص کا ہوگی کہ زیارت نکرنے والے کو باوجود بڑے بڑے بہت نیک عملون کے وہ مرتبہ میسر نہو گا جیسے کہ خصوصیت اور امتیاز بعض اصحابون کو جو تمام عمر مین ایک ہی بار جمال باکمال سید ابرار سے مشرف ہوئے سب امت پر حاصل ہی دوسرے یہ کہ زیارت کرنیوالے کے حقمین آپنے واجب ہو جانا شفاعت کی خبر ہی جو دوسرون کے حق مین جائز اور ممکن ہی تو اب اس خوشخبری اور مبارکبادی کا کیا حساب ہے تیسرے یہ کہ اسمین خوشخبری اسبات کی ہے کہ زیارت کرنے والا ببرکت شرف زیارت رسول مقبول کی دین محمدی پر دنیا سے رخصت ہوگا کیون کہ شفاعت کا حقدار ہونا خواہ مخواہ اسیصورت مین ہے،

حدیث دوسری من زار قبری حلت له شفاعتی حدیث تیسری من جاءنی زائرا لا تعمله حاجة الا زیارتی کان حقا علی ان اکون له شفیعا یوم القیمة اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ شرط ہی کہ زیارت کرنیوالا خاص نیت زیارت شریف کی کرے اور بصدق و صفائی اور اخلاص دل سے موصوف ہو کیونکہ مدار صحت و اعتبار تمام اعمال افضل اعمال کا

حدیث اول

حدیث دوسری و حدیث تیسری

مجھپر گذرے پس مینے روضہ اقدس پر حاضر ہوکر عرض کیا انا ضیفک یا رسول اللہ اور سوگیا مین
پس دیکھا مینے رسول مقبول صلعم کو کہ ایک رغیف آپنے مجکو عنایت فرمائی کہ آدھی مین نے
سوتے مین کھائی اور جاگا تو آدھی میرے ہاتھہ مین باقی تھی اسیطرح ابو بکر قطع فرماتے ہین
کہ جب مین مدینہ طیبہ مین حاضر ہوا تو پانچ دن مجھہ پر فاقہ سے گذرے پس چھٹے دن روضہ اطہر پر
پہونچ کے عرض کیا مینے انا ضیفک یا رسول اللہ اور سوگیا مین دیکھتا ہون کہ رسول مقبول
صلعم تشریف لاتے ہین اور دہنے طرف آپ کے حضرت ابا بکر صدیقؓ اور بائین طرف حضرت عمرؓ
اور آگے حضرت علیؓ ہین اور مجکو فرماتے ہین کہ اوٹھہ سرور عالم صلعم تشریف لاتے ہین مین اوٹھا اور
اور قدمون مبارک کو بوسہ دیا پس آپ نے رغیف مجکو دی مین نے کھائی اور جب جاگا مین تو
بقیہ اوسکا میرے ہاتھہ مین موجود تھا اسیطرح احمد بن محمد صوفی فرماتے ہین کہ مین تین مہینے
مدینہ طیبہ کے جنگل مین پھرا یہانتک کہ چمڑا بدن کا عاجز خستہ ہوگیا کہ اسی حالمین مدینہ طیبہ مین حاضر ہوا
اور زیارت شریف کو گیا رسول مقبول صلعم کو دیکھا مین نے کہ آپ خواب مین فرماتے ہین کہ احمد آیا تو
کیسا حال ہے عرض کیا مین نے انا جائع وانا فی ضیافتک یا رسول اللہ فرمایا کہ ہاتھہ کھول
مین نے کھولا آپنے کئی درہم میرے ہاتھہ پر رکھدیے پس جاگا مین تو وہ دراہم مین نے اپنے ہاتھہ
مین پائے بازار مین جاکر فالودہ وغیرہ کھانا خریدا اور کھاکر پھر جنگل کو چلا گیا اور مانند اسکے بے شمار
حکایتین ہین ف فقیر اسمقام پر کہتا ہے کہ جبکہ رب العالمین نے رحمۃ للعالمین کی امت کے اولیاؤنکو
یہ رتبہ اور تصرف اور کرامتین عطا فرمائی ہین کہ جیسے بنی اسرائیل سے معجزہ ہوتے تھے ویسے اس
امت کے اولیاسے کرامتین ہوتی ہین تو حبیب کبریا سید انبیا کی بارگاہ عالیجاہ کا کیا حال بیان کیا
جاوے لایمکن الثناء کما کان حقہ بعد از خدا بزرگ توئی قصہ مختصر شیخ عبد الحق محدث دہلویؒ لکھتے ہین
کہ حضرت امام شافعی فرماتے ہین کہ قبر امام موسی کاظم واسطے قبولیت دعا کے تریاق اکبر ہے اور بعض
مشائخ فرماتے ہین کہ پایا مین نے چار آدمیون کو اولیا اللہ سے کہ تصرف کرتے ہین اپنی قبر مین
مانند تصرف اونکی کے حالت زندگی مین یا زیادہ اوس سے شیخ معروف کرخی و حضرت مولانا محی الدین
شیخ الشیوخ حضرت عبد القادر جیلانیؒ اور دو شیخ اور ہین اگر کوئی ان اذکار کا مشتاق ہو تو حضرت شیخ
محدث دہلوی کی تصنیفات شریفہ کو ملاحظہ کرے اور اپنے باغ ایمان کو تر و تازہ فرماوے

جگایون اوٹھ کے کہنے لگا کہ افسوس مین تمسے جدا ہو کے اسی منزل مین رہ جاؤن ابھی مین نے
جناب رسول مقبول کو خواب مین دیکھا کہ آپ میرے سرپر کھڑے ہین اور فرماتے ہین کہ اے عاشق
تو اس منزل مین مسخ ہو جائیگا ہمنے کہا کہ وضو کرا دیتے پاؤن اپنے سمیٹے ہمنے دیکھا کہ اونگلیون سے
اوسکے مسخ ہونا شروع ہوا اور دونون پانون اوسکے بندر کے سے ہو گئے پھر گھٹنون تک پھر کمر تک
پھر سینے تک پھر سر اور منہ تک مسخ ہو نچا اور وہ بالکل بندر ہو گیا ہمنے اوسے پکڑ کے اونٹ پر باندہ لیا
اور وہان سے روانہ ہوئے اور وقت غروب آفتاب کے ایک جنگل مین پہونچے وہان چند بندر
جمع تھے اسنے جب اونھین دیکھا رسّی توڑ کر اونمین جا ملا دوسری **حکایت** یہ ہے کہ امام مستغفری
نے روایت کی ہے کہ ایک مرد صالح نے بیان کیا کہ ایک شخص کوفہ کا کہ حضرت ابو بکر اور حضرت عمرؓ
کو بُرا کہتا تھا ہمارے ساتھ ہمسفر ہوا ہمنے ہر چند اوسے نصیحت کی اوسنے نہ مانا ہمنے اوس سے کہا
کہ ہم سے تو علحدہ ہو جاوہ علحدہ ہو گیا جب ہم اوس سفر سے پھرے اوسکے غلام کو ہمنے دیکھا
ہمنے اوس سے کہا کہ اپنے آقا سے کہدینا کہ ہمارے ساتھ گھر چلے اوسنے کہا کہ اوسکی ایک عجیب حالت
ہو گئی دونون ہاتھ اوسکے مثل خوک کے ہو گئے ہین ہم اوسکے پاس گئے اوس سے کہا کہ ہمارے
ساتھ گھر کو چل اوسنے کہا کہ مجھے عجیب مصیبت پہونچی ہے اور اپنے ہاتھ دونون آستین سے
نکال کر دکھلائے کہ مانند خنزیر کے تھے پھر وہ ہمارے ساتھ ہوا راہ مین مین ایک جگہ بہت
خوک جمع تھے اوسنے اپنے کو سواری سے گرا دیا اور بالکل خوک کی صورت ہو گئی اور اونمین جا ملا **حکایات** حضرت امام ابو بکر بن مقری کہتے ہین کہ مین اور طبرانی اور ابو الشیخ تینون شخص
مین تھے اور ہم بھوکے بہت تھے کہ دو روز برابر ہمپر گذر گئے جب وقت عشا کا آیا تو مین بحضور روضۂ انور
گیا اور عرض کی مینے یا رسول اللہ الجوع صرف یہی کلمہ عرض کر کے پھرا مین پس مین اور ابو الشیخ
سو گئے اور طبرانی بیٹھے رہے کہ یکایک ایک علوی آیا اور اوسنے دروازہ کھلوایا دیکھا کہ دو غلام
اوسکے ساتھ دو بقچے طعام کھانے اور چھوہارون سے بھری ہوئی لیے کھڑے ہین پس اونھون نے
ہمارے ساتھ کھانا کھایا اور جو کچھ بچا وہ بھی ہمکو دیدیا اور کہا کہ اے قوم مگر کہ تمنے شکایت
رسول مقبول صلعم کی حضور مین جا کر کی مینے اسی ساعت حضرت کو خواب مین دیکھا کہ مجکو ارشاد ہوا
کہ تمھارے واسطے کھانا لاؤن ابن الجلا فرماتے ہین کہ جب مین مدینہ طیبہ مین پہونچا تو دو قافلے پے در پے

یہ حال دیکھکر بادشاہ کا حال متغیر ہوگیا رقت غالب ہوئی غرض بعد تنبیہہ و تہدید کرنے کے معلوم ہوا
کہ یہ دونون نصرانی ہین کہ نصاری نے بہت سا مال انکے ساتھہ کرکے مغرب کے حاجیون کے
بھیس مین روانہ کیا ہی کہ جسم اطہر اقدس کو لیجائین مگر یہ دربار عالیجاہ جناب النبی ہی کیا کسی کی
شرارت دے بادبی چل سکتی ہی لکھا ہی کہ جس رات کہ نقب روضہ اقدس کے قریب پہونچی تو اوس رات
ابر اور مینھہ اور کڑک و بجلی اور زلزلہ بڑی شدت سے پیدا ہوا کہ اوسی رات کی فجر کو بادشاہ پہونچا غرض
اون دونون کو بادشاہ نے دروازے اقدس کے سامنے قتل کیا اور تھوڑا دن رہے اونکی لاشونکو
جلادیا اور گرد حجرۂ شریف کے خندق اتنی گہری کھدوائی کہ پانی نکل آیا پھر اوسکو اوپر تک شیشے کے گلے
سے بھر دیا اور دوسرا قصہ محب طبری محمد ریاض النضرۃ مین نقل فرماتے ہین کہ چندرافضی شہر حلب کے
امیر مدینے کے پاس آئے اور بہت کچھہ مال و اسباب اوسکو دے کر درخواست کی کہ دروازہ اقدس
جسوقت ہم چاہین ہمارے لیے کھل جاوے کہ ہم دونون خلیفہ کی لاشین یہان سے لیجائین امیر کو
کہ اس مذہب کی طرف میلان رکھتا تھا اوسنے بطمع دنیا اونکو اجازت دیدی اور دربانونکو حکم دے دیا
کہ یہ لوگ جسوقت رانکو وہان آنے مین نہ روکنا اور یہ لوگ جو کچھہ وہان کرین انکو منع نکرنا غرض جب وہ لوگ
رات کو کدال پھاوڑہ لیکر وہان پہونچے تو دربان یہ سامان دیکھکر گھبرایا اور ایک کونے مین بیٹھہ کر
رونے لگا سبحان اللہ کیا دربار حبیب کبریا سید انبیا ہی کہ وہ لوگ قریب منبر شریف کے نہین پہونچنے
پاتے تھے کہ اون سبکو زمین نے نگلنا شروع کیا یہانتک کہ جتنے خبیث آئے تھے وہ سب مع
سامان دھس گئے بوّاب کہتا ہی کہ جب مین نے یہ واقعہ دیکھا تو فوراً امیر کے سامنے جاکر بیان کیا
مگر اوسکو سُن کر یقین نہ آیا لیکن جب اوسنے اگر اونکے دھسنے کا نشان دیکھا جب اپنے دل مین بحال شرمندہ
ہوا اسیطرح بہت سے اذکار حضرت ابن النجار تاریخ بغداد علی ساکنہا السلام مین نقل کرتے ہین
اس قصہ کو شیخ جمال الدین سطری و حضرت مجد الدین فیروزآبادی و حضرت امام عبداللہ یافعی وغیرہ اکابر
اہل حدیث نقل کرتے ہین حتکہ امام بیہقی نے کتاب دلائل النبوۃ مین روایت کی ہی کہ ایک ثقہ نے بیان کیا کہ
ہم تین آدمی یمن کو جاتے تھے اور ہمارے ساتھہ ایک شخص کوفہ کا تھا کہ وہ حضرت ابابکر صدیقؓ اور
حضرت عمرؓ کو برابر کہتا تھا ہم ہرچند اوسے منع کرتے تھے باز نہین آتا تھا جب ہم نزدیک یمن کے
پہونچے ایک جگہ اوترکے سو رہے اور جب کوچ کا وقت آیا ہمنے اوٹھکے وضو کیا اور اوس کوفی کو

منع کرنا افضی حکایات منجرہ دوسرا

روایت کرتے ہین کہ رسول مقبول صلعم انتقال کے تین روز کے بعد ایک اعرابی آیا اور روضہ اطہر معطر منور پر
آکر گر پڑا اور اوس خاک عنبر فشان کو اپنے سر پر ڈالا اور کہا کہ یا رسول اللہ جو کچھ کہ تو نے خدا سے
سُنا وہ ہمنے تجھ سے سُنا اور جو کچھ کہ آپنے خدا سے یاد کیا وہ ہمنے آپ سے یاد کیا انجملہ
ایک یہ آیت ہی وَلَوْ اَنَّهُمْ اِذْ ظَّلَمُوْٓا اَنْفُسَهُمْ جَآءُوْكَ فَاسْتَغْفَرُوا اللّٰهَ وَاسْتَغْفَرَ لَهُمُ الرَّسُوْلُ
لَوَجَدُوا اللّٰهَ تَوَّابًا رَّحِيْمًا یا رسول اللہ مینے اپنے اوپر ظلم کیا ہی اور آپ کے پاس آیا ہون واسطے
استغفار کے قبر شریف سے آواز آئی قد غفر لك یعنے ای اعرابی تحقیق اللہ نے تجکو بخشدیا اور
ابن ابی شیبہ بسند صحیح نقل کرتے ہین کہ حضرت عمرؓ کے زمانہ مین قحط عظیم پڑا پس ایک شخص
مزار اطہر پر حاضر ہوا اور عرض کیا کہ یا رسول اللہ استسق لامتك فانهم قد هلكوا رسول مقبول
صلعم اوس سے ہمکلام ہوئے اور جواب دیا کہ جا اور عمرؓ کو بشارت دے کہ مینھہ برسیگا اسیطرح
منجملہ حکایات عجیبہ کے قصہ نقب ہی کہ ۵۵۵ھ ہجری مین پیش آیا اور یہ قصہ مختصر اسطرح پر ہی کہ سلطان
نورالدین شہید محمود بن زنگی نے ایک رات مین تین بار رسول مقبول صلعم کو خواب مین دیکھا کہ آپ
دو شخصون کی طرف کہ اوسجگہ کھڑے ہین اشارہ فرماتے ہین کہ جلد مجکو ان دونون کے شر سے بچا
بادشاہ اس خواب کے دیکھتے ہی سخت گھبرایا اور اوسیوقت تیاری کوچ کی کی چنانچہ اوسی رات کو
پچھلے پہر پوشیدہ مع بیس مصاحبون اور زر نقد بہت سا ساتھ لیکر سانڈنیون پر شام سے سولہ منزلین
آپھونچا اور آتے ہی حکم کیا کہ سب خاص و عام اہل مدینے کو لاؤ چنانچہ سب حاضر ہوئے اور اونکو
بہت کچھ دینا شروع کیا یہانتک کہ سب اہل مدینے کو انعام و اکرام سے شاد و آباد کر دیا لیکن
بادشاہ نے اون دونون شخصون کو نہ دیکھا جو خواب مین دیکھے تھے تب پھر حکم کیا کہ تلاش کرو کہ کوئی
باقی رہ جاے معلوم ہوا کہ دو شخص مغربی رہ گئے ہین رات دن عبادت اور ریاضت مین مصروف
رہتے ہین اور کہین نہین جاتے ہین بادشاہ نے حکم دیا کہ اونکو جلد لاؤ چنانچہ اوسیوقت حاضر کئے بادشاہ نے
دیکھتے ہی پہچان لیا کہ یہ وہی دونون ملعون ہین اونکو گرفتار کر لیا اور ذات خاص سے آدمی ساتھ
لیکر اون دونون کے مکان پر گیا اندر جاکر جو دیکھا تو جابجا کتابین رکھی پائین اور ایک کونے مین
بہت سا زر نقد ڈھیر لگا ہوا ہی اور اونکے بیٹھنے کی جگہ ایک بوریا بچھا ہی بادشاہ نے اوس بوریے کو
اپنے ہاتھ سے اوٹھایا تو اوسکے نیچے علامت سُرنگ کی پائی کہ قریب حجرۂ شریف کے پہونچ گئی تھی

کی ہی کہ جناب رسول مقبول صلعم نے منبر شریف پر یہ آیت پڑھی وَمَا قَدَرُوا اللّٰہَ حَقَّ قَدْرِہٖ یعنے اللہ کی قدر کافرون نے نہین پہچانی جیسی کچھہ کہ قدر پہچاننی چاہیے بعد اسکے آپ نے فرمایا کہ جبّار اپنی بڑائی بیان کرتا ہی انا الجبار انا الجبار انا الکبیر المتعال یعنے مین جبار ہون مین جبار ہون اور مین بڑائیون بہت بلندی والا سو اس کلام کے سنتے ہی منبر خوب تھرتھرایا یہانتک کہ ہم لوگون کو یہ خیال ہوا کہ کہین آپ منبر سے گر نہ پڑین ف منبر آنحضرت صلعم کا لکڑی کا تھا سو یہ معجزہ بھی رسول صلعم کا عالم نباتات مین ہوا کہ جسیم نباتی آپکا کلام سنکر خدا کی عظمت اور خوف سے تھرتھرانے لگا آثار سلف مین وارد ہوا کہ جو شخص نزدیک روضہ اطہر معنبر معطر کے یہ آیت شریف پڑہی اِنَّ اللّٰہَ وَمَلٰٓئِکَتَہٗ یُصَلُّوْنَ عَلَی النَّبِیِّ الخ بعد اسکے ستّر بار کہی صلی اللہ وسلم علیک یا محمد صلی اللہ علیہ وسلم ایک فرشتہ آسمان سے ندا کرتا ہی صلے اللہ علیک یا فلان یعنے رحمت اللہ کی اوپر تیرے ای فلانے کوئی حاجت نہ باقی رہی تیری آج کے روز مگر کہ پوری ہوئی حضرت شیخ بھی اسمضمون کو روایت فرماتے ہین فقیر کہتا ہی اس مقام پر کہ جب ارحم الراحمین نے اس ناچیز تبہ کار کو دربار رحمتہ للعالمین سید الانبیا والمرسلین مین پہونچا دیا اور اس دنیاے فانی مین جنت کی زمین دیکھنا اور اوسپر نماز پڑھنا نصیب ہوا تو اب جو حاجتین کہ علاوہ اسکے ہین وہ سب پست اور خفیف ہین کیونکہ وہ دربار عالم پناہ عالیجاہ اور بارگاہ مستطاب عرش مآب ایسی عالیشان ہی کہ جب مسلمان کو رب کریم وہان پہونچا دے تو اسبات پر یقین اور اعتقاد کامل رکھے کہ اس درگاہ عالیجاہ اور بارگاہ عرش پناہ سے کوئی طالب صادق اور فقیر سائل محروم و ناکام نہین پھرا ہی صاحب قصیدہ بردہ فرماتے ہین ؎ حاشاہ ان یحرم الراجی مکارمہ او یرجع الجار منہ غیر محترم ارحم الراحمین اس عاجز بیمار خستہ حال کو بھی جلد وہان پہونچا کر طعمہ اوس سرزمین عنبر شمیم کا فرماوے آمین حضرت شہیدی کا کیا خوب کلام عاشقانہ ہی ؎ مدینے کی زمین کے گرنہو لائق مرا الاشا ؎ کسی صحرا مین وہان کے طعمہ ہونہین دانہ دکا

فصل چوتھی

معجزات شریفہ کے بیان مین جو روضہ اقدس سے وقوع مین آئے

کتب احادیث و سیر مین جابجا لکھا ہی کہ روضہ اقدس اطہر سے اکثر امور عجائب و غرائب عالم ظہور مین آئے کہ حقیقت مین وہ داخل معجزات سید الکائنات ہین حافظ ابو عبد اللہ مصباح الظلام مین بروایت حضرت علی

بخاری شریف مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ منبر میرا اوپر حوض میری کے ہی
اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ فرمایا آپ نے کہ تحقیق منبر میرا اوپر ترعہ کے ہی ترعہ جنت سے
بعض کے نزدیک معنی ترعہ کے دروازے کے ہین اور بعض کے نزدیک درجہ کے اور بعضے
نزدیک معنی باغ کے ہین جو اونچی جگھہ پر ہو ایک دن رسول مقبول صلعم منبر شریف پر کھڑے
تھے کہ آپنے فرمایا کہ اسوقت قدم میرا اوپر ترعہ کے ہی ترعہ جنت سے اور دوسری روایت مین
وارد ہوا کہ آپ نے فرمایا کہ مین اب کھڑا ہون اوپر عقر حوض اپنی کے عقر اوسجگھہ کو کہتے ہین کہ پانی
حوض کا اوسجگھہ سے آوی فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص نزدیک منبر میرے کے جھوٹی قسم
کھاوی تاکہ مسلمانون کا حق تلف کری تو اپنی جگھہ دوزخ مین تیار کرلی اور ایک روایت مین
وارد ہوا کہ اوسپر لعنت اللہ کی اور ملائکہ کی اور سب آدمیون کی جو کہ یہ مقام اقدس حقیقت مین
جنت سے تھا تو بموجب آیہ کریمہ لَا یَسْمَعُوْنَ فِیْهَا لَغْوًا وَّلَا کِذَّابًا کی دنیا مین بھی جھوٹ
اوس جگھہ حرام ہوا اور بعض احادیث مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ درمیان حجرہ
میرے اور مصلے میرے کے باغ ہی باغون جنت سے ف بعض علماء حدیث مصلے سے مسجد نبوی
مراد لیتے ہین کہ قریب ہی اور بعض کے نزدیک مصلے عیدی کہ وہ مدینے طیبہ کے حصار سے باہر ہی
اور بعض فرماتے ہین کہ ممکن ہی کہ جس منبر پر رسول مقبول صلعم نے اجلاس فرمایا حق تعالے
قیامت کے دن اوسکو بھی مانند تمام مخلوق کے اوٹھاوی اور اوپر کنارے حوض کوثر کے
اوسکو رکھی تعظیما لنبیہ وتکریما لحبیبہ اور بعض فرماتے ہین کہ یہ فضائل جو حضرت نے
بیان فرمائے یہ اوس منبر کی شان مین ہین کہ قیامت کے دن بارگاہ سبحانی سے ایک منبر
جیسے کبریا کے واسطے بالائے حوض کوثر رکھا جاوی مگر یہ قول بعید ہی اہل حدیث لکھتے ہین کہ
جاہی جسوقت منبر اطہر کے پاس حاضر ہو تو اوسوقت دلمین اسباتکا تصور کری کہ حبیب کبریا
سید الانبیا اسجگھہ منبر شریف پر رونق افروز ہوتے تھے اور آپ مہاجرین اور انصار کو عبادات الہی پر
آمادہ فرماتے تھے اور خطبہ شریف مین احکام الہی بیان فرماتے تھے تو اوسوقت دل مین بارگاہ
ارحم الراحمین اسوقت مین کمال الحاح وزاری سے دعا مانگے کہ رب العالمین دنیا اور عقبی مین
اسمقام اطہر مقدس سے علیحدہ نفرماوی مسلم اور نسائی اور امام احمد نے عبداللہ بن عمرو سے روایت

اور وہان سوائے ذکر خدا اور ذکر رسول کے کوئی بات دنیا کی نکرے کہ بہت بڑا سخت گناہ ہے اور ساری محنت و ریاضت اکارت ہے کیونکہ وہ دربار حیات النبی اور بارگاہ صاحب لولاک شہنشاہ قاب قوسین او ادنیٰ ہے بھلا جس دربار کا اہتمام مالک عرش و کرسی فرماتا ہو اور آپ کی امت کو وہان آداب تعلیم فرماتا ہو لا ترفعوا اصواتکم فوق صوت النبی الخ تو اوس جناب عرش مآب کی عظمت و شوکت کا کیا حد و حساب ہے لازم ہے کہ جتنی بار مرقد انور اطہر پر گذرے اگرچہ باہر مسجد شریف سے ہو کھڑا رہے اور بغیر صلوۃ و سلام پڑھنے کے وہان سے آگے نہ بڑھے اور اگر سامنے آجاوے تو آداب زیارت شریف کے بجالائے جیسے کہ پہلے بیان ہو چکا ہے صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ ما بین بیتی و منبری روضۃ من ریاض الجنۃ یعنے درمیان گھر اور منبر میرے کے ایک باغ ہے باغون جنت سے یعنے نزول رحمت کی راہ سے یا حقیقت مین یہ زمین جنت مین جائیگی یا جنت سے آئی ہے جیسے کہ حجر اسود اور مقام ابراہیم کی شان مین وارد ہوا اور طبرانی اوسط مین روایت کرتے ہین کہ فرمایا درمیان منبر شریف اور خانۂ فیض کاشانہ حضرت عائشہ صدیقہؓ کے باغ سے ہے باغون جنت سے بعض یہ فرماتے ہین کہ اوس جگہہ عبادت کرنی مسلمان کو پہونچا دیگی طرف باغ جنت کے جیسے کہ مواہب لدنیہ مین وارد ہوا اور بعض فرماتے ہین کہ وہ جگہہ مانند باغ کے باغون جنت سے ہے فضل و رحمت الہی کے نازل ہونے مین ملا علی قاری فرماتے ہین کہ یہ مقام بعینہ نقل کیا جاوے گا آخرت مین طرف جنت الفردوس کے اور وہان جاکر ہو جائے گا باغ باغون جنت سے اور نہین فنا ہوگا یہ مقام مانند اور بقعون زمین کے ابن فرحون و ابن جوزی حضرت امام مالک رح سے اسیطور پر روایت کرتے ہین اور اسی پر اتفاق ایک جماعت علماء دین کا ہے اور بعض علماء اہل حدیث لکھتے ہین کہ اوس جگہہ کے اعمال نیک اور عبادات مسلمان کے لیے سبب پہونچنے حوض کوثر اور باعث ملنے شراب طہور کا ہوگا

بیان فضائل منبر رحمت

روایت ہے کہ اوترتے ہین ہر روز فجر کے وقت ستر ہزار فرشتے کہ روضۂ اطہر منور معطر کو
گھیر لیتے ہین اور شام تک درود شریف پڑھتے رہتے ہین پھر وہ چلے جاتے ہین آسمان پر اور
ستر ہزار اور اترتے ہین اور وہ فجر تک اوسیطرح درود شریف پڑھتے رہتے ہین اسیطرح قیامت
تک روایت کیا بیہقی نے اور ایک روایت مین وارد ہوا یہانتک کہ قائم ہوگی قیامت اور
اوٹھینگے حبیب کبریا سید الانبیا صلعم زمین سے تو ستر ہزار فرشتے لیجاوین آپکو بدرگاہ رب العزت
مانند لیجانے محبوب کے طرف حبیب کے روایت کیا دارمی نے **ف** اس مقام پر
فقیر لکھتا ہے کہ مسلمان کو اس بات پر عقیدہ خوب مضبوط رکھنا چاہیے کہ جس مقام عالیشان
مین کہ صاحب لولاک شہنشاہ عالم پناہ رونق افروز اور جلوہ گر ہے سارے علماء دین لکھتے
ہین کہ ملک و ملکوت مین کوئی جگہہ اوسکے رتبہ کو لگتا نہین کہاتی حتی کہ وہ مقام افضل ہے کعبہ اور
عرش و کرسی سے صاحب درمختار لکھتے ہین کہ وہ مقام جو اعضاء معطر منور مطہر کو محاس
ہو رہا ہے وہ افضل ہے مطلقاً حتی کہ کعبہ معظمہ سے اور عرش و کرسی سے اسیطرح ملا علی
قاری شرح منک کبیر مین لکھتے ہین اسیطرح جوہر منظوم مین وارد ہوا کہ مرقد اطہر حبیب خالق اکبر
افضل ہے بیت العتیق اور عرش و کرسی و بیت المقدس سے اسیطرح شیخ عبد الحق محدث دہلوی
اس مقام کی تحقیق و تصریح نہایت شان و شوکت سے جذب القلوب وغیرہ مین تحریر فرمائے
ہین اور یہ عبارت لکھتے ہین اذ الحبیب لایختار لحبیبہ الا ماھو اکرم واحب عندہ
یعنے عاشق نہین پسند فرماتا اپنے محبوب کے لیے مگر وہی مقام جو اوسکے نزدیک محبوب
اور بزرگ زیادہ ہوتا ہے کیا اچھا عاشقانہ قول ہے ؎ معشوق کا گھر خانۂ عاشق سے ہی بہتر
کیا فخر ہے گر عرش سے بڑھ جائے مدینہ پس جس مسلمان کو کہ خداوند کریم وہان پہونچائے
کہ نعمت عظمی اور سعادت دنیا و عقبی ہے تو جب تک کہ اوس مقام اقدس مین حاضر رہے
تلاوت قرآن مجید اور درود شریف کے ورد مین مصروف رہے اور نظر حجرۂ اطہر اور روضۂ
منور معطر معنبر حبیب خالق اکبر سے نہ اوٹھاوے کیونکہ اہل حدیث کے نزدیک روضۂ
اقدس کے نظر کرنے کا حکم استحبابا حکم نظر کرنے کعبۂ شریف کا ہے اور اگر باہر مسجد شریف
کے ہو تو قبلۂ اقدس پر اکثر عشق اور ذوق و شوق اور تعظیم و تکریم اور خشوع و خضوع سے نظر کرتا رہے

آپ جسطرح سے کہ گھر مین ہوتی تھین اوسیطرح چلی آتی تھین جب حضرت عمرؓ وہان مدفون
ہوئے تب سے آپ بے ستر کامل نہین آتی تھین پس حضرت عمرؓ نے اپنے عہد مین کچی اینٹ
سے تعمیر فرمایا پھر ولید نے اوس مقام منور معطر کو نئے سر سے نقش دار پتھرون سے
تعمیر کیا اور اوسکے گرد ایک چار دیواری بنائی بے دروازے کی اور ۸۸ھ ہجری مین
جمال الدین اصفہانی کہ اونکی خوبیان اور کمالات وحسنات مدینہ طیبہ مین اون دنون مین
مشہور ومعروف تھی اونھون نے ایک کٹہرہ جھنجری دار صندل کی لکڑی کا گرد حجرۂ
شریف کے بنایا اور وہ خود جوار اقدس مین قریب باب جبرئیل کے مدفون ہوا اونھین
دنون مین ابن ابوالہیجا شریف نے ایک چادر سفید دیبائی مصری کہ اوسپر ریشم سرخ سے سورۂ یٰسین
لکھی ہوئی تھی واسطے ڈالنے اوس مقام اطہر کے بھیجی جب سے ہر بادشاہ کی رسم ہوگئی کہ
ہر ایک بادشاہ اپنے اپنے وقت مین غلاف شریف وس بارگاہ عالم پناہ کی لیے بھیجتا رہا
اور ۶۷۸ھ ہجری مین قلاون صالحی کے عہد مین سبز قبہ شریف مسجد نبوی کی چھت سے اونچا
جسطرح اب موجود ہے بنایا گیا بعد اسکے سلطان سلیمان خان رومی نے ۹۷۴ھ ایک ہزار ہجری
مین حجرہ شریف کے اندر سنگ سفید کا فرش بنایا کہ ابتک موجود ہے اور جو کٹہرۂ شریف جالیدار
کہ اب موجود ہے یہ سب سلطان سلیمان خان کا بنایا ہوا ہے لکھا ہے کہ بعد بناء عمر بن عبدالعزیز
کے آج کے دن تک اندر جانا موقوف ہوگیا سوائے ایکمرتبہ کے کہ ۵۴۸ھ ہجری مین ایک آواز
حجرۂ شریف سے سنی گئی جیسے کوئی چیز اوپر سے گرتی ہے پس ایک صوفی شیخ کامل عارف
باللہ کہ تقوی وطہارت ومجاہدہ وریاضت مین اپنا مثل نہ رکھتے تھے اونھون نے بپاس ادب
وکمال احتیاط چند روز سے کھانا چھوڑ دیا پس اونکو رسیون سے باندھ کر ایک تابدان کی طرف سے
کہ چھت کے کونے مین تھا نیچے اوتار دیا دیکھا کہ تھوڑی سی مٹی اوپر سے گری تھی اونھون
اوسکو وہان سے اوٹھا کر اوس مکان جنت نشان کی جاروب کشی اپنی ڈاڑھی سی کی اسیطرح
اونھین دونون مین ایکبار اور ۱۰۳۱ھ مین عنبر شمیم کی صفائی کی گئی ف روضۂ اقدس مسجد نبوی
ایک جگہ مربع مستطیل ہے طول مین حجرۂ شریف سے منبر اطہر تک اور عرض مین پشت مسجد
نبوی قدیم سے ستون علی یا ستون وفود تک اور وہانسے منبر اطہر کی سیدھ تک ذہب بر

ف بیان شکل روضہ اقدس اطہر

لکھتے ہین کہ اب ستون حنانہ نہین باقی رہا بالفعل اوسی جگہہ اسطوانہ بمخالقہ ہے بعض کہتے ہین کہ حنانہ کو وہین دفن کردیا اور بعض کہتے ہین کہ اوسکی کنگھیان بناکر بطور تبرک کے تقسیم کی تھین اہل حدیث لکھتے ہین کہ اگر کوئی بڑی دعا نہ پڑھہ سکے تو اسقدر ضرور کہے السلام علیك یا رسول الله السلام علیك یا نبی الله السلام علیك یا سید المرسلین السلام علیك یا خاتم النبیین روایت ہے کہ ابن عمرؓ جب زیارت شریف کو آتے تھے تو یہ کہتے تھے السلام علیك یا رسول الله السلام علیك یا ابا بکر السلام علیك یا ابتاہ اور حضرت امام مالکؒ سے منقول ہے کہ یہ کہے السلام علیك ایها النبی ورحمة الله وبرکاته غرض وقت ضرورت کے اختصار درست ہی ورنہ جو مشتاق کہ بادل پر اشتیاق بارگاہ حبیب کبریا مین پہونچے کب اختصار اور کمی پر صبر کرسکتا ہے ؎ دلیکہ عاشق صابر بود دگر سنگ ست ؎ زعشق تا بہ صبوری ہزار فرسنگ ست + لکھا ہے کہ حضرت امام اعظمؒ جب زیارت شریف کو حاضر ہوتے تو آپ عرض کرتے السلام علیك یا سید المرسلین جواب آتا وعلیك السلام یا امام المسلمین خداوند کریم وہ وقت مسعود ومبارک باعث نجات ومغفرت سب مسلمانونکو نصیب فرماوے آمین

فصل تیسری

روضۂ اطہر معطر ومنبر اطہر اقدس کے فضائل مین

پوشیدہ نرہے کہ حجرۂ شریف جسمین حبیب کبریا سید انبیا رونق افروز ہین مع دونون یار عالی وقار کرامی مقدار کے وہ حجرۂ اقدس حضرت عائشہ کا تھا جب رسول مقبول صلعم نے اس دنیا رفانی سے بارگاہ سبحانی مین انتقال فرمایا تو مقام دفن مین اختلاف واقع ہوا آخر کار حضرت ابابکر صدیقؓ نے فرمایا کہ سنا ہے رسول مقبول صلعم سے کہ نہین قبض کرتا اللہ تعالی کسی نبی کو مگر اوسی جگہہ کہ جس مقام مین وہ دفن ہونے کو دوست رکھتا ہو تو اسی جگہہ اپکو رکھنا چاہیے روایت کیا ترمذی نے پس بعد وفات سرور عالم صلعم کے حضرت عائشہ صدیقہؓ وہین رہا کرین لیکن بسبب آمد ورفت لوگونکے زیارت کے واسطے ایک دیوار درمیانمین بنادی تھی اور اوسمین ایک دروازہ رکھا کہ اوسمین سے واسطے زیارت شریف کے جاتی جاتی تھین پس جب تک کہ حضرت عمرؓ وہان مدفون نہین ہوئے تھے تب تک

درود شریف پڑھے اور اپنے اور رب کے واسطے دعا مانگے پس یون کہے السلام علیك یاخاتم
النبیین السلام علیك یا شفیع المذنبین السلام علیك یا امام المتقین السلام علیك
یارسول رب العالمین السلام علیك یا منة الله علی المومنین السلام علیك یا طٰہٰ
السلام علیك یا یسین السلام علیك وعلی اهل بیتك و ذریتك الطیبین السلام علیك
وعلی ازواجك الطاهرات امهات المومنین السلام علیك وعلی اصحابك اجمعین وعلی
التابعین الی یوم الدین اللهم اعطه نهایة ما ینبغی ان یسأله السائلون وغایة ما ینبغی
ان یامله الآملون اللهم انك قلت وانت اصدق القائلین ولو انهم اذ ظلموا انفسهم
جاؤك فاستغفروا الله واستغفر لهم الرسول لوجدوا الله توابا رحیما یا حبیب الله
یا شفیع الله یا نبی الله یارسول الله قد اتیناك ظالمین لانفسنا مستغفرین من
ذنوبنا فاستغفر انت واشفع لنا الی ربك فنجد الله توابا رحیما واسأله ان یمن
علینا بسائر مطلوباتنا ویحشرنا فی زمرة عباده الصالحین اللهم اشهدك
واشهد رسولك وابا بكر وعمر صاحبی رسولك واشهد الملائكة النازلین علی
هذه الروضة الكریمة العاكفین علیها والقائمین علی هذه البقعة الفطیمة بان
اشهد ان لا اله الا انت وحدك لا شریك لك وان محمدا عبدك ورسولك واشهد
ان ما جاء من عندك الی رسولك من امر ونهی فهو حق لا كذب فیه وانی مقر لك
بجنایتی ومعترف بخطیئتی ومعصیتی من الكبائر والصغائر فاغفر لی جمیعها
ولوالدی وللمؤمنین وامنن علیّ بالذی منت به علی اولیائك بتوفیق الطاعة
فانك المنان ذو الفضل والاحسان الغفور الرحیم باهل الایمان ربنا اتنا فی الدنیا
حسنة وفی الاخرة حسنة وقنا عذاب النار سبحان ربك رب العزة عما یصفون
وسلام علی المرسلین والحمد لله رب العالمین بعد اسکے اسطوانۂ ابولبابہ کے پاس جو قبلہ
ومنبر کے درمیان مین ہے جاکر دوگانہ پڑھے اور توبہ کرے اور دعا مانگے پھر روضہ
شریف مین نماز پڑھے اور تسبیح وثنا اور استغفار کرے پھر منبر شریف کے پاس دو
پڑھے اور دعا مانگے پھر مقام ستون حنانہ کے پاس جاکر بھی ایسا ہی کرے ف علی

اور سلام پہونچادی اوسکا جسنے اسی وصیت کی ہو اسطور سے کہ السلام علیك یا رسول الله من فلان بن فلان یستشفع بك الی ربك فاشفع له ولجمیع المسلمین پھر سرہانے سے ہٹ کر مسجد جدید عثمانی کیطرف جاکر چہرۂ مبارک کے سامنے پشت بقبلہ کھڑا ہو اور درود و سلام پڑھے جتنی بار چاہے پھر ایک ہاتھہ داہنی طرف ہٹ کر سامنے رومی شریف حضرت ابابکر صدیق کے ہوکر کہے السلام علیك یا خلیفة رسول الله السلام علیك یا صاحب رسول الله فی الغار السلام علیك یا رفیقه فی الاسفار السلام علیك یا امینه فی الاسرار جزاك الله عنا افضل ما جزی اماما عن امة نبیه ولقد خلفته یا صدق خلف وسلكت طریقه ومنهاجه خیر مسلك وقاتلت اهل الردة والبدع ومهدت الاسلام ووصلت الارحام ولم تزل قاتلا للحق ناصرا لاهله حتی اتاك الیقین والسلام علیك ورحمته وبركاته اللهم امتنا علی حبه ولا تخیب سعینا فی زیارته برحمتك یا ارحم الراحمین پھر ایک ہاتھہ اور ہٹ کر حضرت عمر فاروق رضہ کے سامنے کھڑا ہوکر کہے السلام علیك یا امیر المومنین عمر الفاروق السلام علیك یا من كمل الله به الاربعین السلام علیك یا من استجاب الله فی دعوة خاتم النبیین السلام علیك یا من اظهر الله به الدین السلام علیك یا من اعز الله به الدین السلام علیك یا من نطق بالصواب ووافق قوله محكم الكتاب السلام علیك یا من عاش حمیدا وخرج من الدنیا شهیدا جزاك الله عن نبیه وامته خیر السلام سلام الله وبركاته علیك پھر آدھے ہاتھہ کی قدر اوپر بڑھکر دونوں کے درمیان میں کہے السلام علیكما یا صحبی رسول الله صلی الله علیه وسلم ورفیقیه ووزیریه ومشیریه والمعاونین له علی القیام فی الدین والقائمین بعده بمصالح المسلمین جزاكما الله احسن جزاء جسنا كما نتوسل بكما الی رسول الله لیشفع لنا ویسئل ربنا ان یتقبل سعینا ویحیینا علی ملته ویمیتنا علیها ویحشرنا فی زمرته پھر اپنے اور ماں باپ کے لیے اور جسنے دعا کی خواست کی ہو دعا کی اوسکے لیے دعا مانگے پھر منبر شریف اور قبر شریف کے درمیان حضرت کے سرہانے کر جیسے پہلے زیارت پڑھی تھی آخر میں بھی وہیں جاکر پڑھے اور اللہ کی ثنا و صفت بیان کرے اور

دعا حضرت ابابکر صدیق رضہ کی زیارت کے وقت پڑھے

دعا حضرت عمر فاروق رضہ کی زیارت کے وقت پڑھے

زمین دیکھنا اور سپر کھڑا ہونا اور بیٹھنا روزی ہوا اور سمجھے کہ یہ وہ دربار شہنشاہ عالیجاہ عالم پناہ
ہے جسکا اہتمام رب العالمین خود فرماتا ہے لَا تَرْفَعُوْٓا اَصْوَاتَكُمْ فَوْقَ صَوْتِ
النَّبِيِّ وَلَا تَجْهَرُوْا لَهٗ بِالْقَوْلِ آتو وہان زنہار پکار کر نہ بولے پس کمال ادب سے اول
درمیان منبر اقدس اور قبر شریف کے اسطرح پر کہ ستون منبر کا داہنے کندھے کے برابر
پڑے سامنے محراب کے دوگانہ تحیۃ المسجد کا قلیا اور قل ہو اللہ کے ساتھ پڑھے
اور وہ مقام موقف ہے سرور عالم صلعم کا اور داخل ہے روضۂ اقدس اطہر میں جسکی
شان میں یہ حدیث آئی ہے مَا بَيْنَ بَيْتِيْ وَمِنْبَرِيْ رَوْضَةٌ مِّنْ رِيَاضِ الْجَنَّةِ یعنے
فرمایا حضرت صلعم نے کہ درمیان گھر اور منبر میرے کے ایک باغ ہے باغون جنت
سے اگر وہان جگہہ نہ پاوے تو روضہ اقدس میں جہان جگہہ پاوے پڑھے پھر سجدۂ شکر
ادا کرے کہ حق تعالے نے توفیق وہان پہونچنے کی بخشی اور جو چاہے سو دعا مانگے اور
استمداد حضرت سے ملحوظ رکھے پھر شباک اقدس کے پاس سرور عالم صلعم کے سرہانے
کیطرف جاکر کمال ادب اور آگاہی اور حضوری قلبی کے ساتھہ دہنے ہاتھہ کو بائین پر رکھے
جیسے کہ شیخ عبد الحق محدث دہلوی ح کرمانی وغیرہ سے نقل کرتے ہین کہ مذہب متقی بہ اور
مذہب مختار یہی ہے کہ وقت زیارت شریف کے سیدھا ہاتھہ بائین ہاتھہ پر رکھے مانند نماز
کے اور اوسوقت صورت منور معطر مطہر کو خیال مین لائے کہ حبیب کبریا صلعم اس بقعہ
اقدس مین آرام فرما رہے ہین اور میرے حاضر ہونے اور زیارت کرنے کو جانتے ہین
اور آپ بنفس نفیس بلا واسطہ میرے سلام و کلام کو سنتے ہین اور جواب سے یاد فرماتے
ہین پس نہایت آداب اور حضور قلب سے کہے السلام علیك یا نبی اللہ و رحمۃ اللہ
و برکاتہ اشہد انك رسول اللہ قد بلغت الرسالۃ و ادیت الامانۃ و نصحت الامۃ و جاہدت
فی امر اللہ حتی قبض روحك حمید المحمود اجزاك اللہ عن صغیرنا و کبیرنا خیر الجزاء و صلی
علیك افضل الصلوۃ و ازکاہا و اتم التحیۃ و انماہا اللہم اجعل بیننا یوم القیمۃ اقرب
النبین و اسقنا من کاسہ و ارزقنا من شفاعتہ و اجعلنا من رفقائہ یوم القیمۃ اللہم
لا تجعل ہذا اخر العہد بقبر نبینا صلی اللہ علیہ وسلم و ارزقنا العود الیہ یا ذا الجلال و الاکرام

رسولك صلی اللہ علیہ وسلم مارزقت اولیائك واھل طاعتك واخلصنی من النار
واغفرلی وارحمنی یاخیر مسئول پھر مسجد اقدس مین باب جبرئیل یا باب السلام سے
داخل ہو مگر اول بہتر ہے اور یہ درود اور دعا پڑھے اللھم صل علی سیدنا محمد وعلی آل
سیدنا محمد اللھم اغفرلی ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتك اللھم اجعلنی الیوم
من اوجہ من توجّہ الیك واقرب من تقرب الیك وانجح من دعاك وابتغی
مرضاتك اوسوقت دل سے یقین کرے اس بات پر کہ آج کا دن ثمرۂ زندگانی اور نتیجۂ
تمام عمر ہے کیونکہ دن مغفرت کا ہے اس خوشی مین پھولا نہ سمائے اور جہانتک ہوسکے
شکر اس نعمت عظمیٰ کا بجالائے خدا وہ دن سب مسلمانونکو نصیب کرے آمین یارب العالمین

فصل دوسری

اداب زیارت شریف سکھاور طریقہ زیارت کرنے مین

پوشیدہ نرہے کہ جسوقت ارحم الراحمین اپنے فضل عظیم اور رحمت عمیم سے بارگاہ
رحمۃ للعالمین اور دربار سید المرسلین مین پہونچاوے تو وقت داخل ہونے کے
اول سیدھا پاؤن رکھے اور یہ دعا پڑھے اعوذ باللہ العظیم ولوجھہ الکریم
وبنورہ القدیم من الشیطان الرجیم بسم اللہ ولاحول ولاقوۃ الّا باللہ
ماشاء اللہ لاقوۃ الّا باللہ اللھم صل علی سیّدنا محمد صلی اللہ علیہ وسلم
عبدك ورسولك وعلی آلہ وصحبہ وسلم تسلیما کثیرا اللھم اغفرلی
ذنوبی وافتح لی ابواب رحمتك اللھم وفقنی واعنّی علی کل مایرضیك
ومن علی بحسن الادب السلام علیك ایھا النبیّ ورحمۃ اللہ وبرکاتہ
السلام علینا وعلی عباد اللہ الصالحین اس دعا کو آتے اور جاتے نہ چھوڑے
پس وسوقت اس بات کا دھیان رکھے کہ اسوقت مین ایسی جگہ ہون کہ دنیا ومافیہا مین
کوئی مقام اس رتبہ اور عظمت کا نہین ہے اور اس مضمون کو سمجھکر شکر خدا بجالاوے
کہ بندۂ گنہگار رتبہ کا پریہ فضل عظیم ہوا کہ جاے قیام صاحب قاب قوسین سید الکونین اور
مقام صاحب لولاک سید الکونین مین پہونچنا نصیب ہوا اور اس دنیا ناپائدار مین جنت کی

کہ جسمین رحمۃ للعالمین محبوب رب العالمین چلے پھرے ہین اور اس سرزمین کو تمام عالم کے بقعون سے
شرف وفضل بخشا اور غلبۂ محبت مین اس شہر مقدس کے ہر طرف گذر فرمایا پس نہ رکھے کوئی قدم
مگر نہایت ادب اور حضوری وبیداری سے کیونکہ یہ وہ مقام عالی رتبہ ہے کہ خاصان حق اور
عاشقان رسول اسکی قدر ومنزلت اور شوکت وعظمت جانتے ہین بے ادب اور گستاخ کیا جانین
حضرت لسان الغیب خواجہ حافظ فرماتے ہین ؎ بر زمینی کہ نشان کف پای تو بود ۔ سالہا سجدۂ
صاحب نظران خواہد بود ۔ اہل حدیث لکھتے ہین کہ چلنا اوس زمین مین جسمین چلے سرور عالم صلعم
موجب کفارۂ گناہ ہونگا اور باعث پیدا ہونے نور ایمان اور عرفان کا ہے خصوصًا نیت صالحہ
کے ساتھ ہو فی الحقیقت کیسی بڑی سعادت دنیا وآخرت اوس شخص کو حاصل ہے جو تتبع
آثار شریفہ عالیہ کا ہے اور حبیب کبریا کے دیس مین چلتا اور پھرتا ہے خدا جسکو نصیب
کرے اور تصور کرے اس بات کا کہ یہ شہر اوس ذات اقدس سید الانبیا والمرسلین کا ہے
جسکی شان مین وَرَفَعْنَا لَكَ ذِكْرَكَ نازل فرمایا اور کل امورات دنیا وآخرت کو اوسکی رضامندی
اور خوشنودی پر سونپا اور اوسکی اطاعت اور بیعت کو اپنی بیعت کے ساتھ ذکر فرمایا اِنَّ الَّذِيْنَ
يُبَايِعُوْنَكَ اِنَّمَا يُبَايِعُوْنَ اللّٰهَ اور اوسکی تابعداری اور فرمان برداری کو عین اپنی تابعداری کے
ساتھ ارشاد فرمایا اور بہت بڑا سبب اپنی رضامندی اور خوشنودی کا مقرر کیا اور فرمایا دیا
مَنْ يُّطِعِ الرَّسُوْلَ فَقَدْ اَطَاعَ اللّٰهَ وَقُلْ اِنْ كُنْتُمْ تُحِبُّوْنَ اللّٰهَ فَاتَّبِعُوْنِيْ يُحْبِبْكُمُ اللّٰهُ
اور فرمایا اِنَّ اللّٰهَ وَمَلٰٓئِكَتَهٗ يُصَلُّوْنَ عَلَى النَّبِيِّ اَللّٰهُمَّ صَلِّ عَلَى الْحَبِيْبِ الْمُكَرَّمِ
الف الف مرۃ غرض جون جون بڑھتا جائے درود شریف پڑھتا جائے
جب حرم اقدس دکھلائی دے تو یہ دعا پڑھے اَللّٰهُمَّ هٰذَا حَرَمُ رَسُوْلِكَ
فَاجْعَلْهُ لِيْ وِقَايَةً مِّنَ النَّارِ وَاَمَانًا مِّنَ الْعَذَابِ وَسُوْءِ الْحِسَابِ اور جو
ہوسکے تو غسل کرے پہلے داخل ہونے سے یا بعد اوسکے اور اچھے کپڑے
پہن کر خوشبو لگا کر کمال تواضع ووقار کے ساتھ مدینہ طیبہ مین داخل ہو اور یہ دعا
پڑھے بِسْمِ اللّٰهِ مَا شَاءَ اللّٰهُ لَا قُوَّةَ اِلَّا بِاللّٰهِ رَبِّ اَدْخِلْنِيْ مُدْخَلَ صِدْقٍ
وَّاَخْرِجْنِيْ مُخْرَجَ صِدْقٍ اَللّٰهُمَّ افْتَحْ لِيْ اَبْوَابَ رَحْمَتِكَ وَارْزُقْنِيْ مِنْ زِيَارَةِ

باب نوان

فصل پہلی

اداب داخل ہوسے مدینہ طیبہ کے

پوشیدہ نرہے کہ جب حاجی حج سے فارغ ہوجاوے تو قصد روضہ مقدس مطہر کی زیارت کا کرے اور اوسکے ساتھہ نیت مسجد نبوی کی بھی شریک کرلے پس جب مدینہ طیبہ کیطرف روانہ ہو توراہ مین فرائض و واجبات وسنن کو بخوبی بجالائے اور محرمات ومکروہات سے پرہیز کرے اور جہانتک ممکن ہو ساتھہ اخلاص نیت اور پاکی اور طہارت قلبی سے روانہ ہو اور جتنی مسجدین بیچ شریف سے مدینہ طیبہ تک راہ مین ملین اونمین نماز پڑھتا جائے بالفعل اونمین سے ایک مسجد تنعیم ہے جسکو مسجد عائشہ رض کہتے ہین دوسری سرف کہ حضرت میمونہ رض کی درگاہ اقدس سے قبلہ کیطرف بخنہ بڑی مسجد ہے تیسری مسجد غلیص کی کہ بالفعل خام ہے اور نہر بھی اوسکے صحن سے باہر جاری ہے چوتھی مسجد بدر کی کہ بخنہ اور بہت بڑی ہے اور بدر مین ایک مسجد اور بھی بڑی ہے کہ اوسکے آگے نہر جاری ہے اوسکو مسجد شریف کہتے ہین پانچوین مسجد الشجرہ ذوالحلیفہ ہین کہ بالفعل وہان ایک دیوار قبلہ کیطرف باقی ہے اکثر لوگ وہان سے احرام باندھتے ہین اور چاہیے کہ زیارت کرے حضرت میمونہ کی قبر شریف کی جو مقام سرف مین تنعیم اور وادی کے درمیان ہے اور وہان ایک مسجد بھی بنی ہوئی ہے وہان دعا مانگے اور راہ مین جب نماز وغیرہ ضروریات سے فارغ ہو تو درود شریف پڑھتا رہے حضرت امام محمد غزالی رح احیا مین لکھتے ہین کہ جبوقت نظر پڑین درخت مدینہ طیبہ کے تو کثرت سے درود شریف پڑھے اور شوق مین آکر تیز چلے اور ہوسکے تو پیادہ ننگے پاؤن روتا ہوا عاجزی کرتا ہوا روانہ ہو اور اوسوقت اس بات کا دھیان کرے کہ یہ وہ شہر مقدس مطہر معطر معنبر ہے کہ رب العالمین نے اپنے حبیب کے واسطے دار ہجرت مقرر کیا اور حبیب کبریا نے اس شہر کو دل سے پسند فرمایا اور دین محمدی نے یہین سے ترقی پائی اور یہ وہ شہر ہے کہ جسمین حبیب کبریا رونق افروز و جلوہ گر ہے اور آپکے محبان قلبی مہاجرین و انصار وغیرہ تابعین و آل اطہار سب یہین آرام فرما رہے ہین اور یہ وہ سرزمین عنبر شمیم ہے

کہ فرماتی ہین کہ جب آئے رسول مقبول صلعم مدینہ طیبہ مین تو حضرت ابابکر صدیق رض اور حضرت بلال رض کو
تپ آئی پس آئی ہین رسول مقبول صلعم کے پاس اور خبر دی مینے اونکو تو آپنے فرمایا کہ الہی دوست کر تو
طرف ہمارے مدینہ طیبہ کو مانند دوستی ہماری کے مکہ شریف کو بلکہ زیادہ تر اوس سے اور لے
اللہ دوست کر تو آپ وہوا مدینہ طیبہ کو اور بہتر دے واسطے ہمارے بیچ صاع اور مد مدینہ طیبہ کے
اور نکال اسکی تپ کو اور رکھ اوسکو جحفہ مین ف وارد ہوا کہ حضرت عائشہ صدیقہ رض نے حضرت
ابابکر صدیق رض سے حالت تپ مین پوچھا کہ کیا حال ہے آپکا اوسوقت باواز بلند مکہ شریف کا اور
اوسکی آب وہوا اور موافق کا ذکر فرمانے لگے آپنے یہ حال سنکر حضرت کی خدمت مین جاکر عرض کیا
اوسوقت حضرت صلعم نے دعا مذکور فرمائی اور جحفہ نام ایک جگہ کا ہے درمیان مکہ معظمہ و
مدینہ طیبہ کے اوس زمانہ مین وہان یہود رہتے تھے اور مدینہ طیبہ کی زمین مین پہلے ہجرت فرمانے
کے وبا اور بیماری رہتی تھی پس آپنے فرمایا کہ کفار کی زمین مین جاوے اس حدیث سے علماء دین
دلیل پکڑتے ہین کہ جائز ہے بد دعا کرنی کفار پر ساتھہ بیماریون اور موت وہلاک کے اور خراب
ہونے شہرونکے حضرت علی رض سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہین کہ ایکدن مین رسولخدا صلعم
کے ساتھہ مدینہ طیبہ سے نکلا اور بمقام سعد بن وقاص پہونچا پس آپنے وہان وضو کیا اور
جانب قبلہ پھرے ہوکر آپنے دعا خیر فرمائی کہ خداوندا ابراہیم بندہ تیرا اور خلیل تیرا ہے دعا کی
اوسنے تجھسے مکہ معظمہ کی شان مین خیر و برکت کے ساتھہ اور مین کہ بندہ تیرا اور رسول تیرا ہون
دعا کرتا ہون مدینہ طیبہ کی شان مین خیر و برکت کے ساتھہ خداوندا برکت دے اونکے صاع اور
مد مین جیسے کہ برکت دی تو نے مکہ شریف مین اور مانند اوسکے یعنے دو چند اوسکے کہ دعا کی حضرت
ابراہیم نے اور حضرت انس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ پروردگار
میرے کر مدینہ طیبہ مین دو چند اوس برکت سے کہ کی تو نے مکہ شریف مین روایت کیا بخاری
اور مسلم نے ف ظاہر ہے کہ حضرت ابراہیم خلیل اللہ تھے اور ہمارے حضرت صلعم
حبیب اللہ ہین اور حبیب کا مرتبہ بڑا ہے خلیل سے تو جب خلیل کی دعا مکہ شریف کے
باب مین قبول ہوئی تو حبیب کی دعا کیون نہ قبول ہو رب العالمین اوس دلیل مین سب
مسلمانونکو پہونچاوے اور اوس سرزمین عنبر شمیم مین پھراوے آمین

ف کھانا اور پینا مٹی کا حرام ہے لیکن علماء دین لکھتے ہین کہ اس خاک پاک کے باب مین جو احادیث
متواتر وارد ہوئین اسوجہ سے اسکا کھانا حلال ہے اور بھی اس خاک پاک کے لیجانے کے باب مین
آثار وارد ہوئی ہین بعض اخبار سے ثابت ہوتا ہے کہ وہ خاک ایک جگہ خاص کی ہے کہ اوسکو
صعیب اور وادی بطحان بھی کہتے ہین لیکن مسلمان کو چاہیے کہ نیت صادق اور اعتقاد صحیح سے
عمل مین لاوے نہ بہ نیت تجربہ اور فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو کوئی سات کھجورین عجوہ مہارنیمہ
کھاوے کوئی زہر اور کوئی سحر اوسپر تاثیر نکرے حضرت عائشہ صدیقہ رضہ اسکے کھانے کو واسطے
عارضہ دوار کے کہ نہایت سخت مرض ہے بتلاتی تھین ف عجوہ ایک قسم ہے تمر سے
کہ اہل مدینہ طیبہ اوسکو جانتے ہین اور بعض کہتے ہین کہ اصل اوسکی اوس کھجور سے ہے کہ رسول
مقبول صلعم نے اپنے دست مبارک سے لگائی تھی اور کھجور کی قسمین مدینہ شریف مین بہت ہین
کہ شمار اونکے اقسام کی دشوار ہے سید سمہودی تاریخ کبیر مین ایک سو اونتالیس ۱۳۹ لکھتے ہین اونمین سے
ایک قسم صیحانی ہے کہ بروایت حضرت جابر رضہ ثابت ہوا کہ ایک روز رسول مقبول صلعم ہاتھہ
مین ہاتھہ حضرت علی رضہ کے دیے ہوئے مدینہ شریف کے باغونمین گلگشت فرما رہے تھے
کہ یکایک ایک کھجور کے درخت سے آواز آئی کہ ھٰذا محمد صلی اللہ علیہ وسلم سید الانبیاء
وھٰذا علی سید الاولیاء ابو الائمۃ الطاھرین بعد اسکے گذر آیا دوسرے درخت پر ہوا
اوسمین سے یہ آواز آئی ھٰذا محمد رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم وھٰذا علی سیف اللہ
اسوجہ سے نام اوسکا صیحانی ہے ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ سب قسم کی کھجورونمین سے
حضرت کو کھجہ عجوہ قسم بہت پسند تھی شیخ عبد الحق لکھتے ہین کہ مدینہ طیبہ کے میوونکے ساتھہ بھی
شفا طلب کرنے مین حدیث صحیح ثبوت کو پہونچی اور کیون نہو وہانکی کل چیزونمین خیر و برکت اور شفا
وصحت جس سرزمین کے لیے رحمۃ للعالمین نے دعائین فرمائی ہون اور اپنے آرام و قیام کے
واسطے دل سے پسند فرمایا ہو اور وہانکی آب و ہوا کو اور کل چیزونکو عزیز اور محبوب رکھا ہو حضرت
ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ تھے لوگ کہ جسوقت دیکھتے تھے کوئی نیا پھل تو لاتے حضرتکی
خدمتمین پس آپ اوسکو لیتے اور دعا فرماتے کہ اے اللہ برکت دے واسطے ہمارے بیچ میوے
ہمارے کے اور شہر ہمارے کے اور مد و صاع ہمارے کے حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے

زمین کو ساتھہ نہونے طیب کے نسبت کرے معاذاللہ اور اوسکی ہوا کو ناخوش کہے واجب التعزیر
ہوجاتا ہے اوسکو یہانتک قید کرنا چاہیے کہ توبہ صحیح کرے حضرت شبلی رح کہ منجملہ علماء کبار
اور صاحب حال سے ہین فرماتے ہین کہ خاک پاک مدینہ طیبہ کو ایک خوشبو خاص حاصل ہے
کہ مشک و عنبر مین نہین ہے شیخ فرماتے ہین کہ یہ بات اعجب العجائب سے ہے لیکن آپ لکھتے ہین
کہ حقیقت مین کچھہ عجب نہین ہے کیونکہ جس جگھہ خوشبوئین انفاس پاک حبیب کبریا کی پہونچی ہون مشک
و عنبر کی کیا حقیقت ہے ولنعم ما قیل ؎ دران زمین کہ نسیمے وزد ز طرۂ دوست ✤ چہ جاے
دم زدن نافہ ہاے تاتاری ست ✤ چنانچہ خاصان حق لکھتے ہین کہ اوس شہر مقدس کی ہر ایک
خوشبو مین ایک کیفیت خاص حاصل ہے کہ کسی جگھہ نہین ہے خصوصًا گل گلاب کہ جیب کبریا کے
ساتھہ بہ نسبت خاص مشہور و معروف ہے ؎ ز نسیم جانفزایت تن مردہ زندہ گردد ✤ زکدام
باغی اے گل کہ چنین خوش ست بویت ✤ علماء دین لکھتے ہین کہ مدینہ طیبہ کی خاک پاک کا
اس سے زیادہ کیا شرف و فضل بیان کیا جاوے کہ احادیث صحیحہ سے ثابت ہوا کہ
پیدائش ہر نفس کی اوس خاک سے ہے جہان وہ دفن ہوتا ہے پس صریح لازم آیا
کہ پیدائش نفس اطہر معطر معنبر حبیب کبریا سید انبیا کی تربت طیبہ مدینہ منورہ سے ہے اور علاوہ
اوس شاہنشاہ عالیجاہ عالم پناہ کے اکثر نفوس آل و اصحاب و تابعین و عارفین اوس سرزمین عنبر شمیم مین
آرام فرما رہے ہین ابن حجر فرماتے ہین کہ مدینہ طیبہ مین ایک گڑہا مشہور ہے تحقیق تجربہ کیا اسکا
علماء دین نے واسطے حاصل ہونے شفا کے عارضہ تپ سے اس طریقہ سے کہ تھوڑی سی وہ
خاک پاک پانی مین گھولکر پی لیوے رسول مقبول صلعم نے بعض اصحاب کو حکم فرمایا کہ عارضہ تپ کا
علاج اس خاک پاک سے کرین چنانچہ مدینہ طیبہ مین صحابہ اور تابعین سے یہ عمل ارثًا چلا آتا ہے
شیخ مجدالدین فیروزآبادی لکھتے ہین کہ مینے خود تجربہ کیا کہ میرا ایک غلام تھا کہ ایک برس سے
تپ کے عارضہ مین گرفتار تھا پس مینے تھوڑی سی خاک پاک پانی مین گھولکر پلادی اوسیدن
صحت پائی اسیطرح حضرت شیخ فرماتے ہین کہ مجھہ بھی اس علاج کا تجربہ ہوگیا جس زمانہ مین مین
وہان حاضر تھا تو یہانتک بیمار ہوا کہ پاؤن پر ورم آگیا کہ باتفاق حکما آثار ردی ہین تو اوسوقت
مینے خاک پاک تھوڑی سی چند روز استعمال کی کہ اوس عارضۂ مہلک سے صحت پائی

اور مقر بھی نام مبارک ہے بمعنی جاے قرار کے حدیث شریف مین وارد ہوا کہ اللھم اجعل لنا بھا قرارا و رزقا حسنا اور مکینہ بھی نام مبارک ہے اس جہت سے کہ عظمت اور مکنت اس شہر مقدس کی بارگاہ خداوندی مین ہے ناجیہ بھی نام مبارک ہے کہ نجات سے مشتق ہے یعنے اس شہر کے رہنے والے نجات پانے والے ہونگے دنیا و آخرت کی آفتون سے اور مدینہ بھی نام مبارک ہے کہ یہ نام مشہور و معروف ہے اصل لغت مین مدینہ نام گھرون آباد کا ہے اور کثرت عمارت مین حد قریہ سے بڑھ گیا ہوا اور ہر مرتبۂ مصر کے پہونچا ہوا اور بعض کے نزدیک مصر و مدینہ ایک ہے مرتبہ مین اور اب یہ نام حبیب کبریا کے شہر پاک کا ہے قرآن مجید مین کئی جگھہ یہ نام مبارک وارد ہوا اور توریت مین وارد ہوا سید البلدان حدیث شریف مین روایت امیر المومنین حضرت عمر رضہ وارد ہوا یا طیبۃ یا سید البلدان کہ اسکی تحقیق فضائل مدینہ کے بیان مین بخوبی روشن اور ظاہر ہے واللہ اعلم بالصواب

فصل پانچوین

مدینہ طیبہ کی خاک شفا اور میوون کے فضائل مین اور بھی اعتدال آب و ہوا مین

پوشیدہ نر ہے کہ ارحم الراحمین نے اپنے حبیب رحمۃ للعالمین کے شہر مقدس مدینہ طیبہ کی زمین مین بہت بڑی تاثیرین اور بزرگیان عنایت فرمائی ہین خصوص مدینہ طیبہ کی خاک شفا کے باب مین بہت حدیثین وارد ہوئی ہین اونمین سے چند فضائل احادیث معتبرہ سے لکھے جاتے ہین ابن جوزی سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ خاک مدینہ طیبہ کی شفا ہے واسطے جذام کے اور دوسری روایت مین لفظ برص کا بھی مذکور ہے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ خاک مدینہ شفا ہے ہر بیماری کے لیے اور حضرت سعدؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ قسم ہے اوس ذات کی جسکے قبضہ قدرت مین میری جان ہے کہ تحقیق خاک مدینہ طیبہ کی شفا ہے ہر بیماری کے لیے اور لفظ جذام اور برص کا بھی مذکور ہوا روایت کیا زین نے حضرت امام مالکؒ نے فتوی دیا بیچ مقدمہ اوس شخص کے جسنے کہا نعوذ باللہ خاک مدینہ طیبہ ردی ہے واسطے مارنے تیس دُرّون کے اور حکم فرمایا اوسکے قید کرنیکا کذا فی الشفاء اور شیخ لکھتے ہین کہ مذہب امام مالکؒ کا یہ ہے کہ جو شخص مدینہ طیبہ کی

حدیث شریف مین وارد ہوا والذی نفسی بیدہ تربتها المؤمنة یعنے فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ قسم ہے اوس ذات کی کہ جان میری اوسکے قبضہ قدرت مین ہے کہ خاک مدینہ مومن ہے اور بھی روایت ہے کہ نام اوسکا توریت مین مومنہ ہے مبارکہ بھی القاب برکت مآب اس جناب مستطاب کا ہے احادیث صحیحہ مین وارد ہوا کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ الٰہی مدینہ طیبہ کی سب چیز و نمین حتی کہ مد اور صاع مین برکت عنایت کر زیادہ اوس برکت سے جو تو نے مکہ شریف مین کی چنانچہ ظہور قبولیت دعا کا وہان ہر شے مین عام و خاص پر روشن ہے بغیر شک اور تردد کے اور مجبورہ بھی نام مبارک ہے بمعنے سرور اہل تحقیق لکھتے ہین کہ مجبار اوس زمین کو کہتے ہین کہ جسمین جلدی چیز اوگتی ہو اور کثیر المنفعت ہووے اور یہ سب وصف وہان موجود ہین اور محروسہ و محفوظہ و محفوفہ بھی نام مبارک ہین اسوجہ سے کہ جابجا احادیث مین وارد ہوا کہ ملائکہ مدینہ طیبہ کی نگہبانی کے لیے کھڑے ہین جیسے کہ پہلے بیان سے ان سب ناموں کے معنی ظاہر ہوتے ہین و مرحومہ و مرزوقہ بھی توریت سے نام روایت کیے گئے ہین کیونکہ منزل اور ماوای رحمۃ للعالمین ہونیکا تنزل رحمت ارحم الراحمین ہے علاوہ اسکے ساکنان اس بارگاہ اقدس کو رزق غیبی جسمانی اور روحانی عنایت ہوتا ہے جہان سے وہم و خیال نہین پہونچ سکتا ہے و یرزقه من حیث لا یحتسب اور مسکینہ بھی نام مبارک ہے حضرت علی رضہ سے روایت ہے کہ رب العالمین نے اپنے حبیب پاک کے شہر مقدس کو خطاب فرمایا کہ اے زمین پاک اور اے بقعۂ مطہر و اے مکان مسکین خزانو نکو مت قبول کر اور نام اپنا ساتھہ مسکینیت کے کر پس حقیقت مین یہ خطاب مدینہ طیبہ کے رہنے والونکیطرف ہے کہ بصفت مسکنت اور غربت اور خشوع و خضوع کے موصوف رہین اور بطرف اہل دنیا کے جو اس صفت پر نہون رغبت نکرین اللھم احینی مسکینا وامتنی مسکینا واحشرنی فی زمرۃ المساکین اعنی فی بلدۃ حبیبك سید المرسلین صلی اللہ علیہ والہ واصحابہ اجمعین اور مسلمہ بھی نام مبارک ہے مثل مومنہ کے اور ایمان و اسلام ایک ہے یا یہ کہ یہانکے رہنے والے عذاب آخرت سے سلامت ہینگے اور مطیبہ مقدسہ بھی نام مبارک ہین اسوجہ سے کہ اللہ تعالی نے اس شہر مقدس کو طہارت اور تقدس اور نزہت کے ساتھہ آباد کیا کہ یہ سب وصف لوازم ذاتیہ اس شہر مقدس سے ہین

حسنة *

طبرانی وارد ہوا حرم ابراہیم مکۃ وحرمی المدینۃ وحسنۃ بھی نام مبارک ہے **ف** حسن ظاہری یہ ہے کہ باغون اور چشمون اور نہرون اور پہاڑون بلند وعمارات عالیہ و شاہد مقدسہ وفضای وسیع کو شامل ہے اور حسن معنوی یہ کہ وجود قدس شہود حضرت ختم المرسلین کو کہ شاہد مشہود حضرت پروردگار ومقصود ومقصد کافۂ ابرار ہے وغیرہ آل و اصحاب وتابعین کہ جامع تمامی برکات وکرامات کو ہین شامل وحاوی ہے عرف من ذاق ووجد من عرف ولنعم ما قیل ؎ ومن مذھبی حب الدیار لاھلھا * وللناس فیما یعشقون مذاھب * غرض لذات باطنی وحسن وزیبائی جو اس مقام مقدس مین جلوہ گر ہے روے زمین پر نہین ہے ؎ ہر کجا نوریست تابان باکمال * ظاہرست اصل آن از آفتاب این جمال * خیرۃ بھی نام مبارک ہے کیونکہ جامع جمیع حسنات اور خیرات دنیا وآخرت ہے چنانچہ جو حاکم کہ بعد فتح پانے کے وہان سے چلے گئے تو حضرت نے اونکے حق مین فرمایا کہ مدینہ بہتر تھا اگر جانتے وہ قدر اوسکی اور **دار الابرار الاخیار ودار الایمان والسنۃ ودار السلام ودار الفتح ودار البجرۃ وقبۃ الاسلام** یہ سب القاب اسی جناب مستطاب عرش مآب کے ہین **شافیہ** بھی نام مبارک ہے کہ حدیث شریف مین وارد ہوا کہ خاک مدینہ شفا ہے ہر بیماری کو حتی کہ جذام اور برص کو اور **عاصمہ** بھی نام مبارک ہے بسبب محفوظ رہنے مہاجرین کے مشرکین کی ایذا سے بلکہ محفوظ رہنا اس شہر کے رہنے والونکا دین ودنیا کی آفتون اور عذاب آخرت سے بسبب شرف ہمسایگی حبیب کبریا کے اور **غلبہ** بھی نام مبارک قدیمہ سے ہے بوجہ مذکورہ کہ جو قوم یہان وارد ہوئی سب پر غالب ہوئی چنانچہ یہود عمالقہ پر غالب آئے اور اوس دخرجی یہود پر اور مہاجرین اوس وخزرج پر اور اعاجم مہاجرین پر الا ماشاء اللہ اور نام مبارک **فاضحہ** ہے یعنے بداعتقاد اور بدکار اوسمین پوشیدہ نہین رہ سکتے ہین آخرکار اونکی فضیحتی اور رسوائی ہوتی ہے نعوذ باللہ من غضب اللہ وغضب رسولہ اور **مومنہ** بھی نام مبارک اس مکان مقدس کا ہے بسبب رہنے اہل ایمان کے اور منتشر ہونے احکام ایمان اور شعائر اسلام کے اوسمین چنانچہ نفع اور خیر وبرکت اور الفت وسکنت کہ علامات کاملہ مومن ہین مدینہ طیبہ کے رہنے والونمین یہ سب اوصاف کاملہ ظاہر ہین

خیرۃ *

دار الابرار الاخیار
ودار الایمان والسنۃ
ودار السلام
ودار الفتح دار البجرۃ
وقبۃ الاسلام *

شافیہ عاصمہ *

غلبہ *

فاضحہ *

مومنہ *

عقد موافقت باندھا یعنے اوسنے کہا کہ مین بھی تیرے ساتھہ ہون اور کبھی تجھسے جدا نہونگا پس ضرور ہوا
کہ یہ دونون وصف اطہر اس شہر مقدس مین برسبیل لزوم وجوب جمع ہین کہ الجار من الایمان وارد
ہوچکا ہے اور بھی نام مبارک ہے بلد حق تعالی فرماتا ہے لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ شیخ رح فرماتے
ہین کہ بعض مفسرین کے نزدیک اس آیت شریف مین بلد سے مراد مدینۂ طیبہ ہے اہل اسرار
لکھتے ہین کہ اس آیت شریف سے جو بات ظاہر ہے زیادہ تر اوس سے عظمت اور علوِ مرتبت
متصور نہین کہ مقید کیا حق تعالی نے قسم کو بہ بلد کہ بلد حرام اور بلد امین جسکا نام ہے بوقت حلول
اور نزول اپنے حبیب کے اوس شہر مین اسی جا سے کہتے ہین کہ شرف المکان بالمکین مواہب لدنیہ
مین حضرت عمر رض سے روایت ہے کہ اونھون نے حضرت کی خدمت مین عرض کی کہ بابی
انت وامی پھونچی فضیلت آپکی نزدیک خدا کے ہر مرتبہ کو کہ قسم کھائی خدا نے آپکی حیات کی نہ حیات
کسی نبی کی اور پھونچی فضیلت آپکی نزدیک خدا کے اس حد کو کہ سوگند کھائی آپکی خاک پاکی اور
فرمایا لَآ اُقْسِمُ بِهٰذَا الْبَلَدِ یعنے قسم کھاتا بلد کی کہ عبارت زمین سے ہے کہ اوسپر چلتے ہین قسم
کھانا خاک پاکی ہے اور یہ قسم ایک ستر مکنون اور راز مکتوم ہے کہ نظر کوتاہ بینونکی اوسکے ادراک
سے قاصر ہے جو صاف بین اور پاک نظر واقف انداز راز و نیاز عاشق و معشوق ہین وہ ہی ان
باتونکی کیفیت اور لذت پاتے ہین یہ جو کچھہ مذکور ہوا مدارج النبوۃ مین مسطور ہے **بیت رسول**
اللہ بھی القاب مبارک ہے جیسے کہ بیت اللہ نام مبارک مکہ معظمہ کا ہے ؎ ولنعم ما قیل
زہے سعادت آن بندۂ کہ گردد نزول ✤ گہے بہ بیت خدا و گہے بہ بیت رسول ✤ **اور جابرہ**
وجبارہ بھی نام مبارک ہے کہ صاحب کتاب نواحی نے توریت سے نقل کیا بوجہ اسکے
کہ اس شہر مقدس نے منکرون اور مغرورونکی گردنین زیر کین **اور مجبورہ** بھی نام مبارک ہے
اسوجہ سے کہ وہ مجبور ہے حکم الٰہی کا بہ مقدمۂ سکونت حبیب کبریا کے **اور جزیرۃ العرب**
بھی نام مبارک ہے کہ حدیث شریف مین وارد ہوا کہ اخرجوا المشرکین من جزیرۃ العرب کہ مراد
مدینہ طیبہ ہے اگرچہ شامل تمام زمین حجاز کو ہے **و محبہ و حبیبہ و محبوبہ** بھی نام مبارک ہین
کہ حدیث سریف مین وارد ہوا اللھم حبب علینا المدینۃ کحبنا مکۃ **اور بھی حرم**
و حرم رسول اللہ القاب شریف ہین کہ حدیث مسلم مین وارد ہوا کہ المدینۃ حرم و برد

اسماء مبارک و القاب عظمت مآب لکھے جاتے ہین **طابہ و طیبہ و طائبہ و طیبہ** اہل حدیث لکھتے ہین کہ یہ نام اس جہت سے ہین کہ یہ شہر مقدس پاک ہے نجاستون شرک و نفاق و فسق سے اور مسلمانون صافی مشرب کی طبیعتونکے موافق ہے یا کل امور اس سرزمین عنبر شمیم کے طیب اور نفیس ہین یا اسوجہ سے کہ رہنے والے اس سرزمین مقدس کے خاک پاک اور در و دیوار سے خوشبوئین پاک اور عجیب و غریب پاتے ہین کہ کسی خوشبو مین وہ لذت نہین پاتے ہین فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ پروردگار عالم نے مجکو حکم کیا کہ مدینہ طیبہ کا نام طابہ رکھون وہب ابن منبہ سے روایت ہے کہ نام مدینہ طیبہ کے توریت مین طابہ اور طیبہ اور طیبہ وارد ہوئے لکھا ہے کہ پہلے تشریف لانے رسول مقبول صلعم کے مدینہ طیبہ کو یثرب کہتے تھے بمعنی فساد یا مواخذہ و عقاب پس آپ نے بنظر نام جاہلیت کے یہ نام دور کر دیا یہانتک کہ امام احمد و ابو یعلی روایت کرتے ہین کہ جو کوئی مدینہ طیبہ کو یثرب کہے چاہیے کہ استغفار پڑہے نام اوسکا طابہ ہے اور تاریخ بخاری مین وارد ہوا کہ جو شخص ایکبار یثرب کہے چاہیے کہ اوسکے تدارک مین دس بار مدینہ کہے **ف** یثرب نام ایک کا اولاد حضرت نوح سے ہے کہ بعد تفرقہ حاصل ہونے کے اوسنے یہان رہنا اختیار کیا ترب لبکون بمعنی فساد کے ہے یا تثریب کہ بمعنی مواخذہ و عقاب کے ہے اور یہ شہر مقدس غبار شرک و کفر سے منزہ و مبرا ہے اسواسطے آپنے بحکم الٰہی نام طیبہ و طابہ رکھا اور اگر کوئی کہے کہ قرآن مجید مین وارد ہوا یا اھل یثرب لا مقام لکم الخ تو یہ نقل زبان منافقین سے تصور کرنا چاہیے اور نام مبارک ہے **ارض اللہ و ارض الہجرۃ** حقتعالی فرماتا ہے الم تکن ارض اللہ واسعۃ فتھاجروا فیھا اور بھی القاب مبارک ہے **اکالۃ البلدان و اکالۃ القری** اسوجہ سے کہ جو یہان آیا اوسکا تسلط اطراف عالم پر ہوا جیسے کہ پہلے بیان ہو چکا اور بھی نام اس مکان عظیم الشان کا **ایمان** ہے اللہ تعالے فرماتا ہے والذین تبوؤ الدار و الایمان کہ انصار اور مہاجرین انصار کی شان مین نازل ہوئی پس ظاہر ہے کہ مرجع اور مآل ایمان کا اور مظہر اور مظہر احکام ایمان کا یہی شہر مقدس ہے حضرت انس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ فرشتہ ایمان نے کہا کہ مین عہد کرتا ہون مدینہ طیبہ مین رہنے کا کہ ہرگز وہان سے نہ نکلون تو فرشتہ جیسا نے بھی اوسکے ساتھ

کہ اسلام کی بستیونمین سے خراب ہونے مین آخر بستی مدینہ طیبہ ہے روایت کی ترمذی نے ف
بیان اسکا کہ قریب
قیامت کے سب
شہر ویران ہوجاوینگے
اور مدینہ طیبہ سب کے
پیچھے ویران ہوگا
بعنے قریب قیامت کے سب شہر ویران ہوجاوینگے اور مدینہ طیبہ سبکے پیچھے ویران ہوگا اسواسطے
کہ عمارت اور آبادی دین اسلام کی متعلق ہے اور آبادی مدینہ طیبہ کے اور یہ فضیلت بسبب خیر و
برکت وجود باجود سرور عالم صلعم کے حاصل ہوئی اور بھی حضرت ابوہریرہ رض سے روایت ہے
کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ تحقیق ایمان سمٹ آویگا طرف مدینہ طیبہ کے جیسے کہ سمٹ آتا ہے سانپ
طرف سوراخ اپنے کے روایت کیا بخاری اور مسلم نے حضرت امام احمد بن حنبل رح سے بحدیث صحیح
مروی ہے کہ ایکدن رسولخدا صلعم نے قیامت کے ذکر بیان فرمائے اور بار بار مکرر وہی ذکر
فرمانے لگے صحابہ نے پوچھا کہ یارسول اللہ قیامت کا دن کیا ہوگا آپنے فرمایا کہ ایکدن دجال
آویگا اور احد پہاڑ پر کھڑا ہوکر دیکھے گا اور اپنے یارون سے کہیگا کہ جانتے ہو کہ یہ محل سفید کہ
دکھلائی دیتا ہے کیا ہے یہ مسجد احمد صلعم کی ہے بعد اسکے قصد مدینہ طیبہ مین آنیکا کریگا لیکن ہر کوچہ پر
فرشتہ محافظت کے لیے کھڑا پاویگا پس نہ جاسکیگا اوسوقت مدینہ طیبہ تین بار ہلیگا جو کافر و منافق
ہونگے نکلکر دجال کے ساتھ ہوجاوینگے اور مدینہ طیبہ ہر آلودگی اور نجاست سے پاک ہوجاویگا
آپنے فرمایا کہ یہ دن ہے روز خلاص اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ ملائکہ دجال کا احد سے
منھ پھیر دینگے طرف شام کے اور وہ وہین ہلاک ہوگا صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین وارد ہوا کہ ایک
مرد ہوا بہترین آدمیونمین سے کہ دجال کے پاس آکر کہیگا کہ گواہی دیتا ہونمین کہ تو وہ دجال ہے
کہ تیرے نکلنے کی خبر رسول مقبول صلعم نے دی تھی بروایت ابوحاتم ثابت ہوتا ہے کہ وہ مرد خضر
ہین اور فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ مدینہ طیبہ میری ہجرت کی جگہ ہے اور اسی مین ہے خوابگاہ میری
اور اسی مین سے اوٹھونگا ستر ہزار فرشتونکے ساتھ رب العالمین سب مسلمانونکو دیکھنا نصیب فرماوے آمین

فصل چوتھی
مدینہ طیبہ کے ناموں کے بیان مین

احادیث کی معتبر کتابونمین وارد ہوا کہ مدینہ طیبہ کے بہت نام ہین کہ کسی شہر کے نام اس
کثرت کو نہین پہونچے اور بہت نام ہونا دلیل ہے اوپر شرف و عظمت مسمی کے چنانچہ بعض
اہل علم نے قریب سو کے اور بعض نے زیادہ بیان فرمائے ہین اس فصل مین تبرکا و تیمنا چند

پس نکلجائیگا طرف دجال کے ہر کافر و منافق روایت کی بخاری اور مسلم نے اور حضرت ابوہریرہ رضہ سے
روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ اوپر راہون مدینہ طیبہ کے فرشتے نگہبان ہین نہین
داخل ہوگی اوسمین بیماری طاعون کی نہ دجّال روایت کی بخاری اور مسلم نے ف طاعون
ایک بیماری کا نام ہے سوائے وبا کے کہ وہ بیماری حضرت کی دعا سے مدینہ طیبہ مین نہین ہوتی
ہے یہ صریح معجزہ ہمارے رسول مقبول صلعم کا ہے اور بعض کے نزدیک طاعون وبا ہے
حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ نہین قائم ہوگی قیامت
یہانتک کہ دور کردیگا مدینہ طیبہ اپنے شریرونکو جیسے کہ دور کرتی ہے بھٹی میل لوہے کا روایت
کیا مسلم نے اور بھی آپسے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ حکم کیا گیا ہونمین ساتھہ ہجرت
کرنے ایسی بستی کے کہ غالب آتی ہے سب بستیون پر اور وہ مدینہ ہے کہ دور کرتا ہے بُرے
آدمیونکو جیسے دور کرتی ہے بھٹی میل لوہے کا روایت کیا بخاری اور مسلم نے ف یہ جو ارشاد
ہوا مدینہ طیبہ کی نسبت کہ کھالیتا ہے سب بستیونکو یعنے جو کوئی اس شہر عظیم الشان مین رہتا ہے
غالب آتا ہے اور فتح کرتا ہے اور شہرونکو یہ خاصیت اس شہر مبارک کی ہے چنانچہ پہلے
قوم عمالقہ آئی تو غالب ہوئی اور فتح کیا ولایتونکو بعد اسکے یہود آئے وہ غالب آئے عمالقہ پر
پھر انصار رضہ آئے تو وہ غالب ہوئے یہود پر پھر رسول مقبول صلعم اور مہاجرین آئے تو اونکو
اللہ تعالی کے فضل و کرم سے اسطرحکا غلبہ حاصل ہوا کہ مشرق سے مغرب تک لے لیا
اور بعض یہ معنی بیان فرماتے ہین کہ اللہ تعالی نے مدد دی اسلام کو ساتھہ اہل مدینہ کے
اور وہ انصار ہین کہ اونکے ہاتھون پر بستیان فتح ہوئین اور غنیمت کے مال بیشمار مسلمانون کے
ہاتھہ آئے جریر ابن عبداللہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ تحقیق
اللہ تعالی نے وحی کی طرف میرے کہ ان تین بستیونمین جونسے شہر مین تو اوترےگا پس وہی گھر
ہجرت کا ہے مدینہ طیبہ و بحرین و قنسرین روایت کی ترمذی نے ف بحرین ایک
جزیرہ ہے دریاے عمان مین اور قنسرین نام ہے ایک شہر کا شام کے شہرونمین سے
جن کا وجود حاصل ہونے اختیار کے آپنے مدینہ طیبہ اختیار فرمایا تو اب اوسکی فضیلت اور
برکی کیا بیان ہوسکتی ہے حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے

بیان اسکا کہ رسول مقبول صلعم نے مدینہ طیبہ کی اوصاف بیان فرمائے اور اسکے حصول کی دعا کی اور اسکے ساکنون کو دعا دی اور اسکی محبت کی ترغیب دی

ہر وقت میسر ہے امام سبکی رح وغیرونے مدینہ طیبہ کے فضائل بہت لکھے ہین جو مشتاق ہو کتب
احادیث کو مطالعہ کرے فرمایا رسول مقبول صلعم نے اللھم حبب الینا المدینۃ کحبنا
مکۃ او اشد یعنے خداوندا محبوب کر طرف ہمارے مدینہ طیبہ مانند مکہ معظمہ کے بلکہ زیادہ
اوس سے چنانچہ آثار قبولیت دعا ظاہر ہین کہ پروردگار عالم نے اپنے حبیب صلعم کو مکہ
شریف سے حکم ہجرت کا فرمایا اور مدینہ طیبہ مین رہنے کا حکم دیا پس جو کمالات ظاہری و باطنی
اور برکات صوری و معنوی کہ علم الٰہی مین تھے اون سبکو اس شہر مقدس مین جمع فرمایا اور اس
تربت اطہر معطر کو صدف گوہر عنصر شریف اپنے حبیب کا فرمایا کہ تا دور قیامت یہ زمین آپکے
وجود پاک کی ہمسایگی کے شرف و فضل سے مشرف ہو کر فیض بخش ملک اور ملکوت رہیگی اور
ہوا کہ جب سرور عالم صلعم سفر سے تشریف لاتے اور آپ قریب مدینہ طیبہ کے پہونچتے
تو بوجہ غلبہ محبت اور جاذبہ شوق مدینہ طیبہ کے سواری کو تیز فرماتے اور چادر اقدس کو دوش
کرامت نیوش سے نہ اوتارتے اور فرماتے کہ ہمین سے خوشبوئین پاک آتی ہین اور جو گرد و غبار
کہ چہرہ نورانی شان رحمانی پر پڑتا اوسکو دور نہ فرماتے اور اگر کوئی صحابہ سے اپنا گرد و غبار
جھاڑتا تو آپ منع فرماتے اور یہ ارشاد فرماتے کہ خاک مدینہ شفا ہے حضرت علی کرم اللہ وجہہ سے
روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ شیاطین نا امید ہو گئے عبادت اپنی سی مدینہ طیبہ
مین حضرت عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ حقتعالی نے اس چند بقعہ کو
یا اس قریہ کو نجاست شرک سے پاک کیا حضرت ابی بکرہ رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول
مقبول صلعم نے کہ نہین داخل ہوگا مدینہ طیبہ مین خوف کانے دجال کا اور مدینہ شریف کے
اوسدن یعنے دن نکلنے دجال کے سات دروازے ہونگے ہر دروازہ پر دو دو فرشتے
ہونگے یعنے داہنے بائین محافظت کے لیے نقل کی بخاری نے حضرت انس رض سے روایت
ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ نہین ہے کوئی شہر مگر کہ پامال کریگا اوسکو دجال، مگر کہ مکہ
معظمہ و مدینہ طیبہ نہین ہوگی کوئی راہ راہون مدینہ طیبہ سے یا ہر ایک مکہ معظمہ و مدینہ طیبہ کے
مگر کہ اوسپر ہین فرشتے صف باندھے ہوئے واسطے محافظت کے پس اوتریگا دجال نہ شور
ہین کہ باہر ہے مدینہ شریف سے پس ہلیگا مدینہ طیبہ ساتھ رہنے والون اپنے کے ہین یا نہا

یہان اسکا کہ مدینہ طیبہ کی حفاظت کے لیے ملائکہ مقرر ہین نہین داخل ہوسکیگا دجال اور ہین دجال

فصل تیسری
فضائل مدینۂ طیبہ مین

بیان اسکا کہ مقام قبر شریف بالاتفاق افضل ہے سب مکانون اور عرش و کرسی اور کعبہ شریف سے

پوشیدہ نرہے کہ علماء دین کا اتفاق اس مسئلہ پر ہے کہ افضل ترین اور اشرف ترین بقعون زمین سے مکہ معظمہ اور مدینۂ طیبہ ہے اور بعد رفع اختلاف تفضیل اور ترجیح درمیان مکۂ معظمہ اور مدینہ طیبہ کے کل علماء دین کا اجماع اس مسئلہ پر ہے کہ مقام قبر شریف حبیب کبریا سید الانبیا صلعم کا بالاتفاق افضل اور اکرم ہی سب آسمانون سے اور عرش و کرسی ہی اور کعبۂ شریف سے جیسے کہ ائمۂ دین نے اس مسئلہ کی تصریح کماحقہ فرمائی ہے جو مشتاق ہو کتب احادیث و سیر کو دیکھہ لے حاکم مستدرک مین روایت کرتے ہین کہ رسول مقبول صلعم وقت ہجرت کے فرماتے تھے اللھم انک اخرجتنی من احب البقاع الی فاسکنی فی احب البقاع الیک یعنے ای خداوندا اگر مجکو اوس زمین سے نکالا تونے جو محبوب ترین زمینون سے میرے نزدیک ہے پس ٹھہرا مجکو اوس زمین مین جو محبوب ترین زمینونکی ہو تیرے نزدیک علماء دین لکھتے کہ اس حدیث سے صاف ظاہر ہوا کہ بعد ظہور اثر قبولیت دعا سید الانبیا مدینۂ طیبہ محبوب ترین سب شہرونکا ہوا بھی نزدیک خدا اور بھی نزدیک رسول مقبول صلعم کے اذا الحبیب لایختار لحبیبہ الا ما ھو اکرم و احب عندہ طبرانی معجم کبیر مین رافع بن خدیج سے روایت کرتے ہین کہ اونھون نے کہا کہ سنا مینے رسول مقبول صلعم سے المدینۃ خیر من المکۃ یعنے مدینہ طیبہ بہتر ہے مکۂ معظمہ سے فی الحقیقت مقام غور اور فکر کرنیکا ہے کہ ارحم الراحمین نے اپنے محبوب رحمۃ للعالمین کے شہر مین وہ خوبیان اور کرامتین عنایت فرمائی ہین جو روے زمین کے پردہ مین نہین ہین چنانچہ رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ جو شخص قصد میری مسجد کا اس ارادہ سے کرے کہ دو رکعت اوسمین پڑھے ثواب حج کامل کا پاوے اور دوسری حدیث مین وارد ہوا کہ جسنے حج کیا اور پھر اوسنے قصد کیا میری زیارت کا اور مشرف ہوا مسجد نبوی مین تو لکھے جاتے ہین واسطے اوسکے دو حج مبرور یعنے دو حج مقبول اور بروایت نسائی وارد ہوا کہ جو شخص مسجد قبا مین فور رکعتین پڑھے ثواب عمرہ کا پاوے اور بروایت بخاری ثابت ہوا کہ وادی عقیق مین نماز پڑھنا مانند عمرہ اور حج کے ہے کہ جو مکہ معظمہ مین مسلمان کو بعد سال بھر کی انتظاری کے یہ کرامتین نصیب ہوتی ہین حبیب کبریا کی شہر مین

بیان فضائل وادی عقیق کہ اوسمین نماز پڑھنا مانند عمرہ اور حج کے ہے

تکلیف پاتا ہے حضرت ابو ایوب فرماتے ہین کہ مینے اوسدن سے لسن و پیاز کا کھانا چھوڑ دیا جبکو
کہ مکروہ رکھا جیسا کہ بیانے بیہقی اور طبرانی نے حضرت ابو ایوب انصاری سے روایت کی ہے کہ
اونھون نے جناب رسول مقبول صلعم کے اور حضرت ابوبکر رض کے لیے کھانا پکوایا بقدر اونھین
دونون صاحبون کے آنحضرت صلعم نے اونسے فرمایا کہ تیس آدمیونکو شرفای انصار مین سے
بلا لو سو اونکو بلایا اون سبھون نے کھایا اور کھانا بچ رہا پھر آپنے فرمایا کہ پچاس آدمیون کو
بلوا لو پچاس آدمی اور آئے اور اونھون نے بھی کھانا کھایا اور بچ رہا پھر آپ نے فرمایا کہ ستر آدمی
اور بلا لو ستر آدمی اور آئے اور اونھون بھی کھانا کھایا اور بچ رہا حضرت ابو ایوب فرماتے ہین کہ
سبھونے خوب سیر ہو کر کھایا اور سب مسلمان ہوئے اور سبھون نے رسول مقبول صلعم کے
ہاتھ پر بیعت کی ابو ایوب رض کہتے ہین کہ سب ایک سو اسی آدمیون نے اوسدن اوس کھانے مین سے
کھایا یعنے ڈیڑھ سو تو مذکور ہوئے اور تیس اور ف یہ قصہ اوائل ہجرت مین واقع ہوا کہ جناب
رسول مقبول صلعم اور حضرت ابا بکر صدیق رض حضرت ابو ایوب رض کے گھر ٹھہرے تھے اور تب تک سب انصار
مسلمان نہو چکے تھے غرض بروایت صحیح رسول مقبول صلعم حضرت ابو ایوب رض کے گھر مین سات مہینے رہے
اسی سالمین حضرت عبداللہ بن سلام کہ بڑے عالم یہودیونکے تھے توریت مین آپکے اوصاف و
کمالات دیکھکے ایک عرصہ سے مشتاق ملازمت تھے حاضر ہو کر ایمان لائے اسیطرح حضرت
سلمان فارسی کا اصل مین مجوسیون فارسی سے تھے اور دین مجوسی چھوڑ کر دین نصاری اونھونے
اختیار کیا تھا اور علماء یہود و نصاری سے سنکر کہ نبی آخر الزمان کی ہجرتگاہ مدینہ طیبہ ہوگی تو اس
شوق و عشق مین آپ مدینہ شریف مین آرہے تھے ایمان لائے اور اسی عرصہ مین رسول خدا
صلعم نے درمیان انصار و مہاجرین کے قریب ۴۵ آدمیون کے عقد مواخات باندھا یعنے
ایک دوسرے کو آپس مین بھائی کر دیا اور اس مواخات کو فقہانے بدرجہ اعتبار رکھا ہے
بعد اسکے حکم جہاد نازل ہوا اور آپنے کفار سے مقاتلہ شروع کیا پس جس لڑائی مین کہ رسول مقبول
صلعم بنفس نفیس تشریف لیگئے اونکو غزوہ کہتے ہین اور جسمین صرف لشکر ہی گیا اونکو سریہ کہتے ہین
افضل ترین علماے دین کے نزدیک غزوہ بدر و غزوہ احد ہے جسکا بیان عنقریب
آتا ہے انشاء اللہ تعالے

قبائل انصار آیا تم مجکو دوست رکھتے ہو سب نے عرض کیا کہ ہان یارسول اللہ آپ نے فرمایا
کہ قسم اللہ کی مین بھی تمکو دوست رکھتا ہون رزین محدث سے روایت ہے کہ وقت تشریف
لانے حضرت کے پردہ نشین عورتین انصار کی کوچون اور گھرونکے دروازون پر باہر نکل آئین
اور یہ کہتی تھین ۔ طلع البدر علینا من ثنیات الوداع وجب الشکر علینا ما دعا للہ داع
غرض سب خرد و بزرگ مرد و عورت حبیب کبریا کے آنیکی خوشی مین مست اور سرشار تھے
اور یہ کہتے تھے جَاءَ رَسُوْلُ اللّٰہِ جَاءَ نَبِیُّ اللّٰہ حضرت انس رض سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین
کہ مجکو خوب یاد ہے وہ دن جسدن سرور عالم صلعم مدینہ طیبہ مین تشریف لائے تمام در و دیوار
مدینہ طیبہ کے جمال جہان آرا سے روشن اور منور ہو گئے جیسے کہ آفتاب نکلتا ہے اور جسدن
کہ آپ اس عالم سے پوشیدہ ہوئے سب جگہ اندھیرا ہو گیا جیسے کہ آفتاب غروب ہوتا ہے
محمد ابن اسحاق بروایت حضرت ابو ایوب انصاری نقل کرتے ہین کہ وہ فرماتے ہین کہ جب حبیب خدا
نے میرے گھر کو اپنے قیام سے دونون جہانمین مشرف و ممتاز فرمایا تو آنحضرت صلعم نے
نیچے کے درجہ کو اختیار فرمایا اور مین مع اہل و عیال اوپر کے درجہ مین رہا تو مینے عرض کیا
کہ یارسول اللہ مان باپ میرے آپ پر قربان مین اوپر کے درجہ مین کمال صدمہ اور تکلیف
پاتا ہون کیونکہ یہ بات قیامت ہے کہ آپ نیچے کے درجہ مین ہون اور مین بالاخانہ پر رہون
آپنے فرمایا کہ بوجہ پردہ کے تمھارے لیے اوپر کا درجہ بہتر ہے ابو ایوب فرماتے ہین کہ
ایکدن کوزہ پانی کا اوپر ٹوٹ گیا اور گھر مین لحاف اوڑھنے کا ایک ہی تھا مینے گھبرا کر اوسی سے
تمام پانی خشک کر لیا اس خوف سے کہ مبادا بہ کر خادمان رسول مقبول صلعم کو تکلیف ہو
اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ ایک رات حضرت ابو ایوب اور آپکی بیوی کو حضرت کے نیچے
رہنے سے ایسی بیقراری رہی کہ رات بھر نہ سوے صبح کو اصرار کر کے آپکو بالاخانہ پر مقیم کیا اور
خود نیچے کے درجہ مین رہے حضرت ابو ایوب فرماتے ہین کہ انصار آپکے واسطے کھانا
لایا کرتے تھے ایکدن ایک انصار نے کھانا تکلف سے پکوایا اور اوسمین پیاز و لہسن بھی ڈالا
رسول مقبول صلعم نے اوس کھانے کو نوش نہ فرمایا لیکن اصحاب کو اشارہ فرمایا کہ تم کھاؤ
مین تمھارے مانند نہین ہون میرا ایک دوست ہے کہ وہ اس کھانے کی بو سے ایذا اور

کہ نام اوسکا اگالہ قری ہے یعنے مدینہ طیبہ غرض آپ روانہ ہوے راہ مین جو وقت جمعہ کا آگیا
تو آپنے جمعہ ادا فرمایا اور چلے ہر ایک جماعت انصار منتظر و امیدوار رستی گھیرے کھڑے تھے پس
ہر ایک کمال نیازمندی اور منت وزاری سے عرض کرتا تھا کہ حضور میرے غریب خانہ کو رشک
فردوس برین فرماوین کوئی حالت وجد و بیخودی مین آگے سواری کے کھڑا ہوجاتا تھا اور
کوئی جذبہ شوق مین اونٹنی کی نکیل پکڑتا تھا آپ ہر ایک کے حق مین دعای خیر فرماتے جلتے
تھے اور یہ ارشاد ہوتا تھا کہ میری اونٹنی بحکم خدا مامور ہے جہان بیٹھے گی وہین رہونگا یہانتک
کہ جب حبیب کبریا اوس مقام پر پہونچے جہان اب مسجد نبوی ہے بے اختیار اونٹنی بیٹھ گئی
پھر اوسجگہ سے اوٹھکر چند قدم چلکر جسجگہ کہ منبر شریف ہے بیٹھی قریب اوس مقام اقدس کے
حضرت ابوایوب انصاری کا گھر تھا وہان آپنے قیام فرمایا وارد ہوا کہ حضرت ابوایوب انصاریؓ
شامول کی اولاد مین تھے جو سردار چار سو عالمونکا تھا اور وہ سب مصاحب تبع بادشاہ یمن کے تھے
لکھا ہے کہ جب اس بادشاہ کا گذر مدینہ طیبہ پر ہوا تو سب علمانے اوس بادشاہ کی رفاقت ترک
کی اور بادشاہ سے کہا کہ یہ مقام ہجرتگاہ نبی آخرالزمان ہے ہم یہانسے نہین جائینگے بادشاہ نے
اپنے ارادت صادق سے سبکو گھر بنوادیے اور اون چار سو عالمونکو وہان آباد کیا حضرات
انصاری اونھین کی اولاد ہین اور آپنے بھی رہنا بہت چاہا لیکن بسبب معاملات سلطنت کے
نہ رہ سکا مگر ایک نامہ اپنے ایمان لانے کا بنام رسول مقبول صلعم لکھکر شامول کو دیا کہ تم اپنی
اولاد کو وصیت کیجیو کہ جو اونمین سے زمانہ نبی آخرالزمان کا پاوے میرا سلام اور یہ نامۂ ایمان
حضور اقدس مین پیش کردے پس حضرت ابوایوب کے گھر مین وہ نامہ چلا آتا تھا ایکیس پشت سے
اونھون نے حضور مین پیش کردیا اور جس گھر مین کہ حضور ٹھہرے یہ گھر بھی اوسی بادشاہ نے
اسی مراد سے بنایا تھا کہ جب آپ تشریف لاوین اوسمین قیام فرماوین خداوند کریم نے اوسکی
مراد پوری کی غرض جب حبیب کبریا نے حضرت ابوایوب کے گھر کو رشک جنت الفردوس
فرمایا تو بنی نجار کی لڑکیان حبیب خدا کی آنیکی خوشی مین دف بجاتی ہوئین باہر نکل آئین اور
اشعار عربی پڑھنے لگین ؎ نحن جوار من بنی النجار حبذا محمد صلی اللہ علیہ
وسلم من جار رسول مقبول صلعم نے انصار کے یہ ذوق شوق دیکھکر فرمایا کہ اے

اور ابونعیم نے حمزہ سے اور بیہقی نے امام زین العابدین سے روایت کی ہے کہ اول خبر جناب رسول مقبول صلعم کی مدینہ منورہ مین اسطرح پہونچی کہ ایک مدینہ منورہ کی عورت کے ساتھ ایک جن کو عشق تھا وہ ہر رات اوس عورت کے پاس آیا کرتا تھا اور اکثر جانور پرند کی صورت بنکر دیوار پر آبیٹھتا تھا جب خلوت ہوجاتی تو اپنے تئین آدمی کی شکل بناکر صحبت کرتا تھا ایکبار کی اوسکا آنا موقوف ہوگیا چند روز نہ آیا ایکدن آکر بصورت جانور دیوار پر بیٹھا اوس عورت نے کہا کہ تجھے کیا ہوگیا جو اتنی مدت سے نہین آتا اوسنے کہا کہ اب تجھسے رخصت ہوتا ہون مجھے آنے کی توقع مت رکھہ مکہ شریف مین ایک پیغمبر پیدا ہوئے ہین اونھون نے ہمپر زنا حرام کیا ہے لکھا ہے کہ جسدن رسول مقبول صلعم وہان رونق افروز ہوئے تو حضرت ابابکر صدیق لوگونکی ملاقات اور دریافت حال مین مشغول تھے اور رسول مقبول صلعم خاموش بیٹھے تھے لوگونکو بسبب ہجوم واز دحام کے شبہ واقع ہوا کہ شاید پیغمبر خدا کے حضرت ابابکر صدیق رض ہین لیکن جبکہ آفتاب مقابل جمال جہان آرا کے آیا تو یار غار حضرت صدیق اکبر رض اپنی چادر مبارک چہرۂ نورانی شان رحمانی کے سامنے لیکر کھڑے ہوگئے تاکہ حضرت پر سایہ ہوجاوے اسکے دیکھنے سے سب کا شبہ جاتا رہا غرض اہل قبا نے آپ سے عرض کی کہ ایک مسجد ہمارے واسطے حضور بنا دیوین کہ ہم اوسمین عبادت الہی کیا کرین پس آپ نے بموجب اونکی درخواست کے مسجد جسکا نام مسجد قبا ہے مدینہ طیبہ سے تین کوس پر ہے بنوادی کہ جسکا بیان خدا چاہے آگے آوے گا

فصل دوسری

روانہ ہونا رسول مقبول صلعم کا محلہ قبا سے جانب مدینہ طیبہ اور اوترنا حضرت ابوایوب انصاری کے گھر مین

شیخ عبدالحق محدث دہلوی وغیرہ لکھتے ہین کہ جمعہ کے دن رسول مقبول صلعم محلہ قبا سے جانب مدینہ طیبہ روانہ ہوئے جماعتین انصار کی پیادہ اور سوار جیب کبریا کی اردلی اور ہمرکابی مین حاضر ہوئین بنی قبا نے جو یہ سامان جانیکا دیکھا تو نہایت بیقرار ہوکر عرض کرنے لگے حضور کے تشریف لیجانے کا کیا سبب ہے آپنے فرمایا کہ مجکو حکم الہی ہے اسی بستی مین رہنے کا

نجات پائی چنانچہ بعد اسکے وہ مشرف باسلام ہوئے اور صحابہ مین داخل ہوئے ف مقام
غور کرنے کا ہے کہ قارون نے جو حضرت موسی سے اپنی بچنے کی دعا چاہی تو آپ نے کچھ التفات
نکیا اور یہی فرماتے رہے کہ خُذْهُ وَخَانَهُ یعنے اے زمین اس کافر کو دھنسالے یہانتک کہ سب غرق
ہوگیا پس رحمۃ للعالمین کی شان ہی نرالی ہے جو عادت ہے سب سے عالی ہے علاوہ اسکے
ایک اور معجزہ آپ سے راہ مین یہ ہوا کہ آپکا گذر خیمہ ام معبد پر ہوا تو آپکی خیر و برکت سے اوسکی
ایک بکری جو جنی نہین تھی اور بسبب ناتوانی کے جنگل کو بھی نہین جاسکتی تھی اوسنے اتنا دودھ
دیا کہ سب گھر والے متعجب ہوگئے چنانچہ ابو معبد اور ام معبد مشرف باسلام ہوئے اور صحابہ مین
داخل ہوئے مواہب لدنیہ مین وارد ہوا کہ وہ بکری حضرت عمرؓ کے زمانہ تک زندہ رہی اور
دودھ دیتی رہی لکھا ہے کہ مکہ معظمہ مین ہر فرد گذر نے آپکے خیمہ ام معبد پر اشعار عربی سنے گئے
اونمین مضمون آپکے گذر جانے کا خیمہ ام معبد پر اور بدنصیب و محروم رہنا کفار قریش کا مذکور
تھا اسیطرح جب آپ قریب مدینہ طیبہ پہونچے تو حضرت بریدہ اسلمی ستر سوارونکے ساتھ حضرت کو
آپنے پوچھا کہ تم کون ہو اونھون نے عرض کیا کہ میرا نام بریدہ ہے آپنے بطور نیک فالی کے فرمایا
بردامرنا یعنے خنک اور ٹھنڈا ہوا کام ہمارا اور قبیلہ کا نام اسلم سنکر فرمایا سلمنا یعنے سلامت رہے ہم
اور قوم کا نام بنی سہم سنکر فرمایا کہ خرج سہمک یعنے حاصل ہو حصہ تیرا اسلام سے مقام غور کرنیکا ہے
کہ بریدہ آئے تو کس ارادے سے تھے لیکن جمال جہان آرا اور تقریر لطیف سنکر مسخر ہوگئے اور
مع سب ہمراہیون کے اسلام لائے پھر اونھون نے عرض کیا کہ یارسول اللہ ضرور ہے کہ بوقت
داخل ہونے حضور کے مدینہ طیبہ مین آپکے ساتھ نشان ہو پس غلبہ شوق مین آکر اپنے عمامہ کو
نیزہ پر لپیٹا اور آگے آگے حضور کی جلو مین چلے سبحان اللہ کیا قدرت خدا ہے کہ سرکشی سے
آئے اور کیسے تابعدار ہوکے ساتھ چلے ادھر اہل مدینہ بخیال تشریف آوری آپکے ہر روز واسطے
استقبال کے مکہ معظمہ کی راہ پر آتے اور قریب دوپہر کے پھر جاتے کہ اتنے مین ایک یہودی
پکار اٹھے کہ اے گروہ عرب یہ مطلب تمھارا ہے انصار غلبہ شوق مین دوڑے اور آپنے محلہ قبا مین
منازل بنی عمرو بن عوف مین قیام فرمایا اور وہ دن پیر کا بارہوین ربیع الاول کی تھی چودہ دن
آپ وہان رہے اس عرصہ مین حضرت علیؓ بھی حاضر ہوگئے امام احمد نے جابر بن عبد اللہ اور

معجزہ ام معبد

بیان مشرف ہونے ابو معبد و ام معبد کے اسلام سے اور صحابہ مین داخل ہونے

بیان مشرف ہونے حضرت بریدہ اسلمی کے اور داخل اسلام ہونے ستر سوارون کے

فرما کے از سر نو دین کو تازہ کیا حضرت عمر رضؓ سے روایت ہے کہ ہمیشہ حضرت ابوبکر رضؓ مجھ پر امور
خیر مین غالب رہا کرتے تھے زمانۂ تجہیز غزوہ تبوک مین مجھے دسترس خوب تھی مین یہ سمجھا کہ اس
مرتبہ مین غالب ہونگا اپنے سب مال مین سے آدھا حضرت کے سامنے لیگیا آپنے پوچھا کہ
عیال و اطفال کے لیے کیا چھوڑا مینے عرض کیا کہ اتنا ہی حضرت ابابکر صدیقؓ سب مال اپنا
لے آئے آپنے پوچھا کہ لڑکے بالونکے لیے کیا رکھا ہے آپنے عرض کیا کہ خدا اور خدا کا
رسول آپنے فرمایا مابینک کما مابین کلماتکما یعنے فرق تم دونونکے درجہ مین
ایسا ہے جیسا تم دونونکے کلمونمین یعنے حضرت ابابکر صدیق رضؓ نے عیال کے لیے خدا اور
رسول کو بتایا اور حضرت عمر رضؓ نے مال کو اور ظاہر ہے کہ دونون باتونمین بڑا فرق ہے
حضرت عمرؓ کہتے ہین کہ مینے حضرت ابوبکرؓ سے کہا کہ مین تمپر کبھی غالب نہونگا غرض تین دن تک
آپ غار ثور مین رہے عامر بن فہیرہ کہ حضرت ابابکر صدیق رضؓ کے غلام آزاد تھے متصل
غار کے بکریان چراتے تھے وہ دودھ بکریونکا دیجاتے تھے اور عبداللہ بیٹے حضرت
ابابکر صدیقؓ کے قریش کی مجلسونمین جاکے خبرین دریافت کرکے رات کو بیان کرجاتے
تھے بعد تین دن کے آپ اور حضرت ابابکر صدیقؓ اور عامر بن فہیرہ اونٹنیون پر سوار ہوکے
پیر کے دن براہ ساحل روانہ ہوئے ف ابن جوزی شرف المصطفے مین لکھتے ہین کہ
پیر کے دن کی بہت بڑی فضیلت ہے کہ ولادت شریف اور ابتدا البعثت اور پہونچنا
مدینۂ طیبہ مین اور قبض روح پاک یہ سب معاملے پیر کے دن ہوئے غرض جب آپ
غار ثور سے روانہ ہوئے اس عرصہ مین کفار مکہ نے اشتہار دیا تھا کہ جو کوئی آپکو لائے
یا نعوذ باللہ قتل کرے وہ سو اونٹ پاوے اور جو دونونکو پکڑلاوے دو سو اونٹ
پاوے سراقہ بن مالک نے بطمع انعام تعاقب کیا اور حضرت کو جالیا حضرت ابابکر صدیقؓ نے
دیکھکر عرض کیا کہ یارسول اللہ ایک سوار آپہونچا حضرت نے بد دعا کی کہ یکبارگی مین نے
سراقہ کے گھوڑے کو پیٹ تک نگل لیا سراقہ نے عرض کیا کہ یارسول اللہ مین جانتا ہون
کہ آپکی بد دعا سے یہ عذاب آیا اب مین آپ سے عہد کرتا ہون کہ اب جو آپکی تلاش
مین آویگا اوسکو مین پھیر دونگا آپ مجھے اس بلا سے بچاوین پس آپنے دعا کی اور اوسنے

فضائل پیر کے دن کے اور روانہ ہونا رسول مقبول صلعم کا مکہ سے دن غار ثور سے

معجزہ سراقہ بن مالک کا آپکے پیچھے جانا اور حضرت کی بد دعا سے گھوڑے کا زمین مین دھنسنا اور سراقہ کا امان مانگنا

مگر آپنے جنبش نہ کی اس لحاظ سے کہ رسول مقبول حبیب کبریا صلعم کے آرام مین خلل نہ پڑے
لیکن بسبب شدت تکلیف کے آپکے آنسو نکل پڑے اور چند قطرے رخسارۂ نورانی حبیب یہانی پر
گرے آپ جاگ اوٹھے حضرت ابابکر صدیق رضہ نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ مجھے سانپ نے کاٹا آپنے
لعاب دہن مبارک اوسجگہ لگا دیا فوراً اثر اوسکا جاتا رہا لکھا ہے کہ بعد آپ کے غار مین داخل ہونیکے
مکڑی نے جالا تنا اور کبوتر نے انڈے دیے صبح کو کفار تلاش کرتے ہوئے وہین جا پہونچے
اور اسطرح جا کھڑے ہوئے کہ حضرت ابابکر صدیق رضہ کو اونکے پانون نظر پڑے تو آپ کمال بیقرار
ہوئے رسول مقبول صلعم نے فرمایا لَاتَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا کفار نے جو مکڑی کا جالا اور
کبوتر کے انڈے دیکھے تو اونکا شبہ جاتا رہا اور آپسمین کہنے لگے کہ کبوتر جنگلی وحشی جانور ہے
آدمی کے ہوتے کبھی نہ رہتا اور بعضون نے کہا کہ یہ جالا تو ہمنے محمد صلعم کی پیدائش سے
پہلے دیکھا تھا ویسا ہی ہے ف علماء دین لکھتے ہین کہ قصۂ ہجرت مین اللہ تعالی جل جلالہ نے
حضرت ابابکر صدیق رضہ اور حضرت علی رضہ کو بڑی خصوصیت اور فضیلت عطا فرمائی جسکا بیان
نہین ہوسکتا حضرت علی رضہ کو تو یہ کہ محل خوف جان مین بجاے رسول مقبول صلعم کے آپ
لیٹے گویا حبیب کبریا پر قربان واقعی جان نثاری کی بعض علما فرماتے ہین کہ یہ آیت وَمِنَ النَّاسِ مَنْ
یَّشْرِیْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰہِ آخر تک حضرت علی رضہ کی شان مین قصہ ہجرت مین نازل ہوئی
جیسے کہ تفسیر جواہر و حسینی وغیرہ مین تصریح اسکی موجود ہے اسیطرح یار غار حضرت ابابکر
صدیق رضہ کی بھی فضیلت ظاہر ہے کہ سارے سفر ہجرت مین حق خدمتگزاری اور جان نثاری
جیسا کہ چاہیے بجا لاے چنانچہ آیت شریف اِذْ یَقُوْلُ لِصَاحِبِهٖ لَاتَحْزَنْ اِنَّ اللّٰہَ مَعَنَا
بالاتفاق حضرت ابابکر صدیق رضہ کی شان مین نازل ہوئی یہان سے مقام غور کرنے کا ہے
کہ صریح آیت مین اللہ تعالی نے حضرت ابابکر صدیق رضہ کو صاحب رسول اللہ فرمایا مشکوۃ شریف
مین حضرت عمر رضہ سے روایت ہے کہ انھون نے کہا کہ اگر ابابکر صدیق رضہ میری ساری عمر کے
اعمال و عبادات لے لین اور بدلے اونکے ایک رات اور ایک دن کے اپنے اعمال دیدین تو مین
راضی ہون رات ہجرت کی اور دن وہ کہ بعد وفات رسول مقبول صلعم کے اطراف مدینہ طیبہ
کے لوگ اکثر مرتد ہوگئے اور زکوۃ کے منکر ہوگئے تو حضرت ابابکر صدیق رضہ نے کوشش کامل

بیان فضیلت یار غار حضرت ابابکر صدیق رضہ و فضیلت حضرت علی رضہ

سکے وَلَا یُشْرِكْ بِعِبَادَةِ رَبِّهٖ اَحَدًا ایک دمنی جسکا نام قصوی تھا آٹھ سو درم مین خریدی
پس آپ رات کو دولتخانہ مین تھے کہ جماعت کفار نے آکر دروازہ اقدس کو گھیر لیا آپنے حضرت
علیؓ کو اپنی جگہ لٹا دیا اور فرمایا کہ کفار تمھین کچھ ضرر نہ پہونچا سکینگے اور آپ چادر مبارک اوڑھے
ہوئے باہر تشریف لائے ابوجہل لعین نے بطریق تمسخر کے نعوذ باللہ آپ سے کہا کہ یہ محمد صلعم
کہ ہم لوگونسے کہتا ہے کہ اگر تم میری اطاعت کروگے تو ملک عرب اور عجم تمھارا ہوجاویگا اور بہشت
برین تمکو ملیگی اور اگر اطاعت نکروگے تو قتل ہوگے اور جہنم مین جاؤگے آپنے فرمایا کہ ہان یہی
کہتا ہون اور انشاء اللہ العزیز ایسا ہی ہوگا اور آپنے اول سورہ یٰسین فَاَغْشَیْنٰهُمْ فَهُمْ لَا یُبْصِرُوْنَ
تک پڑھکے ایک مٹھی خاک جماعت کفار پر پھینک ماری ہر کافر کے سر اور منھہ پر اور آنکھون
پہونچی اور آپ اونکے سامنے سے نکل گئے اور کسیکو نظر نہ آئے لکھا ہے کہ جتنے کافرون پر
وہ خاک پڑی دن بدر کے وہ سب قتل ہوئے سوائے حکیم بن حزام کے کہ وہ مشرف باسلام
ہوئے غرض رسول مقبول صلعم حضرت ابابکر صدیقؓ کے گھر تشریف لیگئے اور اونکو ساتھ لیکر
آپ پیادہ ننگے پاؤن روانہ ہوئے تاکہ نشان قدم مبارک نہ معلوم ہو جب آپکے پاؤن مبارک
زخمی ہوئے تو حضرت ابابکر صدیقؓ نے کندھے پر سوار کیا اور غار ثور تک پہونچا دیا اتنے مین
کفار اندر مکان کے داخل ہوئے حضرت علیؓ کھٹکا سنکے اوٹھ بیٹھے کفار نے پوچھا کہ محمد صلعم
کہان ہین آپنے فرمایا کہ مجھے نہین معلوم پھر آپسے کچھ تعرض نہوئے اور حضرت کی تلاش مین مشغول
ہوئے اتنے مین شیطان دنان پہونچا اور کہا کہ کسکی تلاش مین پھرتے ہو اونھون نے کہا کہ
محمد صلعم کی تلاش مین شیطان نے کہا کہ وہ تمھاری آنکھون اور سرون پر خاک ڈالکر چلے
ہر ایک نے جو اپنے چہرے اور منھہ پر ہاتھہ پھیرا اثر خاک کا پایا لکھا ہے کہ جب رسول مقبول صلعم
غار کے پہونچے تو حضرت ابابکر صدیقؓ نے عرض کیا کہ آپ ذرا ٹھہرین مین جاکر
غار کو صاف کردون کہ ایسی جگہون مین اکثر جانور موذی آجاتے ہین پس آپ اندر غار کے گئے پھر
چادر مبارک پھاڑکر سب سوراخ بند کر دیے صرف ایک سوراخ باقی رہ گیا اوسمین اپنے
پاؤن مبارک کی ایڑی لگائی اور حضرت صلعم کو اندر بلایا پس آپ اندر تشریف لیگئے اور باغ
زانو پر سر مبارک رکھکے سو رہے اتنے مین آپنے حضرت صدیق اکبرؓ کے پاؤن مین کاٹا

عرض کیا کہ یارسول اللہ اگر ہم لوگ تیری راہ محبت مین مارے جاوین اور جان ومال اپنا تجھپر قربان کرین
تو اسکی کیا جزا ہے آپنے فرمایا کہ جَنّٰتٌ تَجْرِیْ مِنْ تَحْتِهَا الْاَنْهٰرُ آیت کریمہ نازل ہوئی ✤
اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ لکھا ہے کہ اونمین سے
ایک انصار نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اگر آپ فرماوین تو آج سب مشرک منا مین جمع ہین سبکو
تہ تیغ کرڈالون آپنے فرمایا کہ ابھی میرے رب نے مجکو یہ حکم نہین دیا پھر آپنے موافق اونکی درخواست
کے حضرت مصعب بن عمیر کو واسطے تعلیم قرآن مجید اور شرائع اسلام کے مدینہ طیبہ کو روانہ کیا تیرھوین
سال اور انصار آنکر مسلمان ہوئے اور عہد وپیمان آپکے ساتھہ کیا کہ آپ جو مدینہ طیبہ کو تشریف لیجاوین
تو زہے سعادت ہم خدمت اور رفاقت مین کبھی کوتاہی نکرینگے اور جو کوئی جماعت مخالف آپ پر چڑھ آویگی تو ہم
جان نثاری مین ہرگز دریغ نکرینگے آپنے فرمایا کہ ابھی میری ہجرت کے واسطے کوئی جگہ مقرر نہین
ہوئی حکم الٰہی کا منتظر ہون یہ دونون بیعتین بیعت عقبہ اولی اور بیعت عقبۂ ثانیہ کہلاتی ہین ف
عقبہ کے معنی ہین گھاٹی کے یہ بیعتین بھی ایک گھاٹی پر ہوئی تھین غرض بعد بیعت عقبۂ ثانیہ
کے رسول مقبول صلعم نے اصحاب کو اجازت ہجرت کی مدینۂ طیبہ کیطرف فرمائی اور اصحاب نے
خفیہ روانہ ہونا شروع کیا مگر حضرت عمرؓ کہ آپ مسلح ہوکر خانۂ کعبہ پر آئے اور طواف کیا اور بعد
اسکے جماعت کفار کو خطاب کرکے کہا کہ خراب وہلاک ہون وہ لوگ جو پسر ونکو یوجتے ہین ہم
فرمایا کہ جسکو اپنی جورو کا بیوہ کرنا اور اپنی اولاد کا یتیم کرنا منظور ہو میرا مقابلہ کرے یہ کہکر آپ
مدینۂ طیبہ کو روانہ ہوئے کسی نے ہیبت وشجاعت فاروقی کے سامنے دم نمارا حضرت مولانا
مثنوی شریف مین فرماتے ہین ؎ ہیبت حق ست ایں از خلق نیست ✤ ہیبت ایں مرد صاحب
دلق نیست ✤ غرض سب صحابہ ہجرت کرگئے سوائے حضرت ابابکر صدیقؓ اور حضرت علی مرتضیٰؓ
کے حضرت ابابکر صدیقؓ نے بھی آپ سے اجازت چاہی آپنے بشارت دی کہ تم میری رفاقت مین
چلوگے آپ سنکر کمال خوش ہوئے ایکدن دوپہر کے وقت رسول مقبول صلعم حضرت
ابابکر صدیق کے گھر تشریف لے گئے اور حال ہجرت کا فرمایا آپنے عرض کیا کہ یارسول اللہ
مینے دو اونٹنیان اوسی دن سے اسی نیت سے خرید کی ہین آپنے فرمایا کہ ایک مجھے اوسی قیمت
سے دو آپنے ہرچند عرض کیا کہ ویسے ہی حضور کی نذر ہے مگر آپنے بوجہ ہونے عبادت

حال ہجرت حضرات انصار

بیان ہجرت حضرت صدیق اکبر رضی اللہ عنہ

ف تمام اہل حدیث وعلماء دین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ تمام مکہ معظمہ دعا قبول ہونیکی جگہ ہے لیکن جو مقامات کہ مشہور تھے وہ اسجگہ لکھے گئے رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ تحقیق رب تمھارا بڑا حیادالا اور کرم والا ہے حیا کرتا ہے اپنے بندے سے جسوقت کہ اوٹھاتا ہے اپنے ہاتھونکو یہ کہ پھیر دے اون ہاتھونکو خالی لیکن سمجھنے کی جگہ ہے کہ پروردگار علیم رحیم وکریم حکیم ہے اگر اپنی مصلحت کاملہ اور حکمت بالغہ سے کسی بندے کی دعاؤنکا ظہور دنیا مین نہ فرماوے یا ظہور مین دیر ہووے تو نا امید اور شاکی بارگاہ مجیب الدعوات مین نہووے کہ عنقریب آخرت مین اپنے فضل وکرم سے اوسکے نتیجے اور ثمرے عالی عطا فرماویگا مگر دعا کرنیوالیکو چاہیے کہ وقت دعا حضوری اور اضطرار قلبی کا ضرور لحاظ رکھے آمین رب العالمین


باب آٹھوان مدینہ طیبہ کے حال مین

فصل پہلی

ہجرت فرمانا رسول مقبول صلعم کا مکہ معظمہ سے اور راہ مین خوارق ومعجزات کا وقوع مین آنا اور پہونچنا آپکا مدینہ طیبہ کی سرزمین مین اور قیام فرمانا محلہ بنی قبا مین

پوشیدہ نہ رہے کہ آگاہ ہونا احوال حضرت سید الانبیا اور حبیب کبریا صلعم پر موجب سعادت دنیا وآخرت وہزاران خیر وبرکت ہے جیسا کہ وارد ہے تنزل الرحمۃ عند ذکر اولیاء اللہ یعنے وقت ذکر اولیاء اللہ کے رحمت نازل ہوتی ہے پس وقت ذکر سرور عالم صلعم کسقدر رحمت عظیم نازل ہوتی ہوگی پس مطلع ہونا سید الکائنات کے حالات پر سبب قوی ہے بندہ کے مقبول اور محبوب خدا ہونے کا اور بہت بڑا سبب ہے گناہونکے بخشی جانے کا اب مقام آگاہی اور بیداری ہے کہ رسول مقبول صلعم ہر وقت احکام الٰہی کے پہونچانے مین مصروف رہتے تھے خاصکر موسم حج مین کہ ہر ایک جماعت اور ہر ایک قبیلہ عرب کو دعوت اسلامی فرماتے تھے کہ یہ سعادت عظمی حضرات اہل مدینہ انصار کو نصیب ہوئی چنانچہ لکھا ہے کہ گیارھوین بارھوین سال نبوت کے کچھ لوگ ایمان لائے تیرھوین سال ستر آدمی ایمان لائے اور آپکے ساتھ عہد وپیمان کیا اور عرض کیا کہ یارسول اللہ ایسا نہو کہ ہمکو آپ چھوڑ دین آپنے سنکر تبسم فرمایا اور ارشاد کیا کہ مین تمسے اور تم مجھسے جان ساتھ جان کے اور تن ساتھ تن کے یہ سنکر انصار نے

حال بیعت حضرات انصار رضی اللہ عنہم


نقشہ مسجد نبوی صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم
قبلہ جنوب
درخت ہای خرما
کانون کے اوپر کا دہابہ
عرض مسجد کا ۱۰۰ گز
باب مجیدی نو بنا
شمال

البحرین
ہے
نیز ا
لر
یر
ل ی
نمو

دعا وقت جانے کعبہ

حضرت امام اعظمؒ سے پوچھا کہ جب کعبہ شریف کو دیکھو تو کیا دعا مانگوں آپ نے فرمایا کہ اپنے مستجاب الدعوات ہونے کی اسلیے کہ اگر یہ دعا قبول ہوئی تو گویا ساری دعائین قبول ہوئین دوسرے حجر اسود کے پاس خصوصاً دوپہر کے وقت تیسرے مطاف مین باب الکعبہ کے سامنے چوتھے ملتزم کے پاس آدھی رات کو پانچوین حطیم مین چھٹے میزاب رحمت کے نیچے خصوصاً وقت صبح کے ساتوین رکن یمانی کے پاس خصوصاً وقت صبح کے آٹھوین درمیان رکن یمانی اور دروازہ بند کی پشت کی جانب خانہ کعبہ کے سامنے اس دروازہ کے تھا اوس مقام کو مستجار کہتے ہین نوین درمیان رکن یمانی اور حجر اسود کے دسوین مقام ابراہیم کے پاس خصوصاً صبح کو گیارھوین زمزم پر خصوصاً غروب کی وقت بارھوین خانہ کعبہ کے اندر چارون کونون مین اور دو ستون کے درمیان خصوصاً زوال کے وقت تیرھوین چودھوین صفا مروہ پر خصوصاً بعد عصر کے پندرھوین بین المیلین سولھوین سترھوین عرفات پر دو مقام ہین ایک بیری کے درخت کے نیچے زوال کے وقت کہ اب اوس درخت کا نشان باقی نرہا دوسرے جبل رحمت کے بائین طرف سورج ڈوبتے اٹھارھوین مشعر الحرام سورج نکلنے سے پہلے اوینسوین بیسوین منا مین دو جگہ ہین ایک مسجد خیف کے پاس دوسرے جہان کنکریان مارتے ہین خصوصاً چوبیسوین کی آدھی رات کو محمد بن حسن نقاش رح لکھتے ہین کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے گھر مین بھی دعا قبول ہوتی ہے جمعہ کی رات کو اور مقام میلاد شریف مین پیر کے دن وقت زوال کے اور دار خیزران مین کہ قریب صفا کے ہے اور مسجد السحر مین کہ مقابل مسجد بیعت ہے بدھ کے دن اور مسجد کاین اتوار کے دن اور غار ثور مین اور مسجد الکبش مین کہ جای ذبح حضرت اسمعیلؑ ہے اور مسجد خیف مین اور غار مرسلات مین اور غار حرا مین کہ وہان ہر وقت دعا قبول ہوتی ہے اور جبل ابو قبیس وقت ظہر کے اور باب بنی شیبہ و باب ابراہیم و باب النبی کے پاس بھی دعا قبول ہوتی ہے اور بھی نزدیک قبر شریف حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ و قبر سفیان بن عیینہ و قبر شریف فضیل بن عیاض و قبر شریف امام عبد الکریم و قبر شریف شیخ ابو الحسن شیولی و قبر شریف حضرت عبد اللہ الحسن بن ابی عمید کی و قبر شریف حضرت عبد اللہ بن اسعد الیافعی الیمنی کی بھی قبول ہونی دعا کی جگہ ہے اور بھی نزدیک دروازہ جنت المعلا کے اور قبر شریف امام دلاحی کے

رسول مقبول صلعم سے سلام اور کلام کیا تھا دوسرا حجر اسکا چپسرا آگی کہنی سا رکا نشان ہے اور
مستحب ہے زیارت مولد شریف علیؑ کی کہ وہ شعب بنی ہاشم مین مشہور ہے اور زیارت دار ارقم کی کہ
وہ مسجد ہے صفا کی پاس اوسمین حضرت عمرؓ ایمان لائے تھے دار ارقم کو مخبی بھی کہتے ہین
اسواسطے کہ حضرت صلعم ابتدای حال مین وہان چھپ کر رہے تھے اور مومنین سابقین کے ساتھہ
نماز جماعت سے پڑھتے تھے پھر اوسکو خیزران ہارون رشید کی مان نے مول لیا تھا اسوجہ سے
اوسکو دار خیزران کہتے ہین اور مستحب ہے زیارت غار حرا کی جسکو بالفعل جبل نور کہتے ہین مکہ معظمہ
سے تین کوس پر ہے وہین شق صدر آپکا ہوا اور وہ ہی پہلی عبادتگاہ تھی وہین سورۂ اقرا نازل
ہوئی اور مستحب ہے زیارت غار ثور کی کہ یہ جگہ مکہ شریف سے تین کوس سے بھی زیادہ ہے
اور نہایت بلند اور دشوار گزار ہے چوٹی کے پاس وہ غار ہے داخل ہونیکا مقام اوسمین
ایسا تنگ ہے کہ ظاہر دیکھنے مین اوسکے اندر جانا ہرگز خیال مین نہین آتا فقط درمیان مین
ایک بالشت چار انگشت کی بلندی رکھتا ہے اور دونون طرف سے کم ہوگیا ہے مگر ظاہرا
اوسمین اسطور سے داخل ہوتے ہین کہ پہلے دونون ہاتھہ اندر بڑھا کے باقی بدن سی گھسٹ
جاتے ہین شیخ احمد حضراوی وغیرہ عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ جو شخص داخل ہوا اس غار شریف مین
تو اوسکے بعد وہ شخص دنیا کی تکلیفات مین غمگین نہوگا کہ یہ خاصیت اللہ تعالی کے فرمانے سے
ثابت ہے کہ فرماتا ہے اذ یقول لصاحبہ لاتحزن ان اللہ معنا اور زیارت غار مرسلات
کی بھی کرنی چاہیے کہ قریب مسجد حنیف کے ہے بروایت حضرت عبد اللہ بن مسعودؓ کے سورۂ
مرسلات وہین نازل ہوئی اللہ تعالی اپنے فضل عظیم سے بتصدق رحمۃ للعالمین کے یہ زیارات
مقدسہ سب مسلمانونکو نصیب فرماوی آمین یا رب العالمین

فضائل غار ثور
مع ذکر اوسکی
پہاڑ کی شکل

زیارت غار مرسلات

فصل پانچوین
مقامات قبولیت دعا کے بیان مین

حضرت امام حسن بصریؒ بروایات صحیحہ نقل فرماتے ہین کہ مکہ معظمہ مین سولہ جگہ ہین جہان جاکر
دعا زیادہ قبول ہوتی ہے اور بعض کے نزدیک زیادہ ہین اکثر اونمین سے واسطے فائدۂ
عام مسلمانونکے لکھی جاتی ہین اول جب کعبہ شریف پر نظر پڑے منقول ہے کہ کسی نے

دعا وقت زیارت
خانہ کعبہ کی

اور ہر گاہ تجلی الہی طور پر ظاہر ہوئی تو اوسکے تین ٹکڑے تین جگہہ مکہ معظمہ مین آکر پڑے جبل ثبیر و جبل ثور و جبل نور اور ایک پہاڑ مسجد خیف کی پشت پر ہے جسمین غار مرسلات ہے پس جو پہاڑ کہ مشہور و معروف تھے اونکے فضائل لکھہ دیے گئے زیارت کرنے والون کے لیے اسیقدر کافی اور بس ہین

فصل چوتھی
مقامات زیارت مکہ معظمہ مین

اہل حدیث لکھتے ہین کہ مستحب ہے حاجی پر کہ زیارت کعبہ شریف کی اندر سے کرے اسطور پر کہ ننگے پانون سر جھکائے ہوئے کمال عاجزی اور زاری سے پشیمان اور شرمندہ اپنے بُرے کامون پر توبہ و استغفار پڑھتا ہوا داخل ہو اور وسطے تماشے قندیلون وغیرہ کے چھت کیطرف سر اوٹھا کر نہ دیکھے کہ سراسر خلاف آداب ہے اور سامنے باب کے چلا جاے جب تین ہاتھہ دیوار باقی رہے وہان نفل پڑھے کہ وہ رسول مقبول صلعم کا مصلی ہے پھر سامنے سیدہا بڑھکر اپنا رخسارہ دیوار پر رکھے اور حمد و استغفار پڑھے اور جو چاہے سو دعا مانگے یہ دعا نہایت جامع اور بہتر ہے رب ادخلنی مدخل صدق و اخرجنی مخرج صدق و اجعل لی من لدنك سلطانا نصیرا اللّٰھم ادخلنی جنتك کما ادخلتنی بیتك وارزقنی رویتك اللّٰھم یارب البیت العتیق اعتق رقابنا و رقاب اٰبائنا و امھاتنا من النار یا عزیز یا غفار اللّٰھم یا خفی الالطاف امنا مما نخاف اللّٰھم انی اسئلك من خیر ما سئلك منه نبیك محمد صلی اللہ علیه وسلم واعوذ بك من شر ما استعاذ منه نبیك محمد صلی اللہ علیه وسلم ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم وتب علینا انك انت التواب الرحیم اور مستحب ہے زیارت حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضؓ کے گھر کی کہ جسمین سیدۃ النسا حضرت فاطمہ رضؓ پیدا ہوئین رسول مقبول صلعم ہجرت تک اوسمین رہے اوس گھر مین حضرت فاطمہ رضؓ کی پیدائش کی جگہہ پر بالفعل ایک قبہ لکڑی کا بنا ہوا ہے اور حضرت کے وضو اور عبادت کا بھی مقام زیارتگاہ ہے اور مستحب ہے زیارت مولد رسول اللہ صلعم کہ بالفعل وہ ایک مکان مکلف پہاڑ بو قبیس کے نیچے مشہور ہے ایسی ہی زیارت حضرت ابابکر رضؓ صدیق کے گھر کی کہ وہ مشہور ہے ساتھہ دوکان حضرت ابابکر کے کوچہ حجر مین کہ اب اوسکو زقاق صواغین کہتے ہین وہان دو پتھر دونون طرف کی دیوارین کھڑی ہین ایک حجر متکلم جسنے

* کیفیت زیارت کعبہ شریف کی اندر سے

* دعا کعبہ شریف کے اندر جانے کے وقت

کہ حد حرم مکہ معظمہ مین بارہ ہزار پہاڑ ہین اور قرتبی بحر العمیق مین لکھتے ہین کہ مکہ معظمہ کے سب
پہاڑون کے سر جھکے ہین طرف کعبہ شریف کے ابن نقاش وغیرہ اہل حدیث لکھتے ہین کہ مکہ
معظمہ کے پہاڑون مین اکثر پہاڑ ہین سونے اور چاندی کے اور خزانون کے اور جواہر کے
چنانچہ بعض عارفین اہل اللہ کو بعض اوقات نظر آنے لگتے ہین اونمین سے پہاڑ معظم مکرم جبل ابو قبیس ہے
کہ اوسپر شق القمر ہوا اول اللہ تعالی جل جلالہ نے اسی پہاڑ کو زمین پر رکھا اور اسی پہاڑ پر حضرت
ابراہیم نے چڑھ کر خلائق کو واسطے حج کے پکارا یہ پہاڑ جنت کے پہاڑون مین سے ہے
اس پہاڑ کے منجملہ عجائبات سے قزوینی عجائب المخلوقات مین لکھتے ہین کہ جو اس پہاڑ پر
جاکر بکری کے بچے ہوئے کھائے تو وہ شخص سکے دردون سے محفوظ رہے چنانچہ
اکثر لوگ ایسا کرتے ہین اور انکو شفا حاصل ہوتی ہے والاعمال بالنیات لکھا ہے کہ اسی پہاڑ پر
کعبہ معظمہ آراستہ کیا جاویگا وقت لیجانے طرف جنت کے جیسے دولہن سنواری جاتی ہے اور
ایک پہاڑ جبل ثور ہے رسول مقبول صلعم پہلے نبوت کے وہین عبادت فرمایا کرتے تھے اور
اسی پہاڑ مین نزول وحی کا ہوا اسپر سے کعبہ شریف بھی دکھلائی دیتا ہے اس پہاڑ کے منجملہ
عجائبات سے مرجانی بہجۃ النفوس مین لکھتے ہین کہ مینے اس پہاڑ کے بعض پتھرون سے
آوازین عجیب غریب سنین معلوم کیا کہ وہ سب ذکر الہی مین مشغول ہین چنانچہ وہ آواز سوقدم سے
سنی جاتی تھی پس مینے اپنے باپ سے ذکر کیا اونھون نے فرمایا کہ مینے بھی اسیطرح وہان آوازین
سنین اور دیکھا مینے ایک عارف باللہ کو اس پہاڑ پر چڑھ کے بعض پتھرون سے کوئی شے
چننے لگے مینے اونسے اسکی حقیقت پوچھی تو اونھون نے کہا کہ مین اونمین سے اپنے سال بھر کے
خرچ کے موافق سونا نکال لیتا ہون ابو نعیم سے روایت ہے کہ حضرت جبرئیل و میکائیل نے
شق صدر حضرت کا اسی پہاڑ پر کیا ہے اور ایک پہاڑ جبل ثور ہے محب طبری لکھتے ہین کہ یہ پہاڑ
مکہ شریف سے تین میل پر ہے اور اوسمین غار ہے جسکا بیان عنقریب آتا ہے لکھا ہے کہ اس
پہاڑ مین بوٹیان ہر قسم کی ہین اور اوسمین ایک درخت ایسا ہے کہ جسکے پاس کوئی چیز بھی ہو سمین سے
ہووے تو کسی جانور کا زہر اوسپر اثر نکریگا اور ایک پہاڑ جبل ثبیر ہے یہان سے مزدلفہ جانے
والے کو بائین طرف پڑتا ہے ابن نقاش لکھتے ہین کہ اس پہاڑ پر بھی دعا قبول ہوتی ہے

جہان حضرت بلالؓ نے اول اذان دی ہے اور زیارت مسجد الشجرہ کی کہ مقابل مسجد الجن کے ہے کہ
جہان حضرت نے ایک درخت کو واسطے کسی کام کے طلب فرمایا اور وہ درخت مع جڑ حاضر ہوا تھا اور
مسجد الاجابہ کی بھی زیارت کرنی چاہیے کہ حضرت نے اس مسجد مین بھی نماز پڑھی بعض کہتے ہین کہ مسجد الفتح
بھی یہی مسجد ہے اور مسجد الجن ہے کہ جنون نے وہان حضرت کا قرآن مجید سنکر ایمان لائے اور اسکو
مسجد البیعۃ بھی کہتے ہین اسوجہ سے کہ جنون نے آپ سے وہین بیعت کی روایت کیا ازرقی نے اور
مسجد بیعت العقبی کی زیارت کرنی چاہیے کہ انصار نے اول وہیجگہ بیعت کی اور بالفعل یہ مسجد
آباد ہے منا کے جانے والے کو بائین طرف پڑتی ہے اور مسجد الرایہ کی زیارت کرے کہ حضرت
نے وہان نماز پڑھی اور فتح مکہ کے دن وہان نیزہ گاڑا ہے روایت کیا طبرانی نے اور زیارت
مسجد الجیاد کی جہان بادشاہ تبع کے گھوڑے بندہے تھے مگر اب جیاد مکہ شریف مین ایک
محلہ کا نام ہے اور بھی زیارت مسجد ذی طوی کی کرے کہ رسول مقبول صلعم حالت حج اور عمرہ مین
وہان اوترے اور زیارت مسجد جعرانہ کرے کہ مکہ معظمہ سے نو کوس ہے غزوہ حنین کی غنیمت
وہین تقسیم فرمائی اور مسجد حضرت عائشہ کی جو تنعیم مین ہے زیارت کرے اور مسجد منحر النبی کی منا مین
جہان انا اعطینا نازل ہوئی کرے اور زیارت مسجد الکبش کی منا مین کرے جہان حضرت ابراہیم نے
قربانی فرمائی ف منا ایک مقام کا نام ہے مکہ شریف سے تین کوس پر جانب مشرق کے
کہ وہان مکانات اور دکانین بنی ہوئی ہین موسم حج مین وہان بازار نہایت آراستہ کرتے ہین
اور وجہ نام رکھنے کی یہ ہے کہ منا کے معنی لغۃ مین اندازہ کرنے کے ہین اسجگہ بھی قربانی کرنا
اندازہ کیا جاتا ہے یا اس جہت سے کہ جب حضرت جبرئیلؑ حضرت آدمؑ سے اسمقام مین جدا
ہونے لگے تو کہا تمن یعنے آرزو کر حضرت آدم نے کہا اتمنی الجنۃ یعنے آرزو کرتا ہون
جنت کی اسلیے اسمقام کا نام منا رکھا کہ امنیت حضرت آدمؑ کی یعنی آرزو وہان واقع ہوئی تھی
رب العالمین سبکو وہ مقام دیکھنا نصیب کرے آمین

فصل تیسری
مکہ معظمہ کے پہاڑون کے بیان اور انکے فضائل مین

شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ پہاڑ مکہ معظمہ کے بہت ہین چنانچہ ازرقی لکھتے ہین

نیکیان جتنی کہ حضرت آدم کی اولاد مرے قیامت تک مرجانی محدث رح سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ دلاجی رح فرماتے ہین کہ مین مشرف ہوا اہل جنت المعلا پر اور اونسے کہا مینے کہ آیا تم کچھہ نفع پاتے ہو لوگون کے تحفہ قرات وغیرہ سے تو اونھون نے کہا کہ اسجگھہ کوئی کسیکے حال سے واقف نہین ہے اپنے اپنے عیش و آرام مین سب مشغول ہین محمد ابن سابط سے روایت ہے کہ درمیان مقام ابراہیم اور حجر اسود کے اور رکن یمانی اور زمزم کے ایک کم سو نبیونکی قبرین ہین اور گرد کعبہ شریف کے قبرین تین سو نبیونکی ہین اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ درمیان حجر اسود اور رکن یمانی کے ستر نبیونکی قبرین ہین کہ اون نے انتقال کیا بھوک اور جوؤن کی تکلیف سے اور قبر شریف حضرت اسمعیلؑ اور حضرت ہاجرہؑ کی حطیم مین نیچے میزاب رحمت کے ہے واللہ اعلم بالصواب

بیان اسکا کہ گرد کعبہ شریف سے قبرین ہین سو نبیون کی ہین ومقام ابراہیم و حضرت اسمعیل و حضرت ہاجرہ

فصل دوسری
مکہ معظمہ کی آس پاس کی مسجدون کے بیان مین

پوشیدہ نرہے کہ جب حاجی مکہ معظمہ مین پہونچے تو سوائے مسجد الحرام کے جو اور مسجدین آس پاس مکہ معظمہ کے ہین اون سبکی جہانتک ممکن ہو زیارت کرے اونمین سے ایک مسجد خیف منا مین ہے

بیان مسجد خیف جو منا مین ہے

وارد ہوا کہ اس مسجد مین ستر پیغمبرون نے نماز پڑھی ہے اونمین سے حضرت موسیٰؑ بھی ہین اور وہ سب نبی وہین دفن ہین یہ روایت کیا قرشی نے مناسک مین امام ازرقی لکھتے ہین کہ اس مسجد کے بیس دروازے تھے لیکن اب بند ہو گئے بالفعل دو دروازے یا تین کھلے ہین رسول مقبول صلعم نے عرفات پر جاتے ہوئے اس مسجد مین نماز پڑھی ہے حضرت عطا فرماتے ہین کہ فرمایا حضرت ابوہریرہؓ نے کہ اگر ہوتا مین اہل مکہ سے تو البتہ حاضر ہوتا مین ہر ہفتہ روایت کیا ازرقی نے اور حضرت مرجانی بہجۃ النفوس مین لکھتے ہین کہ مسجد خیف مین چار سو نبیون نے بسبب صدمہ جوؤن کے وفات پائی بعض صالحین سے روایت ہے کہ اس مسجد شریف مین ہر برس حضرت خضرؑ اور حضرت الیاس جمع ہوتے ہین اور اکثر اولیاء اللہ اوسکی زیارت کو آتے ہین تو اہل حدیث لکھتے ہین کہ حاجی کو چاہیے کہ ایام قیام منا مین امام کے ساتھہ جہانتک ممکن ہو نماز اس مسجد مین نہ چھوڑے کہ اسکا بہت بڑا اجر و ثواب ہے جیسا کہ علامہ غزالی احیا مین لکھتے ہین ف خیف کہتے ہین کنارہ کو یہ مسجد بھی منا کے کنارہ مین یا منا کے پہاڑ کے کنارہ مین ہے دوسری مسجد ابو قبیس ہے

بیان مسجد ابو قبیس

حضرت ابابکر صدیق رض و سیدنا عبد القاسم بن سلام و سیدنا عطار بن رباح و سیدنا سفیان بن عیینہ
و سیدہ اسماء بنت ابی بکر و سیدہ حضرت خدیجۃ الکبری و سیدہ حضرت آمنہ و سیدہ میمونہ و سیدنا امام احمد
بن حجر الہیثمی شافعی و سیدنا امام عبد اللہ بن اسعد الیافعی و سیدنا شیخ دلاصی و سیدنا امام عبد اللہ المدلسی و سیدنا
امام قشیری و سیدنا شیخ عمر العراقی وغیرہ صحابہ و تابعین و اولیا و عارفین کی بہت سی قبریں ہیں کہ اہل
مکہ نے کمال تحقیق سے ان حضرات کی قبروں کے نشان بنا دیے ہیں اور جنت المعلا کے دروازے پر
مزار حضرت ملا علی قاری کا ہے اور راہ میں مزار سید احمد رفاعی اور ابو البرکات نسفی صاحب کنز کا اور حضرت
خواجہ ابو عثمان ہارونی رح کا بھی مشہور ہے ف معلا اصل میں معلاۃ تھا کثرت استعمال سے تے
اسکے آخر سے دور ہو گئی ہے جیسے لفظ محایا کہ اصل میں محاباۃ تھا جنت المعلا کے دو احاطے ہیں
اندر کے احاطے کے دروازے پر جانے والوں کو بائیں طرف قبر ملا علی قاری کی مشہور ہے سابق
میں جنت المعلا کو بجون کہا کرتے تھے مقدم الثمین میں وارد ہوا کہ رسول خدا صلعم نے سوال کیا بیچ مقدمہ
اہل بقیع کے یعنے واسطے اہل قبرستان مدینہ طیبہ کے ارشاد ہوا کہ اونکے لیے جنت ہے پھر آپنے
سوال کیا واسطے اہل قبرستان مکہ معظمہ کے حکم ہوا کہ اے حبیب میرے سوال کیا تو نے اپنے
ہمایہ کے مقدمہ میں پس سوال کر میرے ہمایہ کے مقدمہ میں روایت کیا قرشی نے منسک میں
جس مسلمان بھائی کو رب العالمین وہاں جانا نصیب کرے تو چاہیے کہ کمال آداب حضوری سے
بعد تحفہ سلام و ادعیہ ماثورہ کے قرآن مجید جتنا ہو سکے ضرور پڑھے اور خدا کی تسبیح و تہلیل اور دعا
و استغفار میں مشغول ہو اور تھوڑی تھوڑی دیر سب اہل خیر کی قبروں پر ٹھہرتا جاوے امام قرطبی
اپنے تذکرہ میں لکھتے ہیں کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص گذرے اوپر کسی قبرستان کے
اور پڑھے سورۂ اخلاص گیارہ بار تو اللہ تعالی ہر مردے کو ثواب گیارہ گیارہ قل کا بھیجتا ہے
کاتب کسر اومین نہیں ہوتی ہے ابن ابی شیبہ حضرت امام حسن بصری سے روایت کرتے ہیں
کہ جو شخص داخل ہوا قبرستان میں اور اوسنے یہ دعا پڑھی اللھم رب ھذہ الاجساد البالیۃ
والعظام النقی خرجت من الدنیا وھی بک مومنۃ ادخل علیھا روحا منک وسلاما
منی تو اسکا اتنا بڑا ثواب ہے کہ استغفار مانگتا ہے واسطے پڑھنے والے کے ہر مومن جو مرا
حضرت آدم کے وقت سے اور بروایت ابن ابی الدنیا اسطور پر وارد ہوا کہ لکھی جاتی ہیں واسطے اوسکے

محقق لفظ معلاۃ

طریقہ زیارت مقابر جنت المعلا

کہ جبتک اوس مقام اقدس مین حاضر رہے ہر ایک اپنے اعمال و افعال مین ہر ساعت خیال رکھے
خداوند کریم سب مسلمانونکو وہان رہنا نصیب فرماوے آمین یارب العالمین

باب ساتوان

فصل پہلی

مکہ معظمہ کے قبرستان یعنے جنت المعلا کے فضائل کے بیان مین

حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ کیا اچھا قبرستان ہے یہہ
روایت کیا ابو الفرج نے **ف** یعنے رسول مقبول صلعم نے مکہ معظمہ کے قبرستان کی تعریف بیان
فرمائی تو جس شی کو کہ حبیب کبریا نے اچھا کہا تو اوسکی بڑائی اور بزرگی کیا بیان کیجاوے عبد اللہ
ابن مسعود رض سے روایت ہے کہ کھڑے ہوئے رسولخدا صلعم اوپر ثنیہ کے اور نہین تھا اوسکے
اون دونونمین قبرستان پس آپ نے فرمایا کہ اوٹھاویگا اللہ تعالی اوس مین سے یا سارے
حرم سے ستر ہزار وہ لوگ کہ داخل ہونگے جنت مین بغیر حساب کے اونمین سے ہر ایک شفاعت
کریگا ستر ہزار کی چہرے اونکے مانند چودھوین رات کے روشن ہونگے حضرت ابا بکر صدیق
نے عرض کیا کہ یارسول اللہ وہ کون ہونگے آپ نے فرمایا کہ غربا **ف** غربا یعنے وہ لوگ جو
سامان ظاہری سے عاری رہے اور دنیا کی تکلیفونپر خوشی سے صبر کیا اور خدا و رسول کی
محبت مین سرشار رہے حضرت بریدہ اسلمی رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ جس زمین مین پہلا صحابی میرے صحابیون مین سے دفن ہو تو وہ کل اہل اوس زمین کو بخشنے والا
ہوگا طرف جنت کے اور اون سب پر نور پہونچانے والا ہوگا دن قیامت تک روایت کیا
ابن جوزی نے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ شفاعت کرنیوالا ہوگا واسطے اہل اوس زمین کے
اہل اسلام کو مقام غور کرنے کا ہے کہ جب ایک صحابی کے دفن ہونے سے یہ خیر و برکت اور
نفع عظیم حاصل ہوتا ہے تو جنت المعلا تو وہ مقام اعلی ہے کہ وہان کیسے کیسے شیر خدا مقبول بارگاہ
کبریا آرام فرما رہے ہین مثل سیدنا عبد اللہ ابن زبیر رض و سیدنا عبد الرحمن ابن ابا بکر و سیدنا قاسم ابن سیدنا
صلعم و سیدنا عتاب بن اسید و سیدنا طاؤس و سیدنا عبد اللہ بن عمر بن الخطاب و سیدنا ابو مخدورہ
و سیدنا حبیب ابن عدی و سیدنا عبد اللہ بن کریز و سیدنا سہل بن حنیف و سیدنا عثمان والد سیدنا

بیان بعض اسمار
کبار مدفونین
جنت المعلا

اور چاہیے کہ بغیر اہل کے مہمان نہ رہے اکثر صالحین و ابرار بغیر بی بی کے وہان نہ رہے اور
چاہیے کہ کم کھاوے اکثر غذا زمزم شریف کو کرے اور جبتک کہ اضطرار شرعی اور خواہش
صادق غالب نہووے جبتک نہ کھاوے اور چاہیے کہ مسکینون اور محتاجون کی طرح وہان
رہے اور خوب ہم پہونچی تو اوسمین فقرا و مساکین غربا کو شامل کرلے اور جہانتک ممکن ہو کسی سائل کو خالی
پھیرے نہ اور مزاج مین نرمی اور بردباری پیدا کرے غرور اور تکبر کو زنہار نکرے کہ ابلیس لعین کو
اسی گناہ نے بارگاہ الہی سے مردود کیا اور ہر ایک جگہہ پیشاب پائخانہ کو نہ بیٹھہ جاوے اسیطرح
نقل کیا امام قشیری نے ابن عثمان مغربی وغیرہ سے اور چاہیے کہ حرم شریف مین بغیر ضرورت کے
زیادہ نہ پھرے کیونکہ حرم شریف سجدہ گاہ انبیا و اولیا و ملائکہ ہے اگر کھل جاوے پردہ کسی کا
تو نہ پاوے حرم شریف مین کوئی جگہہ خالی سجدہ کرنے والون سے دن رات اکثر اولیا اللہ صاحب
حال نے یہہ کیفیت دیکھی اور محجوب ہوکر خدا سے زاری کی یہانتک کہ وہ کیفیت اشراق اونسے
سلب ہوگئی اور چاہیے کہ کبھی دلمین خیال نکرے کہ مینے خدا کی عبادت کامل کی بلکہ اپنی
نقصان عبادت کا اقرار ہر دم کرتا رہے اور عفو و مغفرت چاہتا رہے اور کسیکی غیبت اور برائی
نکرے اور قسم نہ کھا بیٹھا کرے اور ڈرا کرے خدا کی جلال و عظمت سے لکھا ہے کہ حضرت
ابو محمد حریری نے ایک برس مکہ معظمہ مین قیام کیا اس عرصہ مین بپاس ادب نہ لگایا تکیہ آپنے
دیوار کا اور نہ سوئے اگر غلبہ نیند کا ہوتا تھا تو بیٹھے بیٹھے آپ سوجاتے تھے اسیطرح ابو عمر زجاجی
صوفی چالیس برس مکہ معظمہ مین رہے لیکن بول و براز کے واسطے حد حرم مین کبھی نہ گئے اسیطرح
حضرت امام اعظم نے آداب مکہ معظمہ کے ادا فرمائے جزاہم اللہ خیر الجزا حضرت ذوالنون مصری
فرماتے ہین کہ دیکھا مینے ایک جوان کو نزدیک دروازۂ کعبہ معظمہ کے کہ کثرت سے رکوع اور
سجدے کر رہا ہے پس قریب ہوا مین اوس سے اور کہا مینے کہ اسکا سبب کیا ہے تو اوسنے
بیان کیا کہ منتظر ہون مین اذن کا اپنی رخصت مین پس دیکھا مینے ایک رقعہ کہ گرا اوسپر اوسمین یہہ عبارت
لکھی تھی مِنَ الْعَزِیْزِ الْغَفُوْرِ اِلَی الْعَبْدِ الصَّادِقِ الشَّکُوْرِ اِنْصَرِفْ مَغْفُوْرًا لَکَ مَا تَقَدَّمَ
مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ حاصل یہہ کہ معصیت اور برائی سب جگہہ بد ہے لیکن بارگاہ الہی مین
اور حرم اقدس مین نہایت بد اور موجب سخت عقوبت ہے پس مرد با ایمان کو لازم ہے

جب زمین پر اوترتی ہے تو دس حصے ہو جاتی ہے نو حصے مکہ شریف کے رہنے والونکو
نصیب ہوتی ہے اور ایک حصہ تمام عالم کو نصیب ہوتی ہے اور فرمایا رسول خدا صلعم نے
کہ جو شخص مرا مکہ شریف مین پس گویا کہ مرا وہ بیچ آسمان دنیا کے اور جو شخص مرا بیچ حرم مکہ معظمہ کے
در آنحالیکہ وہ حج کرنیوالا ہے یا عمرہ لانیوالا ہے اوٹھا دیگا اوسکو اللہ تعالیٰ دن قیامت کے
کہ نہ حساب ہوگا اوسکا اور نہ عذاب روایت کیا جندی نے حضرت محمد بن سابط سے روایت
ہے کہ انتقال پایا حضرت نوحؑ اور حضرت ہودؑ اور حضرت صالح اور حضرت شعیبؑ نے مکہ شریف
مین اور ان سب حضرات کی قبرین درمیان زمزم شریف اور حجر اسود کے ہین اور روایت ہے
ایک شخص سے کہ آل خطاب سے تھا فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص مرا مکہ معظمہ مین
اوٹھا دیگا اوسکو اللہ تعالیٰ امن والونمین سے یعنے وہ شخص امن مین رہیگا خوف بڑے
دن قیامت کے حضرت شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ خداوند کریم نے انعام
جلیل اور فضل عظیم فرمایا اوپر رہنے والون حرم شریف کے کہ نہین تیر کرتا رات کو کوئی بھوکا
رہکر اور کیسے بھوکا رہے جس حالمین کہ اللہ تعالیٰ نے اوسمین کھانا لذیذ اور نفیس اور شفا
کل بیماریونکی زمزم شریف کو مقرر کیا وارد ہوا کہ حجر اسود پر لکھا ہوا ہے کہ مین ہون اللہ صاحب
بکہ کا رزق دیتا ہون اوسکو جسکے واسطے کچھ حیلہ نہو یہانتک کہ تھک آتا ہے اوسپر حیلہ والون کو

ف اہل حدیث آداب مکہ شریف مین رہنے کے بہت لکھتے ہین اونمین سے کئی جگہ لکھے
جاتے ہین کہ جو شخص اوس مقام اقدس مین رہے تو اوسکو چاہیے کہ جہانتک ممکن ہو اکل حلال
کھاوے اور یہ بات خواہ کسب پیشہ سے اوسکو حاصل ہو خواہ مزدوری و محنت سے جیسے
کہ فضیل بن عیاض اور سفیان بن عیینہ و ابراہیم ادہم محنت و کسب سے قوت حلال کھایا کرتے تھے
یا اسطرح کہ ہمہ وجوہ بارگاہ الہی مین متوجہ ہو جاوے کہ رزاق مطلق مسخر کردے واسطے
اوسکے اکل حلال اور وہان سے اوسکو غذا عنایت فرماوے جہانسے اوسکو گمان نہو مانند
دیگر انبیا اور اولیا کے دوسرے یہ کہ نہ سوال کرے حرم شریف مین کسی سے نہ بڑے
ظلم کی بات ہے کہ بارگاہ الہی مین رہکر مخلوق سے التجا کرے تیسرے یہ کہ وہان رہکر دنیا
کی لذتون اور نفسانی خواہشون پر افسوس و حسرت دلمین نہ لاوے ورنہ اسمین بڑا نقصان ہے

کسی جگہ کو حاصل نہین مانند بادشاہی قلعہ کے نسبت بممالک محروسہ رب العالمین اوس سرزمین عنبر شمیم مین سب مسلمانونکو پہونچاوے آمین یارب العالمین +

فصل پانچوین
مکہ شریف مین رہنے اور مرنے کی فضیلت مین +

بیان فضائل کہ شریف مین رہنے مرنے کی

شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین حضرت امام حسن بصری سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے صبر کیا مکہ شریف کی گرمی پر اگرچہ ایک ساعت دن کی دور رکھیگا اوسکو اللہ تعالی دوزخ کی آگ سے پانسو برس کے رستہ پر اور نزدیک فرماویگا اوسکو جنت سے دو سو برس کے رستہ اور ایک روایت مین وارد ہوا ہے سو برس روایت ہے کہ حضرت اسمعیلؑ نے مکہ شریف کی گرمی کی اللہ تعالی سے شکایت عرض کی حکم ہوا کہ ای اسمعیل کہولدونگا مین واسطے تیرے ایک دروازہ جنت کے دروازونمین سے بیچ حجر اسود کے کہ چلیگی اوپر تیرے ہوا اوسمین سے دن قیامت تک سعید ابن جبیر رضؓ سے روایت ہے کہ جو شخص بیمار ہوا مکہ شریف مین ایک دن لکھتا ہے اللہ تعالی واسطے اوسکے اجر نیک عمل کہ کرتا وہ ثابت برس مین پس اگر مسافر ہے وہ تو اللہ تعالی اسکا دگنا اجر وثواب عنایت کرتا ہے روایت کیا امام فاکہی نے اور قرشی نے وارد ہوا کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ اگلے نبیونمین سے جب کسی پیغمبر کی امت عذاب الہی سے ہلاک ہوجاتی تہی تو وہ نبی مکہ شریف مین آکر عبادت الہی مین مشغول ہوجاتا تھا یہانتک کہ انتقال پاتا تھا روایت کیا ازرقی نے ف تفسیر فتح العزیز مین وارد ہوا کہ اسکی مثال اسطور پر سمجھنا چاہیے کہ جیسے عمدہ دار اور ارباب خدمت بادشاہی جب اپنے کام سے بیکار ہوتے ہین تو اپنے بادشاہ کی حضوری مین رجوع کرتے ہین اور اوسکے سلام ومجرے مین حاضر رہتے ہین اسیطرح سمجھنا چاہیے کہ جب کسیکا دل دنیا سے سیر ہوجاتا ہے اور چاہتا ہے کہ رجوع بخدا کرون تو وہ بیت اللہ شریف کا قصد کرتا ہے گویا رجوع بخدا اسی طریق مین جانتا ہے حضرت امام حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ جو شخص مرا حرم مکہ معظمہ مین تو گویا وہ مرا چوتھے آسمان مین اور بھی آپ سے روایت ہے کہ خدا تعالی کی رحمت ایک طرح پر اوترتی ہے لیکن

اور وہ زمین مکہ معظمہ سے مدینہ شریف کیطرف تنعیم تک تین میل ہے اور یمن وعراق وطائف
کیطرف سات میل اور جعرانہ کیطرف نو میل اور جدہ کیطرف دس میل ہے اتنی زمین مین چارون
طرف شکار کرنا اور درخت کاٹنا درست نہین ہے اور اگر اتفاق سے کسی نے وہان شکار مارا
یا جھاڑ کاٹا تو اوسپر کفارہ آتا ہے اور نہ چاہیے وہانکے جانورونکو سایہ اور پانی سے ہانکنا اور
نہ پتے جھاڑنا مگر آذخر وسنا کہ دوا کے واسطے جائز رکھا ہے لکھا ہے کہ اگر کوئی جانور درندہ
کسی جانور کے پیچھے دوڑتا ہے جب وہ جانور حرم کی حدمین داخل ہوتا ہے تو وہ درندہ
پھر جاتا ہے اور حرم کی حدمین زنہار نہین داخل ہوتا ہے اور اکثر لوگون نے حرم کی حدمین
ہرنون اور درندہ جانورونکو ایک جگہ ملے دیکھا ہے ابونعیم حلیۃ الاولیا مین حضرت مجاہد سے
روایت کرتے ہین کہ بعض بعض اوقات لاکھہ لاکھہ آدمی بنی اسرائیل سے حج کے لیے آتے تھے
جب حدحرم مین پہونچتے تھے تو ننگے پانون ہو جاتے تھے اور مصنف ابن ابی شیبہ مین مذکور ہوا
کہ جب پہونچتے تھے بنی اسرائیل مقام طوی مین تو فوراً بسبب تعظیم کعبہ وادب حرم شریف
کے ننگے پانون ہو جاتے تھے ازرقی وابن عساکر حضرت ابن عدی رضہ سے روایت کرتے
ہین کہ حواریون نے سہی حج خانہ کعبہ کا کیا پس جبکہ حدحرم شریف مین داخل ہوئے تو
حواریون پر سے اوتر پڑے اور پیدل چلے اور ابن ابی شیبہ سے روایت ہے کہ انبیا جسوقت
حد دیکھتے تھے نشان حرم شریف کا تو ننگے پانون ہو جاتے تھے اور روایت کی حضرت
امام جعفر صادق ع نے اپنے باپ امام محمد باقر ع سے کہ حضرت امام حسن ع نے پندرہ حج پیادہ
کیے اور آپکے گھوڑے کوتل آگے آگے چلتے تھے احادیث کی کتابونمین مذکور ہوا کہ سب
نبیون نے پیادہ پا حج کیا اور حضرت آدم ع نے سراندیب سے پیادہ چلکر چالیس حج کیے
رشید ابن منصور مجاہد سے نقل کرتے ہین کہ حضرت ابراہیم ع اور حضرت اسمعیل ع نے
پیادہ حج کیا اور بعض کتب سیر سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم ع بعد بنا کعبہ ہر سال
براہ حضرت سارہ اور حضرت اسحٰق کے حج کے لیے تشریف لاتے تھے مذہب حنفی مین
حکم ہے کہ اگر کوئی کسیکو قتل کرے اور حرم مین آن بیٹھے تو اوسکو قتل نکرے جبتک کہ
وہان سے باہر نہ نکلے غرض اوس مقام اقدس کو ایک خصوصیت ایسی حاصل ہے کہ اور

بیان حرمت حرم شریف

جنکا وصف نہین بیان ہوسکتا تو اوسوقت جانا چاہیئے کہ یہ رزق حق سبحانہ تعالی کیطرف سے ہے
فرمایا قرآن مجید مین یُجْبٰٓی اِلَیْہِ ثَمَرٰتُ کُلِّ شَیْءٍ وقولہ تعالیٰ اَطْعَمَھُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ
خَوْفٍ اور نام مبارک ہے تہامہ اور حجاز اور بلدۂ طیبہ و مقدسہ و قادسیہ و ناسۃ
و سبوحۃ و تلاح و آم کوثی و آم رحم و آم المشاعر و متحفہ و معطشہ و رحم و آم و
بلد و حجاز و بلد الحرام و طیبہ و معاد اور منجملہ القاب مبارک سے ہے مشرفہ و مکرمہ
و مفخمہ و مہابہ و والدۃ و نادرۃ و جامعۃ و مبارکہ وغیرہ القاب معظم اور نام مکرم
شیخ مجدالدین فیروزآبادی صاحب قاموس نے ایک رسالہ مکہ معظمہ کے مامون مبارک کی تحقیق
اور تصریح مین لکھا ہے جنکی تصریح اسمقام مین دشوار ہے جو مشتاق ہوائمہ دین کی کتب مین دیکھ
لیوے بعض لکھتے ہین کہ یہ عمل مجرب ہے کہ اگر صاحب نکسیر کی پیشانی پر نکسیر کے خون سے
یہ عبارت لکھی جاوے مَکَّۃُ وَسَطُ الدُّنْیَا وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ تو خدا چاہے بند
ہوجاویگا خون نکسیر کا حاصل یہ کہ مکہ معظمہ کے فضائل بشمار و بحساب ہین کافی اور بس ہے
کہ بلد اللہ اور بلد رسول ہے خداوند کریم سب مسلمانون کو اپنے فضل عظیم سے وہ شہر
مقدس دیکھنا نصیب فرماوے آمین رب العالمین

فصل چوتھی

مکہ معظمہ کے حرم مقدس کے آداب اور حدونکے بیان مین

پوشیدہ نرہے کہ اوس زمین کو جو گرد کعبۂ شریف اور مکہ معظمہ کے ہے بسبب تعظیم کعبۂ
شریف کے اللہ تعالی نے واجب التعظیم کردیا اور حرم نام اوسکا اوسوجہ سے ہے کہ اللہ تعالی
نے اوسمین بہت سی چیزین حرام کردین جو دوسری جگہ نہین اہل حدیث لکھتے ہین کہ جب حضرت
حضرت ابراہیمؑ نے کعبۂ شریف مین رکھا تو اوسکی روشنی چار و نطرف جہانتک پہونچی وہ
حد حرم کی مقرر ہوئی اور بعض کہتے ہین کہ جب اللہ تعالی نے حضرت آدمؑ کو زمین پر بھیجا
تو آپ ڈرتے تھے شیاطین سے بوجہ تنہائی کے اللہ تعالی نے فرشتونکو حضرت آدمؑ کی
محافظت کے لیے بھیجا پس جہان جہان کہ حدین حرم کی ہین وہان ہر طرف فرشتے کھڑے
ہوگئے پس جتنی زمین کہ درمیان کعبۂ معظمہ اور جگہ کھڑے ہونے فرشتونکی تھی وہ سب حرم

تسمیہ ام القریٰ

اوسمین یا اسوجہ سے کہ شہر ہے ابرار ونکا اوز نام مبارک ہے راس کیونکہ مکہ معظمہ روے زمین
بن ایسا ہے جیسے تمام جسم مین سر اشرف الاعضا ہے اور نام مبارک ہے اُمّ الرحمۃ بسبب ہونے
اصل خیر وبرکت مین اور نام مبارک ہے عُرش قاضی عیاض لکھتے ہین کہ جمع ہے عرش کی
بمعنی گھرون مکہ معظمہ کے چنانچہ وارد ہوا کہ ابن عمرؓ موقوف کر دیتے تھے لبیک کو جسوقت
کہ دیکھتے تھے آپ عرش یعنے مکہ معظمہ کے گھرونکو اور نام مبارک ہے بلدمرزوقہ

بلد مرزوقہ

فرمایا اللہ تعالیٰ نے حکایتاً سیدنا ابراہیمؑ سے وَارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرَاتِ یعنے جبکہ
حضرت ابراہیمؑ نے مکہ معظمہ کے لیے دعا مانگی تو جناب باری نے حضرت جبرئیل کو
حکم فرمایا کہ ایک بستی شام کی بستیونمین سے اوٹھاکر وہان لیجا چنانچہ حضرت جبرئیل نے

بیان طائف

طائف کی زمین کو اوٹھاکر کعبۂ شریف کا سات بار طواف کرایا اور قریب مکہ معظمہ کے رکھدیا
اسیوجہ سے سیرابی اوس زمین کی مانند سیرابی شام کی زمین کے ہے یہانتک کہ لکھا ہے
کہ فواکہ وسیوجات فصل ربیع وخریف اور صیف کے ایکدن مکہ معظمہ مین ملتے ہین شیخ احمد
حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ جسوقت داخل ہو تو مکہ معظمہ مین کسیوقت راتکو پس تحقیق
تو پاویگا اوسمین جو چیز چاہیگا چہ جاے کہ دنکو اور نہین شب گذارتا ہے اوس شہر قدس
مین کوئی مگر پیٹ بھر کر حمداً وشاکراً للہ تعالیٰ اور آپ یہ حکایت روایت کرتے ہین کہ آیا ایک

حکایت عجیبہ مشتمل بر غرابت الہی و نفاست ثمرات مکہ معظمہ

شخص ملک شام سے بارادۂ حج پس جب وہ داخل ہوا مکہ شریف مین تو دیکھے وہان ہر قسم کے
میوے بیشمار تو نہایت تعجب پیدا ہوا اور دلمین کہا کہ ہم اپنے شہر ونمین باوجود کثرت
باغونکے اتنی افراط نہین پاتے ہین مگر وقت ڈیڑھ پہر دن چڑھے ضرور ہے کہ اس
شہر کے باغ ہمارے شہر کے باغون سے زیادہ ہونگے پس نکلا وہ باہر شہر کے واسطے
دیکھنے باغونکے پس نہ دیکھے وہان مگر پہاڑ تو اور زیادہ تعجب پیدا ہوا اور سورہا ایک پہاڑ کی
پاس جب وقت صبح کا ہوا تو دیکھا ایک جماعت کو اونٹونکے ساتھ بغیر سامان اور بوجھونکے
پس اونھون نے بٹھلایا اون اونٹونکو اور اوس پہاڑ سے پتھر لیکر اونپر لاد دیے اور مکہ معظمہ
کیطرف لیکر چلے مین بھی اونکے ساتھ چلا پس دیکھا مینے کہ جسوقت پہونچے وہ مکہ شریف مین
تو اونھون نے کھولا اون اونٹونکو تو اونمین سے طرح طرح کے میوے تر وتازہ نکلے

پیش آتے ہین اور آپکی امت کے کمالات ظاہری و باطنی دیکھکر خوش ہوتے ہین ف اہل حدیث لکھتے ہین کہ
عجیب و حکایات غریب اس باب مین اہل حدیث نے نقل فرمائی ہین
مکہ معظمہ کے بہت نام اور القاب ہین امام نوویؒ فرماتے ہین کہ نہین جانتا ہون مین کسی شہر کو
زیادہ نامون مین مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ سے اور کثرت نامونکی ہونا دلالت کرتا ہے اوپر شرف
وفضل مسمی کے چند نام اور القاب مبارک اسجگہ تبرکاً لکھے جاتے ہین مکہ معظمہ قرآن مجید مین
اللہ تعالی فرماتا ہے بِبَطْنِ مَكَّةَ اہل حدیث نے اس نام مبارک کے کئی معنی بیان
فرمائے ہین بعض کہتے ہین کہ بسبب کم ہونے پانی کے یہ نام رکھا گیا اور بعض کے
نزدیک معنی چوسنے کے ہین کہ گنہگارونکے گناہونکو چوس لیتا ہے اور بعض کے نزدیک
معنی کھینچنے کے ہین اور یہ مقام اقدس بھی مخلوق کو اپنی طرف کھینچتا ہے راہ دور و دراز سے
اور نام مبارک بکہ ہے اللہ تعالی فرماتا ہے لِلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا الخ بعض علماء کے
نزدیک مکہ اور بکہ کے ایک ہی معنی ہین اور بعض کے نزدیک بکہ نام ہے اوس زمین اقدس کا
جسمین کعبہ معظمہ ہے اور علاوہ اوس زمین کے سب مکہ ہے اور بعض کہتے ہین کہ بکہ نام کعبہ اور
مسجد الحرام کا ہے اور مکہ نام ہے کل حرم کا جیسے کہ تحقیق ان دونون نامون مبارک کی ابن جوزی
اور جوہری نے بخوبی فرمائی ہے اور نام مبارک ہے قریہ وام القری اسوجہ سے
کہ سب قریون سے افضل و اشرف ہے بوجہ اسکے کہ یہین خانہ خدا ہے یا اسواسطے کہ
بچھائی گئی زمین اول اسی کے نیچے سے اور نام مبارک ہے حاطمہ کیونکہ ہلاک کرنیوالا ہے
ملحدین کو یا دور کرنیوالا ہے گناہونکو یا توڑنے والا ہے گردنون مغرورونکو اور نام مبارک
ہے بلد امین شہر امانت والا یا امن دینے والا اسواسطے کہ جو گنہگار یا واجب القتل آنکر
یہین پناہ پکڑے جبتک اوسمین رہے امن مین رہے اور نام مبارک ام صفا ہے اسوجہ سے
کہ جو شخص بصدق نیت و عقیدۂ صحیح وہان پہونچتا ہے تو اوسکو صفائے قلب اور نور معرفت
حاصل ہوتا ہے اور نام مبارک ہے مرویہ اسواسطے کہ اس شہر مقدس کی بزرگی
روز ازل سے روایت ہوتی چلی آئی ہین اور نہین ہے کوئی نبی اور رسول مگر کہ وہان
حاضر ہوا اور حج کیا بیت الحرام کا اور نام مبارک ہے برّہ بسبب ہونے زیادہ خیر و برکت

مہمان ہوتے ہین اور میری جناب کبریائی مین اوترتے ہین تو اب میرا ذمہ ہے اور مجھپر واجب ہے
کہ اونکو ثواب بیحساب دیکر خوش کرون اور اونکی بدیونکو نیکیان کردون اور اونکے درجے بلند کرون
اے آدم کعبۂ شریف کی عمارت تیرے بیٹے ابراہیمؑ کے ہاتہ سے تمام کرون اور ابراہیمؑ کو
بطفیل اسی گہر کے عزت وحرمت عطا کرون اور بعد اسکے اوسکی اولاد سے اپنی رحمت اور
فضل سے آباد کرون یہانتک کہ جمال جہان آرا حبیب اپنے محمدؐ رسول اللہ صلعم کا مکۂ شریف سے
ظاہر کرون اور اس شہر کو اوسکی امامت سے قیامت تک آباد رکھون اور تیرے اوس فرزند
ارجمند کو خاتم النبیین کرون پس جو شخص کہ موسم حج مین میرے ملنے کا مشتاق ہو تو جان لے
کہ مین نزدیک فقرا وغربا کی جماعت کے ہون جو بال پریشان اور گرد آلودہ رکھتے ہین شیخ احمد
حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ مکۂ معظمہ مرکز اولیا اور قیام اولیا ہے خصوص اخیر زمانہ مین
سہل ابن عبداللہ تستری سے روایت ہے کہ تھے عبداللہ بن صالح بڑے مرتبہ کے
عارف باللہ کہ آدمیونکے مارے ایک شہر سے دوسرے شہر کو بھاگتے تھے آخر کار
مکۂ شریف مین آنکرے لوگون نے پوچھا کہ آپ یہان کیسے رہے آپ نے فرمایا کہ نہین دیکھا مینے
کسی شہر کو جسمین رحمت اور برکت الہی اوترتی ہو مانند مکۂ شریف کے اور دیکھا مینے فرشتونکو طواف
کرتے صورتون مختلف پر اور فرمایا کہ نہین ہے کوئی ولی اللہ کا کہ صحیح ہو ولایت اوسکی مگر کہ وہ
حاضر ہوتا ہے مکۂ شریف مین ہر جمعہ کی رات کو جسنے دیکھ لیا ایک کو اونمین سے یا اونمین سے
کسی نے دیکھ لیا پہونچ گیا اپنے مقصد کو حضرت شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ حضرت
امام یافعی رح بعض اکابر دین سے روایت کرتے ہین کہ اکثر اوقات کعبۂ شریف کے گرد ملائکہ اور
انبیا اور اولیا بیٹھے ہین اور اکثر جمعہ کی رات کو اور جمعرات اور پیر کی رات کو حاضر ہوتے ہین مع اپنے
تابعین اور اصحاب اور اقربا کے چنانچہ سرور عالم صلعم رکن یمانی کے پاس مع اہلبیت وصحابہ
واولیاء امت رونق افروز ہوتے ہین اور حضرت ابراہیمؑ مع اپنی اولاد کے کعبۂ شریف کے
دروازے کے پاس بیٹھتے ہین اور حضرت عیسیٰؑ مع اپنی جماعت کے حجر اسود کی جانب بیٹھتے ہین
مگر سب سے زیادہ جماعت سرور عالم صلعم کی ہوتی ہے اور فرماتے ہین کہ اون سب نبیو تمین سے
دیکھا گیا کہ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت عیسیٰؑ کمال محبت اور شفقت سے امت محمد صلعم کے ساتھہ

اور ایک نزدیک صفا مروہ کے اور ایک نزدیک چاہ زمزم کے اور ایک اندر کعبہ شریف کے
اور آپنے فرمایا کہ نہین جانتا ہون مین کسی شہر کو روے زمین پر سوے مکہ معظمہ کے جسمین ہر عمل
خیر برابر لاکھ کے ہو اور جسمین شراب ابرار او مصلی اخیار ہو اور نہین جانتا ہون کسی شہر کو
روے زمین پر سوے مکہ معظمہ کے کہ حقتعالی نے رسول مقبول صلعم کو فرمایا ہو کہ فلانی جگہ
اپنی نماز کی جگہ کرو وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى اور نہین جانتا ہون کسی شہر کو
روے زمین پر جب صرف نظر کرنے سے عبادت لکھی جاوے بغیر پڑھنے نماز اور کرنے
طواف کے سواے مکہ معظمہ کے اور نہین جانتا ہون مین کسی شہر کو روے زمین پر جسمین
طاعت اور عبادت نہ کیجاوے اور اجر و ثواب لکھا جاوے سواے مکہ معظمہ کے جہان
دعا کرنے سے اوتر تی ہے رحمت الہی اور خوشبو جنت کی اور قبول ہوتی ہے دعا اور
فرمایا حضرت نے کہ نہین ہے کوئی شہر مگر کہ پامال کریگا اوسکو دجال مگر مکہ معظمہ و مدینہ طیبہ
و بیت المقدس کہ ہر دروازے پر ملائکہ واسطے نگہبانی کے صف باندھے کھڑے ہونگے
فرمایا رسول مقبول صلعم نے جسنے ایک روزہ رکھا مکہ معظمہ مین لکھے گا اللہ تعالی واسطے
اوسکے لاکھ روزے اور جسنے ختم کیا ایکبار قرآن مجید لکھے گا اللہ تعالی واسطے اوسکے ثواب
لاکھ ختم کا غرض اسیطرح تمامی اعمال و عبادات کو سمجھنا چاہیے حضرت امام حسن بصری سے
روایت ہے کہ حضرت آدم کے صحیفہ مین ایک سورۃ نازل ہوئی کہ ترجمہ اوسکا زبان
ہندی مین یہ ہے کہ مین کہ خدا ہون مکہ شریف کو پیدا کیا مینے اور کعبہ معظمہ کو اپنے گھر کے
ساتھ نسبت لگا کر حرمت و عظمت عنایت کی مینے پس رہنے والے مکہ شریف کے ہمسایہ
میرے ہین اور مکہ معظمہ کو ساتھ رہنے والون آسمان و زمین کے آباد رکھتا ہون مین یہانتک
کہ ستر ہزار فرشتے ہر روز بھیجتا ہون مین کہ بعد طواف بیت المعمور آنکر کعبہ شریف کا طواف
کرتے ہین اور وہان سے مرقد انور اطہر سرور عالم صلعم کو جاتے ہین اور اونکی باری پھر قیامت
تک نہین آئیگی اور حج کے دن آٹھ لاکھ حاجی آتے ہین اگر کم ہوتے ہین تو فرشتے بھیجکر پورا
کر دیتا ہون پس جبکہ حاجی لوگ فوج فوج پریشان بال اور گرد آلودہ تکبیر کہتے ہوئے شور
مچاتے ہوئے لبیک اور تسبیح کے ساتھ میری زیارت کے واسطے آتے ہین اور میرے

بیان ولایت حجاز مع بیان شہرون کے حجاز کے

بیان نہر زبیدہ و خاتون زبیدہ

اور یہ ولایت درمیانہین ولایت شام وعراق ومصر ویمن کے واقع ہے اور اس ولایت مین کئی شہر داخل ہین ایک مکہ معظمہ دوسرا مدینہ منورہ اور تیسرا یمامہ اور بہت پرگنے ان تین شہرونکے ساتھ تعلق رکھتے ہین لکھا ہے کہ مکہ معظمہ کی آبادی نے بعہد سلطان مراد خان کے بہت فروغ پکڑا اور پانی کی بھی بہت کثرت ہوگئی اسوجہ سے کہ اوسکے آبا واجداد نے درست کیا نہر زبیدہ کو اور اوسمین بہت چشمے ملائے اور یہ نہر زبیدہ ہارون رشید کی بیوی بڑی جانفشانی اور خرچ کثیر سے نہر حنین سے لائی چنانچہ اسکے صرف مین ایک کرور سات لاکھ مثقال دینار صرف ہوئے عرفات کو بھی یہی نہر گئی ہے اور منبع اس نہر کا بعض کے نزدیک مغاک جبل کرا ہے اور بعض کے نزدیک طاد ہے حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے واسطے مکہ معظمہ کے یعنے جبکہ آپ وہانسے رخصت ہوے کہا کہ کیا خوب شہر ہے تو اور بہت محبوب ہے تو طرف میرے اور اگر تحقیق قوم میری نہ نکالتی مجکو تجہ مین سے تو نہ رہتا مین کہین سوا تیرے نقل کی ترمذی نے اور بہت حدیثین اس مضمون مین صحاح ستہ مین وارد ہوئی ہین حضرت امام حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ بہترین اور دوست ترین شہرون روے زمین سے خدا کے نزدیک مکہ معظمہ ہے تمام روے زمین کو اسکے نیچے کھینچا ہے نام اوسکا ام القریٰ ہے اور اول وہ پہاڑ جو زمین پر رکھا گیا وہ جبل ابو قبیس ہے اور اول جسنے کہ طواف کیا مکہ شریف کی زمین کا فرشتے ہین حضرت آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس پیشتر اور وارد ہوا کہ مکہ شریف مین افطار کرنا دوسری جگہ کے ایک برس کے روزہ رکھنے سے افضل ہے اور سونا وہانکا بہتر ہے دوسری جگہ کی تمام رات نماز پڑھنے سے اور آپ فرماتے ہین کہ نہین جانتا ہون مین کسی شہر کو روے زمین پر سوا مکہ معظمہ کے جسمین اوٹھین دن قیامت کے انبیا اور صدیقین اور شہدا وصالحین مردون اور عورتون سے کہ وہ سب نجات پانے والے ہونگے دن قیامت کے اور نہین جانتا ہون مین کہ سوا مکہ معظمہ کے تمام انبیا اور رسول اوسکی طرف آئے ہون در دروازے بہشت کے کھلے ہون اوسمین دن قیامت تک چنانچہ وارد ہوا کہ ایک دروازہ نزدیک کعبہ شریف کے اور ایک نیچے میزاب رحمت کے اور ایک نزدیک حجر اسود کے اور ایک نزدیک کن یمانی کے

مسجد الحرام ہے مکہ معظمہ ہے اور چوتھا قول یہ ہے کہ مسجد الحرام صرف کعبہ معظمہ ہے قاضی معز الدین ابن جماعہ فرماتے ہین کہ چوتھا قول بعید اور ضعیف ہے مذہب قوی اور قریب پہلا قول ہے حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے کہ رسول مقبول صلعم نے پڑھی یہ آیت شریف اِنَّ فِیْ ھٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِیْنَ اور آپ نے فرمایا کہ وہ پانچون نمازین پڑھنا ہے مسجد الحرام مین اللہ تعالیٰ سب مسلمانونکو اوسمقام اقدس مین نماز پڑھنا نصیب فرماوے آمین

فصل تیسری

مکہ معظمہ کے فضائل مین

اہل اسلام کو مقام آگاہی اور بیداری ہے کہ حقتعالیٰ قرآن مجید مین فرماتا ہے وَھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ یعنے قسم ہے اس شہر امانت والیکی یا امن والیکی اہل تفسیر لکھتے ہین کہ مراد اوس شہر سے مکہ معظمہ ہے کہ جامعیت اور خیر و برکت مین انتہا مرتبہ کو پہونچا ہے اسلیے کہ ہر شہر قسم قسم کے لوگون اور قسم قسم کی چیزون اور قسم قسم کے مکانون متبرک کو جامع ہوتا ہے لیکن کسی شہر مین خانۂ خدا کہ ہمیشہ تجلی الٰہی کی اوترنے کی جگہ ہو اور سب مخلوق کی عبادت کا قبلہ ہو نہین ہے مگر یہی شہر ہے کہ یہ بزرگی اور شرف اسیکو نصیب ہوئی اور اس سبب سے اسکو جامعیت کامل حاصل ہوئی اور ان سب وصفون کے ساتھ جناب سید المرسلین خاتم النبیین کے پیدا ہونیکی جگہ ہے پس جامع ہے اسرار وحی محمدی صلعم کا چنانچہ رسول مقبول صلعم کی نبوت اور ولایت کے انوار اوسمین تابان اور نمایان ہین اور قیامت تک رہینگے اور وہ نور نبوت اور ولایت جامع اور اکمل ہے سبطرح دوسری نبوتون اور ولایت سے پس اس قسم مین ایسی بڑی ترقی اور بزرگی اس شہر مقدس کو حاصل ہوگئی کہ اسنے سب عالم علوی اور سفلی کے اسرارون اور کمالون کو اپنے اندر سمیٹ لیا اور خالق و خلق کو آپسمین ربط ملا دیا اہل تفسیر لکھتے ہین کہ مکہ معظمہ ایک شہر ہے لمبا یعنے لمبا وا وسکا زیادہ ہے چوڑاوسے اور پہاڑ گرداگرد اوسکی قلعہ کے مانند واقع ہوئے ہین اور عمارتین بہت ہین اور چشمے اور چشمہ دار کنوین اور وقفی حوض اور حمام اور باطین بہت سی ہین چنانچہ لکھا ہے کہ امام فاکہی رح کے زمانہ مین کہ اسمقام اقدس کے بڑے مورخ ہین سولہ حمام گرم ہوتے تھے اور یہ شہر مقدس حجاز کی ولایت مین داخل ہے

کہ ایک نماز مسجد الحرام کی دوسری جگہ ۵۵ برس اور چھ مہینے اور بیس دنون مین تمام ہوتی ہے
اور ایک دن ایک رات کی نماز مسجد الحرام کی دوسو برس اور نو مہینے اور دس راتونمین تمام ہوتی
ہے بغیر حساب وگنتی ہونے نیکیونکے اور ثواب نماز جماعت ومسواک کے بحد یکہ شمار اوسکا دشوار اور
مشکل ہوگا جیسے کہ شیخ عبد الحق محدث دہلوی جذب القلوب مین اس مضمون کی تصریح فرماتے ہین
فسبحان اللہ ذی الفضل العظیم وصلواتہ علی النبی ورسولہ الکبیر الکریم
اسیطرح نقل کیا مرجانی نے بہجۃ النفوس مین اور پھر شرح کی اس امر کی کہ یہ ثواب عظیم حاصل
ہوتا ہے اوسکو جو اکیلا مسجد الحرام مین نماز پڑھے اور جو پڑھے نماز جماعت سے تو بحساب ثواب
نماز جماعت کے اجر وثواب ملتا ہے چنانچہ مجالس مکیہ مین وارد ہوا کہ جسنے حرم شریف مین نماز
جماعت سے ادا کی تو اوسکا ثواب دو کرور اور پانچ لاکھ نماز کے برابر ہے اور یہ ثواب عظیم کچھ خاصکر
نماز ہی کے باب مین نہین ہے بلکہ اوس مقام اقدس مین جو اعمال وافعال مسلمان کرتا ہے ایک کے
عوض لاکھ پاتا ہے چنانچہ احیاء العلوم مین وارد ہوا کہ حضرت امام حسن بصری سے روایت ہے
کہ مکہ شریف مین ایک روزہ رکھنا اور ایک درم خیرات کرنا برابر لاکھ کے ہے ف اہل اسرار
لکھتے ہین کہ اس مقام کو مسجد الحرام اسوجہ سے کہتے ہین کہ اہل عرفان کو اوسجگہ نظر بغیر خدا حرام ہے
حقتعالی نے اسمقام کو ایسی حرمت اور عظمت عنایت کی کہ روی زمین کی مسجدین اوسکی حرمت کو نہین
پہونچتی ہین اب معلوم کرنا چاہیے کہ علماء دین کے نزدیک مسجد الحرام کی حد مین کئی قول وارد ہوے
اول یہ کہ مسجد الحرام سب حرم شریف ہے ابن عباس رض سے روایت ہے کہ ساری مسجد الحرام
حرم ہے روایت کی سعید بن منصور نے اور ابوذر رض نے بتائید قولہ تعالی والمسجد الحرام الذی
جعلناہ للناس الخ وقولہ تعالی وصدوکم عن المسجد الحرام وقولہ تعالی سبحان الذی
اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الخ کہ اوسوقت آپ حضرت ام ہانی کے گھر مین تھے
دوسرا قول یہ ہے کہ مسجد الحرام صرف مسجد الجماعت ہے اور وہ جگہ اونچی ہے جسمین کہ ٹھہرنا
حالت ناپاکی مین حرام ہے تیسرا قول یہ ہے کہ مسجد الحرام سب مکہ معظمہ ہے اللہ تعالی فرماتا ہے
ان الذین کفروا ویصدون عن سبیل اللہ والمسجد الحرام امام زمخشری تفسیر کشاف
مین اس آیت شریف کی شرح مین اصحاب حضرت امام اعظم سے روایت کرتے ہین کہ مراد

جب حضرت عمرؓ خلیفہ ہوئے اور مسلمانونکی کثرت ہوئی اوسوقت آپنے بڑھایا مسجد الحرام کو سال چودہ ہجری مین اور وہ حویلیان جوگرد مسجد الحرام کے تھین اون سب کو توڑکر مسجد الحرام مین داخل کیا اور بنائی ایک دیوار گرد قد آدم سے کچھ کم اور رکھے چراغ اوس دیوار پر پس اول دیوار مسجد کی حضرت عمرؓ نے بنائی جب حضرت عثمان خلیفہ ہوئے تو آپ نے بھی بہت گھر داخل کیے سال ۵۶ ہجری مین بعد اسکے عبداللہ بن زبیرؓ نے مسجد الحرام مین بہت گھر داخل کیے یہانتک کہ خریدا ایک گھر ازرق کا زیادہ دس ہزار دینار سے بعد اسکے عبدالملک بن مروان نے بلند کین دیوارین مسجد کی اور چھت بنائی ساج کی لکڑی کی لیکن بڑھایا نہین بعد اسکے بڑھایا اوسکے بیٹے ولید نے بعد اسکے زیادہ کیا ابوجعفر منصور نے دو بار ایکمرتبہ ۱۶۰ھ ہجری مین اور دوسری بار شروع کیا ۱۶۳ھ مین اور تمام کیا اوسکو ایکسو اونہتر ہجری مین اور وفات پائی اوسنے اوسی برس مین اور بہت مال اس عمارت مین خرچ کیا چنانچہ ایک گز زمین پر پچیس ۲۵ پچیس دینار صرف ہوئے بعد اسکے زیادہ کیا معتضد عباسی نے اور داخل کیا دارالندوہ کو اور نام رکھا اوس زیادتی کا باب الزیادہ اور پشت کعبہ شریف کیطرف سے بھی بڑھایا کہ وہ زیادتی مشہور ہے باب ابراہیم کیطرف سے بعد اسکے ۹۸۹ھ مین سلطان سلیمان خان بادشاہ روم نے کمال مضبوطی اور آراستگی سے مسجد الحرام کی ازسر نو تعمیر کی مگر یہ عمارت اس بادشاہ کے بیٹے کے عہد مین کہ نام اوسکا سلطان مراد خان تھا سال آخر نوسو ۹۰۳ تراسی مین تمام ہوئی مجالس مکیہ مین وارد ہوا کہ سب منارے مسجد الحرام کے سات ہین چار چارون کونون پر اور تین سوائے کونون کے اور سب کنگورے مسجد الحرام کے ایک ہزار تین سو باون ہین ✤

بیان بنا مسجد الحرام حضرت عمرؓ ✤

بیان بنا عثمانی ✤

بیان بنا عبداللہ بن زبیرؓ ✤

بیان بنا عبدالملک بن مروان و بنا ولید و ابوجعفر و معتضد عباسی ✤

بیان بنا سلطان مراد خان معتمد ✤

تعداد مسجد الحرام کے منارون کی ✤

فصل دوسری

مسجد الحرام مین نماز پڑھنے کے فضائل مین

شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ وہب بن منبہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین کہ مینے توریت مین لکھا ہوا دیکھا کہ جو شخص پڑھے پانچ نمازین مسجد الحرام مین لکھتا ہے اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے ثواب پانچ لاکھ اور چوبیس ہزار نمازونکا اور اسیطرح روایت کیا بندی نے شیخ ابوبکر نقاش رح لکھتے ہین کہ مینے حساب کیا مسجد الحرام کی ایک نماز کا تو معلوم ہوا

میلون مین تخمیناً چالیس قدم کا فرق ہے اور دونونکے مقابل بازار کے دوسری طرف بھی دو مینار سبز بنے ہوئے ہین ابن منذر کتاب الترغیب مین ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہین کہ سعی کرنا صفا مروہ کا مثل ثواب آزاد کرنے ستر بہ دونکے ہے روایت کیا طبرانی نے کبیر مین اور بزار نے اور نافع ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہین کہ جسنے سعی کی درمیان صفا مروہ کے اللہ تعالیٰ اوسکے قدمونکو ثابت رکھیگا اوپر پل صراط کے اوسدن کہ پھسلینگے پاؤن روایت کیا صاحب المسالک نے پوشیدہ نرہے کہ چارون مصلونمین سے پہلا مصلی حنفیؒ ہے وہ ایک مکان ہے تین درکا دو منزلہ جانب شمال اس مصلے سے حطیم تک ۴۸ گز کا فاصلہ ہے دوسرا مصلی شافعیؒ ہے قریب چاہ زمزم کے کعبہ شریف کی دیوار سے چالیس گز پر ہے تیسرا مصلی حنبلیؒ ہے مقابل حجر اسود کے کعبہ شریف کی دیوار سے ۴۸ گز ہے چوتھا مصلی مالکیؒ ہے دیوار کعبہ شریف سے فاصلہ ۵۹ گز کا ہے اور یہ سب مصلے مطاف سے باہر ہین اور دایرہ طواف کرنیکا جو سنگ سفید کا اب موجود ہے سنہ ۹۶۱ ہجری مین سلطان سلیمان خان سلطان روم کے حکم سے تیار ہوا ملا علی قاریؒ شرح منسک متوسط مین لکھتے ہین کہ مراد مطاف سے وہ جگہ ہے کہ مقرر کی گئی ہے واسطے طواف کرنے کے اور اسیقدر تھی مسجد الحرام رسول مقبول صلعم کے زمانہ مین اور اسیطرح مولانا قطب الدین مکی لکھتے ہین مجالس مکیہ مین

باب چھٹا

فصل پہلی

مسجد الحرام کی بنا مین اور اوسکی کمی بیشی کے بیان مین

ارباب سیر لکھتے ہین کہ جسوقت بنا کیا کعبہ شریف کو حضرت ابراہیمؑ نے اوسوقت نہ تھا کعبہ شریف کے گرد کوئی گھر اور دیوار کیونکہ بسبب تعظیم اور ہیبت کعبہ معظمہ کے گھر بنانے مین کسی نے جرات نکی آخر کار جب قصی ابن کلاب کا زمانہ آیا کہ حضرت کی پانچوین پشت مین ہین اونھون نے جمع کیا قوم کو اور حکم دیا اونکو گھر بنانے کا چنانچہ گھر تعمیر ہونے شروع ہوئے اور دروازے گھرونکے کعبہ شریف کیطرف کیے اس مراد سے کہ داخل ہون اوسطرف سے طواف کو اور چھوڑ دیا طواف کی جگہ کو اسیطرح رہا قرینہ رسول مقبول صلعم کے عہد مبارک اور خلیفہ اول کی زمانہ تک

ابن ماجہ نے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلعم کے سامنے ایک ڈول بھرا ہوا آب چاہ زمزم سے لائے آپ نے اوسمین کُلّی ڈالدی کہ اوسیوقت اوس پانی مین خوشبو مشک سے زیادہ آنے لگی ف سیر کی معتبر کتابونمین لکھا ہی کہ چاہ زمزم بعد زمانہ حضرت اسمعیلؑ کے ایک مدت تک پوشیدہ رہا اور اسکا قصہ مختصر اسطرح پر ہے کہ عمرو بن حارث سردار قوم جرہم نے حجر اسود کو مع چند ہتیارونکے کہ خانۂ کعبہ مین تھے چاہ زمزم مین چھپاکر اسطرح بند کردیا کہ کچھ نشان چاہ زمزم کا نہ باقی رہا مگر جب ارادۂ خدا متعلق باظہار چاہ زمزم ہوا تو عبدالمطلب پریشان اور علامات چاہ زمزم کے بالہام غیبی ظاہر ہوئے اور عبدالمطلب بتائید آسمانی قریش پر غالب آئے اور آپنے چاہ زمزم صاف کیا اور ہتیار اور حجر اسود اوس سے برآمد ہوئے اور آخر کو پانی نکلا عمق اس چاہ کا ۶۷ ہشتہ گز ہے اور عرض اوسکے منھ کا چار گز سے چار گز ہے اور دیوار کعبہ شریف سے تا چاہ زمزم ۳۳ گز ہے اور فرق درمیان مقام ابراہیم اور چاہ زمزم کے ۱۲ گز ہی اللہ تعالی سب مسلمانونکو وہ پانی پینا اور اوس کنوین کو دیکھنا نصیب فرماوی آمین رب العالمین

فصل پانچوین
صفا مروہ کے فضائل مین اور چارون مصلونکے بیان مین

سیر کی معتبر کتابون مین وارد ہوا کہ صفا پر حضرت آدم صفی اللہ بیٹھے تھے اور مروہ پر امراد یعنے حضرت حوا بیٹھی تھین اسلیے نام انکا صفا مروہ ہوا اور مشہور یہ ہے کہ صفا مروہ نام تھے مرد و عورت کے جنسے نعوذ باللہ کعبہ شریف مین بدکاری ہوئی تھی پس وہ دونون مسخ ہوکر پتھر بن گئے عبرت کے لیے اونکو ان دونون پہاڑیون پر رکھدیا تھا رفتہ رفتہ ان دونون پہاڑیونکا بھی وہی نام پڑگیا اللہ تعالی قرآن مجید مین فرماتا ہے اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ الخ مفسرین شان نزول اس آیت کی اسطور پر لکھتے ہین کہ صفا مروہ پر دو بت تھے اساف اور نائلہ اساف اوپر صفا کے تھا اور نائلہ اوپر مروہ کے پس مشرکین بسبب تعظیم ان دو بتونکے صفا مروہ کا طواف کیا کرتے تھے جب زمانہ اسلام کا آیا اور بت توڑے گئے تو مسلمانونکو اوسکے طواف کرنے سے کراہت اور عار تھی اللہ تعالی نے فرمایا کہ صفا مروہ اللہ کی نشانیونسے ہین یعنے ان دونون کا بھی طواف کرنا چاہیے لکھا ہے کہ صفا سے مروہ تک سات سو ستر گز کی مسافت ہے اور دونون

واسطے روا ہونے حاجتونکے اور وہ اوسکی خیر و برکت سے پوری ہوگئین حضرت جابرؓ سے
روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص حاضر ہوا کعبہ شریف کے پاس بہ نیت
حج اور اوسنے طواف کیا سات بار اور پھر مقام ابراہیم مین دو رکعتین پڑہین پھر پیا اوسنے
آب زمزم تو اللہ تعالیٰ اوسکو گناہون سے ایسا پاک کر دیتا ہے جیسے اوسیدن اوسکی ماں نے
جنا روایت کیا ابن جوزیؒ نے امام فاکہیؒ سے منقول ہے کہ زمزم شریف کے نام بہت ہین
چنانچہ بعض نے قریب تیس کے لکھے ہین شیخ احمد حضراوی نے اونکو عقد الثمین مین نظم مین جمع
فرمایا ہے اور ہر ایک نام کی شرح لکھی ہے جو مشتاق ہو اوس کتاب مین دیکھ لے بسبب
طوالت کے تصریح اونکی نہ کی گئی علماء دین لکھتے ہین کہ آب زمزم کی فوائد اور خواص بیشمار ہین
چند اسجگہ لکھے جاتے ہین جسکو عارضہ زیادہ کھانے کا ہو تو پیے وہ آب زمزم خوب پیٹ بھر کے
اور کہے کہ ای زمزم ٹھہر میرے شکم مین پس تحقیق وہ عارضہ جاتا رہیگا اور وہ شخص تندرستی
پاویگا اور یہ عمل مجرب ہے اور یہ پانی نکال ڈالتا ہے کھونٹ فریب کو دل سے اور پیشاب
کھولکر آتا ہے اور کھانا خوب ہضم ہوتا ہے اور عبادت الہی کے لیے قوت دیتا ہے بدن
آرام مین رہتا ہے آنکھونمین روشنی فہم و علم مین ترقی دلمین نرمی پیدا ہوتی ہے اور پانی زمزم کا
خدا کے غصہ کو بجھا دیتا ہے شیطان غمگین ہوتا ہے رحمان راضی ہوتا ہے گویائی پیدا کریگا وقت
سوال منکر و نکیر کے دل مضبوط رہیگا قول ثابت پر وغیرہ فوائد کثیر ہین اہل حدیث فرماتے ہین
کہ جس شخص کی بیماری مین سب حکیم و طبیب عاجز ہو گئے ہون تو وہ آئے چاہ زمزم پر اور اوس
پانی سے غسل کرے جس حوض مین آب زمزم جمع ہوتا ہے بہ نیت شفا خدا چاہے تندرست
ہو جائیگا علماء دین لکھتے ہین کہ وضو اور غسل کرنا آب زمزم سے بلا کراہت درست ہے اور
استنجا کرنا مکروہ ہے بلکہ عارضہ بواسیر کا پیدا ہوتا ہے باقی حال آب زمزم کا پہلے تفصیلا بیان
ہو چکا ہے شیخ احمد حضراوی رح عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ یہ جو بزرگان آب زمزم کو حاصل ہوئین
وجہ کامل اوسکی یہ ہے کہ اوسمین لعاب دہن مبارک معطر منور سرور عالم صلعم کا داخل و شامل
ہو گیا ہے پس جسمین کہ صاحب لولاک اور صاحب قاب قوسین او ادنی کا لعاب دہن معطر منور
داخل ہو گیا تو اوسکے فوائد اور منافع اور فضائل اور خیرات و برکات کیا بیان ہو سکتے ہین

بیان فوائد آب زمزم شریف بطریق اجمال

علاج مجرب واسطے حاصل ہونے شفا کے

بیان اسکا کہ زمزم شریف مین لعاب دہن مبارک حضرت صلعم داخل ہے

روایت کیا ترمذی نے چنانچہ وارد ہوا کہ رسولخدا صلعم نے سہیل بن عمر رضہ کو نامہ تحریر فرمایا اور پانی زمزم کا آپنے بطور تحفہ چاہا پس آپنے دو ظرف حضور مین روانہ کیے روایت کیا ازرقی نے ابو الطفیل حضرت ابن عباس رضہ سے روایت کرتے ہین کہ تھے ہم کہ نام رکھتے تھے زمزم کا شباعہ یعنے پیٹ بھر دینے والی اور تھے ہم کہ پاتے تھے زمزم کو اچھا مددگار اوپر کنبہ کے روایت کیا طبرانی نے معجم کبیر مین حضرت عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت ہے کہ زمزم مین ایک چشمہ ہے جنت مین سے جانب حجر اسود سے روایت کیا امام قرطبی نے اور ابن الحجاج نے حضرت عبدالرحمن بن ابی بکر رضہ سے روایت ہے کہ کہا تا تھا مین نزدیک ابن عباس رضہ کے پس آیا ایک شخص آپنے اوس سے پوچھا کہ اسوقت کہان سے آیا اوسنے کہا کہ چاہ زمزم پر سے آپنے فرمایا کہ پیا تو نے آب زمزم کو جیسے چاہیے اوسنے عرض کیا کہ کیسے چاہیے آپنے فرمایا کہ جب پیے تو آب زمزم کو تو منہ قبلہ کیطرف کر اور بسم اللہ پڑہ اور تین بار سانس لیکر خوب چھک کر پیکے الحمد للہ کہہ پس تحقیق فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ ہمارے اور منافقونکی درمیانمین یہی فرق ہے کہ وہ آب زمزم خوب سیر ہوکر نہین پیتے ہین روایت کیا ابن ماجہ وغیرہ نے

ف آداب زمزم شریف کے پینے کے یہ ہین کہ تین بار سانس لیکر پیے اور ہر بار منھہ کو برتن سے جدا کرکے سانس لیوے اور تینون بار بسم اللہ پڑھکر پیوے اور ختم کرے الحمد للہ کے ساتھہ حضرت ثابت رضہ فرماتے ہین کہ پیو آب زمزم اولاد عباس کے ہاتھہ سے روایت کیا ابن منذر نے کتاب الترغیب مین اور فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ نظر کرنا زمزم شریف مین محو کرتا ہے گناہونکو اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ نظر کرنا طرف زمزم شریف کے عبادت ہے روایت کیا امام فاکہی رضہ نے حضرت امام یافعی رح بعض ابرار و صالحین سے روایت کرتے ہین کہ اتفاق سے ہم بیٹھے تھے نزدیک کعبہ شریف کے ناگاہ ایک شخص آیا کپڑا منھہ پر ڈالے ہوئے اور اوسنے جاکر آب زمزم پیا پیچا ہوا ہمنے پیا تو پایا اوسکو ملا ہوا شہد کے ساتھہ نہ پیا ہمنے اوس سے زیادہ کبھی شیرین اور مزہدار پھر ہمنے نہ پایا اوسکو مگر دوسرے روز اوسکی تلاش مین فجر سے بیٹھہ گئے دیکھا ہمنے کہ وہی شخص پھر آیا اور اوسنے آب زمزم نکالکر پیا اور پیچا ہوا ہمنے پیا تو پایا ہمنے اوسکا مزہ جیسے دودھہ مین شکر ملی ہوتی ہے پس آپ فرماتے ہین کہ اکثر بزرگان دین نے پیا آب زمزم کو

طریقہ پینے زمزم شریف کے آداب زمزم

اور اگر ہووے تندرستی اور دور ہونے بیماری کے لیے تو بھی اسیطرح کہے اور وارد ہوا کہ کہا ابوذرؓ نے کہ نہ تھا کھانا میرا ایک مہینہ مگر پانی زمزم کا پس فربہ ہوا مین یہانتک کہ سخت ہوگئین شکنین پیٹ میرے کی اور بھی وارد ہوا کہ جناب سرور عالم صلعم آئے چاہ زمزم پر پس نکالا لوگون نے آپکے واسطے ڈول پانی کا پس آپنے پیا پھر لعاب دہن مبارک کا اوس ڈول مین ڈالکر چاہ زمزم مین ڈالدیا اور فرمایا کہ اگر تم نہ نکالتی پانی تو نکالتا مین اپنے ہاتھون سے روایت کیا طبرانی نے ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ خوب چھک کر پیا زمزم کا براءت ہے نفاق سے یعنے جو شخص کہ خوب سیر ہوکر زمزم پیے تو اوسمین سے نفاق جاتا رہتا ہے روایت کیا ازرقی نے اور بھی وارد ہوا کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ پانی زمزم کا اور آگ دوزخ کی کسی بندۂ مسلمان کے پیٹ مین ہرگز جمع نہین ہوگی روایت کیا طبرانی نے اور وارد ہوا کہ تمام زمین کے پانی شیرین اوٹھ جاوینگے پہلے آنے دن قیامت کے سوائے زمزم کے کہ یہ پانی اپنی حالت اصلی پر باقی رہیگا روایت کیا قرشی نے عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے پوچھا کہ کہان ہے مصلی اخیار کا آپ نے فرمایا کہ نیچے میزاب رحمت کے پھر پوچھا کہ ابرار کا پانی کیا ہے آپنے فرمایا کہ پانی زمزم کا اور بھی آپسے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ تپ سانس ہے جہنم کا اسکو بجھاؤ زمزم سے روایت کیا احمد وابن ابی شیبہ وابن حبان نے ابوذر غفاریؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ مین مکہ معظمہ مین تھا کہ میرے گھر کی چھت چیری گئی اور اوترے حضرت جبرئیلؑ اور شق کیا میرے سینہ کو اور دھویا آب زمزم سے پھر لائے ایک طشت سونے کا بھرا ہوا حکمت اور ایمان سے اور میرے سینہ کو اوس سے مالامال کردیا اور پھر ویسا ہی میرا سینہ درست کردیا روایت کیا بخاری نے ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے افضلترین کنوونکا اوپر زمین کے چاہ زمزم ہے روایت کیا ابن حبان اور طبری نے اور بھی حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسولخدا صلعم جب چاہتے تھے کہ تحفہ دین کسی شخص کو تو آپ اوسکو پلاتے تھے آب زمزم روایت کیا دیباطی نے باسناد صحیح حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ آپ آب زمزم بطور تبرک دوسری جگہ لیجایا کرتی تھین اور آپ فرماتین کہ حضرت صلعم لیجایا کرتے تھے

بیان مصلی اخیار اور نصاب ابرار

اوس پانی سے جو جاری ہوا اونگلیون مبارک رسول مقبول صلعم سے سب پانیون سے افضل
اور اشرف ہے حتی کہ کوثر سے بھی افضل ہے جیسے کہ شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین اسکی تصریح فرماتے ہین
حضرت امام ایمن رض سے روایت ہے کہ رسول مقبول صلعم نے کبھی بھوک پیاس کا شکوہ نفرمایا جسوقت
کہ صبح ہوتی تھی آپ پی لیتے تھے زمزم شریف کو پس اکثر مین آپکی خدمت اقدس مین کھانا فجر کا لاتی
مگر آپ فرماتے کہ مین سیر شکم ہون حاجت غذا کی نہین رکھتا ہون روایت کیا قرشی نے حضرت
ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے پانی زمزم کا جس نیت سے
پیا جاوے وہ مراد حاصل ہوتی ہے پس اگر پیوے بہ نیت شفا عنایت فرماوے اللہ تعالی
اور اگر پیوے بہ نیت پناہ شر شیطان سے محفوظ رکھے اللہ تعالی اور اگر پیوے واسطے دفع
پیاس کے دور فرماوے اللہ تعالی روایت کیا قرشی نے اور تھے حضرت ابن عباس رض
کہ جب آپ پیتے زمزم شریف کو تو یہ دعا پڑھتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا
وَاسِعًا وَشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ روایت کیا حاکم نے مستدرک مین اور دار قطنی نے ابن عمر رض سے
لکھتے ہین کہ یہ اثر زمزم کے صاحب اعتقاد اور صحیح نیت والے کے لیے قیامت تک باقی رہیگا
پس نہ پیوے بہ نیت تجربہ اللہ تعالی دوست رکھتا ہے متوکلین کو حضرت ابو ذر رض سے
روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ زمزم شریف سراپا برکت ہے اور غذا نہایت
خوش ذائقہ ہے روایت کیا مسلم نے اور ابو داؤد نے یہ اور زیادہ روایت کیا کہ شفا
ہے ہر بیماری کے لیے حضرت جابر رض سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے
کہ پانی زمزم شریف کا جس مراد کے لیے پیا جاتا ہے حاصل ہوتی ہے روایت کیا احمد اور
ابن ماجہ اور بیہقی نے محمد ابن منکدر حضرت جابر رض سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول
صلعم نے پانی زمزم کا واسطے اوس نیت کے ہے جس نیت سے کہ پیا اور مین اوسکو پیتا ہون
واسطے پیاس دن قیامت کے یہ کہکر آپنے پیا زمزم کو روایت کیا دیباطی نے قرشی لکھتے ہین
کہ لایق ہے جو ارادہ کرے پینا زمزم شریف کا واسطے مغفرت کے یہ کہ وقت پینے کے کہے
کہ اے اللہ تحقیق مجکو پہونچی یہ روایت کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ پانی زمزم کا واسطے اوس
مراد کے ہے جس مراد سے کہ پیوے ای اللہ تحقیق پیتا ہون مین اسکو واسطے اپنی مغفرت کے

کعبۂ شریف کے دونون طرف اوسمین راہ ہے اور وہ احاطہ بہت ہے فقط چھ گز اوسمین جگہ کعبہ کی ہے چنانچہ احادیث مین وارد ہوا کہ قریش نے جب خانۂ کعبہ بنایا اور حلال مال اتنی جگہ داخل کرنے کو کافی نہوا اسواسطے اوسکو باہر رکھا مگر اوسمین نماز پڑھنے کا اور کعبۂ شریف کے اندر نماز پڑھنے کا ایک حکم ہے وارد ہوا کہ جسنے نماز پڑھی حطیم مین دو رکعتین جانب رکن شامی کے پس گویا کہ زندہ رکھا اوسنے ستر ہزار رات کو یعنے شب بیداری کی اور حاصل ہوا اوسکو ثواب مانند عبادت ہر مسلمان مرد اور عورت کے اور گویا کہ اوسنے حج کیے چالیس حج مقبول اور مبرور مجالس یکہ **میزاب رحمت** ہندی مین پرنالہ کہتے ہین درمیان دیوار شمالی کعبہ کے درمیان رکن عراقی اور رکن شامی کے ہے یعنے حطیم کیطرف ہے حضرت عطاء بن رباح رضہ سے روایت ہے کہ جو شخص کھڑا ہوا نیچے میزاب رحمت کے اور دعا مانگی مگر کہ قبول کیجاتی ہے دعا اوسکی اور جسنے کہ پڑھین نیچے اوسکے دو رکعتین تو وہ نکلا گناہون سے ایسا جیسے اوسیدن مان کے پیٹ سے پیدا ہوا روایت کیا ازرقی نے اور طبری نے شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین اکابر محدثین سلف سے نقل کرتے ہین کہ جسنے نماز پڑھی نیچے میزاب رحمت کے دو رکعتین پھر اوسنے دعا کی کسی مراد کی سو بار سجدے مین مگر کہ اللہ تعالی اوسکو قبول فرماتا ہے اور اسکا تجربہ اہل حدیث نے فرمایا ہے اور اسی کو علامہ قرشی نے بطور تجربہ اہل حدیث سے نقل کیا حضرت امام حسن بصری رضہ سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہین کہ سنا مینے کہ ایکدن حضرت عثمان رضہ آئے اور آپ نے لوگون سے فرمایا کہ تم مجھسے پوچھو کہ اسوقت کہانسے آئے لوگون نے پوچھا کہ ای امیر المومنین اسوقت کہانسے آئے آپ نے فرمایا کہ اسوقت کھڑا تھا مین جنت کے دروازے پر اور آپ کھڑے تھے اوسوقت نیچے میزاب رحمت کے اور دعا مانگ رہے تھے عبد اللہ ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ درمیان حجر اسود اور مقام ابراہیمؑ کے ملتزم ہے نہین دعا مانگتا ہے کوئی مصیبت زدہ وہان مگر کہ اوس بلا سے نجات پاتا ہی روایت کیا طبری نے

نوافل طواف جطیم مین نماز پڑھنے کا

بیان قبولیت دعا نیچے میزاب رحمت کے اور بھی عمل مجرب اہل حدیث

فصل چوتھی
زمزم شریف کے فضائل مین

پوشیدہ نرہے کہ علماء دین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ پانی زمزم شریف کا سوائے

رکن یمانی پر کبھی مگر کہ نزدیک اوسکے ایک فرشتہ ہے کہ وہ آمین کہتا رہتا ہے پس جب تم گذرو اوپر
تو یہ دعا کیا کرو اَللّٰھُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور حضرت
ابو ہریرہ رضہ کی روایت مین اسطور سے وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ رکن یمانی پر ستر
فرشتے مقرر ہین پس جو شخص کہ کہتا ہے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَۃِ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً الخ تو وہ ستر فرشتے کہتے ہین کہ آمین روایت کیا ابن ماجہ نے
ف پہلی روایت مین وارد ہوا کہ دو فرشتے ہین اور اس روایت مین ستر فرشتے مذکور ہوئے
تو اہل حدیث فرماتے ہین کہ جائز ہے کہ کبھی حضرت نے دو فرشتے دیکھے اور کبھی ستر فرشتے
ملاحظہ کیے حضرت عطا ابن یسار سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ
آپ رکن یمانی کا بہت مسح کرتے ہین آپ نے فرمایا کہ نہین آیا مین کبھی اسکے پاس مگر کہ جبرئیل کو
مینے اوسکے پاس کھڑے دیکھا کہ استغفار چاہتا ہے واسطے چھونے والونکے روایت کیا
ازرقی نے حضرت امام حسن بصری رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ بتحقیق رکن یمانی کے
نزدیک ایک دروازہ ہے دروازون جنت سے اور حجر اسود بھی جنت کے دروازون مین
سے ہے اور بتحقیق نہین ہے کوئی بندہ کہ دعا مانگے حجر اسود اور رکن یمانی کے پاس مگر کہ اللہ
تعالیٰ اوس دعا کو قبول فرماتا ہے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ درمیان رکن یمانی اور حجر
اسود کے ایک باغ ہے جنت کے باغون سے ابن عمر رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا
صلعم نے کہ چھونا رکن یمانی کا محو کرتا ہے گناہونکو روایت کیا احمد اور ابن حبان نے ف
اہل حدیث مسح رکن یمانی کا اسطور پر لکھتے ہین کہ حاجی دونون ہاتھون یا ایک ہاتھ سے اوسکو
مس کرے اور اگر ازدحام ہو تو اوسکا بدلہ نہین ہے اشارہ وغیرہ سے جیسے کہ بدلہ ہے
حجر اسود کا اسی روایت پر عمل ہے پوشیدہ نرہے کہ کعبۂ شریف کے چار رکن ہین رکن اسود
رکن یمانی رکن عراقی رکن شامی انمین رکن اسود کی بسبب ہونے حجر اسود کے بہت بڑی فضیلت
ہے اور رکن عراقی اور رکن شامی کے لمس مین کلام ہے اسکی تحقیق شیخ علیہ الرحمۃ نے سفر السعادت
مین کماحقہ فرمائی ہے حطیم ایک احاطہ ہے کعبہ شریف سے شام کی جانب نصف دائرہ کی
شکل پر کہ اوسکو گرد بقدر آدمی کے سینہ کے دیوار بلند سنگ مرمر کی کھنچی ہوئی ہے اور متصل

دست قدرت مین نفس ابن عباس ہی کہ نہین ہے کوئی مسلمان کہ اللہ تعالی سے کچھ مراد مانگے حجر اسود کے پاس
مگر کہ رب العالمین اوسکو عنایت فرماتا ہے روایت کیا ازرقی نے اور بھی وارد ہوا کہ جسنے نہ پائی
بیعت رسولخدا صلعم کی پھر اوسنے بوسہ دیا اور مسح کیا حجر اسود کا پس تحقیق اوسکو بیعت حاصل ہوئی
رسول مقبول صلعم کی ابن عمر رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا سرور عالم صلعم نے کہ چھونا حجر اسود کا محو
کرتا ہے گناہونکو روایت کیا احمد اور ابن حبان نے اور بھی وارد ہوا کہ تحقیق رب العالمین پھیر کر دیگا
حجر اسود کو دن قیامت کے ویسا ہی جیسا کہ پیدا کیا اول بار روایت کیا ازرقی نے اور فرمایا رسول
مقبول صلعم نے کہ جسنے چھوا حجر اسود کو تو وہ نکلا گناہونسے ایسا جیسے اوسدن اوسکی مان نے جنا
حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ جسنے مسح کیا حجر اسود کا سوائے
اسکے نہین کہ اوسنے مسح کیا رحمان کے ہاتھ کا جل جلالہ روایت کیا ابن ماجہ نے حضرت عائشہ رضہ
سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ کثرت کرو حجر اسود کے بوسہ دینے مین قریب ہے
کہ تم گم کروگے اوسکو یعنے ایک رات طواف کرتے ہوگے اور فجر ہوتی نہ پاؤگے تحقیق اللہ تعالی نہین
اوتارتا ہے کوئی شے جنت کی زمین مین مگر کہ پھر اوسکو وہین پھیر دیگا پہلے قیامت کے
روایت کی ازرقی نے ف اہل حدیث لکھتے ہین کہ حاجی کو چاہیے کہ دونون ہاتھ حجر اسود پر
رکھ کے بیچمین منھ سے بوسہ دے اگر بغیر ایذا دینے کسیکے ممکن ہو اور مستحب ہے منھ پیشانی کا رکھنا
اور چوما تین بار اور اگر بوسہ دینا ممکن ہو تو ہاتھ کو اوسپر لگا کے چومے اور جو یہ بھی نہ ہو سکے
تو لاٹھی وغیرہ کو چھوا کر چومے اور جو یہ بھی نہ ہو سکے تو دونون ہاتھ اوسکی طرف اوٹھا کر کہے
اللہ اکبر لا الہ الا اللہ والحمد للہ تعالی والصلوۃ علی نبیہ المصطفی اور یہ سمجھکر کہ گویا ان دونون
ہاتھونسے اسکو چھو لیا ہاتھونکو چومے رب العالمین سبکو نصیب کرے

فصل تیسری

رکن یمانی اور حطیم اور میزاب رحمت اور ملتزم کے فضائل مین

ابن عمر رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ رکن یمانی پر دو فرشتے مقرر ہین
کہ آمین کہتے ہین دعا مانگنے والونکے واسطے اور حجر اسود پر تو فرشتے بیشمار مقرر ہین روایت کیا
ازرقی نے ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا سرور عالم صلعم نے کہ نہین گذرا مین

دن قیامت کے کہ ہونگی واسطے اوسکے دو آنکھین کہ دیکھیگا ساتھ اونکے اور ہوگی زبان کہ بولیگا ساتھ اوسکے گواہی دیگا اوسکے لیے جسنے کہ بوسہ دیا ہوگا ساتھ حق کے نقل کی ترمذی اور ابن ماجہ ودارمی نے ف ساتھ حق کے یعنے ساتھ ایمان اور صدق ویقین کے اور واسطے طلب ثواب کے محدث ہروی لکھتے ہین کہ جسنے حجر اسود کو صدق دل سے بوسہ دیا تو وہ اوسکی گواہی دیگا خیر کے ساتھ اور جسنے کہ اوسکو بوسہ دیا ہنسی اور مذاق کی راہ سے نعوذ باللہ تو وہ گواہی دیگا اوسکی شر کے ساتھ اور ہوگا وہ دن قیامت کے اوس شخص کا دشمن اور لکھتے ہین کہ اسیطرح ہر جگہ قیاس کرنا چاہیے کہ جسنے خدا کی عزت دی ہوئی جگہ کی تعظیم وتکریم کی اور وہانکے آداب بجالایا تو وہ جگہ قیامت کے دن اوس شخص کی شفاعت کریگی اور جسنے کہ نعوذ باللہ خدا کی عزت دی ہوئی جگہ کو خفیف سمجھا یا کوئی فعل لغو وہان کیا تو وہ مقام قیامت کے دن اوسکا دشمن ہوگا روایت کیا شیخ احمد خضراوی نے عقد الثمین مین وارد ہوا کہ حضرت عمر رض نے حجر اسود کے بوسہ دینے کی وقت فرمایا کہ مین جانتا ہون کہ تو پتھر ہے نہ ضرر کرتا ہے نہ نفع دیتا ہے اور اگر نہ دیکھتا مین رسول مقبول صلعم کو بوسہ دیتے تو مین تجکو بوسہ نہ دیتا تو حضرت علی رض نے یہ سنکر فرمایا کہ اے عمر رض اس سے نفع ضرر متصور ہے آپ نے کہا کہ کیونکر حضرت علی رض نے فرمایا کہ حق تعالی نے کاغذ عہد اولاد آدم کا اسکے منھ مین امانت رکھا ہے اور اسنے کہا کہ مین گواہی دونگا جو پورا کریگا اس عہد کو پس گواہی اسکی یہی نفع ہے حضرت عمر رض نے سنکر فرمایا کہ پناہ مانگتا ہون مین اپنی زندگی سے اوس قوم مین جسمین تو نہو ای ابو الحسن لیکن مقام سمجھنے کا ہے کہ یہ اور طرحکا نفع ہے اور جسکی نفی حضرت عمر رض نے کی تھی وہ اور طرحکا نفع مراد تھا پس دونون باتین اپنی جگہ ٹھیک ہین حضرت عبد اللہ بن عمرو بن العاص رض سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ آویگا حجر اسود دن قیامت کے مانند پہاڑ ابو قبیس کے اور اوسکے واسطے زبان ہوگی اور ہونٹ ہونگے روایت کی احمد اور حاکم نے ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ حجر اسود دہنا ہاتھ اللہ عزوجل کا ہے زمین مین مصافحہ کرتا ہے مصافحہ کرنا اپنے بندون سے جسطرح کہ مصافحہ کرتا ہے ایک تم مین سے بھائی اپنے سے تو اکابر اہل حدیث لکھتے ہین کہ چاہیے کہ وقت بوسہ دینے حجر اسود کے بیعت الہی کا تصور کرے اور کمال آداب و حضوری وزاری سے بوسہ دے بعد اسکے ابن عباس رض کہتے ہین کہ قسم ہے اوس ذات کی جسکے

بلکہ صرف حکم اسکا یہی ہے کہ متصل اسکے نماز پڑھو بیہقی اپنی سنن مین روایت کرتے ہین کہ مقام
ابراہیمؑ رسول مقبول صلعم کے زمانۂ مبارک اور حضرت خلیفۂ اول کے عہد مین متصل خانۂ
کعبہ کے تھا حضرت عمرؓ نے اوسکے واسطے ایک مکان تجویز کرکے رکھدیا جسی اوسی جگہ ہے
مجالس ملکیہ مین وارد ہوا کہ جسنے مقام ابراہیم مین جاکر دو رکعتین پڑہین بخشے گئے گناہ اوسکے
اگلے اور پچھلے اور دیجاتی ہین اوسکو نیکیان برابر شمار ہر اوس آدمی کے جسنے نماز پڑہی اوس جگہ
اور قیامت کے دن امن مین رہیگا بڑی گھبراہٹ سے اور حکم فرماتا ہے اللہ تعالی جبرئیل
اور میکائیل اور تمام ملائکہ کو کہ استغفار چاہین اوسکی اور وارد ہوا کہ بہترین جگہون مین سی خدا کے
نزدیک درمیان مقام ابراہیم اور حجر اسود کے ہے اور نہین ہے کوئی فرشتہ کہ واسطے
تعمیل حکم الہی کے زمین پر آتا ہے مگر کہ بعد طواف مقام ابراہیم مین دو رکعتین پڑھتا ہی
بعد اسکے روانہ ہوتا ہے **ف** حاجی کو چاہیے کہ جسوقت سات پھیرے کعبہ شریف کے
کرچکے جسکا نام ایک طواف ہے تو پھر مقام ابراہیم کیطرف چلے یہ آیت پڑھتا ہوا
وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى اور وہان جاکر دو رکعت نفل پڑہے پہلی مین
قلیا اور دوسری مین قل ہواللہ اور بعد نماز کے حضرت آدمؑ کی دعا پڑھ کے خدا سے
حاجت چاہے کہ وہ دعا ہم لکھ آئے ہین قبولیت دعا مین کمال مؤثر ہے حضرت
ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ سنا مینے رسول مقبول صلعم سے کہ آپ فرماتے تھے کہ تحقیق
حجر اسود اور مقام ابراہیمؑ یاقوت ہین یاقوتون بہشت سے محو کیا اللہ تعالی نے نور
ان دونونکا اور اگر نہ دور کرتا نور انکا تو البتہ روشن کردیتے اوس چیز کو کہ درمیان مشرق
اور مغرب کے ہے روایت کی ترمذی نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے
کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ اوترا حجر اسود بہشت سے اور وہ تھا زیادہ سفید دودھ سے
پس سیاہ کردیا اوسکو بنی آدم کے گناہون نے نقل کی احمد اور ترمذی نے **ف** مقام
غور کرنے کا ہے کہ جب گناہونکی تاثیر سے پتھر سیاہ ہوگیا تو کیا حال ہوتا ہوگا گنہگارون
دلونکا بسبب کرنے گناہونکے معاذ اللہ منہا حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے
کہ فرمایا حضرت صلعم نے بیچ حق حجر اسود کے کہ قسم ہے اللہ کی البتہ اوٹھاویگا اوسکو اللہ تعالی

کھڑے ہو کر خانہ کعبہ تعمیر فرمایا تھا اور معنی مقام ابراہیم کے یعنے جگہ کھڑے ہونے حضرت ابراہیم کی
شیخ عزیز الدین رح سے منقول ہے کہ آپ فرماتے ہین کہ وہ سنگ مربع ہے اور چارون طرف سے
پاو گز ہے اور اوسپر نشان دونون قدمون مبارک کا ہے گرد قدمون شریف کے چاندی
کے پترے لگے ہین اور نچان قدمونکا چاندی کے پترون سے ساڑھے سات قیراط ہے
اور چارون طرف مقام کے ایک صندوق زمین مین مضبوط کیا ہے اور اوس صندوق
غلاف اطلس سیاہ زربفت کا ڈالا ہے اور اوسکے اوپر ایک گنبد چھوٹا سا لکڑی کا چار ستونپر
کھڑا ہے اور اندر اوسکے سونے اور لاجورد وغیرہ سے تمام نقش دار کیا ہے اور اوپر گنبد کے
شیشے کے تختونکو باہم ملا کر میخ زد کیا ہے اور چارونطرف صندوق کے چار ٹٹیان جالیدار
ہفت دھات کی اون چار ستونون سے کہ مذکور ہوے وصل کیی ہین اور وارد ہوا کہ جبوقت
حضرت ابراہیمؑ کو حج کے لیے پکارنے کا حکم ہوا تھا تو آپ مقام پر کھڑی ہوئے تو وہ زمین
کے سب پہاڑون سے اونچا ہو گیا تھا فرق درمیان مقام ابراہیم اور چاہ زمزم کے
اکیس ۲۱ گز کا ہے اور بھی وارد ہوا کہ مقام ابراہیم اور حجر اسود دونون بہشتی پتھر ہین کہ حضرت
ادریسؑ نے طوفان کے خوف سے ابو قبیس پہاڑ پر چھپا دیے تھے جب حضرت ابراہیمؑ
کعبہ بنانے لگے تو حضرت جبرئیلؑ نے انکا نشان بتایا تب آپ ان دونونکو ابو قبیس پہاڑ پر
نکال لائے حضرت امام حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ نہین باقی رہی زمین مین کوئی چیز جنت کی سواے حجر اسود اور مقام ابراہیم کے
اور فرمایا کہ بہترین جگہون مین سے خدا کے نزدیک کعبہ اور مقام ابراہیم اور ملتزم ہے
حضرت قتادہ رضؓ سے روایت ہے کہ پہلے اسلام کی عادت نہ تھی کہ مقام ابراہیم کو
کوئی ہاتھ لگا دے لیکن یہ عمل اس امت مین رواج پایا جن لوگون نے کہ پہلے اسلام کے
اس پتھر کو دیکھا تھا وہ نقل کرتے تھے کہ حضرت ابراہیمؑ کے قدم مبارک کا اثر اس پتھر
مین نمودار تھا لیکن بسبب زیادہ چھونے کے اب اثر اوسکا بخوبی ظاہر نہین ابن ابی شیبہ
عبداللہ ابن زبیرؓ سے نقل کرتے ہین کہ آپ نے ایک جماعت کو مقام ابراہیم کو چھوتے
دیکھا تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے تمکو اس پتھر کے چھونے کا نہین حکم دیا ہے

پانی زمزم کا اللہ تعالا اوسکے سارے گناہ بخشدیتا ہے روایت کیا جندی نے اور فرمایا رسول
بقول صلعم نے کہ جو شخص بارادۂ طواف گھر سے نکلتا ہے تو وہ ایسا ہو کہ دریاے رحمت الہی مین داخل
ہو کر چلتا ہے پس جبکہ طواف کرتا ہے تو دریاے رحمت الہی مین غوطے کھاتا ہے اور ہر قدم
رکھنے پر پانسو گناہ دور ہوتے ہین اور ہر قدم اوٹھانے پر پانسو نیکیان لکھی جاتی ہین اور جبکہ
طواف کر کے مقام ابراہیم مین پہونچتا ہے تو وہ ایسا پاک ہوجاتا ہے کہ گویا مانکی پیٹ سے
اوسدن پیدا ہوا اور ایک فرشتہ سامنے آکر کہتا ہے کہ اب آگے عملونکا دھیان رکھو اور
گذرے سب بخشے گئے اور اوسکو ستر آدمیونکی اپنے کنبے سے شفاعت کرنیکا رتبہ دیا جاتا ہے
روایت کیا ازرقی نے عمرو بن شعیب سے اور حضرت ابوسعیدؓ سے روایت ہے کہ اول
جسنے طواف کیا کعبہ معظمہ کا وہ فرشتے ہین حضرت آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس
پیشتر اور نہین ہے کوئی فرشتہ کہ دنیا مین آتا ہے مگر کہ وہ فرشتہ اول عرش کے نیچے
غسل کرتا ہے اور اوترتا ہے احرام باندہ کر پس پہلے آنکر طواف کرتا ہے پھر دو رکعت
مقام ابراہیم مین پڑہ کر واسطے تعمیل حکم کے روانہ ہوتا ہے حضرت امام حسن بصری رح
اپنے رسالۂ شریف مین لکھتے ہین کہ صحف حضرت آدم مین اللہ تعالی فرماتا ہے کہ ستر ہزار فرشتے
ہر روز واسطے طواف خانۂ کعبہ کے بھیجتا ہون وارد ہوا کہ ایک ولی منتظر رہا چالیس برس
راتدن یہ کہ تنہا طواف کرے بے شرکت دوسرے شخص کے پس دیکھا اوسنے بعد انتظار
چالیس برس کے طواف کی جگہ کو خالی تو وہ دوڑا کہ شروع کرے طواف ناگاہ دیکھا
اوسنے ایک سانپ کو طواف مین اوس ولی نے کہا کہ تو کون ہے کہا اوسنے کہ مین بھی منتظر
اوسی عمل کا جسکا تو منتظر تھا تجھسے سو برس پہلے غرض بیت اللہ کبھی ساعت طواف کرنیوالونسے
خالی نہین رہتا ہے خداوند کریم اوس خانۂ اقدس کے قربان ہو ناسب مسلمانونکو نصیب
فرماوے آمین یارب العالمین

فصل دوسری
مقام ابراہیم اور حجر اسود کی فضائل مین

معتبر تفسیرونمین وارد ہوا کہ مقام ابراہیم نام ایک پتھر کا ہے کہ اوسپر حضرت ابراہیم نے

تیرکے طواف کیا ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ جسنے طواف
کیا کعبۂ شریف کا سات بار شدت گرمی مین اور قدم پاس پاس رکھے اور آنکھین نیچی رکھین
اور کم کیا کلام مگر اللہ کے ذکر کے ساتھ اور بوسہ دیا حجر اسود کا اور طواف کرنے مین کسیکو ایذا نہ دی
مگر لکھتا ہی اللہ تعالی واسطے اوس بندے کے ستر ہزار نیکیان اور محو کرتا ہے ستر ہزار
بدیان اور بلند فرماتا ہے ستر ہزار درجے اور آزاد کرتا ہے اوسکی طرف سے ستر ہزار بردے
ہر بردے کی قیمت دس ہزار درم اور اوسکی شفاعت ستر آدمیون کے واسطے اپنے ہون
یا غیر قبول کیجاویگی روایت کیا قرشی نے اور فرمایا حضرت صلعم نے کہ ہر آئینہ بزرگتر اللہ کے
نزدیک وہ فرشتے ہین جو طواف کرتے ہین عرش مجید کا اور اولاد آدم مین وہ بزرگتر ہین
جو طواف کرتے ہین کعبۂ شریف کا اور فرمایا کہ طواف کرنا کعبۂ شریف کا دریای رحمت الہی مین
غوطے مارنا ہے ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ کعبۂ شریف کو
ڈھانپی رہتے ہین ستر ہزار فرشتے بخشش چاہتے رہتے ہین طواف کرنیوالونکی اور رحمت بھیجتے
رہتے ہین اوپر روایت کیا امام فاکہی نے ابن عمرؓ فرماتے ہین کہ جب رسولخدا صلعم کہین
باہر سے تشریف لاتے تھے تو سب عملونسی زیادہ محبوب اور مرغوب آپکو طواف ہوتا تھا روایت
کیا ابوذرؓ نے اور فرمایا حضرت صلعم نے کہ کثرت کرو طواف کرنے مین پہلے اس سے کہ کعبۂ
شریف دنیا سے اوٹھایا جاوے اور بھی وارد ہوا کہ نہین غروب ہوتا ہے آفتاب کسی دن
مگر ایک ابدال طواف کرتا ہے اور نہین ہوتی ہے کوئی صبح مگر کہ ایک اوتاد طواف کرتا ہے
اور جب یہ بات موقوف ہوجاویگی تو کعبۂ شریف دنیا سے اوٹھالیا جاویگا پس آدمی صبح کرینگے
اور کعبۂ شریف کو نہ پاوینگے پھر قرآن مجید اوٹھالیا جاویگا لوگ کاغذ کو راپاوینگے پھر قرآن
مجید دل سی بھی نکلجاویگا یہانتک کہ ایک کلمہ بھی یاد نرہیگا اور لوگ جاہلیت کے ذکرون
اور شعرون پڑھنے مین مشغول ہوجاوینگے پھر نکلیگا دجال اور اوترینگے حضرت عیسیؑ
اور اوسکو قتل کرینگے اور اسکے ساتھ قیامت لگی ہے جیسے کہ تصریح اسکی احیاء العلوم مین مذکور
ہے حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے
طواف کیا کعبۂ شریف کا سات بار اور پھر مقام ابراہیم مین جاکر دو رکعتین پڑھین اور پیا

بیان ثواب اسکا کہ سات طواف ایک عمرے کے برابر ہین

اللہ تعالی بدلے ہر طواف کے ثواب آزاد کرنے دس بردی کا اولاد حضرت اسمعیلؑ سے عدۃ الانابہ مین وارد ہوا کہ سات طواف ایک عمرے کے برابر ہین ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ دو طواف ہین کہ نہین موافقت کرتا ہے اون دونون کی ساتھ کوئی بندہ مسلمان مگر کہ وہ ایسا پاک ہوجاتا ہے جیسی کہ مان کے پیٹ سے آج پیدا ہوا ایک طواف بعد صبح کے ہے کہ نزدیک طلوع آفتاب کے تمام ہو اور دوسرا طواف بعد عصر کے ہے کہ نزدیک غروب کے فارغ ہوا ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اگر آگے پیچھے ہوجاوے تو آپ نے فرمایا کہ اوسیوقت مین شامل ہوجاتا ہے روایت کیا امام فاکہی اور ازرقی نے احیاء العلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے طواف کیا سات پھیرے ننگے سر تو وہ شخص ایسا ہوگیا جیسے کسی بردے کو آزاد کر دیتے ہین اور جسنے کہ مینھہ مین سات پھیرے طواف کیا تو زمانہ گذشتہ کے گناہ بخش دیے جاتے ہین داؤد بن عجلانؓ فرماتے ہین کہ مینے طواف کیا ابی عقال کے ساتھ مینھہ برستے مین جب فارغ ہوئے ہم تو ابی عقال نے کہا کہ پھر کر دا سی عمل کو پس تحقیق مینے طواف کیا انس بن مالکؓ کے ساتھ مینھہ برستے مین جب فارغ ہوا مین تو مجھسے کہا کہ پھر کر اس عمل کو پس تحقیق مینے طواف کیا رسول مقبول صلعم کے ساتھ مینھہ برستے مین جب طواف ہم کر چکے تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ پھر کر دا س عمل کو پس تحقیق تمکو بخشدیا اللہ تعالی نے روایت کیا ابن ماجہ نے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ جسنے طواف کیا مینھہ برستے مین لکھتا ہے اللہ تعالی اوسکے لیے ہر قطرے پر ایک نیکی اور محو کرتا ہے بدی روایت کیا قرشی نے مناسک مین وارد ہوا کہ طواف کرنیوالا داخل ہوتا ہے اللہ کی رحمت مین اور تحقیق اللہ تعالی فخر فرماتا ہے ملائکہ پر ساتھ طواف کرنیوالونکے اور پیادہ طواف کرنیوالی کی بزرگی اوپر سوار کے مانند بزرگی چودھوین رات کے اوپر تمام ستارون کے ابن مجاہدؓ فرماتے ہین کہ جس عبادت کی کہ لوگ طاقت نہین رکھتے تھے اوسکو ابن زبیرؓ کیا کرتے تھے پس ایکبار اتفاق سے ایک بہاؤ پانی کا ایسا آیا کہ کعبہ شریف پانی سے بھر گیا یہانتک کہ آدمی رُک گئے طواف کرنے سے مگر ابن زبیرؓ کہ آپ نے اوسوقت

بیان ثواب وقت صبح کا اور غروب کے وقت کا

بیان فضیلت طواف کا جب مینھہ برستے ہون

مگر ساتھہ سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر اور لا حول ولا قوۃ الا باللہ کے دور کی جاتی ہین اوسکی
دس برائیان اور لکھی جاتی ہین دس نیکیان اور بلند کیے جاتے ہین دس درجے اور جو شخص کہ طواف مین کلام
کرے وہ بھی داخل ہوتا ہے دریاے رحمت الٰہی مین دونون پاؤن سے مانند داخل ہونے والے پانی مین
نقل کی ابن ماجہ نے ف کلام کرے یعنی کلمات مذکورہ پڑھے یا ان کلمات کے مانند اور اذکار صلحا داخل
ہے چنانچہ وارد ہوا کہ طواف مین ذکر خدا کے ساتھہ مصروف ہونا اسکا یہ مرتبہ ہے کہ سر سے پانو تک
دریاے رحمت مین وہ شخص مستغرق ہو جاتا ہے ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ طواف
کرنا مانند نماز کے ہے مگر کہ تم بولتے ہو اوسمین پس جو کوئی کہ بولے اوسمین پس نہ بولے مگر نیکی کے ساتھہ
نقل کی ترمذی و نسائی و دارمی نے ف مانند نماز کے ہے یعنی ثواب مین لیکن فرق یہ ہے کہ طواف
مین کلام مفسد طواف نہین ہے جیسے کہ نماز مین مفسد ہے چنانچہ مسئلہ فقہیہ ہے کہ طواف مین سلام کلام
مسئلہ پوچھنا بتانا جائز ہے مگر بات چیت نکرنا اور جو کام عاجزی کے خلاف ہو اوسکا چھوڑنا مستحب ہے پس مانند نماز
کے نہیں ہے لازم آتا کہ بغیر نماز ہو جاوے اور طواف کو جو مانند نماز کے فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ نماز افضل ہے طواف سے بعض تفسیر مین معتبر
مین وارد ہوا کہ اللہ تعالی نے جو سورہ بقر مین طواف کرنے والون کو اور اعتکاف کرنے والون اور نماز پڑھنے
والونکو مقدم فرمایا اس سے علما استنباط کرتے ہین کہ طواف نفل تہجد کی نماز نفل سے افضل ہے کیونکہ طواف
محمد بن منکدر اپنے باپ سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ جسنے طواف کیا کعبہ شریف کا سات بار
کوئی عمل اور فعل لغو اوسمین نہ کیا تو وہ شخص ایسا آزاد ہو گیا جیسے کسی بردہ کو آزاد کر دیتے ہین روایت کیا طبرانی
نے کبیر مین اور ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ نازل فرماتا ہے اللہ تعالی اوپر جہنم کے
ایکسو بیس رحمتین ساتھہ واسطے طواف کرنیوالونکے اور چالیس واسطے نماز پڑھنے والونکے اور بیس واسطے نظر کرنے والونکو روایت کیا
بیہقی نے باسناد حسن عبداللہ ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے طواف کیا کعبہ شریف کا پچاس بار
تو وہ گناہون سے ایسا پاک ہو گیا جیسے مانکے پیٹ سے آج پیدا ہوا روایت کیا ترمذی نے عبداللہ ابن عمر رض سے روایت ہے
کہ سنا مینے رسول خدا صلعم سے کہ جسنے طواف کیا کعبہ شریف کا اور پھر مقام ابراہیم مین دو رکعتین پڑھین تو ہو گیا وہ شخص مانند
آزاد کیے ہوے بردہ کے روایت کیا ابن ماجہ نے حضرت عمر رض سے روایت ہے کہ جو شخص حاضر ہوا کعبہ شریف کے پاس اور نہین
ارادہ کرتا ہے مگر طواف کرنا اور اوسنے طواف کیا تو وہ گناہون سے ایسا پاک ہو گیا جیسے مان کے
پیٹ سے آج پیدا ہوا جامع ترمذی مین وارد ہوا کہ جسنے طواف کیا کعبہ شریف کا سات پھیرے دیگا اوسے

بیان احکام طواف

بیان فضیلت طواف

کیطرف کرے گناہ اوسکے بخشے جاتے ہین اگرچہ شمار مین برابر جھاگ سمندر کے اور درختون کے پتون سعید بن مسیبؒ سے روایت ہے کہ جسنے نظر کی طرف کعبہ شریف کے ایمان اور صدق دل سے تو وہ گناہون سے ایسا پاک ہوگیا جیسے اوسی دن ماں کی پیٹ سے پیدا ہوا روایت کیا ازرقی نے اور جندبی عطار بن یسار سے روایت کرتے ہین کہ نظر کرنے والا طرف کعبہ شریف غیر طواف اور غیر نماز مین وہ برابر ہے ثواب مین برس دن کی عبادت کھڑے رہنے والے اور رکوع کرنیوالے اور سجدہ کرنے والے کے ابن ابی شیبہ اور جندبی حضرت طاؤسؒ سے روایت کرتے ہین کہ نظر کرنی طرف کعبہ شریف کے افضل ہے ثواب ہمیشہ روزہ رکھنے والے اور ہمیشہ کھڑے رہنے والے عبادت اور ہمیشہ جہاد کرنے والے سے ابن سابط مدنیؒ سے روایت ہے کہ جسنے نظر کی طرف کعبہ شریف کے ایمان اور صدق دل سے جھڑتے ہین گناہ اوسکے جیسے جھڑتے ہین پتے درخت سے روایت کیا ابن جوزی نے اور ابن عدی اور بیہقی شعب الایمان مین بروایت حضرت ابن عباسؓ نقل کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ اللہ تعالی جل جلالہ بیس رحمتین ہر دن اور ہر رات مین واسطے نظر کرنے والون کعبہ شریف کے نازل فرماتا ہے اور فرمایا حضرت صلعم نے کہ جسنے نظر کی بیت اللہ شریف کیطرف ایمان اور صدق دل سے اور بنظر طلب ثواب کے بخشے گئے اوسکے اول آخر گناہ اور اوٹھایا جاویگا وہ دن قیامت کے امن پانے والون عذاب سے شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ جسنے نظر کی طرف کعبہ شریف کے اور تعین اوسپر خطائین مانند جھاگ سمندر کے بخشدیگا اللہ تعالی اوسکی کل خطائین فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ پانچ چیزون کے طرف نظر کرنا عبادت ہے نظر کرنا طرف قرآن مجید کے اور طرف کعبہ شریف کے اور طرف ماں باپ کے اور طرف چہرہ عالم کے اور نظر کرنا زمزم شریف مین کہ محو کرتا ہے گناہون کو روایت کیا امام فاکہی نے اور بعض تفاسیر مین وارد ہوا کہ النظر الی وجہ العلی عبادۃ یعنی فرمایا حضرت نے کہ نظر کرنا طرف چہرہ علیؓ کے عبادت ہے ارحم الراحمین بتصدق رحمۃ للعالمین سب مسلمانونکو اوس مقام اقدس کا دیکھنا نصیب فرماوے آمین یا رب العالمین

باب پانچوان
فضل پہلی
طواف کرنے کے فضائل مین

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص طواف کرے خانہ کعبہ کا سات بار اور نہ کلام کرے

کرکے قتل کرین بس یہ سنتی ہی وہ آسمان کو اڑ گیا اور ابو الطفیل روایت کرتے ہین کہ اسی طرح ایک جن نوجوان سانپ کی شکل مین آکر طواف کرتا تھا بنو جرہم نے اوسکو غلطی سے مارڈالا پس اوس صدمے سے ایک غبار عظیم پیدا ہوا اور بنو جرہم مر گئے اسی طرح وارد ہوا کہ سنہ آٹھ سو پندرہ مین بماہ جمادی الثانی ایک اونٹ مسجد الحرام مین داخل ہوا ہر چند لوگون نے اوسکی پکڑنے کا قصد کیا لیکن اوسنے سات بار طواف کیا اور حجر اسود کا بوسہ دیا اور پھر مصلے حنفی کی جگہ آکر مقابل میزاب رحمت کے کھڑا ہو کر اتنا رویا کہ پتھر اوسکے آنسوون سے بہنے لگے یہان تک کہ انتقال کیا لوگون نے اوسکو درمیان صفا مروہ کے دفن کر دیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ من تصنیف رفیع العزیز خداوند کریم اپنے فضل عظیم سے اوسکا مشاہدہ سب مسلمانونکو ظاہراً اور باطناً نصیب کرے آمین

فصل پانچوین
فضائل مین نظر کرنے کعبہ شریف کے

ابن ابی شیبہ اور ازرقی اور جندی سے روایت ہے کہ نظر کرنا طرف کعبہ شریف کے عبادت ہے اور بھی روایت کیا بیہقی نے شعب الایمان مین عطا ابن یسار سے ابن عباس رضی سے روایت ہے کہ نظر کرنا طرف کعبہ شریف کے محض ایمان ہے روایت کیا جندی اور قرشی نے حضرت امام حسن بصری رضی سے روایت ہے کہ جو شخص ایکساعت خاص واسطے رضامندی خدا و رسول صلعم کے اور بلحاظ تعظیم خانہ کعبہ کی طرف منہ کرکے بیٹھے اللہ تعالیٰ اوسکو ثواب عنایت فرماتا ہے مثل اوس شخص کے کہ جسنے حج اور عمرہ اور جہاد کیا ہو اور خدا کی راہ مین واسطے جہاد کے گھوڑے دوڑائے ہون اور روزے رکھے ہون احیاء العلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ تحقیق اللہ تعالیٰ عزوجل نظر فرماتا ہے ہر رات طرف اہل زمین کے پس اول نظر فرماتا ہے طرف اہل مسجد الحرام کے پس جسکو دیکھتا ہے طواف کرتے بخشدیتا ہے اوسکو اور جسکو کہ دیکھتا ہے نماز مین اوسکو بھی بخشدیتا ہے اور جسکو کہ کھڑے ہوے کعبہ شریف کی طرف منہ کیے ہوے دیکھتا ہے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ حق تعالیٰ جلشانہ اول اہل مکہ کی طرف نظر فرماتا ہے پس جسکو کہ طواف مین یا نماز مین یا مسجد الحرام مین بیٹھے یا کعبہ شریف کی طرف منہ کیے بیٹھے دیکھتا ہے اوسکو بھی بخشدیتا ہے اوسوقت ملائکہ عرض کرتے ہین کہ اب کوئی نہین باقی رہا مگر سونے والے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اونکو بھی اونمین ملادو حضرت امام حسن بصری سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ایک نظر کعبہ شریف

کا ہے اور وقت مکر و کید کے خلیفہ شیطان کا ہے اور عباد تگاہ ملائکہ کی آسمان مین بیت المعمور ہے
پس زمین مین یہ مقام مقابل بیت المعمور کے ہے ازرقی حضرت امام حسن بصری وغیرہ تابعین سے روایت
کرتے ہین کہ کعبہ شریف مقابل بیت المعمور کے ہے اسی طرح بروایت حضرت ابن عباسؓ ثابت ہوا
تیسرے یہ کہ اس مکان عظیم الشان مین ظہور ربوبیت الٰہی کا حضرت اسمعیل ع کے ساتھ کہ اولاد معظم
حضرت ابراہیم اور سید انسب شریف حضرت خاتم المرسلین کے تھے بہ رنگ عجیب ظہور مین آیا کہ متصل اوس
مکان اقدس کے پانی قدرت خدا سے جوش مار رہا ہے اللہ تعالیٰ قرآن مجید مین فرماتا ہے فِيهِ
آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَقَامُ إِبْرَاهِيمَ پس اوس جاے اقدس مین نشانیان عجیب و غریب روشن
ہین مانند اسکے کہ پرند جب اوڑتے ہوے خانہ کعبہ کے قریب آتے ہین تو اوپر نہین اوڑتے ہین کچھ
اوہر کچھ اودہر ہوکر پھٹ جاتے ہین اور جوش آثار زمزم شریف کا شب برات کو اور حجر اسود کا باوجود
عظیم صدمون اور انقلابون کے اب تک باقی رہنا حضرت ابن نقاش لکھتے ہین کہ ظاہر کعبہ شریف
مین ہزار آدمی سما سکتے ہین اور موسم حج مین ہزارون آدمی ایک ہی بار مین داخل ہوجاتے ہین اسیطرح
باقی رہنا مقام ابراہیم کا اب تک بہت بڑی آیت الٰہی ہے شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ اگر منہ برسمت جانب رکن یمانی
تو ارزانی ہوتی ہے یمن مین اور جو جانب رکن شامی برسے تو شام مین ارزانی ہوتی ہے اور جو جانب رکن عراقی برسے تو ارزانی
طرف عراق کی ہوتی ہے اور جو جانب حجر اسود کے برسے تو ارزانی طرف ہندوستان وغیرہ کے ہوتی ہے اور اگر
برسے ہر طرف کعبہ شریف کی تو ارزانی سب جگہ ہوتی ہے صحائف انبیاء بنی اسرائیل مین وارد ہوا کہ پاک
ہے وہ خداوند حقیقی جسنے کہ تجلی فرمائی اوپر طور کے اور چمکا نور اوسکا ساعیر سے کہ نام کوہ بیت المقدس ہے
ہے اور بے پردہ ظاہر ہوا کوہستان فاران سے فاران نام مکہ معظمہ کا ہے غرض اس مکان عظیم الشان
مین پروردگار عالم نے ایسے انوار ذاتی محبوبیت اور رحمانیت کی رکھی ہین کہ جو دیکھتا ہے کامل ناقص
نبی ولی خواہ مخواہ وہان کے انوار و برکات عیان اور نمایان دیکھ کر اپنا محبوب اور معشوق سمجھتا ہے
اور لاریب خانہ خدا جانتا ہے یہان تک کہ جنات اور حیوانات بھی اس خانہ مبارک کی تعظیم مین معروف
ہین ازرقی بروایت طلق بن حبیب رض نقل کرتے ہین کہ ایک اژدہا جانب مسجد الحرام سے آنکر دیکھا مینے کہ سات
بار گرد کعبہ شریف کے پھر کر مقام ابراہیم مین جاکر دو رکعتین ادا کین حضرت عبداللہ ابن عمرؓ اوس مجلس شریف
مین حاضر تھے اونھون نے اور اور لوگون نے اوس سے بطور تماشہ کے کہا کہ مبادا منافق تجکو سانپ تصور

جبل ابی قبیس و قدس و طور و ورقان و رضوی و احد سے بعض کتب تواریخ و سیر سے ثابت ہوتا ہے
کہ بلندی بیت اللہ شریف کی اندلون مین اٹھارہ گز اور باہر گیارہ گز شرعی ہے کہ چوبیس انگشتی ہے اور طول
حجر اسود کے کونے سے تا رکن عراقی پچیس گز اور چھ بالشت ہے اور رکن یمانی سے تا رکن شامی کہ دیوار
غربی خانہ کعبہ ہے چوبیس گز اور ایک بالشت ہے اور عرض رکن یمانی سے حجر اسود تک کہ دیوار جنوبی
کعبہ شریف ہے اکیس گز اور ایک بالشت ہے اور رکن شامی سے تا رکن عراقی کہ دیوار شمالی کعبہ
معظمہ ہے بائیس گز ہے اور دروازہ کعبہ شریف کا دیوار شرقی مین اور طول دروازہ کا چھ گز اور دس
انگشت ہے اور عرض چار گز ہے اور تختے دروازہ شریف کے ساج کی لکڑی کے ہین اور اوپر چاندی
کے پترے چاندی کی میخون سے جڑے ہین اور بلندی آستانہ اقدس کی زمین سے چار گز اور
آٹھوان حصہ گز کا ہے اور بناوان کعبہ شریف کا درمیان دیوار شمالی مابین رکن عراقی اور رکن
شامی کی ہے اور حجر اسود درمیان مشرق اور شمال کے ہے اور بلندی حجر اسود کی زمین سے اڑھائی گز
اور چھٹے حصہ گز سے کچھ زیادہ ہے اور عرض و طول حجر اسود کا ایک بالشت اور چار انگشت ہے وارد ہوا
کہ گرد خانہ کعبہ کے مشرکین نے تین سو ساٹھ بت رکھے تھے اور پانو اونکے سیسے سے جمادیے تھے
رسول مقبول صلعم جسوقت وہان تشریف لیگئے ایک لکڑی آپ کے ہاتھ مین تھی آپ یہ آیت پڑھتے
تھے جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا یعنی آیا حق اور مٹا باطل بیشک باطل ہی مٹنے والا
اور لکڑی سے آپ بتونکیطرف اشارہ کرتے تھے سو جسکے منھ کیطرف اشارہ فرماتے تھے وہ بت چت گر پڑتا تھا اور جسکی
پشت کیطرف آپ اشارہ فرماتے تھے وہ اندھا گر پڑتا تھا اسطرح سب بت اوکھڑ اوکھڑ کے گر پڑے اور تصویرین جو
دیوار خانہ کعبہ پر کچیین تھین اوسکو آپنے چاہ زمزم سے پانی منگوا کر دھو ڈالا اونمین حضرت ابراہیم اور حضرت
اسمٰعیل کی صورتین جو تھین اونکے ہاتھونمین تیر قمار کے بنادیے تھے آپنے فرمایا کہ مشرکین خوب جانتے ہین کہ ان دونون
پیغمبرون نے یہ کبھی کام نکیا براہ شرارت اونکے ہاتھونمین تیر قمار کی صورت بنادی تھے ف خانہ کعبہ جو منسوب بخانہ خدا ہی اسکی وجہ
یہ ہی کہ اصل نوع انسانی خاک سے ہی اور اصل کرہ خاک کا یہی نقطہ ہی یعنی اوسی کے نیچے سے تمام زمین پھیلائی گئی تو ضرور ہوا
کہ انسان جب جسم اپنیکو مشغول عبادت پروردگار مین کرے تو اپنی اصل خاک کیطرف رجوع لاوے اور یہی
وجہ ہے کہ خانہ کعبہ قبلہ تمام عباد اونکا اور مرجع تمام خلقت کا مقرر ہوا دوسرے یہ کہ وقت عبادت کرنے کے آدمی
خلیفہ ملائکہ کا ہی کہ اصل مین یہ کام اونکا ہے جیسے کہ وقت غصہ کے خلیفہ درندہ جانورونکا ہی اور وقت شہوت کے خلیفہ بہائم

بیان ۱۲ بیان بنیاد خانہ کعبہ

حاضر ہوتے ہین یہان لوگ اطراف زمین سے اور عبادت کرتے ہین میری جیسے غلام اپنے مولی
سے کہتا ہے کہ حاضر ہون یہ سنکر حضرت موسی نے عرض کیا کہ خداوندا اسکا اجر وثواب کیا ہے فرمایا کہ
اے موسی بخشدیتا ہون مین اونکو اور یہان تک اونکو رتبہ اور مرتبہ دیتا ہون کہ ستر آدمی اپنے کنبے کے
مجھسے بخشوائین حضرت موسی نے عرض کیا خداوندا بعض اونمین سے سال اور دل پاک وصاف نہین رکھتے
ہین ارشاد ہوا کہ اے موسی نیکون کے ساتھ اون برون کو بخشدیتا ہون روایت کیا فقیہ ابو اللیث
نے ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ کعبہ شریف ڈھیا رہتا ہے ستر ہزار فرشتونسے
کہ وہ سب بخشش چاہتے رہتے ہین اللہ تعالی سے طواف کرنے والون کے اور رحمت بھیجتے ہین اور دعا
کرتے ہین اونکے حق مین روایت کیا امام فاکہی نے اور حضرت امام حسن بصری سے روایت ہے کہ نہین داخل
ہوتا ہے کوئی کعبہ شریف مین مگر کہ داخل ہوتا ہے اللہ کی رحمت مین اور نہین باہر آتا ہے اوس سے
مگر مغفرت لیکر اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ جو داخل ہوا کعبہ شریف مین وہ داخل ہوا اللہ کی
رحمت اور اللہ کے امن مین اور جو نکلا اوس سے مگر کہ مغفرت اپنی لیکر مجالس یکیہ مین وارد ہوا کہ فرمایا
رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے نماز پڑھی سامنے دروازہ کعبہ شریف کے چار رکعت پس گویا کہ اوسنے
عبادت کی اللہ کی تمام خلقت کے برابر اور رحمت بھیجتے ہین اوسپر ستر ہزار فرشتے حضرت علی رض سے
روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جو شخص ارادہ کرے دنیا و آخرت کی بھلائی کا پس چاہیے اوسکو کہ نیت
کرے کعبہ شریف کی زیارت کی کیونکہ نہین ہے کوئی بندہ کہ سوال کرے دنیا کی ترقی اور آخرت کی بھلائی
کا مگر کہ اللہ تعالی اوسکو عنایت فرماتا ہے روایت کیا محدث طبری نے حضرت ابن عباس رض سے روایت
ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ مین دیکھتا ہون خراب کرنے والے کعبے کو کہ ہوگا سیاہ رنگ
پھدا دو کھاڑ یکا خانہ کعبہ کو پتھر پتھر نقل کی بخاری نے اور حضرت ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ
فرمایا حضرت صلعم نے کہ خراب کریگا خانہ کعبہ کو صاحب دو پنڈلیون چھوٹی اوپتلی کا حبشیون مین سے
نقل کی بخاری اور مسلم نے ف اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ خرابی کعبہ شریف کی حبشی کے ہاتھ
ہوگی اور یہ مقام عبرت ہے کہ خانہ کعبہ باوجود اس قدر عظمت کے ایک حقیر آدمی کے ہاتھ سے خراب
ہوگا اوسکے ساتھ قیامت قائم ہوگی اور دنیا خراب ہوگی اسواسطے کہ آبادی تمام عالم کی متعلق ہے
ساتھ آباد رہنے اس خانہ مبارک کے حضرت قتادہ رض سے روایت ہے کہ بنا فرمایا کعبہ شریف حضرت ابراہیم ع

مین جواب مین کہونگا وعلیک السلام یا بیت اللہ میری امت نے تیرے ساتھ کیا سلوک کیا اور تو
میری امت کے ساتھ کیا سلوک کریگا کعبہ شریف اوسکے جواب مین کہینگے کہ اے حبیب خالق اکبر جو شخص
آپ کی امت مین سے میری زیارت کیواسطے آیا اوسکی بخشش کرانے کو مین کافی ہون اونکی طرف سے
آپ اطمینان فرماوین اور جو نہین آسکے اونکی شفاعت کے لیے آپ کافی ہو جاوین روایت کیا دیلمی نے
اور حضرت وہب ابن منبہ سے روایت ہے کہ توریت مین لکھا ہے کہ بتحقیق اللہ عزوجل بھیجیگا ون قیامت
کے سات لاکھ فرشتے عرش سے کہ ہر فرشتے کے ہاتھ مین ایک زنجیر سونے کی ہوگی اوس سے کھینچینگے
کعبہ شریف کو طرف محشر کے پس ایک فرشتہ پکاریگا کہ اے کعبۃ اللہ سیر کر کعبہ شریف کہینگے کہ مین نہین
سیر کرونگا یہان تک کہ پورا کیا جاوے سوال میرا حکم ہوگا کہ کہہ پس آپ کہینگے کہ ای رب میرے شفاعت
قبول کر میرے ہمسایے کی مقدمے مین جو دفن ہوے ہین گرد میرے اللہ تعالی فرماویگا کہ قبول کی مینے
پس اوٹھینگے مسلمان مکہ شریف مین کہ سبکے چہرے روشن ہونگے اور احرام باندھے ہوئے لبیک کہتے ہوے
گرد کعبہ شریف کے طواف کرتے ہونگے پھر حکم ہوگا کہ سیر کر پھر آپ وہی جواب دینگے حکم ہوگا کہ
سوال کر آپ کہینگے کہ اے رب میرے تیرے بندے گنہگار جو دور دراز رستے سے آنکر میرے مہمان
ہوے اونکو امن مین رکھ قیامت کی بڑی گھبراہٹ سے حکم ہوگا کہ قبول کیا مینے پس پکاریگا پکارنیوالا
کہ آگاہ ہو جاؤ کہ جسنے زیارت کی کعبہ شریف کی وہ لوگ الگ ہو جاوین پس جمع ہو جائینگے وہ لوگ
گرد کعبہ شریف کے لبیک کہتے ہوے پھر حکم ہوگا کہ اب سیر کر اوسوقت آپ کہینگے لبیک اللھم
لبیک اور طرف محشر کے گذر ہوگا پس اول گذر اوپر سرور عالم صلعم کے ہوگا پس آپ کہینگے کہ یارسول اللہ
آپ میری نہ زیارت کرنے والون کی شفاعت فرماوین اور اپنی زیارت کرنیوالونکی مین شفاعت کرونگا اسطرح روایت کیا سلیمان بن داود
اور قرشی نے بحر مین حضرت علی سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہین کہ ایکبار طواف کرتا تھا مین حضرت
کے ساتھ مینے عرض کیا کہ فدا ہون تجھپر مان باپ میرے یارسول اللہ کعبہ شریف کیا شے ہے آپ نے
فرمایا کہ اے علی اللہ تعالی نے اس گھر کی بنیاد زمین مین صرف اسی واسطے ڈالی ہے کہ اس گھر کا طواف
کرنا میری امت کی سب گناہون کا کفارہ ہو جاوے روایت کیا فقیہ ابو اللیث نے عمر ابن عبد العزیز سے
روایت ہے کہ ایکبار حضرت موسی نے اللہ تعالی سے کعبہ شریف کی فضیلت پوچھی ارشاد ہوا کہ ای موسی
وہ گھر میرا ہے کہ پسند کیا مینے اوسکو سب گھرون سے اور حرم میرا ہے کہ میرے خلیل نے اسکی تعظیم تکریم کی

امام فاکہی سعید ابن مسیبؒ سے نقل کرتے ہین کہ فرمایا حضرت علیؓ نے کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے کعبہ شریف کو چالیس برس پہلے پیدائش زمین و آسمان کے پس مثل جھلی کے تھا اوپر پانی کے اور بروایت حضرت ابو ہریرہ وارد ہوا کہ کعبہ شریف زمین کی پیدائش سے دو ہزار برس پیشتر پیدا ہوا کہتے ہین کہ جب حضرت آدم حج کو چلے فرشتون نے کہا کہ اے آدم اچھا کرا اپنا حج کہ تحقیق ہمنے حج کیا ہے تجھ سے پہلے دو ہزار برس تفاسیر معتبر مین وارد ہوا کہ حضرت عبداللہ ابن زبیرؓ نے اپنے عہد مین سنہ چوہتر سو ستائیسوین رجب کو خانہ کعبہ موافق منشاء رسول مقبول صلعم کے حسب مرضی و اجازت حضرت عائشہ صدیقہؓ بنا کیا تھا لیکن حجاج نے بعد غلبہ پانے کے پھر اوسی پہلی صورت پر بنا دیا جو اب ہو جود ہی ان اللہ تعالیٰ اعلم

فصل چوتھی
فضائل کعبہ شریف مین

مسلمانون پر پوشیدہ نہ رہے کہ کعبہ شریف کی شان مین بہت آیات و حدیث وارد ہوئے ہین جنکا بیان اس مختصر مین نہین ادا ہو سکتا تیمناً و تبرکاً چند فضائل اس جگہ لکھے جاتے ہین کہ مسلمان بھائیون خاصکر حاجیون کا دل سنکر خوش ہو اور محبت و الفت اوس مقام اقدس کی دلمین پیدا ہو عدۃ الامانیہ فی الاجابۃ مین مذکور ہوا کہ سرور عالم صلعم نے فرمایا کہ جو نکلے بارادہ زیارت کعبہ شریف کے حج کرنے والا عمرہ یا عمرہ لانیوالا تو اللہ اوسکا ذمہ دار اور ضامن ہوگا جبکا کہ اگر اوسکو پھیرے پھیرے مزدوری اور غنیمت کے ساتھ اور اگر اوسکی روح قبض کرے تو داخل کرے اوسکو جنت مین روایت کیا ازرقی نے اور بھی اخبار العلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے قصد کیا کعبہ شریف کی زیارت کا اور راہ مین کسی طرح کا کوئی کام خلاف نکیا تو وہ نکلا گناہون سے ایسا جیسے اوسی دن اوسکی ماں نے جنا اور بھی وارد ہوا کہ تحقیق اللہ عزوجل نے وعدہ فرمایا کعبہ شریف سے یہ کہ قصد کرین اوسکی زیارت کا ہر برس چھ لاکھ اگر کم ہون تو پورا فرماوے فرشتون سے اور تحقیق کعبہ شریف اوٹھایا جاویگا مانند دلھن کے اور زیارت کرنے والے اوسکے پردون کے ساتھ لٹکے ہون گے اور طواف کرتے ہونگے گرداوسکے یہان تک کہ داخل ہو جنت مین مع اپنے زیارت کرنے والونکے جابر ابن عبداللہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جب دن قیامت کا ہوگا تو فرشتے کعبہ شریف کو مانند دلھن کے آراستہ کرکے میدان قیامت مین لیجاوینگے جب میرے مرقد اطہر معنبر پر گذر ہوگا تو کعبہ معظمہ بزبان فصیح کہیگا کہ السلام علیک یا محمد صلعم

اسکو غنیمت جانو اور غربت سے رکھو حضرت اسمعیلؑ نے گھر مین آکر جو انوار نبوت و رسالت دیکھی حال پوچھا
بی بی نے اول سے آخر تک کیفیت عرض کی حضرت اسمعیلؑ نے سب بیان سنکر فرمایا کہ وہ پیر مرد میرے
والد بزرگوار تھے تیرے حق مین سفارش فرما گئے ہین جیسے آپ اون بیوی کی تعظیم و تکریم فرمانے لگے
اسپر بھی جب عرصہ گذرا تو حضرت ابراہیمؑ نے پھر حضرت سارہؓ سے کہا کہ دوبارہ اتفاق حاتیکا ہوا
لیکن حضرت اسمعیلؑ کو نہ دیکھا اب کی بار اجازت دو کہ مین چند روز اوسکے پاس رہون اوسوقت
حضرت سارہ نے خوشی سے اجازت دی اور آپ روانہ ہوکر پہونچے دیکھا کہ حضرت اسمعیلؑ قریب
زمزم کے بیٹھے ہوے تیر بنکو درست فرما رہے ہین دیکھتے ہی حضرت اسمعیلؑ بے اختیار دوڑے
اور معانقہ کیا حضرت سعدبن رشد یمنیؒ اس قصہ شریف کے ذکر مین نقل کرتے ہین کہ باپ بیٹے
دونون ملکر اتنے روے کہ آوازین بند ہوگئین اور پرند جانور بھی رونے لگے غرض بعد افاقہ
کے حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا کہ مجکو خدا کا حکم ہوا ہے کہ اس جگہ خانہ خدا بناؤن اور اسکام کو
اپنے ہاتھ سے کرونگا تو بھی اسمین مدد دے آپ نے عرض کیا کہ حکم خدا اور آپکا فرمانا سر آنکھون پر ہے چنانچہ غرۂ ذی قعدہ مین بناے کعبہ معظمہ شروع ہوئی اور پچیسوین کو تمام ہوئی
لکھا ہے کہ حضرت اسمعیلؑ پتھر لاتے تھے اور حضرت ابراہیمؑ بناتے تھے جب آپ کو کم و زیادہ ہوجاتا
خوف ہوا تو اللہ تعالی نے ایک ابر بھیجا اوسکے سایہ کے موافق آپ نے بنایا لکھا ہے کہ یہ عمارت
تادت دراز قائم رہی اور بعد اسکے قوم عمالقہ نے اوسی اسلوب پر بنایا بعد اسکے جرہمیون نے
پھر قریش نے بنایا اہل سیر لکھتے ہین کہ اول بنا کعبہ کی زمین پر حضرت آدمؑ نے کی مقابل بیت المعمور
کے کہ ساتوین آسمان پر ہے بعد اسکے حضرت شیثؑ نے پسن جبکہ طوفان نوحؑ آیا تو بحکم الٰہی
فرشتون نے سب پتھر کعبہ شریف کے مع حجر اسود جمع کرکے کوہ ابو قبیس مین دفن کردیے بعد
اسکے حضرت ابراہیمؑ نے بحکم الٰہی خانہ کعبہ تعمیر فرمایا لیکن یہ روایات چندان قابل اعتماد نہین ہین
مذہب تحقیق یہی ہے کہ پہلے حضرت ابراہیمؑ کے کسی نے خانہ کعبہ نہین بنایا اور از روے آیات و
احادیث بھی یہی ثابت ہے جو شائق تفصیل ہو کتب تفاسیر مین دیکھلے جیسی کہ تفسیر فتح العزیز مین
اسکی تفصیل مذکور ہے ف پوشیدہ نہ رہے کہ جس جگہ خانہ کعبہ بنا ہے وہ جگہ حضرت آدمؑ کی بھی
پرستش سے بیت معظم اللہ کرم بلکہ پیدائش آسمان و زمین سے بھی پہلے وہ جگہ واجب التعظیم تھی حضرت

بیان
بیان ۲

امام فاکہی سعید ابن مسیبؒ سے نقل کرتے ہین کہ فرمایا حضرت علیؓ نے کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے کعبہ شریف کو چالیس برس پہلے پیدائش زمین و آسمان کے پس مثل جھلی کے تھا اوپر پانی کے اور بروایت حضرت ابوہریرہ وارد ہوا کہ کعبہ شریف زمین کی پیدائش سے دو ہزار برس پیشتر پیدا ہوا کہتے ہین کہ جب حضرت آدم حج کو چلے فرشتون نے کہا کہ اے آدم اچھا کرا اپنا حج کہ تحقیق ہمنے حج کیا ہے تجھ سے پہلے دو ہزار برس تفاسیر معتبر مین وارد ہوا کہ حضرت عبداللہ ابن زبیرؓ نے اپنے عہد مین سنہ چوسٹھ ستائیسوین رجب کو خانہ کعبہ موافق منشار رسول مقبول صلعم کے حسب مرضی و اجازت حضرت عائشہ صدیقہؓ بنا کیا تھا لیکن حجاج نے بعد غلبہ پانے کے پھر اوسی پہلی صورت پر بنا دیا جو اب ہو وجودہ ان اللہ تعالیٰ اعلم

فصل چوتھی
فضائل کعبہ شریف مین

مسلمانون پر پوشیدہ نہ رہے کہ کعبہ شریف کی شان مین بہت آیات و حدیث وارد ہوئے ہین جنکا بیان اس مختصر مین نہین ادا ہو سکتا تیمناً و تبرکاً چند فضائل اس جگہ لکھے جاتے ہین کہ مسلمان بھائیون خاصکر حاجیون کا دل سنکر خوش ہو اور محبت و الفت اوس مقام اقدس کی دلمین پیدا ہو عدۃ الانابہ فی اماکن الاجابہ مین مذکور ہوا کہ سرور عالم صلعم نے فرمایا کہ جو نکلے بارادہ زیارت کعبہ شریف کے حج کرنے والا عمرہ یا عمرہ لانیوالا تو اللہ اوسکا ذمہ دار اور ضامن ہو گا جبکہ اگر اوسکو بھیجے بھیجنے مزدوری اور غنیمت کے ساتھ اور اگر اوسکی روح قبض کرے تو داخل کرے اوسکو جنت مین روایت کیا ازرقی نے اور بھی اخبار العلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے قصد کیا کعبہ شریف کی زیارت کا اور راہ مین کسی طرح کا کوئی کام خلاف نکیا تو وہ نکلا گناہون سے ایسا جیسے اوسی دن اوسکی ماں نے جنا اور بھی وارد ہوا کہ بتحقیق اللہ عزوجل نے وعدہ فرمایا کعبہ شریف سے یہ کہ قصد کرین اوسکی زیارت کا ہر برس چھ لاکھ آدمی اگر کم ہون تو پورا فرماوے فرشتون سے اور بتحقیق کعبہ شریف اوٹھایا جاویگا مانند دلھن کے اور زیارت کرنے والے اوسکے پردون کے ساتھ لٹکے ہون گے اور طواف کرتے ہونگے گرد اوسکے یہان تک کہ داخل ہو جنت مین مع اپنے زیارت کرنے والونکے جابر ابن عبداللہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جب دن قیامت کا ہوگا تو فرشتے کعبہ شریف کو مانند دلھن کے آراستہ کرکے میدان قیامت مین لاوینگے جب میرے مرقد اطہر معنبر سے گذر ہوگا تو کعبہ معظمہ بزبان فصیح کہیگا کہ السلام علیک یا محمد صلعم

اسکو غنیمت جانو اور غرت سے رکھو حضرت اسمعیلؑ نے گھر مین آکر جو انوار نبوت و رسالت دیکھے حال پوچھا
بی بی نے اول سے آخر تک کیفیت عرض کی حضرت اسمعیل نے سب بیان سنکر فرمایا کہ وہ پیر مرد میرے
والد بزرگوار تھے تیرے حق مین سفارش فرما گئے ہین جسسے آپ اون بیوی کی تعظیم و تکریم فرمانے لگے
اسپر بھی جب عرصہ گذرا تو حضرت ابراہیمؑ نے پھر حضرت سارہؓ سے کہا کہ دوبارہ اتفاق جانیکا ہوا
لیکن حضرت اسمعیل کو نہ دیکھا اب کی بار اجازت دو کہ مین چند روز اوسکے پاس رہون اوسوقت
حضرت سارہ نے خوشی سے اجازت دی اور آپ روانہ ہوکر پہونچے دیکھا کہ حضرت اسمعیلؑ قریب
زمزم کے بیٹھے ہوے تیر ونکو درست فرما رہے ہین دیکھتے ہی حضرت اسمعیل بے اختیار دوڑے
اور معانقہ کیا حضرت معمر بن راشد یمنیؒ اس قصۂ شریف کے ذکر مین نقل کرتے ہین کہ باپ بیٹے
دونون ملکر اسقدر روے کہ آواز بند ہوگئی اور پرند جانور بھی رونے لگے غرض بعد افاقہ
کے حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ مجکو خدا کا حکم ہوا ہے کہ اس جگہ خانہ خدا بناؤن اور اسکام کو
اپنے ہاتھ سے کرونگا تو بھی اسمین مدد دے آپ نے عرض کیا کہ حکم خدا اور آپکا فرمانا میرے
سر آنکھون پر ہے چنانچہ غرۂ ذی قعدہ مین بناے کعبہ معظمہ شروع ہوئی اور پچیسوین کو تمام ہوئی
لکھا ہے کہ حضرت اسمعیل پتھر لاتے تھے اور حضرت ابراہیم بناتے تھے جب آپ کو کم و زیادہ ہونیکا
خوف ہوا تو اللہ تعالی نے ایک ابر بھیجا اوسکے سایہ کے موافق آپ نے بنایا لکھا ہے کہ یہ عمارت
تامدت دراز قائم رہی اور بعد اسکے قوم عمالقہ نے اوسی اسلوب پر بنایا بعد اسکے جرہمیون نے
پھر قریش نے بنایا اہل سیر لکھتے ہین کہ اول بنا کعبہ کی زمین پر حضرت آدمؑ نے کی مقابل بیت المعمور
کے کہ ساتوین آسمان پر ہے بعد اسکے حضرت شیثؑ نے پسن جبکہ طوفان نوح آیا تو بحکم الٰہی
فرشتون نے سب پتھر کعبہ شریف کے مع حجر اسود جمع کرکے کوہ ابو قبیس مین دفن کر دیے بعد
اسکے حضرت ابراہیم نے بحکم الٰہی خانہ کعبہ تعمیر فرمایا لیکن یہ روایات چندان قابل اعتماد نہین ہین
مذہب تحقیق یہی ہے کہ پہلے حضرت ابراہیمؑ کے کسی نے خانہ کعبہ نہین بنایا اور از روے آیات و
احادیث بھی یہی ثابت ہے جو مشتاق تفصیل ہو کتب تفاسیر مین دیکھلے جیسی کہ تفسیر فتح العزیز مین
اسکی تصریح مذکور ہے ف پوشیدہ نہ رہے کہ جس جگہ خانہ کعبہ بنا ہے وہ جگہ حضرت آدمؑ کی بھی
پیدایش سے پہلے معظم اور مکرم بلکہ پیدایش آسمان و زمین سے بھی پہلے وہ جگہ واجب التعظیم تھی حضرت

بیان
بیان

ہوئین اور ایک طرح کا رستہ کم ہو گیا تو اوسوقت حضرت ابراہیمؑ نے حضرت سارہؓ سے اجازت جانے کی
چاہی آپ نے اجازت بشرطیکہ سواری سے نہ اوتریں اور نہ رات کو رہین پس آپ روانہ ہوئے اور مکہ
معظمہ مین پہونچے آباد دیکھکر بہت خوش ہوئے پوچھا کہ اس شہر کے مالک کا گھر کہان ہے لوگون نے
بتایا اتفاق سے حضرت اسمٰعیلؑ اوسوقت شکار کو چلے گئے تھے اور آپ کی معاش ہی مین تھی کہ تیر و کمان
سے شکار کر لاتے تھے اور آب زمزم مین پکا کر نوش فرماتے حق تعالی آپ کو اسی پر صبر و قناعت عنایت
فرماتا پس جب آپنے حضرت اسمٰعیلؑ کو گھر پر نہ پایا اونکی بیوی کو دروازہ پر بلا کر دریافت کیا کہ تمھارے خاوند
کہان گئے ہین اور کب آوین گے اونھون عرض کیا کہ شکار کو گئے ہین اور شام کو آوین گے آپنے
سوچا کہ اگر انکے آنے تک ٹھہرون گا تو رات کو ٹھہرنا پڑیگا اور خلاف وعدہ لازم آئیگا پس آپ نے
احوال پوچھنا شروع کیا اونھون نے کچھ شکایت اپنی گذران کی اور حضرت اسمٰعیلؑ کی بیان کی آپ نے
یہ سب سنکر فرمایا کہ جب تمھارے خاوند آئین تو بعد سلام یہ کہدینا کہ یہ چوکھٹ لائق تمھارے دروازے
کے نہین ہے شام کو جب حضرت اسمٰعیلؑ آئے اور تمام گھر کو انوار نبوت سے مالا مال پاکر پوچھا کہ کوئی
یہان آیا تھا آپ نے سب کیفیت عرض کی تمام و کمال سنکر آپ نے فرمایا کہ وہ پیر مرد میرے والد
بزرگوار تھے اور معلوم ہوتا ہے کہ تو نے میرا شکوہ شاید آپ کے روبرو بیان کیا اب تو میرے لائق
نہین اور دوسرا نکاح آپ نے کیا بعد ایکسال کے پھر حضرت ابراہیمؑ اوسی شرط سے تشریف لائے اور پھر
حضرت اسمٰعیلؑ کو نہ پایا لیکن آپ کی بیوی نے کمال آپ کی حرمت اور تعظیم و تواضع کی اور کمال اصرار سے
آب گرم سے آپ کے سر مبارک کا گرد و غبار اوسی سواری پر دھویا بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے
کہ آپ نے دونون پانون مبارک دھلوا کر فرمایا کہ یہ پانی اندر گھر کے چھڑک دو اور اس درمیان مین آپ
حال پوچھتے رہے اور وہ بی بی شکر خدا بیان کرتی رہین کہ بڑی خوشی اور فراغت سے گذرتی ہے
حضرت اسمٰعیلؑ شکار کر لاتے ہین اوس گوشت اور آب زمزم سے طبیعت سیر رہتی ہے آپ نے اونکی
حق مین دعا خیر فرمائی اور کہا کہ حق تعالی تمھارے گوشت اور پانی مین خیر و برکت بڑھا دے حدیث
شریف مین وارد ہوا کہ حضرت ابراہیمؑ کی دعا کی یہ خاصیت ہے کہ جو شخص وہان گوشت اور پانی
پر قناعت کرے تو اوسکو حاجت دوسری قسم کی غلہ وغیرہ کی نہین رہتی ہے غرض آپ
چلتے وقت یہ فرما گئے کہ بعد سلام یہ کہدینا کہ یہ چوکھٹ تمھارے دروازے کی بہت اچھی ہے

یہی جگہ مقرر ہوئی اور قیامت تک رہیگی حضرت مولانا ے روم رح فرماتے ہین ؎ ہر چہ گیرد علتے علت شود + کفر گیرد کاملی ملت شود + لکھا ہی کہ راہ مین شیطان نے حضرت اسمٰعیل کو بہکایا آپ نے حضرت ابراہیم سے عرض کیا کہ ایک شخص مجکو ایسا ایسا کہتا ہے آپنے فرمایا کہ سنگریزے اوٹھاکر اور تکبیر کہکے اوسکو مارکہ وہ شیطان رجیم ہے راہ خیر و حق سے باز رکھتا ہے غرض جب آپ قربانی کی جگہہ پہونچے تو حضرت اسمٰعیل نے عرض کیا کہ کئی باتین عرض کیا چاہتا ہون حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ مجکو قبول ہین آپنے عرض کی کہ اول یہ کہ آپ اپنی آنکھونکو وقت ذبح کے باندھ لین کہ مبادا میری خون کے دیکھنے سے آپکا ہاتھہ ذبح کرنے سے رُک جائے اور یہ سبب میری نامقبولیت کا ہو اور خدا کے حکم مین ڈھیل اور دیر پیش آوے دوسرے یہ کہ میرے ہاتھہ پانو ایک رسی سے باندھ دیجیے کہ مبادا وقت جان دینے کے تڑپون اور اس بے ادبی سے دنیا سے رخصت ہون تیسرے یہ کہ جب آپ گھر تشریف لیجاوین تو میری ماں سے سلام فرمادیوین اور میرا پیراہن دیدیوین تاوہ اپنی تسلی اوس سے کرین غرض جب حضرت مستعد اس کام کے ہوے تو حضرت جبرئیل نے آن کر آپ سے عرض کیا کہ مرضی حقتعالی کی ایسی ہے کہ اسمٰعیل کو مانند گرانے جانور کے زمین پر گراو حضرت ابراہیم نے ایسا ہی کیا جیسے کہ قرآن مجید مین وارد ہوا فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ یعنی جسوقت کہ وہ دونو مطیع و منقاد حکم الٰہی کے ہوے اور پیشانی کے بل گرایا حضرت اسمٰعیل کو تو پکارا ہمنے کہ اے ابراہیم تحقیق سچا کیا تونے اپنے خواب کو اور بدلہ دیا ہمنے اوسکا ساتھہ قربانی بڑی کے چنانچہ مفسرین لکھتے ہین کہ وہ مینڈھا بڑے بڑے سینگ کا تھا اور چالیس برس عرش مین چرا تھا بعض کے نزدیک یہ وہ مینڈھا تھا کہ ہابیل نے قربان کیا تھا اور وہ قربانی مقبول ہوئی تھی یا یہ کہ جبل ثبیر سے حضرت جبرئیل لے آئے اور بعض مفسرین ذبح عظیم سے مراد روح مقدس حضرت امام حسینؑ کی لیتے ہین کہ آپ پوتے حضرت ابراہیمؑ کے اور نواسے حضرت نبی آخرزمان صلعم کے ہین لکھا ہی کہ جب آپنے چھرے حلقوم مبارک حضرت اسمٰعیلؑ پر پھیرے تو حق سبحانہ تعالی نے آپ کی حلق کو تانبے کا کردیا اور بعضے کہتے ہین کہ آپ کا حلق مبارک کٹتا جاتا تھا اور اوسی وقت درست ہوتا جاتا تھا کیا خوب فرمایا ہے ؎ کشتگان خنجر تسلیم را + ہر زمان از غیب جانی دیگر است تفسیر وسیط مین وارد ہوا کہ جسوقت حضرت ابراہیم نے خواب مین ذبح کرنا حضرت اسمٰعیلؑ کا دیکھا تھا لیکن اثر خون نہ دیکھا تھا بیداری مین بھی ظہور اوسکا ویسا ہی ہوا غرض جب حضرت اسحاق ع پیدا ہوے تو حضرت سارہ اونکی پرورش مین مصروف

جناب الٰہی مین زاری پیش کرین غرض وہان سے اوتر کر آپ حضرت اسمعیلؑ کے پاس آئین تو دیکھا کہ حضرت جبرئیلؑ کے پر مارنے سے پانی نکلا اور بعض لکھتے ہین کہ آپ نے دیکھا کہ حضرت اسمعیلؑ کے پانون مارنے کی جگہ سے پانی سرد و شیرین جاری ہے حضرت ہاجرہؑ نے اوسکو فرمایا کہ زم زم زبان سریانی مین اسکے معنی ہوتے ہین کہ ٹھہر جا ٹھہر جا پس آپ نے اوسکو جلدی سے بطور تغار گھیر دیا رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ اگر حضرت ہاجرہؑ اوس پانی کو نہ گھیر دیتین تو سارا عالم اوسکا پانی پیتا بعد چند روز کے بنی جرہم نواح یمن سے اوس جگہ اوترے اور مقابل خانہ کعبہ کے جانورون کو اوڑتے دیکھا تو متعجب ہوکر وہان آئے دیکھا کہ پانی غیب سے جوش مار رہا ہے اور ایک عورت لڑکا لیے ہوے اوس پانی کے پاس ہی ہے قوم نے وہان رہنے کی آپ سے اجازت چاہی آپ نے اونکو اجازت دی اس شرط سے کہ کچھ حصہ اوری تمکو پانی مین نہوگی اونھون نے یہ شرط قبول کی اور وہان آباد ہوئی پھر بتوفیق اوہان آکر رہے کہ بنی اعمام جرہمیون کے تھے پس ایک چھوٹی سی بستی ہوگئی جب حضرت اسمعیلؑ سات برس کے ہوے تو آپ نے جرہمیون سے زبان عربی سیکھی جب آپ بارہ برس کے ہوے تو اوس جماعت کے سردار نے اپنی لڑکی کا نکاح آپ کے ساتھ کردیا اس عرصے مین حضرت ہاجرہؑ کا انتقال ہوگیا لکھا ہے کہ جب حضرت اسمعیلؑ کی عمر چودہ برس کی ہوئی تو حضرت سارہؑ کے حضرت اسحاق پیدا ہوے ف باہم علماے دین کے اختلاف ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے حضرت اسمعیلؑ کو راہ خدا مین ذبح کیا یا حضرت اسحاق بعض کے نزدیک حضرت اسحاقؑ ہین لیکن صحیح ترین یہ روایت ہے کہ حضرت اسمعیلؑ ہین کہ رسول مقبول صلعم نے فرمایا انا ابن الذبیحین. اشارہ حضرت اسمعیلؑ اور حضرت عبداللہ کیطرف ہے پس بعض کے نزدیک حضرت اسحاق حضرت اسمعیلؑ سے سات برس چھوٹے تھے اور بعض کے نزدیک بارہ برس ایکدن حضرت ابراہیمؑ نے خواب مین دیکھا کہ حضرت اسمعیلؑ کو بنام خدا تعالی ذبح کرتا ہون لیکن آپ نے اوس خواب پر اعتماد نفرمایا دوسرے دن پھر ویسی ہی خواب مین دیکھا پھر باور نہ کیا پھر تیسری بار دیکھا اوسوقت آپ نے جانا کہ یہ الہام غیبی ہے پس آپ نے یہ خواب حضرت اسمعیلؑ کے روبرو بیان کیا کہ اللہ تعالی مجکو ایسا حکم فرماتا ہے آپ نے عرض کیا کہ انشاءاللہ تعالی مجکو آپ صابرو شاکر پاوگے دل و جان سے مین راضی ہون پس حضرت ابراہیمؑ مستعد ہوکر واسطے قربانی کے مکہ شریف سے باہر نکل کر کہ کوئی اس کام سے روکے بمقام منی لے گئے اسی وجہ سے مقام قربانی

بیان ولادت

حضرت اسمعیلؑ کے چہرے نورانی پر کئی بوسے دیے یکایک حضرت سارہؑ کو جو یہ حال معلوم ہوا تو نہایت رشک
پیدا ہوا یہان تک ایکدن آپ نے قسم کھائی کہ ناک اور کان تیرے کاٹونگی یعنی حضرت ہاجرہؑ کے
پس حضرت ابراہیم نے اللہ تعالی کے حکم سے اونکو فرمایا کہ کان اور ناک مین سوراخ کرو اور اوسمین زیور پہناؤ
تاکہ قسم تمھاری اوتر جائے اور باعث حسن اور زیبائش کا ہو چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا اوس دن سے
یہ رسم تمام عالم مین عورتون کے لیے جاری ہوئی غرض حضرت سارہؑ کی دلمین روز بروز رشک بڑھنے لگا
یہان تک کہ ایک دن آپ نے حضرت ابراہیم سے کہا کہ اسی وقت اس لڑکے کو اور اسکی ماں کو گھر سے
نکالدو اور ایک ایسے جنگل مین جہان آب و دانہ اور سایہ نہو چھوڑ کر چلے آؤ حضرت ابراہیم نے ہر چند فہمایش
کی مگر آپ نے نہ مانا ناچار جناب الٰہی مین رجوع کی ارشاد ہوا کہ موافق حضرت سارہ کے کہنے کے عمل
کرو پس حضرت ابراہیم نے فوراً حضرت ہاجرہ اور حضرت اسمٰعیلؑ دونون کو سوار کیا اور روانہ ہوے لکھا ہے
کہ جب آپ اوس میدان مین پہونچے جہان اب خانہ کعبہ ہے حکم الٰہی ہوا کہ ان دونون کو اسی جگہ چھوڑ کر
چلے جاؤ آپ نے ایسا ہی کیا اور ایک مشک پانی اور تھوڑے چھوہارے اونکو دیے اور آپ وہان سے
چلے حضرت ہاجرہؑ بھی آپ کے پیچھے چلین اور یہ کہتی تھین کہ ہمکو کہان چھوڑ کر جاتے ہو ایسے جنگل مین
مگر حضرت ابراہیم منھ پھیرے چلے جاتے تھے آخر کار حضرت ہاجرہؑ نے کہا کہ کیا حکم خدا ایسا ہی ہے آپ نے
اسقدر فرمایا کہ ہان تب حضرت ہاجرہؑ نے کہا کہ اب ہمکو کچھ گھبراہٹ نہین ہے وہ ارحم الراحمین ہے
کبھی ہمکو ضایع نہ کریگا اور نہایت اطمینان و قرار سے پھر کر حضرت اسمٰعیلؑ کے پاس آگئین اور وہ پلانے
لگین جب حضرت ابراہیم پشتۂ پہاڑ سے آگے بڑھ گئے تو آپ کعبہ شریف کی سمت پر متوجہ ہو کر کلمات
دعا اسطور پر فرمانے لگے ربنا انی اسکنت من ذریتی بواد غیر ذی زرع عند بیتک المحرم
آہ اور آپ نے ہر ایک امر مین رب العالمین سے اوسوقت دعا مانگی چنانچہ ہر قسم کا میوہ مکہ معظمہ مین وافر
بہم پہونچتا ہے اور نبوت بھی تا قیام قیامت آپ کی اولاد مین جاری ہے اسواسطے کہ نبی آخر الزمان
اولاد خلیلؑ سے ہین غرض وہ پانی جب تمام ہو گیا تو حضرت اسمٰعیلؑ پیاس سے بیتاب ہوے حضرت
ہاجرہؑ بھی یہ حال دیکھکر بیقرار ہوئین اور کوہ صفا پر دوڑین اور خدا سے فریاد کی اسی طرح پھر مروہ پر جاکر
خدا سے فریاد کی سات بار اسی طرح اتفاق ہوا حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ سعی درمیان صفا
و مروہ کے اسی وجہ سے مقرر ہوئی تاکہ بیچارگی اور بیکسی کی حالت مین اون خاصان حق کا خیال کر

کرے کہ حضرت سارہؓ نے فرمایا کہ مجھکو مہلت دے کہ راستہ کی گرد و غبار سے صاف ہو جاؤن اور رسم عبادت
اپنی بجالاؤن اوسنے کہا کہ یہین نہا دھولو پس حضرت سارہؓ نے وضو کیا اور آپ نماز کے واسطے کھڑی
ہوگئین اور دعا مین مشغول ہوگئین اوس ظالم نے جو دیکھا کہ آپ نماز سے نہین فارغ ہوتی ہین چاہا کہ عین
نماز مین دست درازی کرے کہ دونون ہاتھ اوسکے غیب سے شل ہوگئے اور مرگی کے عارضے مین مبتلا ہوکر
گر پڑا یہان تک کہ سانس بند ہوگئی اور منھ سے کف جاری ہوا یہ حال اوسکا دیکھکر آپ ڈرین کہ مبادا
چوکیدار مجھکو تہمت قتل کی لگاکر ہلاک کرین تو آپ نے دعا کی کہ بار خدایا اس ظالم کو چھوڑدے کہ اب اسکو
عبرت ہوگئی چنانچہ ہوش مین آیا اور پھر بے ادبی کرنی چاہی اور پھر اوسی عذاب مین گرفتار ہوا غرض
تیسری بار اوس ظالم نے کہا کہ اس عورت کو یہان سے لیجاؤ کہ یہ آدمی نہین ہے یا جنّہ ہے یا ساحرہ
ہے اور اسکو میرے شہر سے باہر کردو اور اسی قسم کی دوسری عورت رکھتا ہون قبطیون مین سے
اوسکو بھی اس عورت کے ساتھ کردو پس حضرت سارہؓ حضرت ہاجرہؓ کو اپنے ساتھ لے آئین حضرت
ابراہیمؑ نماز مین مشغول تھے بعد فارغ ہونے کے آپ نے پوچھا کہ کیا حال ہے آپ نے عرض کیا
کہ خیر ہے حقتعالی نے اوس ظالم کے ہاتھ کو کوتاہ کیا اور ایک خادمہ مجھکو اوسنے دی حضرت ابراہیمؑ
خوش ہوے اور وہان سے کوچ کرکے فلسطین کی زمین مین رہنا اختیار کیا وہان کے لوگون نے
آپ کو کچھ زمین نظر کی کہ اوسکی زر تحصیل سے بہت فراغت ہوئی کہ آپ نے غلام خریدے اور مویشی
جمع کیے اور رسم ضیافت اور لنگر خانہ قائم کی اور حضرت لوطؑ کو واسطے ادائے رسم رسالت کے
سندوم وغیرہ شہرون کیطرف روانہ کیا اس درمیان مین حضرت سارہؓ کو اولاد کا شوق نہایت
غالب ہوا تو آپ نے حضرت ابراہیمؑ سے کہا کہ ہاجرہؓ کو مجھکو بخشدو شاید اس سے کوئی لڑکا پیدا
ہو کہ مین اوس سے دل بہلاؤن حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا کہ تمھارے مزاج مین رشک بہت ہے
مبادا اس سے جو لڑکا پیدا ہو اور تمکو پھر رنج ہو حضرت سارہؓ نے اس بات پر بہت اصرار کیا غرض
یہان تک کہ حضرت اسمٰعیلؑ پیدا ہوے اور آپ حضرت سارہؓ کی گودی مین پرورش پاتے تھے اور حضرت
ہاجرہؓ آپ کو دودھ پلاتی تھین لیکن حضرت ابراہیمؑ حضرت سارہؓ کے خوف سے حضرت اسمٰعیلؑ کیطرف
دیکھتے نہ تھے اور اجنبی کیطرح رہتے تھے ایک دن باقتضاے بشریت علیحدہ مکان مین آپ نے حضرت
اسمٰعیلؑ کو حضرت ہاجرہؓ کی گودی مین دیکھا تو بسبب جوش محبت اور غلبہ شفقت کے اپنی گودی مین لیکر

دیوارون کو اوٹھایا اور واسطے اندازہ اوس مکان کے حضرت جبرئیل ؑ ایک ابر بحکم الٰہی لائے آپ نے موافق
اندازہ اوسکے سایہ کی کعبہ شریف بنایا اسی مضمون کو اللہ تعالیٰ سورہ حج مین بیان فرماتا ہے وَاِذْ بَوَّاْنَا
لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ آخر تک پس قصہ حضرت ابراہیم کے خانہ کعبہ بنانے کا موافق احادیث کے
اس طور پر ہے کہ جب حضرت ابراہیم ؑ نے نمرود کی آگ سے نجات پائی اور اپنے باپ اور قوم کے ایمان لانے
سے مایوس ہوے تو آپ وطن چھوڑ کر طرف حران کے چچا اپنے کے پاس جنکا نام ہاران تھا گئے اونھون نے
نہایت محبت سے اپنے پاس رکھا اور اپنی بیٹی حضرت سارہ ؓ کے ساتھ نکاح کر دیا اس مراد سے کہ آپ لطمع
مال و اسباب اور محبت گھر بار کے اپنی ملت سے پھر جاوین لیکن خلیل ؑ مین اس بات کی گنجایش کہان اور آپ نے
فیضان صحبت اور شرف ملازمت کیمیا خاصیت سے حضرت سارہ ؓ بھی آپ کے ساتھ متفق ہو گئین اور
بت پرستون کے دین کی برائیان بیان کرنی شروع کین ہاران نہایت غصہ ہوا اور آپ کو مع حضرت
سارہ کل اسباب چھین کر نکالدیا حضرت سارہ ؓ نے چلتے وقت آپ کے ساتھ اس بات پر عہد کیا کہ مین ہرگز
تمھاری نافرمانی نکرون گی بشرطیکہ تم بھی نافرمانی نکرو اوسوقت حضرت لوط ؑ کہ آپ کی بھتیجی تھی ساتھ ہوئی
اول ارادہ مصر کا کیا اتفاقاً اوس جگہ ایک بادشاہ ظالم حاکم تھا اوسکی یہ عادت تھی کہ ہر عورت خوبصورت
کو اوسکے خاوند سے چھین لیتا تھا اور خاوند کو قتل کر ڈالتا تھا حضرت ابراہیم ؑ یہ حال سنکر ڈرے اسوجہ
سے کہ حضرت سارہ ؓ اوس زمانہ مین اپنے حسن و جمال مین ممتاز تھین حدیث شریف مین وارد ہوا کہ
جو حسن حضرت آدم ؑ کو عنایت ہوا تھا نصف اوسکا حضرت یوسف ؑ کو اور چھٹا حصہ حضرت سارہ ؓ کو عنایت
ہوا اور باقی تمام آدمیون کو تقسیم ہوا القصہ حضرت ابراہیم ؑ نے حضرت سارہ ؓ سے فرمایا کہ اگر سپاہی تمھارے
لینے کے واسطے آوین تو تم یہ نہ ظاہر کرنا کہ حضرت ابراہیم میرے خاوند ہین بلکہ یہ کہدینا کہ میرے بھائی
ہین اسواسطے کہ مین دین و اسلام کی رو سے تمھارا بھائی ہوتا ہون اور حافظ حقیقی تمکو اوس ظالم کے ہاتھ
سے محفوظ رکھے گا اور میرے ننگ و ناموس کو نہ ضائع کریگا کہ یکایک آدمی اوس بادشاہ کے حضرت
ابراہیم ؑ کے پاس آئے اور پوچھا کہ یہ عورت تمھارے ساتھ کیا رشتہ رکھتی ہے آپ نے فرمایا کہ میری
دینی بہن ہے اونھون نے آپ کو تو چھوڑ دیا مگر حضرت سارہ ؓ کو لے گئے جب حضرت خلیل ؑ نے یہ ماجرا
دیکھا تو آپ واسطے نماز کے کھڑے ہو گئے اور دعا مین مشغول ہوے پس جب کہ حضرت سارہ ؓ اوس
ظالم کے روبرو گئین تو آپکا حسن و جمال دیکھتے ہی وہ ظالم فریفتہ ہو گیا اور چاہا کہ آپ کے ساتھ بڑا ادبی

قصہ حضرت ابراہیم ؑ بنانے کعبہ کا

بیان حسن و جمال حضرت سارہ ؓ

ل ہونیکی جگہ ہے
ں رب تمھارا برا
ے اپنے ہاتھونکو
یم حکیم ہے اگر
ے یا ظہور مین دیر
مین اپنے فضل
وقت دعا حضو ری

معجزات کا
ہے نبی فنا مین

عادت دنیا

یاء اللہ

علم کسقدر
ہے بندہ کے
م آگاہی
ف کرے ہے
یا تی تھے
ں رہو ن
سلطنہ
فرمایا
کرتے
صار تے

یاں بیت حضرت
از مسا رضوا

دعا وقت جانے کعبہ

حضرت امام اعظمؒ سے پوچھا کہ جب کعبہ شریف کو دیکھون تو کیا دعا مانگون آپ نے فرمایا کہ اپنے
مستجاب الدعوات ہونے کی اسلیے کہ اگر یہ دعا قبول ہوئی تو گویا ساری دعائین قبول ہوئین دوسرے
حجر اسود کے پاس خصوصاً دوپہر کے وقت تیسرے مطاف مین باب الکعبہ کے سامنے
چوتھے ملتزم کے پاس آدھی رات کو پانچوین حطیم مین چھٹے میزاب رحمت کے نیچے خصوصاً وقت
صبح کے ساتوین رکن یمانی کے پاس خصوصاً وقت صبح کے آٹھوین درمیان رکن یمانی اور
دروازہ بند کی پشت کی جانب خانہ کعبہ کے سامنے اس دروازہ کے تھا اوس مقام کو مستجا
کہتے ہین نوین درمیان رکن یمانی اور حجر اسود کے دسوین مقام ابراہیم کے پاس خصوص
صبح کو گیارھوین زمزم پر خصوصاً غروب کی وقت بارھوین خانہ کعبہ کے اندر چارون کونو
اور دو ستون کے درمیان خصوصاً زوال کے وقت تیرھوین چودھوین صفا مروہ پر
بعد عصر کے پندرھوین بین المیلین سولھوین سترھوین عرفات پر دو مقام ہین ایک بیری
درخت کے نیچے زوال کے وقت کہ اب اوس درخت کا نشان باقی نرہا دوسرے جبل رحم
بائین طرف سورج ڈوبتے اٹھارھوین مشعر الحرام سورج نکلنے سے پہلے اوینسوین بیسوین
دو جگہ ہین ایک مسجد خیف کے پاس دوسرے جہان کنکریان مارتے ہین خصوصاً چودھ
کی آدھی رات کو محمد بن حسن نقاش رح لکھتے ہین کہ حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ کے گھر مین بھی دعا قبول ہ
جمعہ کی رات کو اور مقام میلاد شریف مین پیر کے دن وقت زوال کے اور دار خیزران
کہ قریب صفا کے ہے اور مسجد السحر مین کہ مقابل مسجد بیعت ہے بدھ کے دن اور مسجد
کے دن اور غار ثور مین اور مسجد الکبش مین کہ جای ذبح حضرت اسمعیلؑ ہے اور مسجد خیف
اور غار مرسلات مین اور غار حرا مین کہ وہان ہر وقت دعا قبول ہوتی ہے اور جبل ابو
وقت ظہر کے اور باب بنی شیبہ و باب ابراہیم و باب النبی کے پاس بھی دعا
ہوتی ہے اور بھی نزدیک قبر شریف حضرت خدیجۃ الکبریٰؓ و قبر سفیان بن عیینہ و قبر ش
فضیل بن عیاض و قبر شریف امام عبد الکریم و قبر شریف شیخ ابو الحسن شیولی و قبر شریف
عبد اللہ الحسن بن ابی عمید کی و قبر شریف حضرت عبد اللہ بن اسعد الیافعی الیمنی کی بھی
ہونی دعا کی جگہ ہے اور بھی نزدیک دروازہ جنت المعلا کے اور قبہ شریف امام دلائ

رسول مقبول صلعم سے سلام اور کلام کیا تھا دوسرا حجر اسکا چسپر آگی کہنی سارکا نشان ہے اور
مستحب ہے زیارت مولد شریف علیؑ کی کہ وہ شعب بنی ہاشم مین مشہور ہے اور زیارت دارارقم کی کہ
وہ مسجد ہے صفا کی پاس اوسمین حضرت عمرؓ ایمان لائے تھے دارارقم کو مخبی بھی کہتے ہین
اسواسطے کہ حضرت صلعم ابتدای حال مین وہان چھپ کر رہے تھے اور مومنین سابقین کے ساتھہ
نماز جماعت سے پڑھتے تھے پھر اوسکو خیزران ہارون رشید کی مان نے مول لیا تھا اسواسطے
اوسکو دارخیزران کہتے ہین اور مستحب ہے زیارت غار حرا کی جسکو بالفعل جبل نور کہتے ہین مکہ معظمہ
سے تین کوس پر ہے وہین شق صدر آپکا ہوا اور وہ ہی پہلی عبادتگاہ تھی وہین سورۂ اقرا نازل
ہوئی اور مستحب ہے زیارت غار ثور کی کہ یہ جگہ مکہ شریف سے تین کوس سے بھی زیادہ ہے
اور نہایت بلند اور دشوار گزار ہے چوٹی کے پاس وہ غار ہے داخل ہونیکا مقام اوسمین
ایسا تنگ ہے کہ ظاہر دیکھنے مین اوسکے اندر جانا ہرگز خیال مین نہین آتا فقط درمیان مین
ایک بالشت چار انگشت کی بلندی رکھتا ہے اور دونون طرف سے کم ہوگیا ہے مگر ظاہرا
اوسمین اسطور سے داخل ہوتے ہین کہ پہلے دونون ہاتھہ اندر بڑھا کے باقی بدن سی گھسٹ
جاتے ہین شیخ احمد حضراوی وغیرہ عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ جو شخص داخل ہوا اس غار شریف مین
تو اوسکے بعد وہ شخص دنیا کی تکلیفات مین غمگین نہوگا کہ یہ خاصیت اللہ تعالی کے فرمانے سے
ثابت ہے کہ فرماتا ہے اذ یقول لصاحبہ لاتحزن ان اللہ معنا اور زیارت غار مرسلات
کی بھی کرنی چاہیے کہ قریب مسجد حنیف کے ہے بروایت حضرت عبداللہ بن مسعود کے سورۂ
مرسلات وہین نازل ہوئی اللہ تعالی اپنے فضل عظیم سے بتصدق رحمۃ للعالمین کے یہ زیارات
مقدسہ سب مسلمانونکو نصیب فرماوی آمین یارب العالمین

فضائل غار ثور مع دعا اوسکی بیان شد

زیارت غار مرسلات

فصل پانچوین
مقامات قبولیت دعا کے بیان مین

حضرت امام حسن بصریؒ بروایات صحیحہ نقل فرماتے ہین کہ مکہ معظمہ مین سولہ جگہ ہین جہان جاکر
دعا زیادہ قبول ہوتی ہے اور بعض کے نزدیک زیادہ ہین اکثر اونمین سے واسطے فائدۂ
عام مسلمانونکے لکھی جاتی ہین اول جب کعبہ شریف پر نظر پڑے منقول ہے کہ کسی نے

دعا وقت زیارت کعبہ شریف

اور ہر گاہ تجلی الہی طور پر ظاہر ہوئی تو اوسکے تین ٹکڑے تین جگہہ مکہ معظمہ مین آکر پڑے جبل ثبیر و جبل ثور و جبل نور اور ایک پہاڑ مسجد خیف کی پشت پر ہے جسمین غار مرسلات ہے پس جو پہاڑ کہ مشہور و معروف تھے اونکے فضائل لکھہ دیے گئے زیارت کرنے والون کے لیے اسیقدر کافی اور بس ہین

فصل چوتھی
مقامات زیارت مکہ معظمہ مین

اہل حدیث لکھتے ہین کہ مستحب ہے حاجی پر کہ زیارت کعبہ شریف کی اندر سے کرے اسطور پر کہ ننگے پانون سر جھکائے ہوئے کمال عاجزی اور زاری سے پشیمان اور شرمندہ اپنے بُرے کامون پر توبہ و استغفار پڑھتا ہوا داخل ہو اور وسطے تماشے قندیلون وغیرہ کے چھت کیطرف سر اوٹھا کر نہ دیکھے کہ سراسر خلاف آداب ہے اور سامنے باب کے چلا جاے جب تین ہاتھہ دیوار باقی رہے وہان نفل پڑھے کہ وہ رسول مقبول صلعم کا مصلی ہے پھر سامنے سیدہا بڑھکر اپنا رخسارہ دیوار پر رکھے اور حمد و استغفار پڑھے اور جو چاہے سو دعا مانگے یہ دعا نہایت جامع اور بہتر ہے رب ادخلنی مدخل صدق واخرجنی مخرج صدق واجعل لی من لدنك سلطانا نصیرا اللّٰھم ادخلنی جنتك کما ادخلنی بیتك وارزقنی رویتك اللّٰھم یارب البیت العتیق اعتق رقابنا ورقاب اباءنا وامھاتنا من النار یا عزیز یا غفار اللّٰھم یا خفی الالطاف امنا مما نخاف اللّٰھم انی اسئلك من خیر ما سئلك منه نبیك محمد صلی اللہ علیه وسلم واعوذ بك من شر ما استعاذ منه نبیك محمد صلی اللہ علیه وسلم ربنا تقبل منا انك انت السمیع العلیم وتب علینا انك انت التواب الرحیم اور مستحب ہے زیارت حضرت خدیجۃ الکبریٰ رضؓ کے گھر کی کہ جسمین سیدۃ النسا حضرت فاطمہ رضؓ پیدا ہوئین رسول مقبول صلعم ہجرت تک اوسمین رہے اوس گھر مین حضرت فاطمہ رضؓ کی پیدائش کی جگہہ پر بالفعل ایک قبہ لکڑی کا بنا ہوا ہے اور حضرت کے وضو اور عبادت کا بھی مقام زیارتگاہ ہے اور مستحب ہے زیارت مولد رسول اللہ صلعم کہ بالفعل وہ ایک مکان مکلف پہاڑ بو قبیس کے نیچے مشہور ہے ایسی ہی زیارت حضرت ابابکر رضؓ صدیق کے گھر کی کہ وہ مشہور ہے ساتھہ دوکان حضرت ابابکر کے کوچہ حجر مین کہ اب اوسکو زقاق صواغین کہتے ہین وہان دو پتھر دونون طرف کی دیوار مین کھڑے ہین ایک حجر متکلم جسنے

کیفیت زیارت کعبہ معظمہ کی اندر سے *

دعا کعبہ شریف کے اندر جانے کے وقت *

کہ حد حرم مکہ معظمہ مین بارہ ہزار پہاڑ ہین اور قرتبی بحر العمیق مین لکھتے ہین کہ مکہ معظمہ کے سب
پہاڑون کے سر جھکے ہین طرف کعبہ شریف کے اور ابن نقاش وغیرہ اہل حدیث لکھتے ہین کہ مکہ
معظمہ کے پہاڑون مین اکثر پہاڑ ہین سونے اور چاندی کے اور خزانون کے اور جواہر کے
چنانچہ بعض عارفین اہل اللہ کو بعض اوقات نظر آنے لگتے ہین اونمین سے پہاڑ معظم مکرم جبل ابو قبیس ہے
کہ اوسپر شق القمر ہوا اول اللہ تعالی جل جلالہ نے اسی پہاڑ کو زمین پر رکھا اور اسی پہاڑ پر حضرت
ابراہیم نے چڑھ کر خلائق کو واسطے حج کے پکارا یہ پہاڑ جنت کے پہاڑون مین سے ہے
اس پہاڑ کے منجملہ عجائبات سے قزوینی عجائب المخلوقات مین لکھتے ہین کہ جو اس پہاڑ پر
جاکر بکری کے مکلے بھونے ہوے کھائے تو وہ شخص سب دردون سے محفوظ رہے چنانچہ
اکثر لوگ ایسا کرتے ہین اور انکو شفا حاصل ہوتی ہے والاعمال بالنیات لکھا ہے کہ اسی پہاڑ پر
کعبہ معظمہ آراستہ کیا جاویگا وقت لیجانے طرف جنت کے جیسے دولہن سنواری جاتی ہے اور
ایک پہاڑ جبل ثور ہے رسول مقبول صلعم پہلے نبوت کے وہین عبادت فرمایا کرتے تھے اور
اسی پہاڑ مین نزول وحی کا ہوا اسپر سے کعبہ شریف بھی دکھلائی دیتا ہے اس پہاڑ کے منجملہ
عجائبات سے مرجانی بہجۃ النفوس مین لکھتے ہین کہ مینے اس پہاڑ کے بعض پتھرون سے
آوازین عجیب و غریب سنین معلوم کیا کہ وہ سب ذکر الہی مین مشغول ہین چنانچہ وہ آواز سو قدم سے
سنی جاتی تھی پس مینے اپنے باپ سے ذکر کیا اونھون نے فرمایا کہ مینے بھی اسیطرح وہان آوازین
سنین اور دیکھا مینے ایک عارف باللہ کو اس پہاڑ پر چڑھ کے بعض پتھرون سے کوئی شے
چنتے لگے مینے اونسے اسکی حقیقت پوچھی تو اونھون نے کہا کہ مین اونمین سے اپنے سال بھر کے
خرچ کے موافق سونا نکال لیتا ہون ابو نعیم سے روایت ہے کہ حضرت جبرئیل و میکائیل نے
شق صدر حضرت کا اسی پہاڑ پر کیا ہے اور ایک پہاڑ جبل ثور ہے محب طبری لکھتے ہین کہ یہ پہاڑ
مکہ شریف سے تین میل پر ہے اور اوسمین غار ہے جسکا بیان عنقریب آتا ہے لکھا ہے کہ اس
پہاڑ مین بوٹیان ہر قسم کی ہین اور اوسمین ایک درخت ایسا ہے کہ جسکے پاس کوئی چیز بھی اونمین سے
ہووے تو کسی جانور کا زہر اوسپر اثر نکریگا اور ایک پہاڑ جبل ثبیر ہے منا سے مزدلفہ جانے
والے کو بائین طرف پڑتا ہے ابن نقاش لکھتے ہین کہ اس پہاڑ پر بھی دعا قبول ہوتی ہے

فضائل جبل ابو قبیس

بیان جبل ثور

بیان فضائل جبل ثور

فضائل جبل ثبیر

جہان حضرت بلالؓ نے اول اذان دی ہے اور زیارت مسجد الشجرہ کی کہ مقابل مسجد الجن کے ہے کہ
جہان حضرت نے ایک درخت کو واسطے کسی کام کے طلب فرمایا اور وہ درخت مع جڑ حاضر ہوا تھا اور
مسجد الاجابہ کی بھی زیارت کرنی چاہیے کہ حضرت نے اس مسجد مین بھی نماز پڑھی بعض کہتے ہین کہ مسجد الغنم
بھی یہی مسجد ہے اور مسجد الجن ہے کہ جنون نے وہان حضرت کا قرآن مجید سنکر ایمان لائے اور اسکو
مسجد البیعۃ بھی کہتے ہین اسوجہ سے کہ جنون نے آپ سے وہین بیعت کی روایت کیا ازرقی نے اور
مسجد بیعت العقبی کی زیارت کرنی چاہیے کہ انصار نے اول و جمعہ بیعت کی اور بالفعل یہ مسجد
آباد ہے منا کے جانے والے کو بائین طرف پڑتی ہے اور مسجد الرایہ کی زیارت کرے کہ حضرت
نے وہان نماز پڑھی اور فتح مکہ کے دن وہان نیزہ گاڑا ہے روایت کیا طبرانی نے اور زیارت
مسجد اجیاد کی جہان بادشاہ تبع کے گھوڑے بندھے تھے مگر اب اجیاد مکہ شریف مین ایک
محلہ کا نام ہے اور بھی زیارت مسجد ذی طوی کی کرے کہ رسول مقبول صلعم حالت حج اور عمرہ مین
وہان اوترے اور زیارت مسجد جعرانہ کرے کہ مکہ معظمہ سے نو کوس ہے غزوہ حنین کی غنیمت
وہین تقسیم فرمائی اور مسجد حضرت عائشہ کی جو تنعیم مین ہے زیارت کرے اور مسجد منحر النبی کی منا مین
جہان انا اعطینا نازل ہوئی کرے اور زیارت مسجد الکبش کی منا مین کرے جہان حضرت ابراہیم نے
قربانی فرمائی ف منا ایک مقام کا نام ہے مکہ شریف سے تین کوس پر جانب مشرق کے
کہ وہان مکانات اور دکانین بنی ہوئی ہین موسم حج مین وہان بازار نہایت آراستہ کرتے ہین
اور وجہ نام رکھنے کی یہ ہے کہ منا کے معنی لغۃ مین اندازہ کرنے کے ہین اسجگہ بھی قربانی کرنے
اندازہ کیا جاتا ہے یا اس جہت سے کہ جب حضرت جبرئیلؑ حضرت آدمؑ سے اسمقام مین جدا
ہونے لگے تو کہا تمن یعنے آرزو کر حضرت آدم نے کہا اتمنی الجنۃ یعنے آرزو کرتا ہون
جنت کی اسلیے اسمقام کا نام منا رکھا کہ امنیت حضرت آدمؑ کی یعنی آرزو وہان واقع ہوئی
رب العالمین سبکو وہ مقام دیکھنا نصیب کرے آمین

فصل تیسری

مکہ معظمہ کے پہاڑون کے بیان اور انکے فضائل مین

شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ پہاڑ مکہ معظمہ کے بہت ہین چنانچہ ازرقی لکھتے ہین

نیکیان جتنی کہ حضرت آدم کی اولاد مرے قیامت تک مرجانی محدث ؒ سے روایت ہے کہ حضرت عبداللہ دلاحی ؒ فرماتے ہین کہ مین مشرف ہوا اہل جنت المعلا پر اور اونسے کہا مینے کہ آیا تم کچھہ نفع پاتے ہو لوگون کے تحفہ قرات وغیرہ سے تو اونھون نے کہا کہ اسجگھہ کوئی کسیکے حال سے واقف نہین ہے اپنے اپنے عیش و آرام مین سب مشغول ہین محمد ابن سابط سے روایت ہے کہ درمیان مقام ابراہیم اور حجر اسود کے اور رکن یمانی اور زمزم کے ایک کم سو نبیونکی قبرین ہین اور گرد کعبہ شریف کے قبرین تین سو نبیونکی ہین اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ درمیان حجر اسود اور رکن یمانی کے ستر نبیونکی قبرین ہین کہ اون نے انتقال کیا بھوک اور جوؤن کی تکلیف سے اور قبر شریف حضرت اسمعیل ؑ اور حضرت ہاجرہ ؑ کی حطیم مین نیچے میزاب رحمت کے ہے واللہ اعلم بالصواب

بیان اسکا کہ گرد کعبہ شریف کے قبرین ہین سو نبیونکی اور درمیان حجر اسود اور رکن یمانی کے ستر نبیونکی قبرین ہین اور مقام قبر شریف حضرت اسمعیل و حضرت ہاجرہ

فصل دوسری
مکہ معظمہ کی آس پاس کی مسجدون کے بیان مین

پوشیدہ نرہے کہ جب حاجی مکہ معظمہ مین پہونچے تو سوائے مسجد الحرام کے جو اور مسجدین آس پاس مکہ معظمہ کے ہین اون سبکی جہانتک ممکن ہو زیارت کرے اونمین سے ایک مسجد خیف منا مین ہے وارد ہوا کہ اس مسجد مین ستر پیغمبرون نے نماز پڑھی ہے اونمین سے حضرت موسیٰ بھی ہین اور وہ سب نبی وہین دفن ہین روایت کیا قرشی نے مناسک مین امام ازرقی لکھتے ہین کہ اس مسجد کے بیس دروازے تھے لیکن اب بند ہوگئے بالفعل دو دروازے یا تین کھلے ہین رسول مقبول صلعم نے عرفات پر جاتے ہوئے اس مسجد مین نماز پڑھی ہے حضرت عطا فرماتے ہین کہ فرمایا حضرت ابوہریرہ ؓ نے کہ اگر ہوتا مین اہل مکہ سے تو البتہ حاضر ہوتا مین ہر ہفتہ روایت کیا ازرقی نے اور حضرت مرجانی بہجۃ النفوس مین لکھتے ہین کہ مسجد خیف مین چار سو نبیون نے بسبب صدمہ جوؤن کے وفات پائی بعض صالحین سے روایت ہے کہ اس مسجد شریف مین ہر برس حضرت خضر ؑ اور حضرت الیاس جمع ہوتے ہین اور اکثر اولیاء اللہ اوسکی زیارت کو آتے ہین تو اہل حدیث لکھتے ہین کہ حاجی کو چاہیے کہ ایام قیام منا مین امام کے ساتھہ جہانتک ممکن ہو نماز اس مسجد مین نہ چھوڑے کہ اسکا بہت بڑا اجر و ثواب ہے جیسا کہ علامہ غزالی احیا مین لکھتے ہین ف خیف کہتے ہین کنارہ کو یہ مسجد بھی منا کے کنارہ مین یا منا کے پہاڑ کے کنارہ مین ہے دوسری مسجد ابو قبیس ہے

بیان مسجد خیف جو منا مین ہے

بیان مسجد ابو قبیس

حضرت ابابکر صدیق رضؓ و سیدنا عبد القاسم بن سلام و سیدنا عطاء بن رباح و سیدنا سفیان بن عیینہ
و سیدہ اسماء بنت ابی بکرؓ و سیدہ حضرت خدیجۃ الکبری و سیدہ حضرت آمنہؓ و سیدہ میمونہؓ و سیدنا امام احمد
بن حجر الہیتمی شافعی و سیدنا امام عبد اللہ بن اسعد الیافعی و سیدنا شیخ دلاصی و سیدنا امام عبد اللہ المدلسی و سیدنا
امام قشیری و سیدنا شیخ عمر العرابی وغیرہ صحابہ و تابعین و اولیا و عارفین کی بہت سی قبرین ہین کہ اہل
مکہ نے کمال تحقیق سے ان حضرات کی قبرون کے نشان بنا دیے ہین اور جنت المعلا کے دروازے پر
مزار حضرت ملا علی قاری کا ہے اور راہ مین مزار سید احمد رفاعی اور ابو البرکات نسفی صاحب کنز کا اور حضرت
خواجہ ابو عثمان ہارونی رح کا بھی مشہور ہے ف معلا اصل مین معلاۃ تھا کثرت استعمال سے تے
اسکے آخر سے دور ہو گئی ہے جیسے لفظ محایا کہ اصل مین محایاۃ تھا جنت المعلا کے دو احاطے ہین
اندر کے احاطے کے دروازے پر جانے والونکو بائین طرف قبر ملا علی قاری کی مشہور ہے سابق
مین جنت المعلا کو بجون کہا کرتے تھے عقد الثمین مین وارد ہوا کہ رسولخدا صلعم نے سوال کیا بیچ مقدمہ
اہل بقیع کے یعنے واسطے اہل قبرستان مدینہ طیبہ کے ارشاد ہوا کہ اونکے لیے جنت ہے پھر آپنے
سوال کیا واسطے اہل قبرستان مکہ معظمہ کے حکم ہوا کہ اے حبیب میرے سوال کیا تونے اپنے
ہمسایہ کے مقدمہ مین پس سوال کر میرے ہمسایہ کے مقدمہ مین روایت کیا قرشی نے منسک مین
جس مسلمان بھائی کو رب العالمین وہان جانا نصیب کرے تو چاہیے کہ کمال آداب حضوری سے
بعد تحفہ سلام و ادعیہ ماثورہ کے قرآن مجید جتنا ہو سکے ضرور پڑھے اور خدا کی تسبیح و تہلیل اور دعا
و استغفار مین مشغول ہو اور تھوڑی تھوڑی دیر سب اہل خیر کی قبرون پر ٹھہرتا جاوے امام قرطبی
اپنے تذکرہ مین لکھتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص گذرے اوپر کسی قبرستان کے
اور پڑھے سورۂ اخلاص گیارہ بار تو اللہ تعالی ہر مردے کو ثواب گیارہ گیارہ قل کا پہونچاتا ہے
کاتب کسر و یمین نہین ہوتی ہے ابن ابی شیبہ حضرت امام حسن بصریؒ سے روایت کرتے ہین
کہ جو شخص داخل ہوا قبرستان مین اور اوسنے یہ دعا پڑھی اللھم رب ھذہ الاجساد البالیۃ
والعظام التی خرجت من الدنیا وھی بک مومنۃ ادخل علیھا روحا منک وسلاما
تو اسکا اتنا بڑا ثواب ہے کہ ستر ہزار مانگتا ہے واسطے پڑھنے والے کے ہر مومن جو مرا
حضرت آدم کے وقت سے اور بروایت ابن ابی الدنیا اسطور پر وارد ہوا کہ لکھی جاتی ہین و اصحاب

ف تحقیق لفظ معلا

طریق زیارت قبور جنت المعلا

کہ جبتک اوس مقام اقدس مین حاضر رہے ہر ایک اپنے اعمال وافعال مین ہر ساعت خیال رکھے
خداوند کریم سب مسلمانونکو وہان رہنا نصیب فرماوے آمین یارب العالمین

باب ساتوان

فصل پہلی

مکہ معظمہ کے قبرستان یعنے جنت المعلا کے فضائل کے بیان مین

حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ کیا اچھا قبرستان ہے یہہ
روایت کیا ابو الفرج نے ف یعنے رسول مقبول صلعم نے مکہ معظمہ کے قبرستان کی تعریف بیان
فرمائی تو جس شی کو کہ حبیب کبریا نے اچھا کہا تو اوسکی بڑائی اور بزرگی کیا بیان کیجاوے عبد اللہ
ابن مسعود رض سے روایت ہے کہ کھڑے ہوئے رسولخدا صلعم اوپر ثنیہ کے اور نہین تھا اوسکے
اون دنونمین قبرستان پس آپ نے فرمایا کہ اوٹھاویگا اللہ تعالی اوس زمین سے یا سارے
حرم سے ستر ہزار وہ لوگ کہ داخل ہونگے جنت مین بغیر حساب کے اونمین سے ہر ایک شفاعت
کریگا ستر ہزار کی چہرے اونکے مانند چودھوین رات کے روشن ہونگے حضرت ابا بکر صدیق رض
نے عرض کیا کہ یارسول اللہ وہ کون ہونگے آپ نے فرمایا کہ غرباء ف غرباء یعنے وہ لوگ جو
سامان ظاہری سے عاری رہے اور دنیا کی تکلیفونپر خوشی سے صبر کیا اور خدا و رسول کی
محبت مین سرشار رہے حضرت بریدہ اسلمی رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ جس زمین مین ایک صحابی میرے صحابیون مین سے دفن ہو تو وہ کل اہل اوس زمین کو بخشنے والا
ہوگا طرف جنت کے اور اون سب پر نور پہونچانے والا ہوگا دن قیامت تک روایت کیا
ابن جوزی نے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ شفاعت کرنیوالا ہوگا واسطے اہل اوس زمین کے
اہل اسلام کو مقام غور کرنے کا ہے کہ جب ایک صحابی کے دفن ہونے سے یہہ خیر و برکت اور
نفع عظیم حاصل ہوتا ہے تو جنت المعلا تو وہ مقام اعلی ہے کہ وہان کیسی کیسی شیر خدا مقبول بارگاہ
کبریا آرام فرما رہے ہین مثل سیدنا عبد اللہ ابن زبیر رض و سیدنا عبد الرحمن ابن ابا بکر و سیدنا قاسم ابن سیدنا
صلعم و سیدنا عتاب بن اسید و سیدنا طاؤس و سیدنا عبد اللہ بن عمر بن الخطاب و سیدنا ابو مخدورہ
و سیدنا حبیب بن عدی و سیدنا عبد اللہ بن کریز و سیدنا سہل بن حنیف و سیدنا عثمان ولد سیدنا

بیان بعض اسماء
اکابر مدفونین
جنت المعلا

اور چاہیے کہ بغیر اہل کے وہان نرہے اکثر صالحین و ابرار بغیر بی بی کے وہان نرہے اور
چاہیے کہ کم کھاوے اکثر غذا زمزم شریف کو کرے اور جبتک کہ اضطرار شرعی اور خواہش
صادق غالب نہووے جبتک نہ کھاوے اور چاہیے کہ مسکینون اور محتاجون کی طرح وہان
رہے اور خرچ بہ پوچی تو اوسمین فقرا اور غربا کو شامل کرلے اور جہانتک ممکن ہو کسی سائل کو خالی
پھیرے اور مزاج مین نرمی اور بردباری پیدا کرے غرور اور تکبر کو نہار نکرے کہ ابلیس لعین کو
اسی گناہ نے بارگاہ الہی سے مردود کیا اور ہر ایک جگہہ پیشاب پائخانہ کو نہ بیٹھہ جاوے اسیطرح
نقل کیا امام قشیری نے ابن عثمان مغربی وغیرہ سے اور چاہیے کہ حرم شریف مین بغیر ضرورت کے
زیادہ نہ پھرے کیونکہ حرم شریف سجدہ گاہ انبیا و اولیا و ملائکہ ہے اگر کھل جاوے پردہ کسی کو
تو نہ پاوے حرم شریف مین کوئی جگہہ خالی سجدہ کرنے والون سے دن رات اکثر اولیا اللہ صاحب
حال نے یہہ کیفیت دیکھی اور محجوب ہوکر خدا سے زاری کی یہانتک کہ وہ کیفیت اشراق اونسے
سلب ہوگئی اور چاہیے کہ کبھی دلمین خیال نکرے کہ مینے خدا کی عبادت کامل کی بلکہ اپنی
نقصان عبادت کا اقرار ہر دم کرتا رہے اور عفو و مغفرت چاہتا رہے اور کسیکی غیبت اور برائی
نکرے اور قسم نہ کھا بیٹھا کرے اور ڈرا کرے خدا کی جلال و عظمت سے لکھا ہے کہ حضرت
ابو محمد حریری نے ایک برس مکہ معظمہ مین قیام کیا اس عرصہ مین بپاس ادب نہ لگایا تکیہ آپنے
دیوار کا اور نہ سوئے اگر غلبہ نیند کا ہوتا تھا تو بیٹھے بیٹھے آپ سو جاتے تھے اسیطرح ابو عمر زجاجی
صوفی چالیس برس مکہ معظمہ مین رہے لیکن بول و براز کے واسطے حد حرم مین کبھی نہ گئے اسیطرح
حضرت امام اعظم نے آداب مکہ معظمہ کے ادا فرمائے جزاہم اللہ خیر الجزا حضرت ذوالنون مصری
فرماتے ہین کہ دیکھا مینے ایک جوان کو نزدیک دروازہ کعبہ معظمہ کے کہ کثرت سے رکوع اور
سجدے کر رہا ہے پس قریب ہوا مین اوس سے اور کہا مینے کہ اسکا سبب کیا ہے تو اوسنے
بیان کیا کہ منتظر ہون مین اذن کا اپنی رخصت مین پس دیکھا مینے ایک رقعہ کہ گرا اوسپر اوسمین یہہ عبارت
لکھی تھی مِنَ الْعَزِیْزِ الْغَفُوْرِ اِلَی الْعَبْدِ الصَّادِقِ الشَّکُوْرِ اِنْصَرِفْ مَغْفُوْرًا لَکَ مَا تَقَدَّمَ
مِنْ ذَنْبِکَ وَمَا تَاَخَّرَ حاصل یہہ کہ معصیت اور برائی سب جگہہ بد ہے لیکن بارگاہ الہی مین
اور حرم اقدس مین نہایت بد اور موجب سخت عقوبت ہے پس مرد با ایمان کو لازم ہے

جب زمین پر اوترتی ہے تو دس حصے ہوجاتی ہے نو حصے مکہ شریف کے رہنے والونکو
نصیب ہوتی ہے اور ایک حصہ تمام عالم کو نصیب ہوتی ہے اور فرمایا رسول خدا صلعم نے
کہ جو شخص مرا مکہ شریف مین پس گویا کہ مرا وہ بیچ آسمان دنیا کے اور جو شخص مرا بیچ حرم مکہ معظمہ کے
در آنحالیکہ وہ حج کرنیوالا ہے یا عمرہ لانیوالا ہے اوٹھاویگا اوسکو اللہ تعالیٰ دن قیامت کے
کہ نہ حساب ہوگا اوسکا اور نہ عذاب روایت کیا جندی نے حضرت محمد بن سابط سے روایت
ہے کہ انتقال پایا حضرت نوحؑ اور حضرت ہودؑ اور حضرت صالح اور حضرت شعیبؑ نے مکہ شریف
مین اور ان سب حضرات کی قبرین درمیان زمزم شریف اور حجر اسود کے ہین اور روایت ہے
ایک شخص سے کہ آل خطاب سے تھا فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص مرا مکہ معظمہ مین
اوٹھاویگا اوسکو اللہ تعالیٰ امن والونمین سے یعنے وہ شخص امن مین رہیگا خوف بڑے
دن قیامت کے حضرت شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ خداوند کریم نے انعام
جلیل اور فضل عظیم فرمایا اوپر رہنے والون حرم شریف کے کہ نہین تیر کرتا رات کو کوئی بھوکا
رہکر اور کیسے بھوکا رہے جس حالمین کہ اللہ تعالیٰ نے اوسمین کھانا لذیذ اور نفیس اور شفا
کل بیماریونکی زمزم شریف کو مقرر کیا وارد ہوا کہ حجر اسود پر لکھا ہوا ہے کہ مین ہون اللہ صاحب
بکہ کا رزق دیتا ہون اوسکو جسکے واسطے کچھ حیلہ نہو یہانتک کہ تجھ آتا ہے اوسپر حیلہ والون کو

ف اہل حدیث آداب مکہ شریف مین رہنے کے بہت لکھتے ہین اونمین سے کئی اسجگہ لکھے
جاتے ہین کہ جو شخص اوس مقام اقدس مین رہے تو اوسکو چاہیے کہ جہانتک ممکن ہو اکل حلال
کھاوے اور یہ بات خواہ کسب و پیشہ سے اوسکو حاصل ہو خواہ مزدوری و محنت سے جیسے
کہ فضیل بن عیاض اور سفیان بن عیینہ و ابراہیم ادہم محنت و کسب سے قوت حلال کھایا کرتے تھے
یا اسطرح کہ ہمہ وجوہ بارگاہ الہی مین متوجہ ہوجاوے کہ رزاق مطلق مسخر کردے واسطے
اوسکے اکل حلال اور وہان سے اوسکو غذا عنایت فرماوے جہانسے اوسکو گمان نہو مانند
دعام انبیا اور اولیا کے دوسرے یہ کہ نہ سوال کرے حرم شریف مین کسی سے یہ بڑے
ظلم کی بات ہے کہ بارگاہ الہی مین رہکر مخلوق سے التجا کرے تیسرے یہ کہ وہان رہکر دنیا
کی لذتون اور نفسانی خواہشون پر افسوس و حسرت دلمین نہ لاوے ورنہ اسمین بڑا نقصان ہے

کسی جگہ کو حاصل نہین مانند بادشاہی قلعہ کے نسبت بممالک محروسہ رب العالمین اوس سرزمین
عنبر شمیم مین سب مسلمانونکو پہونچاوے آمین یارب العالمین +

فصل پانچوین
مکہ شریف مین رہنے اور مرنے کی فضیلت مین +

بیان فضائل مکہ شریف مین رہنے کی

شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین حضرت امام حسن بصری سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے صبر کیا مکہ شریف کی گرمی پر اگرچہ ایک ساعت دن کی دور رکھیگا اوسکو اللہ تعالی دوزخ کی آگ سے پانسو برس کے رستہ پر اور نزدیک فرماویگا اوسکو جنت سے دو سو برس کے رستہ اور ایک روایت مین وارد ہوا ہے سو برس روایت ہے کہ حضرت اسمعیلؑ نے مکہ شریف کی گرمی کی اللہ تعالی سے شکایت عرض کی حکم ہوا کہ ای اسمعیل کہولدونگا مین واسطے تیرے ایک دروازہ جنت کے دروازونمین سے بیچ حجر اسود کے کہ چلیگی اوپر تیرے ہوا اوسمین سے دن قیامت تک سعید ابن جبیر رضؓ سے روایت ہے کہ جو شخص بیمار ہوا مکہ شریف مین ایک دن لکھتا ہے اللہ تعالی واسطے اوسکے اتنی نیک عمل کہ کرتا وہ شات برس مین پس اگر مسافر ہے وہ تو اللہ تعالی اسکا دگنا اجر وثواب عنایت کرتا ہے روایت کیا امام فاکہی نے اور قرشی نے وارد ہوا کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ اگلے نبیونمین سے جب کسی پیغمبر کی امت عذاب الہی سے ہلاک ہوجاتی تہی تو وہ نبی مکہ شریف مین آکر عبادت الہی مین مشغول ہوجاتا تھا یہانتک کہ انتقال پاتا تھا روایت کیا ازرقی نے ف تفسیر فتح العزیز مین وارد ہوا کہ اسکی مثال اسطور پر سمجھنا چاہیے کہ جیسے عمدہ دار اور ارباب خدمت بادشاہی جب اپنے کام سے بیکار ہوتے ہین تو اپنے بادشاہ کی حضوری مین رجوع کرتے ہین اور اوسکے سلام ومجرے مین حاضر رہتے ہین اسیطرح سمجھنا چاہیے کہ جب کسیکا دل دنیا سے سیر ہوجاتا ہے اور چاہتا ہے کہ رجوع بخدا کرون تو وہ بیت اللہ شریف کا قصد کرتا ہے گویا رجوع بخدا اسی طریق مین جانتا ہے حضرت امام حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ جو شخص مرا حرم مکہ معظمہ مین تو گویا وہ مرا چوتھے آسمان مین اور بھی آپ سے روایت ہے کہ خدا تعالی کی رحمت ایک طرح پر اوترتی ہے لیکن

اور وہ زمین کہ معظمہ سے مدینہ شریف کیطرف تنعیم تک تین میل ہے اور یمن وعراق وطائف
کیطرف سات میل اور جعرانہ کیطرف نو میل اور جدہ کیطرف دس میل ہے اتنی زمین مین چارون
طرف شکار کرنا اور درخت کاٹنا درست نہین ہے اور اگر اتفاق سے کسی نے وہان شکار مارا
یا جھاڑ کاٹا تو اوسپہ کفارہ آتا ہے اور نہ چاہیے وہانکے جانورونکو سایہ اور پانی سے ہانکنا اور
نہ پتے جھاڑنا مگر آذخر وسنا کہ دوا کے واسطے جائز رکھا ہے لکھا ہے کہ اگر کوئی جانور درندہ
کسی جانور کے پیچھے دوڑتا ہے جب وہ جانور حرم کی حد مین داخل ہوتا ہے تو وہ درندہ
پھر جاتا ہے اور حرم کی حد مین زنہار نہین داخل ہوتا ہے اور اکثر لوگون نے حرم کی حد مین
ہرنون اور درندہ جانورونکو ایک جگہ ملے دیکھا ہے ابونعیم حلیۃ الاولیا مین حضرت مجاہد سے
روایت کرتے ہین کہ بعض بعض اوقات لاکھ لاکھ آدمی بنی اسرائیل سے حج کے لیے آتے تھے
جب حد حرم مین پہونچتے تھے تو ننگے پانون ہو جاتے تھے اور مصنف ابن ابی شیبہ مین مذکور ہوا
کہ جب پہونچتے تھے بنی اسرائیل مقام طوی مین تو فورًا بسبب تعظیم کعبہ و ادب حرم شریف
کے ننگے پانون ہو جاتے تھے ازرقی و ابن عساکر حضرت ابن عدی رضہ سے روایت کرتے
ہین کہ حواریون نے بھی حج خانہ کعبہ کا کیا پس جبکہ حد حرم شریف مین داخل ہوئے تو
سواریون پر سے اوتر پڑے اور پیدل چلے اور ابن ابی شیبہ سے روایت ہے کہ انبیا جسوقت
کہ دیکھتے تھے نشان حرم شریف کا تو ننگے پاؤن ہو جاتے تھے اور روایت کی حضرت
امام جعفر صادق ع نے اپنے باپ امام محمد باقر ع سے کہ حضرت امام حسن ع نے پندرہ حج پیادہ
کیے اور آپکے گھوڑے کوتل آگے آگے چلتے تھے احادیث کی کتابونمین مذکور ہوا کہ سب
نبیون نے پیادہ پا حج کیا اور حضرت آدم ع نے سراندیب سے پیادہ چلکر چالیس حج کیے
وسعید ابن منصور مجاہد سے نقل کرتے ہین کہ حضرت ابراہیم ع اور حضرت اسمعیل ع نے
پیادہ حج کیا اور بعض کتب سیر سے ثابت ہوتا ہے کہ حضرت ابراہیم ع بعد بنا کعبہ ہر سال
ہمراہ حضرت سارہ اور حضرت اسحٰق کے حج کے لیے تشریف لاتے تھے مذہب حنفی مین
حکم ہے کہ اگر کوئی کسیکو قتل کرے اور حرم مین آن بیٹھے تو اوسکو قتل نکرے جبتک کہ
وہان سے باہر نہ نکلے غرض اوس مقام اقدس کو ایک خصوصیت ایسی حاصل ہے کہ اور

بیان حرمت
خصوصیت حرم شریف

جنکا وصف نہین بیان ہوسکتا تو اوسوقت جانا چاہیئے کہ یہ رزق حق سبحانہ تعالی کیطرف سے ہے
فرمایا قرآن مجید مین یُجْبٰٓی اِلَیْہِ ثَمَرٰتُ کُلِّ شَیْءٍ وقولہ تعالی اَطْعَمَھُمْ مِّنْ جُوْعٍ وَّاٰمَنَھُمْ مِّنْ
خَوْفٍ اور نام مبارک ہے تہامہ اور حجاز اور بلدۂ طیبہ و مقدسہ و قادسیہ و ناسۃ
وسبوحۃ و تاج و آم کوثی و آم رحم و آم المشاعر و متحفہ و معطشہ و رحم و آم و
بلد و حجاز و بلد الحرام و طیبہ و معاد اور منجملہ القاب مبارک سے ہے مشرفہ و مکرمہ
و مفخمہ و مہابہ و والدۃ و نادرۃ و جامعۃ و مبارکہ وغیرہ القاب معظم اور نام مکرم
شیخ مجدالدین فیروزآبادی صاحب قاموس نے ایک رسالہ مکہ معظمہ کے مامون مبارک کی تحقیق
اور تصریح مین لکھا ہے جنکی تصریح اسمقام مین دشوار ہے جو مشتاق ہو ائمہ دین کی کتب مین دیکھ
لیوے بعض لکھتے ہین کہ یہ عمل مجرب ہے کہ اگر صاحب نکسیر کی پیشانی پر نکسیر کے خون سے
یہ عبارت لکھی جاوے مَکَّۃُ وَسَطُ الدُّنْیَا وَاللّٰہُ رَءُوْفٌ بِالْعِبَادِ تو خدا چاہے بند
ہوجاویگا خون نکسیر کا حاصل یہ کہ مکہ معظمہ کے فضائل بشمار و بحساب ہین کافی اور بس ہے
کہ بلد اللہ اور بلد رسول ہے خداوند کریم سب مسلمانون کو اپنے فضل عظیم سے وہ شہر
مقدس دیکھنا نصیب فرماوے آمین رب العالمین

فصل چوتھی

مکہ معظمہ کے حرم مقدس کے آداب اور حدونکے بیان مین

پوشیدہ نرہے کہ اوس زمین کو جو گرد کعبۂ شریف اور مکہ معظمہ کے ہے بسبب تعظیم کعبۂ
شریف کے اللہ تعالی نے واجب التعظیم کردیا اور حرم نام اوسکا اسوجہ سے ہے کہ اللہ تعالی
نے اوسمین بہت سی چیزین حرام کردین جو دوسری جگہ نہین اہل حدیث لکھتے ہین کہ جب حجر اسود کو
حضرت ابراہیمؑ نے کعبۂ شریف مین رکھا تو اوسکی روشنی چار و طرف جہانتک پہونچی وہ
حد حرم کی مقرر ہوئی اور بعض کہتے ہین کہ جب اللہ تعالی نے حضرت آدمؑ کو زمین پر بھیجا
تو آپ ڈرتے تھے شیاطین سے بوجہ تنہائی کے اللہ تعالی نے فرشتونکو حضرت آدمؑ کی
محافظت کے لیے بھیجا پس جہان جہان کہ حدین حرم کی ہین وہان ہر طرف فرشتے کھڑے
ہوگئے پس جتنی زمین کہ درمیان کعبۂ معظمہ اور جگہ کھڑے ہونے فرشتونکی تھی وہ سب حرم

اوسمین یا اسوجہ سے کہ شہر ہے ابرار ونکا اور نام مبارک ہے راس کیونکہ مکہ معظمہ روے زمین
مین ایسا ہے جیسے تمام جسم مین سر اشرف الاعضا ہے اور نام مبارک ہے اُمّ الرحمۃ بسبب ہونے
اصل خیر و برکت مین اور نام مبارک ہے عُرش قاضی عیاض لکھتے ہین کہ جمع ہے عریش کی
بمعنی گھرون مکہ معظمہ کے چنانچہ وارد ہوا کہ ابن عمرؓ موقوف کر دیتے تھے لبیک کو جسوقت
کہ دیکھتے تھے آپ عرش یعنے مکہ معظمہ کے گھرونکو اور نام مبارک ہے بلدہ مرزوقہ
فرمایا اللہ تعالیٰ نے حکایتاً سیدنا ابراہیمؑ سے وَارْزُقْ اَهْلَهٗ مِنَ الثَّمَرَاتِ یعنے جبکہ
حضرت ابراہیمؑ نے مکہ معظمہ کے لیے دعا مانگی تو جناب باری نے حضرت جبرئیل کو
حکم فرمایا کہ ایک بستی شام کی بستیونمین سے اوٹھاکر وہان لیجا چنانچہ حضرت جبرئیل نے
طائف کی زمین کو اوٹھاکر کعبۂ شریف کا سات بار طواف کرایا اور قریب مکہ معظمہ کے رکھدیا
اسیوجہ سے سیرابی اوس زمین کی مانند سیرابی شام کی زمین کے ہے یہانتک کہ لکھا ہے
کہ فواکہ و میوجات فصل ربیع و خریف اور صیف کے ایکدن مکہ معظمہ مین ملتے ہین شیخ احمد
حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ جسوقت داخل ہو تو مکہ معظمہ مین کسیوقت رائکو پس تحقیق
تو پاویگا اوسمین جو چیز چاہیگا چہ جاے کہ دنکو اور نہین شب گذارتا ہے اوس شہر اقدس
مین کوئی مگر پیٹ بھر کر حمد اوشاکر اللہ تعالیٰ اور آپ یہ حکایت روایت کرتے ہین کہ آیا ایک
شخص ملک شام سے بارادۂ حج پس جب وہ داخل ہوا مکہ شریف مین تو دیکھے وہان ہر قسم کے
میوے بیشمار تو نہایت تعجب پیدا ہوا اور دلمین کہا کہ ہم اپنے شہر و نمین باوجود کثرت
باغونکے اتنی افراط نہین پاتے ہین مگر وقت ڈیڑھ پہر دن چڑھے ضرور ہے کہ اس
شہر کے باغ ہمارے شہر کے باغون سے زیادہ ہونگے پس نکلا وہ باہر شہر کے واسطے
دیکھنے باغونکے پس نہ دیکھے وہان مگر پہاڑ تو اور زیادہ تعجب پیدا ہوا اور سورہا ایک پہاڑ کے
پاس جب وقت صبح کا ہوا تو دیکھا ایک جماعت کو اونٹونکے ساتھ بغیر سامان اور بوجھونکے
پس اونمون نے بٹھلایا اون اونٹونکو اور اوس پہاڑ سے پتھر لیکر اونپر لاد دیے اور مکہ معظمہ
کیطرف لیکر چلے مین بھی اونکے ساتھ چلا پس دیکھا مینے کہ جسوقت پہونچے وہ مکہ شریف مین
تو اونمون نے کھولا اون اونٹونکو تو اونمین سے طرح طرح کے میوے تر و تازہ نکلے

پیش آتے ہین اور آپکی امت کے کمالات ظاہری و باطنی دیکھکر خوش ہوتے ہین بعجائب و اسرار
عجیب و حکایات غریب اس باب مین اہل حدیث سے نقل فرمائی ہین ف اہل حدیث لکھتے ہین کہ
مکہ معظمہ کے بہت نام اور القاب ہین امام نوویؒ فرماتے ہین کہ نہین جانتا ہون مین کسی شہر کو
زیادہ نامون ہین مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ سے اور کثرت نامونکی ہونا دلالت کرتا ہے اوپر شرف
و فضل مسمی کے چند نام اور القاب مبارک اسجگہ تبرکاً لکھے جاتے ہین مکہ معظمہ قرآن مجید مین
اللہ تعالی فرماتا ہے بِبَطْنِ مَكَّةَ اہل حدیث نے اس نام مبارک کے کئی معنی بیان
فرمائے ہین بعض کہتے ہین کہ بسبب کم ہونے پانی کے یہ نام رکھا گیا اور بعض کے
نزدیک معنی چوسنے کے ہین کہ گنہگارونکے گناہونکو چوس لیتا ہے اور بعض کے نزدیک
معنی کھینچنے کے ہین اور یہ مقام اقدس بھی مخلوق کو اپنی طرف کھینچتا ہے راہ دور و دراز سے
اور نام مبارک بکہ ہے اللہ تعالی فرماتا ہے لِلَّذِي بِبَكَّةَ مُبَارَكًا بعض علماء کے
نزدیک مکہ اور بکہ کے ایک ہی معنی ہین اور بعض کے نزدیک بکہ نام ہے اوس زمین مین اقدس کا
جسمین کعبہ معظمہ ہے اور علاوہ اوس زمین کے سب مکہ ہے اور بعض کہتے ہین کہ بکہ نام کعبہ اور
مسجد الحرام کا ہے اور مکہ نام ہے کل حرم کا جیسے کہ تحقیق ان دونون نامون مبارک کی ابن جوزی
اور جوہری نے بخوبی فرمائی ہے اور نام مبارک ہے قریہ و ام القری اسوجہ سے
کہ سب قریون سے افضل و اشرف ہے بوجہ اسکے کہ یہین خانہ خدا ہے یا اسواسطے کہ
بچھائی گئی زمین اول اسی کے نیچے سے اور نام مبارک ہے حاطمہ کیونکہ ہلاک کرنیوالا ہے
ملحدین کو یا دور کرنیوالا ہے گناہونکو یا توڑنے والا ہے گردنون مغرورونکو اور نام مبارک
ہے بلد امین شہر امانت والا یا امن دینے والا اسواسطے کہ جو گنہگار یا واجب القتل آنکر
یہین پناہ پکڑے جبتک اوسمین رہے امن مین رہے اور نام مبارک ام صفا ہے اسوجہ سے
کہ جو شخص بصدق نیت و عقیدۂ صحیح وہان پہونچتا ہے تو اوسکو صفائے قلب اور نور معرفت
حاصل ہوتا ہے اور نام مبارک ہے مرویہ اسواسطے کہ اس شہر مقدس کی بزرگیان
روز ازل سے روایت ہوتی چلی آئی ہین اور نہین ہے کوئی نبی اور رسول مگر کہ وہان
حاضر ہوا اور حج کیا بیت الحرام کا اور نام مبارک ہے برہ بسبب ہونے زیادہ خیر و برکت کے

مہمان ہوتے ہین اور میری جناب کبریائی مین اوترتے ہین تو اب میرا ذمہ ہے اور مجھپر واجب ہے
کہ اونکو ثواب بیحساب دیکر خوش کرون اور اونکی بدیونکو نیکیان کردون اور اونکے درجے بلند کرون
اے آدم کعبۂ شریف کی عمارت تیرے بیٹے ابراہیمؑ کے ہاتہ سے تمام کرون اور ابراہیمؑ کو
بطفیل اسی گہر کے عزت وحرمت عطا کرون اور بعد اسکے اوسکی اولاد سے اپنی رحمت اور
فضل سے آباد کرون یہانتک کہ جمال جہان آرا حبیب اپنے محمدؐ رسول اللہ صلعم کا مکۂ شریف سے
ظاہر کرون اور اس شہر کو اوسکی امامت سے قیامت تک آباد رکھون اور تیرے اوس فرزند
ارجمند کو خاتم النبیین کرون پس جو شخص کہ موسم حج مین میرے ملنے کا مشتاق ہو تو جان لے
کہ مین نزدیک فقرا وغربا کی جماعت کے ہون جو بال پریشان اور گرد آلودہ رکھتے ہین شیخ احمد
حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ مکہ معظمہ مرکز اولیا اور قیام اولیا ہے خصوص اخیر زمانہ مین
سہل ابن عبداللہ تستری سے روایت ہے کہ تھے عبداللہ بن صالح بڑے مرتبہ کے
عارف باللہ کہ آدمیونکے مارے ایک شہر سے دوسرے شہر کو بھاگتے تھے آخر کار
مکۂ شریف مین آنکر رہے لوگون نے پوچھا کہ آپ یہان کیسے رہے آپ نے فرمایا کہ نہین دیکھا مینے
کسی شہر کو جسمین رحمت اور برکت الہی اوترتی ہو مانند مکۂ شریف کے اور دیکھا مینے فرشتونکو طواف
کرتے صورتون مختلف پر اور فرمایا کہ نہین ہے کوئی ولی اللہ کا کہ صحیح ہو ولایت اوسکی مگر کہ وہ
حاضر ہوتا ہے مکۂ شریف مین ہر جمعہ کی رات کو جسنے دیکھ لیا ایک کو اونمین سے یا اونمین سے
کسی نے دیکھ لیا پہونچ گیا اپنے مقصد کو حضرت شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ حضرت
امام یافعی رح بعض اکابر دین سے روایت کرتے ہین کہ اکثر اوقات کعبۂ شریف کے گرد ملائکہ اور
انبیا اور اولیا بیٹھے ہین اور اکثر جمعہ کی رات کو اور جمعرات اور پیر کی رات کو حاضر ہوتے ہین مع اپنے
تابعین اور اصحاب اور اقربا کے چنانچہ سرور عالم صلعم رکن یمانی کے پاس مع اہلبیت وصحابہ
واولیاء امت رونق افروز ہوتے ہین اور حضرت ابراہیم ؑ مع اپنی اولاد کے کعبۂ شریف کے
دروازے کے پاس بیٹھتے ہین اور حضرت عیسیٰ ؑ مع اپنی جماعت کے حجر اسود کی جانب بیٹھتے ہین
مگر سب سے زیادہ جماعت سرور عالم صلعم کی ہوتی ہے اور فرماتے ہین کہ اون سب نبیو تمین سے
دیکھا گیا کہ حضرت ابراہیمؑ اور حضرت عیسیٰؑ کمال محبت اور شفقت سے امت محمد صلعم کے ساتھہ

اور ایک نزدیک صفا مروہ کے اور ایک نزدیک چاہ زمزم کے اور ایک اندر کعبہ شریف کے
اور آپنے فرمایا کہ نہین جانتا ہون مین کسی شہر کو روے زمین پر سوے مکہ معظمہ کے جسمین ہر عمل
خیر برابر لاکھ کے ہو اور جسمین شراب ابرار او مصلی اخیار ہو اور نہین جانتا ہون کسی شہر کو
روے زمین پر سوے مکہ معظمہ کے کہ حقتعالی نے رسول مقبول صلعم کو فرمایا ہو کہ فلانی جگہ
اپنی نماز کی جگہ کرو وَاتَّخِذُوا مِنْ مَقَامِ اِبْرَاهِيمَ مُصَلًّى اور نہین جانتا ہون کسی شہر کو
روے زمین پر جب صرف نظر کرنے سے عبادت لکھی جاوے بغیر پڑھنے نماز اور کرنے
طواف کے سواے مکہ معظمہ کے اور نہین جانتا ہون مین کسی شہر کو روے زمین پر جسمین
طاعت اور عبادت نہ کیجاوے اور اجر و ثواب لکھا جاوے سواے مکہ معظمہ کے جہان
دعا کرنے سے اوتر تی ہے رحمت الہی اور خوشبو جنت کی اور قبول ہوتی ہے دعا اور
فرمایا حضرت نے کہ نہین ہے کوئی شہر مگر کہ پامال کریگا اوسکو دجال مگر مکہ معظمہ و مدینہ طیبہ
و بیت المقدس کہ ہر دروازے پر ملائکہ واسطے نگہبانی کے صف باندھے کھڑے ہونگے
فرمایا رسول مقبول صلعم نے جسنے ایک روزہ رکھا مکہ معظمہ مین لکھے گا اللہ تعالی واسطے
اوسکے لاکھ روزے اور جسنے ختم کیا ایکبار قرآن مجید لکھے گا اللہ تعالی واسطے اوسکے ثواب
لاکھ ختم کا غرض اسیطرح تمامی اعمال و عبادات کو سمجھنا چاہیے حضرت امام حسن بصری سے
روایت ہے کہ حضرت آدم کے صحیفہ مین ایک سورۃ نازل ہوئی کہ ترجمہ اوسکا زبان
ہندی مین یہ ہے کہ مین کہ خدا ہون مکہ شریف کو پیدا کیا مینے اور کعبہ معظمہ کو اپنے گھر کے
ساتھ نسبت لگا کر حرمت و عظمت عنایت کی مینے پس رہنے والے مکہ شریف کے ہمارے
میرے ہین اور مکہ معظمہ کو ساتھ رہنے والون آسمان و زمین کے آباد رکھتا ہون مین ہمیشہ
کہ ستر ہزار فرشتے ہر روز بھیجتا ہون مین کہ بعد طواف بیت المعمور آنکر کعبہ شریف کا طواف
کرتے ہین اور وہان سے مرقد انور اطہر سرور عالم صلعم کو جاتے ہین اور اونکی باری پھر قیامت
تک نہین آئیگی اور حج کے دن آٹھ لاکھ حاجی آتے ہین اگر کم ہوتے ہین تو فرشتے بھیجکر پورا
کر دیتا ہون پس جبکہ حاجی لوگ فوج فوج پریشان بال اور گرد آلودہ تکبیر کہتے ہوئے شور
مچاتے ہوئے لبیک اور تسبیح کے ساتھ میری زیارت کے واسطے آتے ہین اور میرے

بیان ولایت حجاز مع بیان شہرون کے حجاز کے

بیان نہر زبیدہ و خاتون زبیدہ

اور یہ ولایت درمیانہین ولایت شام وعراق ومصر ویمن کے واقع ہے اور اس ولایت مین کئی شہر داخل ہین ایک مکہ معظمہ دوسرا مدینہ منورہ اور تیسرا یمامہ اور بہت پرگنے ان تین شہرونکے ساتھ تعلق رکھتے ہین لکھا ہے کہ مکہ معظمہ کی آبادی نے بعہد سلطان مراد خان کے بہت فروغ پکڑا اور پانی کی بھی بہت کثرت ہوگئی اسوجہ سے کہ اوسکے آبا واجداد نے درست کیا نہر زبیدہ کو اور اوسمین بہت چشمے ملائے اور یہ نہر زبیدہ ہارون رشید کی بیوی بڑی جانفشانی اور خرچ کثیر سے نہر حنین سے لائی چنانچہ اسکے صرف مین ایک کرور سات لاکھ مثقال دینار صرف ہوئے عرفات کو بھی یہی نہر گئی ہے اور منبع اس نہر کا بعض کے نزدیک مغاک جبل کرا ہے اور بعض کے نزدیک طاد ہے حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے واسطے مکہ معظمہ کے یعنے جبکہ آپ وہانسے رخصت ہوے کہا کہ کیا خوب شہر ہے تو اور بہت محبوب ہے تو طرف میرے اور اگر تحقیق قوم میری نہ نکالتی مجکو تجہ مین سے تو نہ رہتا مین کہین سوا تیرے نقل کی ترمذی نے اور بہت حدیثین اس مضمون مین صحاح ستہ مین وارد ہوئی ہین حضرت امام حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ بہترین اور دوست ترین شہرون روے زمین سے خدا کے نزدیک مکہ معظمہ ہے تمام روے زمین کو اسکے نیچے کھینچا ہے نام اوسکا ام القریٰ ہے اور اول وہ پہاڑ جو زمین پر رکھا گیا وہ جبل ابو قبیس ہے اور اول جنے کہ طواف کیا مکہ شریف کی زمین کا فرشتے ہین حضرت آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس پیشتر اور وارد ہوا کہ مکہ شریف مین افطار کرنا دوسری جگہ کے ایک برس کے روزہ رکھنے سے افضل ہے اور سونا وہانکا بہتر ہے دوسری جگہ کی تمام رات نماز پڑھنے سے اور آپ فرماتے ہین کہ نہین جانتا ہونمین کسی شہر کو روے زمین پر سوا مکہ معظمہ کے جسمین اوٹھین دن قیامت کے انبیا اور صدیقین اور شہدا وصالحین مردون اور عورتون سے کہ وہ سب نجات پانے والے ہونگے دن قیامت کے اور نہین جانتا ہونمین کہ سوا مکہ معظمہ کے تمام انبیا اور رسول اوسکی طرف آئے ہون اور دروازے بہشت کے کھلے ہون اوسمین دن قیامت تک چنانچہ وارد ہوا کہ ایک دروازہ نزدیک کعبہ شریف کے اور ایک نیچے میزاب رحمت کے اور ایک نزدیک حجر اسود کے اور ایک نزدیک کن یمانی کے

مسجد الحرام ہے مکہ معظمہ ہے اور چوتھا قول یہ ہے کہ مسجد الحرام صرف کعبہ معظمہ ہے قاضی معز الدین ابن جماعہ فرماتے ہین کہ چوتھا قول بعید اور ضعیف ہے مذہب قوی اور قریب پہلا قول ہے حضرت ابن عباس رض سے روایت ہے کہ رسول مقبول صلعم نے پڑھی یہ آیت شریف اِنَّ فِیْ ھٰذَا لَبَلَاغًا لِّقَوْمٍ عَابِدِیْنَ اور آپ نے فرمایا کہ وہ پانچون نمازین پڑھتا ہے مسجد الحرام مین اللہ تعالیٰ اب مسلمانونکو اوسمقام اقدس مین نماز پڑھنا نصیب فرماوے آمین

فصل تیسری

مکہ معظمہ کے فضائل مین

اہل اسلام کو مقام آگاہی اور بیداری ہے کہ حقتعالیٰ قرآن مجید مین فرماتا ہے وَھٰذَا الْبَلَدِ الْاَمِیْنِ یعنے قسم ہے اس شہر امانت والیکی یا امن والیکی اہل تفسیر لکھتے ہین کہ مراد اوس شہر سے مکہ معظمہ ہے کہ جامعیت اور خیر و برکت مین انتہائے مرتبہ کو پہونچا ہے اسلیے کہ ہر شہر قسم قسم کے لوگون اور قسم قسم کی چیزون اور قسم قسم کے مکانون متبرک کو جامع ہوتا ہے لیکن کسی شہر مین خانۂ خدا کہ ہمیشہ تجلی الٰہی کی اوترنے کی جگہ ہو اور سب مخلوق کی عبادت کا قبلہ ہو نہین ہے مگر یہی شہر ہے کہ یہ بزرگی اور شرف اسیکو نصیب ہوئی اور اس سبب سے اسکو جامعیت کامل حاصل ہوئی اور ان سب وصفون کے ساتھ جناب سید المرسلین خاتم النبیین کے پیدا ہونیکی جگہ ہے پس جامع ہے اسرار وحی محمدی صلعم کا چنانچہ رسول مقبول صلعم کی نبوت اور ولایت کے انوار اوسمین تابان اور نمایان ہین اور قیامت تک رہینگے اور وہ نور نبوت اور ولایت جامع اور اکمل ہے سبطرح دوسری نبوتون اور ولایت سے پس اس قسم مین ایسی بڑی ترقی اور بزرگی اس شہر مقدس کو حاصل ہوگئی کہ اسنے سب عالم علوی اور سفلی کے اسرارون اور کمالون کو اپنے اندر سمیٹ لیا اور خالق وخلق کو آپسمین ربط ملا دیا اہل تفسیر لکھتے ہین کہ مکہ معظمہ ایک شہر ہے لمبا یعنے لمبائی اوسکا زیادہ ہے چوڑائی سے اور پہاڑ گرداگرد اوسکی قلعہ کے مانند واقع ہوئے ہین اور عمارتین بہت ہین اور چشمے اور چشمہ دار کنوین اور وقفی حوض اور حمام اور باطین بہت سی ہین چنانچہ لکھا ہے کہ امام فاکہی رح کے زمانہ مین کہ اسمقام اقدس کے بڑے مورخ ہین سولہ حمام گرم ہوتے تھے اور یہ شہر مقدس حجاز کی ولایت مین داخل ہے

کہ ایک نماز مسجد الحرام کی دوسری جگہ ۵۵ برس اور چھ مہینے اور بیس دنون مین تمام ہوتی ہے
اور ایک دن ایک رات کی نماز مسجد الحرام کی دوسو برس اور نو مہینے اور دس راتو نمین تمام ہوتی
ہے بغیر حساب و گنتی ہونے نیکیونکے اور ثواب نماز جماعت و مسواک کے بحدیکہ شمار اوسکا دشوار اور
مشکل ہوگا جیسے کہ شیخ عبد الحق محدث دہلوی جذب القلوب مین اس مضمون کی تصریح فرماتے ہین
فسبحان اللہ ذی الفضل العظیم وصلواتہ علی النبی و رسولہ الکبیر الکریم
اسیطرح نقل کیا مرجانی نے بہجۃ النفوس مین اور پھر شرح کی اس امر کی کہ یہ ثواب عظیم حاصل
ہوتا ہے اوسکو جو اکیلا مسجد الحرام مین نماز پڑھے اور جو پڑھے نماز جماعت سے تو بحساب ثواب
نماز جماعت کے اجر و ثواب ملتا ہے چنانچہ مجالس مکیہ مین وارد ہوا کہ جسنے حرم شریف مین نماز
جماعت سے ادا کی تو اوسکا ثواب دو کرور اور پانچ لاکھ نماز کے برابر ہے اور یہ ثواب عظیم کچھ خاصکر
نماز ہی کے باب مین نہین ہے بلکہ اوس مقام اقدس مین جو اعمال و افعال مسلمان کرتا ہے ایک کے
عوض لاکھ پاتا ہے چنانچہ احیاء العلوم مین وارد ہوا کہ حضرت امام حسن بصری سے روایت ہے
کہ مکہ شریف مین ایک روزہ رکھنا اور ایک درم خیرات کرنا برابر لاکھ کے ہے ف اہل اسرار
لکھتے ہین کہ اس مقام کو مسجد الحرام اسوجہ سے کہتے ہین کہ اہل عرفان کو اوسجگہ نظر بغیر خدا حرام ہے
حقتعالی نے اسمقام کو ایسی حرمت اور عظمت عنایت کی کہ روی زمین کی مسجدین اوسکی حرمت کو نہین
پہونچتی ہین اب معلوم کرنا چاہیے کہ علماء دین کے نزدیک مسجد الحرام کی حد مین کئی قول وارد ہوے
اول یہ کہ مسجد الحرام سب حرم شریف ہے ابن عباس رض سے روایت ہے کہ ساری مسجد الحرام
حرم ہے روایت کی سعید بن منصور نے اور ابوذر رض نے بتائید قولہ تعالی والمسجد الحرام الذی
جعلناہ للناس الخ وقولہ تعالی وصدوکم عن المسجد الحرام وقولہ تعالی سبحان الذی
اسری بعبدہ لیلا من المسجد الحرام الخ کہ اوسوقت آپ حضرت ام ہانی کے گھر مین تھے
دوسرا قول یہ ہے کہ مسجد الحرام صرف مسجد الجماعت ہے اور وہ جگہ اونچی ہے جسمین کہ ٹھہرنا
حالت ناپاکی مین حرام ہے تیسرا قول یہ ہے کہ مسجد الحرام سب مکہ معظمہ ہے اللہ تعالی فرماتا ہے
ان الذین کفروا ویصدون عن سبیل اللہ والمسجد الحرام امام زمخشری تفسیر کشاف
مین اس آیت شریف کی شرح مین اصحاب حضرت امام اعظم سے روایت کرتے ہین کہ مراد

جب حضرت عمرؓ خلیفہ ہوئے اور مسلمانونکی کثرت ہوئی اوسوقت آپنے بڑھایا مسجد الحرام کو سال چودہ ہجری مین اور وہ حویلیان جو گرد مسجد الحرام کے تھین اون سب کو توڑکر مسجد الحرام مین داخل کیا اور بنائی ایک دیوار گرد قد آدم سے کچھ کم اور رکھے چراغ اوس دیوار پر پس اول دیوار مسجد کی حضرت عمرؓ نے بنائی جب حضرت عثمان خلیفہ ہوئے تو آپ نے بھی بہت گھر داخل کیے سال ۵۶ ہجری مین بعد اسکے عبداللہ بن زبیرؓ نے مسجد الحرام مین بہت گھر داخل کیے یہانتک کہ خریدا ایک گھر ازرق کا زیادہ دس ہزار دینار سے بعد اسکے عبدالملک بن مروان نے بلند کین دیوارین مسجد کی اور چھت بنائی ساج کی لکڑی کی لیکن بڑھایا نہین بعد اسکے بڑھایا اوسکے بیٹے ولید نے بعد اسکے زیادہ کیا ابوجعفر منصور نے دو بار ایکمرتبہ سنہ ۱۶۰ ہجری مین اور دوسری بار شروع کیا سنہ ۱۶۱ مین اور تمام کیا اوسکو ایکسو اونہتر ہجری مین اور وفات پائی اوسنے اوسی برس مین اور بہت مال اس عمارت مین خرچ کیا چنانچہ ایک گز زمین پر پچیس ۲۵ پچیس ۲۵ دینار صرف ہوئے بعد اسکے زیادہ کیا معتضد عباسی نے اور داخل کیا دارالندوہ کو اور نام رکھا اوس زیادتی کا باب الزیادہ اور پشت کعبہ شریف کیطرف سے بھی بڑھایا کہ وہ زیادتی مشہور ہے باب ابراہیم کیطرف سے بعد اسکے سنہ ۸۹۰ مین سلطان سلیمان خان بادشاہ روم نے کمال مضبوطی اور آراستگی سے مسجد الحرام کی ازسر نو تعمیر کی مگر یہ عمارت اس بادشاہ کے بیٹے کے عہد مین کہ نام اوسکا سلطان مراد خان تھا سال آخر نوسو تہتر ۹۷۳ اسی مین تمام ہوئی مجالس مکیہ مین وارد ہوا کہ سب منارے مسجد الحرام کے سات ہین چار چارون کونون پر اور تین سوائے کونون کے اور سب کنگورے مسجد الحرام کے ایک ہزار تین سو باون ہین ✤

بیان بنا حضرت عمرؓ

بیان بنا عثمانی

بیان بنا عبداللہ بن زبیرؓ

بیان بنا عبدالملک بن مروان و بنا ولید و ابوجعفر معتضد عباسی

بیان بنا سلطان مراد خان

تعداد مسجد الحرام کے منارون کی

فصل دوسری

مسجد الحرام مین نماز پڑھنے کے فضائل مین

شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ وہب بن منبہ سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین کہ مینے توریت مین لکھا ہوا دیکھا کہ جو شخص پڑھے پانچ نمازین مسجد الحرام مین لکھتا ہے اللہ تعالیٰ واسطے اوسکے ثواب پانچ لاکھ اور چوبیس ہزار نمازونکا اور اسیطرح روایت کیا بندی نے شیخ ابوبکر نقاش رح لکھتے ہین کہ مینے حساب کیا مسجد الحرام کی ایک نماز کا تو معلوم ہوا

میلون مین تخمیناً چالیس قدم کا فرق ہے اور دونونکے مقابل بازار کے دوسری طرف بھی دو مینار سبز بنے ہوئے ہین ابن منذر کتاب الترغیب مین ابن عمر رضہ سے روایت کرتے ہین کہ سعی کرنا صفا مروہ کا مثل ثواب آزاد کرنے ستر بردونکے ہے روایت کیا طبرانی نے کبیر مین اور بزار نے اور نافع ابن عمرؓ سے روایت کرتے ہین کہ جسنے سعی کی درمیان صفا مروہ کے اللہ تعالیٰ اوسکے قدمونکو ثابت رکھیگا اوپر پل صراط کے اوسدن کہ پھسلینگے پاؤن روایت کیا صاحب المسالک نے پوشیدہ نرہے کہ چارون مصلونمین سے پہلا مصلی حنفیؒ ہے وہ ایک مکان ہے تین درکا دو منزلہ جانب شمال اس مصلے سے حطیم تک ۴۸ گز کا فاصلہ ہے دوسرا مصلی شافعیؒ ہے قریب چاہ زمزم کے کعبہ شریف کی دیوار سے چالیس گز پر ہے تیسرا مصلی حنبلیؒ ہے مقابل حجر اسود کے کعبہ شریف کی دیوار سے ۴۸ گز ہے چوتھا مصلی مالکیؒ ہے دیوار کعبہ شریف سے فاصلہ ۱۹ گز کا ہے اور یہ سب مصلے مطاف سے باہر ہین اور دایرہ طواف کرنیکا جو سنگ سفید کا اب موجود ہے سنہ ۹۶۱ ہجری مین سلطان سلیمان خان سلطان روم کے حکم سے تیار ہوا ملا علی قاریؒ شرح منسک متوسط مین لکھتے ہین کہ مراد مطاف سے وہ جگہ ہے کہ مقرر کی گئی ہے واسطے طواف کرنے کے اور اسیقدر تھی مسجد الحرام رسول مقبول صلعم کے زمانہ مین اور اسیطرح مولانا قطب الدین مکی لکھتے ہین مجالس مکیہ مین

باب چھٹا

فصل پہلی

مسجد الحرام کی بنا مین اور اوسکی کمی بیشی کے بیان مین

ارباب سیر لکھتے ہین کہ جسوقت بنا کیا کعبہ شریف کو حضرت ابراہیمؑ نے اوسوقت نہ تھا کعبہ شریف کے گرد کوئی گھر اور دیوار کیونکہ بسبب تعظیم اور ہیبت کعبہ معظمہ کے گھر بنانے مین کسی نے جرات نکی آخر کار جب قصی ابن کلاب کا زمانہ آیا کہ حضرت کی پانچوین پشت مین ہین اونھون نے جمع کیا قوم کو اور حکم دیا اونکو گھر بنانے کا چنانچہ گھر تعمیر ہونے شروع ہوئے اور دروازے گھرونکے کعبہ شریف کیطرف کیے اس مراد سے کہ داخل ہون اوسطرف سے طواف کو اور چھوڑ دیا طواف کی جگہ کو اسیطرح رہا قرینہ رسول مقبول صلعم کے عہد مبارک اور خلیفہ اول کی زمانہ تک

ابن ماجہ نے روایت کی ہے کہ آنحضرت صلعم کے سامنے ایک ڈول بھرا ہوا آب چاہ زمزم سے لائے آپ نے اوسمین کلّی ڈالدی کہ اوسیوقت اوس پانی مین خوشبو مشک سے زیادہ آنے لگی ف سیر کی معتبر کتابونمین لکھا ہی کہ چاہ زمزم بعد زمانہ حضرت اسمعیلؑ کے ایک مدت تک پوشیدہ رہا اور اسکا قصہ مختصر اسطرح پر ہے کہ عمرو بن حارث سردار قوم جرہم نے حجر اسود کو مع چند ہتیارونکے کہ خانۂ کعبہ مین تھے چاہ زمزم مین چھپاکر اسطرح بند کردیا کہ کچہ نشان چاہ زمزم کا نہ باقی رہا مگر جب ارادۂ خدا متعلق باظہار چاہ زمزم ہوا تو عبدالمطلب پر نیشان اور علامات چاہ زمزم کے بالہام غیبی ظاہر ہوئے اور عبدالمطلب بتائید آسمانی قریش پر غالب آئے اور آپنے چاہ زمزم صاف کیا اور ہتیار اور حجر اسود اوس سے برآمد ہوئے اور آخر کو پانی نکلا عمق اس چاہ کا ۶۷ ستہ گز ہے اور عرض اوسکے منھ کا چار گز سے چار گز ہے اور دیوار کعبہ شریف سے تا چاہ زمزم ۳۳ گز ہے اور فرق درمیان مقام ابراہیم اور چاہ زمزم کے ۱۲ گز ہی اللہ تعالی سب مسلمانونکو وہ پانی پینا اور اوس کنوین کو دیکھنا نصیب فرماوی آمین رب العالمین

فصل پانچوین
صفا مروہ کے فضائل مین اور چارون مصلونکے بیان مین

سیر کی معتبر کتابون مین وارد ہوا کہ صفا پر حضرت آدم صفی اللہ بیٹھے تھے اور مروہ پر امراد یعنے حضرت حوا بیٹھی تھین اسلیے نام انکا صفا مروہ ہوا اور مشہور یہ ہے کہ صفا مروہ نام تھے مرد و عورت کے جنسے نعوذ باللہ کعبہ شریف مین بدکاری ہوئی تھی پس وہ دونون مسخ ہوکر پتھر بن گئے عبرت کے لیے اونکو ان دونون پہاڑیون پر رکھدیا تھا رفتہ رفتہ ان دونون پہاڑیونکا بھی وہی نام پڑگیا اللہ تعالی قرآن مجید مین فرماتا ہے اِنَّ الصَّفَا وَالْمَرْوَةَ مِنْ شَعَائِرِ اللّٰهِ الخ مفسرین شان نزول اس آیت کی اسطور پر لکھتے ہین کہ صفا مروہ پر دو بت تھے اساف اور نائلہ اساف اوپر صفا کے تھا اور نائلہ اوپر مروہ کے پس مشرکین بسبب تعظیم ان دو بتونکے صفا مروہ کا طواف کیا کرتے تھے جب زمانہ اسلام کا آیا اور بت توڑے گئے تو مسلمانونکو اوسکے طواف کرنے سے کراہت اور عار تھی اللہ تعالی نے فرمایا کہ صفا مروہ اللہ کی نشانیونسے ہین یعنے ان دونون کا بھی طواف کرنا چاہیے لکھا ہے کہ صفا سے مروہ تک سات سو ستر گز کی مسافت ہے اور دونون

واسطے روا ہونے حاجتونکے اور وہ اوسکی خیر و برکت سے پوری ہوگئین حضرت جابرؓ سے
روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص حاضر ہوا کعبہ شریف کے پاس بہ نیت
حج اور اوسنے طواف کیا سات بار اور پھر مقام ابراہیم مین دو رکعتین پڑہین پھر پیا اوسنے
آب زمزم تو اللہ تعالی اوسکو گناہون سے ایسا پاک کر دیتا ہے جیسے اوسیدن اوسکی مان نے
جنا روایت کیا ابن جوزیؒ نے امام فاکہیؒ سے منقول ہے کہ زمزم شریف کے نام بہت ہین
چنانچہ بعض نے قریب تیس کے لکھے ہین شیخ احمد حضراوی نے اونکو عقد الثمین مین نظم مین جمع
فرمایا ہے اور ہر ایک نام کی شرح لکھی ہے جو مشتاق ہو اوس کتاب مین دیکھ لے بسبب
طوالت کے تصریح اونکی نہ کی گئی علماء دین لکھتے ہین کہ آب زمزم کی فوائد اور خواص بیشمار ہین
چند اسجگہ لکھے جاتے ہین جسکو عارضہ زیادہ کھانے کا ہو تو پیے وہ آب زمزم خوب پیٹ بھر کے
اور کہے کہ ای زمزم ٹھہر میرے شکم مین پس تحقیق وہ عارضہ جاتا رہیگا اور وہ شخص تندرستی
پاویگا اور یہ عمل مجرب ہے اور یہ پانی نکال ڈالتا ہے کھونٹ فریب کو دل سے اور پیشاب
کھولکر آتا ہے اور کھانا خوب ہضم ہوتا ہے اور عبادت الہی کے لیے قوت دیتا ہے بدن
آرام مین رہتا ہے آنکھو نمین روشنی فہم و علم مین ترقی دلمین نرمی پیدا ہوتی ہے اور پانی زمزم کا
خدا کے غصہ کو بجھا دیتا ہے شیطان غمگین ہوتا ہے رحمان راضی ہوتا ہے گویائی پیدا کریگا وقت
سوال منکر و نکیر کے دل مضبوط رہیگا قول ثابت پر وغیرہ فوائد کثیر ہین اہل حدیث فرماتے ہین
کہ جس شخص کی بیماری مین سب حکیم و طبیب عاجز ہو گئے ہون تو وہ آئے چاہ زمزم پر اور اوس
پانی سے غسل کرے جس حوض مین آب زمزم جمع ہوتا ہے بہ نیت شفا خدا چاہے تندرست
ہو جائیگا علماء دین لکھتے ہین کہ وضو اور غسل کرنا آب زمزم سے بلا کراہت درست ہے اور
استنجا کرنا مکروہ ہے بلکہ عارضہ بواسیر کا پیدا ہوتا ہے باقی حال آب زمزم کا پہلے تفصیلا بیان
ہو چکا ہے شیخ احمد حضراوی رح عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ یہ جو بزرگان آب زمزم کو حاصل ہوئین
وجہ کامل اوسکی یہ ہے کہ اوسمین لعاب دہن مبارک معطر منور سرور عالم صلعم کا داخل اور شامل
ہو گیا ہے پس جسمین کہ صاحب لولاک اور صاحب قاب قوسین اوادنی کا لعاب دہن معطر منور
داخل ہو گیا تو اوسکے فوائد اور منافع اور فضائل اور خیرات و برکات کیا بیان ہو سکتے ہین

بیان فوائد آب زمزم شریف

علاج مجرب بواسطے حاصل ہونے شفا کے +

بیان اسکا کہ زمزم شریف مین لعاب دہن مبارک حضرت صلعم داخل ہے +

روایت کیا ترمذی نے چنانچہ وارد ہوا کہ رسولخدا صلعم نے سہیل بن عمر رضؓ کو نامہ تحریر فرمایا اور پانی زمزم کا آپنے بطور تحفہ چاہا پس آپنے دو ظرف حضور مین روانہ کیے روایت کیا ازرقی نے ابو الطفیل حضرت ابن عباسؓ سے روایت کرتے ہین کہ تھے ہم کہ نام رکھتے تھے زمزم کا شباعہ یعنے پیٹ بھر دینے والی اور تھے ہم کہ پاتے تھے زمزم کو اچھا مددگار اوپر کنبہ کے روایت کیا طبرانی نے معجم کبیر مین حضرت عبداللہ بن عمر رضؓ سے روایت ہے کہ زمزم مین ایک چشمہ ہے جنت مین سے جانب حجر اسود سے روایت کیا امام قرطبی نے اور ابن الحجاج نے حضرت عبدالرحمن بن ابی بکر رضؓ سے روایت ہے کہ کہا تا تھا مین نزدیک ابن عباس رضؓ کے پس آیا ایک شخص آپنے اوس سے پوچھا کہ اسوقت کہان سے آیا اوسنے کہا کہ چاہ زمزم پر سے آپنے فرمایا کہ پیا تو نے آب زمزم کو جیسے چاہیے اوسنے عرض کیا کہ کیسے چاہیے آپنے فرمایا کہ جب پیے تو آب زمزم کو تو منہ قبلہ کیطرف کر اور بسم اللہ پڑہ اور تین بار سانس لیکر خوب چھک کر پیکے الحمد للہ کہہ پس تحقیق فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ ہمارے اور منافقونکی درمیان مین یہی فرق ہے کہ وہ آب زمزم خوب سیر ہوکر نہین پیتے ہین روایت کیا ابن ماجہ وغیرہ نے

ف آداب زمزم شریف کے پینے کے یہ ہین کہ تین بار سانس لیکر پیے اور ہر بار منھہ کو برتن سے جدا کرکے سانس لیوے اور تینون بار بسم اللہ پڑھکر پیوے اور ختم کرے الحمد للہ کے ساتھہ حضرت ثابتؓ فرماتے ہین کہ پیو آب زمزم اولاد عباس کے ہاتھہ سے روایت کیا ابن منذر نے کتاب الترغیب مین اور فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ نظر کرنا زمزم شریف مین محو کرتا ہے گناہونکو اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ نظر کرنا طرف زمزم شریف کے عبادت ہے روایت کیا امام فاکہیؓ نے حضرت امام یافعیؒ بعض ابرار و صالحین سے روایت کرتے ہین کہ اتفاق سے ہم بیٹھے تھے نزدیک کعبہ شریف کے ناگاہ ایک شخص آیا کپڑا منھہ پر ڈالے ہوئے اور اوسنے جاکر آب زمزم پیا بچا ہوا ہمنے پیا تو پایا اوسکو ملا ہوا شہد کے ساتھہ نہ پیا ہمنے اوس سے زیادہ کبھی شیرین اور مزہ دار پھر ہمنے نہ پایا اوسکو مگر دوسرے روز اوسکی تلاش مین فجر سے بیٹھہ گئے دیکھا ہمنے کہ وہی شخص پھر آیا اور اوسنے آب زمزم نکالکر پیا اور بچا ہوا ہمنے پیا تو پایا ہمنے اوسکا مزہ جیسے دودھہ مین شکر ملی ہوتی ہے پس آپ فرماتے ہین کہ اکثر بزرگان دین نے پیا آب زمزم کو

اور اگر پیوے تندرستی اور دور ہونے بیماری کے لیے تو بھی اسیطرح کہے اور وارد ہوا کہ کہا ابوذرؓ نے کہ نہ تھا کھانا میرا ایک مہینہ مگر پانی زمزم کا پس فربہ ہوا مین یہانتک کہ سخت ہوگئین شکنین پیٹ میرے کی اور بھی وارد ہوا کہ جناب سرور عالم صلعم آئے چاہ زمزم پر پس نکالا لوگون نے آپکے واسطے ڈول پانی کا پس آپنے پیا پھر لعاب دہن مبارک کا اوس ڈول مین ڈالکر چاہ زمزم مین ڈالدیا اور فرمایا کہ اگر تم نہ نکالتے پانی تو نکالتا مین اپنے ہاتھون سے روایت کیا طبرانی نے ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ خوب چھک کر پیا زمزم کا براءت ہے نفاق سے یعنے جو شخص کہ خوب سیر ہوکر زمزم پیے تو اوسمین سے نفاق جاتا رہتا ہے روایت کیا ازرقی نے اور بھی وارد ہوا کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ پانی زمزم کا اور آگ دوزخ کی کسی بندۂ مسلمان کے پیٹ مین ہرگز جمع نہین ہوگی روایت کیا طبرانی نے اور وارد ہوا کہ تمام زمین کے پانی شیرین اوٹھ جاوینگے پہلے آنے دن قیامت کے سوائے زمزم کے کہ یہ پانی اپنی حالت اصلی پر باقی رہیگا روایت کیا قرشی نے عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ ایک شخص نے پوچھا کہ کہان ہے مصلی اخیار کا آپ نے فرمایا کہ نیچے میزاب رحمت کے پھر پوچھا کہ ابرار کا پانی کیا ہے آپنے فرمایا کہ پانی زمزم کا اور بھی آپسے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ تپ سانس ہے جہنم کا اسکو بجھاؤ زمزم سے روایت کیا احمد وابن ابی شیبہ وابن حبان نے ابوذر غفاریؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ مین مکہ معظمہ مین تھا کہ میرے گھر کی چھت چیری گئی اور اوترے حضرت جبرئیلؑ اور شق کیا میرے سینہ کو اور دھویا آب زمزم سے پھر لائے ایک طشت سونے کا بھرا ہوا حکمت اور ایمان سے اور میرے سینہ کو اوس سے مالامال کردیا اور پھر ویسا ہی میرا سینہ درست کردیا روایت کیا بخاری نے ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے افضلترین کنوونکا اوپر زمین کے چاہ زمزم ہے روایت کیا ابن حبان اور طبری نے اور بھی حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ رسولخدا صلعم جب چاہتے تھے کہ تحفہ دین کسی شخص کو تو آپ اوسکو پلاتے تھے آب زمزم روایت کیا دیباطی نے باسناد صحیح حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہے کہ آپ آب زمزم بطور تبرک دوسری جگہ لیجایا کرتی تھین اور آپ فرماتین کہ حضرت صلعم لیجایا کرتے تھے

بیان مصلی اخیار اور ضرب ابرار

اوس پانی سے جو جاری ہوا اونگلیون مبارک رسول مقبول صلعم سے سب پانیون سے افضل
اور اشرف ہے حتی کہ کوثر سے بھی افضل ہے جیسے کہ شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین اسکی تصریح فرماتے ہین
حضرت امام ایمنؓ سے روایت ہے کہ رسول مقبول صلعم نے کبھی بھوک پیاس کا شکوہ نفرمایا جو وقت
کہ صبح ہوتی تھی آپ پی لیتے تھے زمزم شریف کو پس اکثر مین آپکی خدمت اقدس مین کھانا فجر کا لاتی
مگر آپ فرماتے کہ مین سیر شکم ہون حاجت غذا کی نہین رکھتا ہون روایت کیا قرشی نے حضرت
ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے پانی زمزم کا جس نیت سے
پیا جاوے وہ مراد حاصل ہوتی ہے پس اگر پیوے بہ نیت شفا عنایت فرماوے اللہ تعالی
اور اگر پیوے بہ نیت پناہ شر شیطان سے محفوظ رکھے اللہ تعالی اور اگر پیوے واسطے دفع
پیاس کے دور فرماوے اللہ تعالی روایت کیا قرشی نے اور تھے حضرت ابن عباس رضہ
کہ جب آپ پیتے زمزم شریف کو تو یہ دعا پڑھتے تھے اَللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ عِلْمًا نَافِعًا وَرِزْقًا
وَاسِعًا وَشِفَاءً مِّنْ کُلِّ دَاءٍ روایت کیا حاکم نے مستدرک مین اور دار قطنی نے ابن عبی رح
لکھتے ہین کہ یہ اثر زمزم کے صاحب اعتقاد اور صحیح نیت والے کے لیے قیامت تک باقی رہیگی
پس نہ پیوے بہ نیت تجربہ اللہ تعالی دوست رکھتا ہے متوکلین کو حضرت ابو ذر رضہ سے
روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ زمزم شریف سراپا برکت ہے اور غذا نہایت
خوش ذائقہ ہے روایت کیا مسلم نے اور ابو داؤد نے یہ اور زیادہ روایت کیا کہ شفا
ہے ہر بیماری کے لیے حضرت جابر رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے
کہ پانی زمزم شریف کا جس مراد کے لیے پیا جاتا ہے حاصل ہوتی ہے روایت کیا احمد اور
ابن ماجہ اور بیہقی نے محمد ابن منکدر حضرت جابر رضہ سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول
صلعم نے پانی زمزم کا واسطے اوس نیت کے ہے جس نیت سے کہ پیا اور مین اوسکو پیتا ہون
واسطے پیاس دن قیامت کے یہ کہکر آپنے پیا زمزم کو روایت کیا دمیاطی نے قرشی لکھتے ہین
کہ لایق ہے جو ارادہ کرے پینا زمزم شریف کا واسطے مغفرت کے یہ کہ وقت پینے کے کہے
کہ اے اللہ تحقیق مجکو پہونچی یہ روایت کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ پانی زمزم کا واسطے اوس
مراد کے ہے جس مراد سے کہ پیوے ای اللہ تحقیق پیتا ہون مین اسکو واسطے اپنی مغفرت کے

کعبہ شریف کے دونون طرف اوسمین راہ ہے اور وہ احاطہ بہت ہے فقط چھ گز اوسمین جگہ کعبہ کی ہے چنانچہ احادیث مین وارد ہوا کہ قریش نے جب خانہ کعبہ بنایا اور حلال مال اتنی جگہ داخل کرنے کو کافی نہوا اسواسطے اوسکو باہر رکھا مگر اوسمین نماز پڑھنے کا اور کعبہ شریف کے اندر نماز پڑھنے کا ایک حکم ہے وارد ہوا کہ جسنے نماز پڑھی حطیم مین دو رکعتین جانب رکن شامی کے پس گویا کہ زندہ رکھا اوسنے ستر ہزار رات کو یعنے شب بیداری کی اور حاصل ہوا اوسکو ثواب مانند عبادت ہر مسلمان مرد اور عورت کے اور گویا کہ اوسنے حج کیے چالیس حج مقبول اور مبرور مجالس یکیہ **میزاب رحمت** ہندی مین پرنالہ کہتے ہین درمیان دیوار شمالی کعبہ کے درمیان رکن عراقی اور رکن شامی کے ہے یعنے حطیم کیطرف ہے حضرت عطا بن رباح رضہ سے روایت ہے کہ جو شخص کھڑا ہوا نیچے میزاب رحمت کے اور دعا مانگی مگر کہ قبول کیجاتی ہے دعا اوسکی اور جسنے کہ پڑھین نیچے اوسکے دو رکعتین تو وہ نکلا گناہون سے ایسا جیسے اوسیدن مان کے پیٹ سے پیدا ہوا روایت کیا ازرقی نے اور طبری نے شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین اکابر محدثین سلف سے نقل کرتے ہین کہ جسنے نماز پڑھی نیچے میزاب رحمت کے دو رکعتین پھر اوسنے دعا کی کسی مراد کی سو بار سجدے مین مگر کہ اللہ تعالی اوسکو قبول فرماتا ہے اور اسکا تجربہ اہل حدیث نے فرمایا ہے اور اسی کو علامہ قرشی نے بطور تجربہ اہل حدیث سے نقل کیا حضرت امام حسن بصری رضہ سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہین کہ سنا ہمنے کہ ایکدن حضرت عثمان رضہ آئے اور آپ نے لوگون سے فرمایا کہ تم مجھسے پوچھو کہ اسوقت کہانسے آئے لوگون نے پوچھا کہ ای امیر المومنین اسوقت کہانسے آئے آپ نے فرمایا کہ اسوقت کھڑا تھا مین جنت کے دروازے پر اور آپ کھڑے تھے اوسوقت نیچے میزاب رحمت کے اور دعا مانگ رہے تھے عبد اللہ ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ درمیان حجر اسود اور مقام ابراہیم کے ملتزم ہے نہین دعا مانگتا ہے کوئی مصیبت زدہ وہان مگر کہ اوس بلا سے نجات پاتا ہے روایت کیا طبری نے

نزدیک حطیم کے نیچے میزاب رحمت کے

بیان قبولیت دعا نیچے میزاب رحمت کے اور بعض اہل حدیث کے عمل مجرب اہل حدیث

فصل چوتھی

زمزم شریف کے فضائل مین

پوشیدہ نرہے کہ علماء دین کا اس بات پر اتفاق ہے کہ پانی زمزم شریف کا سوائے

رکن یمانی پر کبھی مگر کہ نزدیک اوسکے ایک فرشتہ ہے کہ وہ آمین کہتا رہتا ہے پس جب تم گذرو اوپر
تو یہ دعا کیا کرو اللّٰھُمَّ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً وَّفِی الْاٰخِرَۃِ حَسَنَۃً وَّقِنَا عَذَابَ النَّارِ اور حضرت
ابو ہریرہ رضؓ کی روایت مین اسطور سے وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ رکن یمانی پر ستر
فرشتے مقرر ہین پس جو شخص کہ کہتا ہے اللّٰھُمَّ اِنِّیْ اَسْئَلُکَ الْعَفْوَ وَالْعَافِیَۃَ فِی الدِّیْنِ وَالدُّنْیَا
وَالْاٰخِرَۃِ رَبَّنَا اٰتِنَا فِی الدُّنْیَا حَسَنَۃً الخ تو وہ ستر فرشتے کہتے ہین کہ آمین روایت کیا ابن ماجہ نے
ف پہلی روایت مین وارد ہوا کہ دو فرشتے ہین اور اس روایت مین ستر فرشتے مذکور ہوئے
تو اہل حدیث فرماتے ہین کہ جائز ہے کہ کبھی حضرت نے دو فرشتے دیکھے اور کبھی ستر فرشتے
ملاحظہ کیے حضرت عطاؓ ابن یسار سے روایت ہے کہ ایک شخص نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ
آپ رکن یمانی کا بہت مسح کرتے ہین آپ نے فرمایا کہ نہین آیا مین کبھی اسکے پاس مگر کہ جبرئیل کو
مینے اوسکے پاس کھڑے دیکھا کہ استغفار چاہتا ہے واسطے چھونے والونکے روایت کیا
ازرقی نے حضرت امام حسن بصری رضؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ بتحقیق رکن یمانی کے
نزدیک ایک دروازہ ہے دروازون جنت سے اور حجر اسود بھی جنت کے دروازون مین
سے ہے اور بتحقیق نہین ہے کوئی بندہ کہ دعا مانگے حجر اسود اور رکن یمانی کے پاس مگر کہ اللہ
تعالیٰ اوس دعا کو قبول فرماتا ہے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ درمیان رکن یمانی اور حجر
اسود کے ایک باغ ہے جنت کے باغون سے ابن عمر رضؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا
صلعم نے کہ چھوتا رکن یمانی کا محو کرتا ہے گناہونکو روایت کیا احمد اور ابن حبان نے ف
اہل حدیث مسح رکن یمانی کا اسطور پر لکھتے ہین کہ حاجی دونون ہاتھون یا ایک ہاتھ سے اوسکو
مس کرے اور اگر ازدحام ہو تو اوسکا بدلہ نہین ہے اشارہ وغیرہ سے جیسے کہ بدلہ ہے
حجر اسود کا اسی روایت پر عمل ہے پوشیدہ نرہے کہ کعبۂ شریف کے چار رکن ہین رکن اسود
رکن یمانی رکن عراقی رکن شامی انمین رکن اسود کی لسبب ہونے حجر اسود کے بہت بڑی فضیلت
ہے اور رکن عراقی اور رکن شامی کے لمس مین کلام ہے اسکی تحقیق شیخ علیہ الرحمۃ نے سفر السعادت
مین کماحقہ فرمائی ہے حطیم ایک احاطہ ہے کعبہ شریف سے شام کی جانب نصف دائرہ کی
شکل پر کہ اوسکو گرد بقدر آدمی کے سینہ کے دیوار بلند سنگ مرمر کی کھینچی ہوئی ہے اور متصل

دست قدرتمین نفس ابن عباس ہی کہ نہین ہے کوئی مسلمان کہ اللہ تعالی سے کچھہ مراد مانگے حجر اسود کے پاس مگر کہ رب العالمین اوسکو عنایت فرماتا ہے روایت کیا ازرقی نے اور بھی وارد ہوا کہ جسنے نہ پائی بیعت رسولخدا صلعم کی پھر اوسنے بوسہ دیا اور مسح کیا حجر اسود کا پس تحقیق اوسکو بیعت حاصل ہوئی رسول مقبول صلعم کی ابن عمر رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا سرور عالم صلعم نے کہ چھونا حجر اسود کا محو کرتا ہے گناہونکو روایت کیا احمد اور ابن حبان نے اور بھی وارد ہوا کہ تحقیق رب العالمین پھیر دیگا حجر اسود کو دن قیامت کے ویسا ہی جیسا کہ پیدا کیا اول بار روایت کیا ازرقی نے اور فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے چھوا حجر اسود کو تو وہ نکلا گناہونسے ایسا جیسے اوسدن اوسکی مان نے جنا حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ جسنے مسح کیا حجر اسود کا سوائے اسکے نہین کہ اوسنے مسح کیا رحمان کے ہاتھہ کا جل جلالہ روایت کیا ابن ماجہ نے حضرت عائشہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ کثرت کرو حجر اسود کے بوسہ دینے مین قریب ہے کہ تم گم کروگے اوسکو یعنے ایک رات طواف کرتے ہوگے اور فجر ہوتی نہ پاؤگے تحقیق اللہ تعالی نہین اوتارتا ہے کوئی شے جنت کی زمین مین مگر کہ پھر اوسکو وہین پھیر دیگا پہلے قیامت کے روایت کی ازرقی نے ف اہل حدیث لکھتے ہین کہ حاجی کو چاہیے کہ دونون ہاتھہ حجر اسود پر رکھہ کے بیچمین منھہ سے بوسہ دے اگر بغیر ایذا دینے کسیکے ممکن ہو اور مستحب ہے منھہ پیشانی کا رکھنا اور چومنا تین بار اور اگر بوسہ دینا ممکن ہو تو ہاتھہ کو اوسپر لگا کے چومے اور جو یہ بھی نہ ہو سکے تو لاٹھی وغیرہ کو چھوا کر چومے اور جو یہ بھی نہ ہو سکے تو دونون ہاتھہ اوسکی طرف اوٹھا کر کہے اللہ اکبر لا الہ الا اللہ والحمد للہ تعالی والصلوۃ علی نبیہ المصطفی اور یہ سمجھکر کہ گویا ان دونون ہاتھونسے اوسنے چھو لیا ہاتھونکو چومے رب العالمین سبکو نصیب کرے

فصل تیسری

رکن یمانی اور حطیم اور میزاب رحمت اور ملتزم کے فضائل مین

ابن عمر رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ رکن یمانی پر دو فرشتے مقرر ہین کہ آمین کہتے ہین دعا مانگنے والونکے واسطے اور حجر اسود پر تو فرشتے بیشمار مقرر ہین روایت کیا ازرقی نے ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا سرور عالم صلعم نے کہ نہین گذرا مین

ون قیامت کے کہ ہونگی واسطے اوسکے دو آنکھین کہ دیکھیگا ساتھ اونکے اور ہوگی زبان کہ بولیگا
ساتھ اوسکے گواہی دیگا اوسکے لیے جسنے کہ بوسہ دیا ہوگا ساتھ حق کے نقل کی ترمذی اور ابن ماجہ
و دارمی نے وقت ساتھ حق کے یعنے ساتھ ایمان اور صدق و یقین کے اور واسطے طلب ثواب کے
محدث ہروی لکھتے ہین کہ جسنے حجر اسود کو صدق دل سے بوسہ دیا تو وہ اوسکی گواہی دیگا خیر کے
ساتھ اور جسنے کہ اوسکو بوسہ دیا ہنسی اور مذاق کی راہ سے نعوذ باللہ تو وہ گواہی دیگا اوسکی شر
کے ساتھ اور ہوگا وہ دن قیامت کے اوس شخص کا دشمن اور لکھتے ہین کہ اسیطرح ہر جگہ قیاس
کرنا چاہیے کہ جسنے خدا کی عزت دی ہوئی جگہ کی تعظیم و تکریم کی اور وہانکے آداب بجا لایا تو
وہ جگہ قیامت کے دن اوس شخص کی شفاعت کریگی اور جسنے کہ نعوذ باللہ خدا کی عزت دی ہوئی جگہ کو
خفیف سمجھا یا کوئی فعل لغو وہان کیا تو وہ مقام قیامت کے دن اوسکا دشمن ہوگا روایت کیا
شیخ احمد خضراوی نے عقد الثمین مین وارد ہوا کہ حضرت عمرؓ نے حجر اسود کے بوسہ دینے کی وقت
فرمایا کہ مین جانتا ہون کہ تو پتھر ہے نہ ضرر کرتا ہے نہ نفع دیتا ہے اور اگر نہ دیکھتا مین رسول مقبول
صلعم کو بوسہ دیتے تو مین تجکو بوسہ نہ دیتا تو حضرت علیؓ نے یہ سنکر فرمایا کہ اے عمرؓ اس سے نفع ضرر
متصور ہے آپ نے کہا کہ کیونکر حضرت علیؓ نے فرمایا کہ حق تعالی نے کاغذ عہد اولاد آدم کا اسکے
منھ مین امانت رکھا ہے اور اسنے کہا کہ مین گواہی دونگا جو پورا کریگا اس عہد کو پس گواہی اسکی یہی
نفع ہے حضرت عمرؓ نے سنکر فرمایا کہ پناہ مانگتا ہون مین اپنی زندگی سے اوس قوم مین جسمین تو نہو
ای ابوالحسن لیکن مقام سمجھنے کا ہے کہ یہ اور طرحکا نفع ہے اور جسکی نفی حضرت عمرؓ نے کی تھی وہ اور
طرحکا نفع مراد تھا پس دونون باتین اپنی جگہ ٹھیک ہین حضرت عبداللہ بن عمرو بن العاصؓ سے روایت
ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ آویگا حجر اسود دن قیامت کے مانند پہاڑ ابوقبیس کے اور اوسکے واسطے
زبان ہوگی اور ہونٹ ہونگے روایت کی احمد اور حاکم نے ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا
رسول خدا صلعم نے کہ حجر اسود دہنا ہاتھ اللہ عزوجل کا ہے زمین مین مصافحہ کرتا ہے مصافحہ کرتا ہے
اپنے بندون سے جسطرح کہ مصافحہ کرتا ہے ایک تم مین سے بھائی اپنے سے تو اکابر اہل حدیث
لکھتے ہین کہ چاہیے کہ وقت بوسہ دینے حجر اسود کے بیعت الہی کا تصور کرے اور کمال آداب و
حضوری و زاری سے بوسہ دے بعد اسکے ابن عباسؓ کہتے ہین کہ قسم ہے اوس ذات کی جسکے

بلکہ صرف حکم اسکا یہی ہے کہ متصل اسکے نماز پڑھو بیہقی اپنی سنن مین روایت کرتے ہین کہ مقام ابراہیمؑ رسول مقبول صلعم کے زمانۂ مبارک اور حضرت خلیفۂ اول کے عہد مین متصل خانۂ کعبہ کے تھا حضرت عمرؓ نے اوسکے واسطے ایک مکان تجویز کرکے رکھدیا جسمین اوسی جگہ ہے مجالس مکیہ مین وارد ہوا کہ جسنے مقام ابراہیم مین جاکر دو رکعتین پڑہین بخشے گئے گناہ اوسکے اگلے اور پچھلے اور دیجاتی ہین اوسکو نیکیان برابر شمار ہر اوس آدمی کے جسنے نماز پڑہی اوس جگہ اور قیامت کے دن امن مین رہیگا بڑی گھبراہٹ سے اور حکم فرماتا ہے اللہ تعالی جبرئیل اور میکائیل اور تمام ملائکہ کو کہ استغفار چاہین اوسکی اور وارد ہوا کہ بہترین جگہون مین ہی خدا کے نزدیک درمیان مقام ابراہیم اور حجر اسود کے ہے اور نہین ہے کوئی فرشتہ کہ واسطے تعمیل حکم الہی کے زمین پر آتا ہے مگر کہ بعد طواف مقام ابراہیم مین دو رکعتین پڑھتا ہی بعد اسکے روانہ ہوتا ہے **ف** حاجی کو چاہیے کہ جسوقت سات پھیرے کعبہ شریف کے کرچکے جسکا نام ایک طواف ہے تو پھر مقام ابراہیم کیطرف چلے یہ آیت پڑھتا ہوا وَاتَّخِذُوْا مِنْ مَّقَامِ اِبْرٰهِيْمَ مُصَلًّى اور وہان جاکر دو رکعت نفل پڑہے پہلی مین قلیا اور دوسری مین قل ہو اللہ اور بعد نماز کے حضرت آدمؑ کی دعا پڑھ کے خدا سے حاجت چاہے کہ وہ دعا ہم لکھ آئے ہین قبولیت دعا مین کمال مؤثر ہے حضرت ابن عمرؓ سے روایت ہے کہ سنا مینے رسول مقبول صلعم سے کہ آپ فرماتے تھے کہ تحقیق حجر اسود اور مقام ابراہیمؑ یاقوت ہین یاقوتون بہشت سے محو کیا اللہ تعالی نے نور ان دونونکا اور اگر نہ دور کرتا نور انکا تو البتہ روشن کردیتے اوس چیز کو کہ درمیان مشرق اور مغرب کے ہے روایت کی ترمذی نے حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ اوترا حجر اسود بہشت سے اور وہ تھا زیادہ سفید دودھ سے پس سیاہ کردیا اوسکو بنی آدم کے گناہون نے نقل کی احمد اور ترمذی نے **ف** مقام غور کرنے کا ہے کہ جب گناہونکی تاثیر سے پتھر سیاہ ہوگیا تو کیا حال ہوتا ہوگا گنہگار دلونکا بسبب کرنے گناہونکے معاذ اللہ منہا حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے بیچ حق حجر اسود کے کہ قسم ہے اللہ کی البتہ اوٹھاویگا اوسکو اللہ تعالی

کھڑے ہوکر خانہ کعبہ تعمیر فرمایا تھا اور معنی مقام ابراہیم کے یعنے جگہ کھڑے ہونے حضرت ابراہیم کی
شیخ عزیز الدین رح سے منقول ہے کہ آپ فرماتے ہین کہ وہ سنگ مربع ہے اور چارون طرف سے
پاو گز ہے اور اوسپر نشان دونون قدمون مبارک کا ہے گرد قدمون شریف کے چاندی
کے پترے لگے ہین اور نچان قدمونکا چاندی کے پترون سے ساڑھے سات قیراط ہے
اور چارون طرف مقام کے ایک صندوق زمین مین مضبوط کیا ہے اور اوس صندوق
غلاف اطلس سیاہ زربفت کا ڈالا ہے اور اوسکے اوپر ایک گنبد چھوٹا سا لکڑی کا چار ستونپر
کھڑا ہے اور اندر اوسکے سونے اور لاجورد وغیرہ سے تمام نقش دار کیا ہے اور اوپر گنبد کے
شیشے کے تختونکو باہم ملاکر میخ زد کیا ہے اور چارونطرف صندوق کے چار ٹٹیان جالیدار
ہفت دھات کی اون چار ستونون سے کہ مذکور ہوے وصل کیی ہین اور وارد ہوا کہ جبوقت
حضرت ابراہیمؑ کو حج کے لیے پکارنے کا حکم ہوا تھا تو آپ مقام پر کھڑی ہوئے تو وہ زمین
کے سب پہاڑون سے اونچا ہوگیا تھا فرق درمیان مقام ابراہیم اور چاہ زمزم کے
اکیس[۲۱] گز کا ہے اور بھی وارد ہوا کہ مقام ابراہیم اور حجر اسود دونون بہشتی پتھر ہین کہ حضرت
ادریسؑ نے طوفان کے خوف سے ابوقبیس پہاڑ پر چھپا دیے تھے جب حضرت ابراہیمؑ
کعبہ بنانے لگے تو حضرت جبرئیلؑ نے انکا نشان بتایا تب آپ ان دونونکو ابوقبیس پہاڑ پر
نکال لائے حضرت امام حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ نہین باقی رہی زمین مین کوئی چیز جنت کی سواے حجر اسود اور مقام ابراہیم کے
اور فرمایا کہ بہترین جگہون مین سے خدا کے نزدیک کعبہ اور مقام ابراہیم اور ملتزم ہے
حضرت قتادہ رضؓ سے روایت ہے کہ پہلے اسلام کی عادت نہ تھی کہ مقام ابراہیم کو
کوئی ہاتھ لگادے لیکن یہ عمل اس امت مین رواج پایا جن لوگون نے کہ پہلے اسلام کے
اس پتھر کو دیکھا تھا وہ نقل کرتے تھے کہ حضرت ابراہیمؑ کے قدم مبارک کا اثر اس پتھر
مین نمودار تھا لیکن بسبب زیادہ چھونے کے اب اثر اوسکا بخوبی ظاہر نہین ابن ابی شیبہ
عبداللہ ابن زبیرؓ سے نقل کرتے ہین کہ آپ نے ایک جماعت کو مقام ابراہیم کو چھوتے
دیکھا تو آپ نے فرمایا کہ اللہ تعالی نے تمکو اس پتھر کے چھونے کا نہین حکم دیا ہے

پانی زمزم کا اللہ تعالا اوسکے سارے گناہ بخشدیتا ہے روایت کیا جندی نے اور فرمایا رسول
مقبول صلعم نے کہ جو شخص بارادۂ طواف گھر سے نکلتا ہے تو وہ ایسا ہو کہ دریاے رحمت الہی مین داخل
ہوکر چلتا ہے پس جبکہ طواف کرتا ہے تو دریاے رحمت الہی مین غوطے کھاتا ہے اور ہر قدم
رکھنے پر پانسو گناہ دور ہوتے ہین اور ہر قدم اوٹھانے پر پانسو نیکیان لکھی جاتی ہین اور جبکہ
طواف کرکے مقام ابراہیم مین پہونچتا ہے تو وہ ایسا پاک ہوجاتا ہے کہ گویا مانکی پیٹ سے
اوسدن پیدا ہوا اور ایک فرشتہ سامنے آکر کہتا ہے کہ اب آگے عملونکا دھیان رکھو اور
گذرے سب بخشے گئے اور اوسکو ستر آدمیونکی اپنے کنبے سے شفاعت کرنیکا رتبہ دیا جاتا ہے
روایت کیا ازرقی نے عمرو بن شعیب سے اور حضرت ابوسعید رض سے روایت ہے کہ اول
جسنے طواف کیا کعبہ معظمہ کا وہ فرشتے ہین حضرت آدم کی پیدائش سے دو ہزار برس
پیشتر اور نہین ہے کوئی فرشتہ کہ دنیا مین آتا ہے مگر کہ وہ فرشتہ اول عرش کے نیچے
غسل کرتا ہے اور اوترتا ہے احرام باندہ کر پس پہلے آنکر طواف کرتا ہے پھر دو رکعت
مقام ابراہیم مین پڑہ کر واسطے تعمیل حکم کے روانہ ہوتا ہے حضرت امام حسن بصری رض
اپنے رسالۂ شریف مین لکھتے ہین کہ صحف حضرت آدم مین اللہ تعالی فرماتا ہے کہ ستر ہزار فرشتے
ہر روز واسطے طواف خانۂ کعبہ کے بھیجتا ہون وارد ہوا کہ ایک ولی منتظر رہا چالیس برس
راتدن یہ کہ تنہا طواف کرے بے شرکت دوسرے شخص کے پس دیکھا اوسنے بعد انتظار
چالیس برس کے طواف کی جگہ کو خالی تو وہ دوڑا کہ شروع کرے طواف ناگاہ دیکھا
اوسنے ایک سانپ کو طواف مین اوس ولی نے کہا کہ تو کون ہے کہا اوسنے کہ مین بھی منتظر
اوسی عمل کا جسکا تو منتظر تھا تجھسے سو برس پہلے غرض بیت اللہ کسی ساعت طواف کرنیوالونسے
خالی نہین رہتا ہے خداوند کریم اوس خانۂ اقدس کے قربان ہو ناسب مسلمانونکو نصیب
فرماوے آمین یا رب العالمین

فصل دوسری
مقام ابراہیم اور حجر اسود کی فضائل مین

مقام ابراہیم کی فضیلت

ستر تفسیرونمین وارد ہوا کہ مقام ابراہیم نام ایک پتھر کا ہے کہ اوسپر حضرت ابراہیم نے

تیر کے طواف کیا ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ جسنے طواف
کیا کعبۂ شریف کا سات بار شدت گرمی مین اور قدم پاس پاس رکھے اور آنکھین نیچی رکھین
اور کم کیا کلام مگر اللہ کے ذکر کے ساتھ اور بوسہ دیا حجر اسود کا اور طواف کرنے مین کسیکو ایذا نہ دی
مگر کہ لکھتا ہی اللہ تعالی واسطے اوس بندے کے ستر ہزار نیکیان اور محو کرتا ہے ستر ہزار
بدیان اور بلند فرماتا ہے ستر ہزار درجے اور آزاد کرتا ہے اوسکی طرف سے ستر ہزار بردے
ہر بردے کی قیمت دس ہزار درم اور اوسکی شفاعت ستر آدمیون کے واسطے اپنے ہون
یا غیر قبول کیجاویگی روایت کیا قرشی نے اور فرمایا حضرت صلعم نے کہ ہر آئینہ بزرگتر اللہ کے
نزدیک وہ فرشتے ہین جو طواف کرتے ہین عرش مجید کا اور اولاد آدم مین وہ بزرگتر ہین
جو طواف کرتے ہین کعبۂ شریف کا اور فرمایا کہ طواف کرنا کعبۂ شریف کا دریای رحمت الہی مین
غوطے مارنا ہے ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ کعبۂ شریف کو
ڈھالی رہتے ہین ستر ہزار فرشتے بخشش چاہتے رہتے ہین طواف کرنیوالونکی اور رحمت بھیجتی
رہتے ہین اوپر روایت کیا امام فاکہی نے ابن عمرؓ فرماتے ہین کہ جب رسولخدا صلعم کہین
باہر سے تشریف لاتے تھے تو سب عملونسی زیادہ محبوب اور مرغوب آپکو طواف ہوتا تھا روایت
کیا ابوذرؓ نے اور فرمایا حضرت صلعم نے کہ کثرت کرو طواف کرنے مین پہلے اس سے کہ کعبۂ
شریف دنیا سے اوٹھایا جاوے اور بھی وارد ہوا کہ نہین غروب ہوتا ہے آفتاب کسی دن
مگر ایک ابدال طواف کرتا ہے اور نہین ہوتی ہے کوئی صبح مگر کہ ایک اوتاد طواف کرتا ہے
اور جب یہ بات موقوف ہوجاویگی تو کعبۂ شریف دنیا سے اوٹھالیا جاویگا پس آدمی صبح کرینگے
اور کعبۂ شریف کو نہ پاوینگے پھر قرآن مجید اوٹھالیا جاویگا لوگ کاغذ کو راپاوینگے پھر قرآن
مجید دل سے بھی نکلجاویگا یہانتک کہ ایک کلمہ بھی یاد نرہیگا اور لوگ جاہلیت کے ذکرون
اور شعرون پڑھنے مین مشغول ہوجاوینگے پھر نکلیگا دجال اور اوترینگے حضرت عیسیٰ
اور اوسکو قتل کرینگے اور اسکے ساتھ قیامت لگی ہے جیسے کہ تصریح اسکی حیاء العلوم مین مذکور
ہے حضرت جابر بن عبداللہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے
طواف کیا کعبۂ شریف کا سات بار اور پھر مقام ابراہیم مین جاکر دو رکعتین پڑھین اور پیے

بیان اسکا کہ سات طواف ایک عمرے کے برابر ہین

بیان ثواب وقت صبح کا اور غروب کے وقت کا

بیان فضیلت طواف کا بعد عصر کے

اللہ تعالی بدلے ہر طواف کے ثواب آزاد کرنے دس بردی کا اولاد حضرت اسمعیلؑ سے
عدۃ الانابہ مین وارد ہوا کہ سات طواف ایک عمرے کے برابر ہین ابن عمرؓ سے روایت
ہے کہ دو طواف ہین کہ نہین موافقت کرتا ہے اون دونون کی ساتھ کوئی بندہ مسلمان مگر
کہ وہ ایسا پاک ہوجاتا ہے جیسے کہ مان کے پیٹ سے آج پیدا ہوا ایک طواف بعد
صبح کے ہے کہ نزدیک طلوع آفتاب کے تمام ہو اور دوسرا طواف بعد عصر کے ہے
کہ نزدیک غروب کے فارغ ہو ایک شخص نے عرض کیا کہ یارسول اللہ اگر آگے پیچھے
ہوجاوے تو آپ نے فرمایا کہ اوسیوقت مین شامل ہوجاتا ہے روایت کیا امام فاکہی
اور ازرقی نے احیاء العلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے طواف
کیا سات پھیرے ننگے سر تو وہ شخص ایسا ہوگیا جیسے کسی بردے کو آزاد کردیتے ہین
اور جسنے کہ مینھہ مین سات پھیرے طواف کیا تو زمانہ گذشتہ کے گناہ بخش دیے جاتے
ہین داؤد بن عجلانؒ فرماتے ہین کہ مینے طواف کیا ابی عقال کے ساتھ مینھہ برستے مین
جب فارغ ہوئے ہم تو ابی عقال نے کہا کہ پھر کر واسی عمل کو پس تحقیق مینے طواف
کیا انس بن مالکؓ کے ساتھ مینھہ برستے مین جب فارغ ہوا مین تو مجھسے کہا کہ پھر کر اس
عمل کو پس تحقیق مینے طواف کیا رسول مقبول صلعم کے ساتھ مینھہ برستے مین جب طواف
ہم کرچکے تو آپ نے ارشاد فرمایا کہ پھر کر واس عمل کو پس تحقیق تمکو بخشدیا اللہ تعالی
نے روایت کیا ابن ماجہ نے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ جسنے طواف کیا مینھہ
برستے مین لکھتا ہے اللہ تعالی اوسکے لیے ہر قطرے پر ایک نیکی اور محو کرتا ہے بدی
روایت کیا قرشی نے مناسک مین وارد ہوا کہ طواف کرنیوالا داخل ہوتا ہے اللہ کی رحمت
مین اور تحقیق اللہ تعالی فخر فرماتا ہے ملائکہ پر ساتھ طواف کرنیوالونکے اور پیادہ طواف
کرنیوالی کی بزرگی اوپر سوار کے مانند بزرگی چودھوین رات کے اوپر تمام ستارون کے
ابن مجاہدؒ فرماتے ہین کہ جس عبادت کی کہ لوگ طاقت نہین رکھتے تھے اوسکو ابن زبیرؓ
کیا کرتے تھے پس ایکبار اتفاق سے ایک بہاؤ پانی کا ایسا آیا کہ کعبہ شریف پانی سے
بھر گیا یہانتک کہ آدمی رُک گئے طواف کرنے سے مگر ابن زبیرؓ کہ آپ نے اوسوقت

مگر ساتھ سبحان اللہ اور الحمد للہ اور لا الہ الا اللہ اور اللہ اکبر اور لا حول ولا قوۃ الا باللہ کے دور کی جاتی ہین اور اسکی
دس برائیان اور لکھی جاتی ہین دس نیکیان اور بلند کیے جاتے ہین دس درجے اور جو شخص کہ طواف مین کلام
کرے وہ بھی داخل ہوتا ہے دریاے رحمت الٰہی مین دونون پاؤن سے مانند داخل ہونے والے پانی مین
نقل کی ابن ماجہ نے ف کلام کرے یعنی کلمات مذکورہ پڑھے یا ان کلمات کے مانند اور اذکار صلحا و اولیا
پڑھے چنانچہ وارد ہوا کہ طواف مین ذکر خدا کے ساتھ مصروف ہونا اسکا یہ مرتبہ ہے کہ سر سے پانو تک
دریاے رحمت مین وہ شخص مستغرق ہو جاتا ہے ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ طواف
کرنا مانند نماز کے ہے مگر کہ تم بولتے ہو اوسمین پس جو کوئی کہ بولے اوسمین پس نہ بولے مگر بھلی کے ساتھ
نقل کی ترمذی و نسائی و دارمی نے ف مانند نماز کے ہے یعنی ثواب مین لیکن فرق یہ ہے کہ طواف
مین کلام مفسد طواف نہین ہے جیسے کہ نماز مین مفسد ہے چنانچہ مسئلہ فقیہ ہے کہ طواف مین سلام کلام
مسئلہ پوچھنا بتانا جائز ہے مگر بات حیث نکرنا اور جو کام عاجزی کے خلاف ہو اوسکا چھوڑنا مستحب ہے پس مانند نماز
کے نہیں ہے لازم آتا کہ بعینہ نماز ہو جاوے اور طواف کو جو مانند نماز کے فرمایا اس سے معلوم ہوا کہ نماز افضل ہے طواف سے بعض تغیر و تبدل
مین وارد ہوا کہ اللہ تعالی نے جو سورہ بقر مین طواف کرنے والون کو اور اعتکاف کرنے والون اور نماز پڑھنے
والونکی مقدم فرمایا اس سے علما استنباط کرتے ہین کہ طواف نفل بہتر ہے نماز نفل سے آفاقی کے حق مین مکی کے حق مین نماز نفل بہتر ہے طواف سے
محمد بن منکدر اپنے باپ سے روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ جسنے طواف کیا کعبہ شریف کا سات بار
کوئی عمل اور فعل لغو اوسمین نہ کیا تو وہ شخص ایسا آزاد ہو گیا جیسے کسی بردہ کو آزاد کر دیتے ہین روایت کیا طبرانی
نے کبیر مین اور ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ نازل فرماتا ہے اللہ تعالی اوپر جماعت
اکیسویں رحمتین ساتھ واسطے طواف کرنیوالونکی اور چالیس واسطے نماز پڑھنے والونکی اور بیس واسطے نظر کرنے والونکو روایت کیا
بیہقی نے باسناد حسن عبداللہ ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے طواف کیا کعبہ شریف کا پچاس بار
تو وہ گناہ سے ایسا پاک ہو گیا جیسے مانکے پیٹ سے آج پیدا ہوا روایت کیا ترمذی نے عبداللہ ابن عمر رض سے روایت ہے
کہ سنا مینے رسول خدا صلعم سے کہ جسنے طواف کیا کعبہ شریف کا اور پھر مقام ابراہیم مین دو رکعتین پڑھین تو ہو گیا وہ شخص مانند
آزاد کیے ہوے بردہ کے روایت کیا ابن ماجہ نے حضرت عمر رض سے روایت ہے کہ جو شخص حاضر ہوا کعبہ شریف کے پاس اور نہین
ارادہ کرتا ہے مگر طواف کرنا اور اوسنے طواف کیا تو وہ گناہون سے ایسا پاک ہو گیا جیسے مان کے
پیٹ سے آج پیدا ہوا جامع ترمذی مین وارد ہوا کہ جسنے طواف کیا کعبہ شریف کا سات پھیرے دیگا اوسکے

بیان احکام طواف

بیان فضیلت طواف

کیطرف کرے گناہ اوسکے بخشے جاتے ہین اگرچہ شمار مین برابر جھاگ سمندر کے اور درختون کے پتون سعید بن منصورؒ
سے روایت ہے کہ جسنے نظر کی طرف کعبہ شریف کے ایمان اور صدق دل سے تو وہ گناہون سے ایسا پاک ہوگیا
جیسے اوسی دن ماں کے پیٹ سے پیدا ہوا روایت کیا ازرقی نے اور جندی عطار بن یسار سے روایت
کرتے ہین کہ نظر کرنے والا طرف کعبہ شریف غیر طواف اور غیر نماز مین وہ برابر ہے ثواب مین برس دن کی
عبادت کھڑے رہنے والے اور رکوع کرنیوالے اور سجدہ کرنے والے کے ابن ابی شیبہ اور جندی حضرت طاؤسؒ
سے روایت کرتے ہین کہ نظر کرنی طرف کعبہ شریف کے افضل ہے ثواب ہمیشہ روزہ رکھنے والے اور ہمیشہ
کھڑے رہنے والے عبادت اور ہمیشہ جہاد کرنے والے سے ابن سائب مدنیؒ سے روایت ہے کہ جسنے
نظر کی طرف کعبہ شریف کے ایمان اور صدق دل سے جھڑتے ہین گناہ اوسکے جیسے جھڑتے ہین پتے
درخت سے روایت کیا ابن جوزی نے اور ابن عدی اور بیہقی شعب الایمان مین بروایت
حضرت ابن عباسؓ نقل کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ اللہ تعالی جل جلالہ بیس رحمتین
ہرروز اور ہررات مین واسطے نظر کرنے والون کعبہ شریف کے نازل فرماتا ہے اور فرمایا حضرت صلعم
نے کہ جسنے نظر کی بیت اللہ شریف کیطرف ایمان اور صدق دل سے اور بنظر طلب ثواب کے
دیکھے گئے اوسکے اول آخر گناہ اور اوٹھایا جاویگا وہ دن قیامت کے امن پانے والون عذاب سے
شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ جسنے نظر کی طرف کعبہ
شریف کے اور عقب اوسپر خطائین مانند جھاگ سمندر کے بخشدیگا اللہ تعالی اوسکی کل خطائین فرمایا
رسول خدا صلعم نے کہ پانچ چیزون کے طرف نظر کرنا عبادت ہے نظر کرنا طرف قرآن مجید کے اور طرف کعبہ
شریف کے اور طرف ماں باپ کے اور طرف چہرہ عالم کے اور نظر کرنا زمزم شریف مین کہ محو کرتا ہے گناہون کو روایت کیا امام فاکہی
نے اور بعض تفاسیر مین وارد ہوا کہ النظر الی وجہ العلی عبادۃ یعنی فرمایا حضرت نے کہ نظر کرنا طرف چہرہ علی
کے عبادت ہے ارحم الراحمین بتصدق رحمۃ للعالمین سب مسلمانونکو اوس مقام اقدس کا دیکھنا نصیب فرماوے آمین یا رب العالمین

باب پانچوان
فصل پہلی
طواف کرنے کے فضائل مین

حضرت ابوہریرہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص طواف کرے خانہ کعبہ کا سات بار اور نہ کلام کرے

کرکے قتل کرین بس یہ سنتی ہی وہ آسمان کو اڑ گیا اور ابو الطفیل روایت کرتے ہین کہ اسی طرح ایک جن نوجوان سانپ کی شکل مین آکر طواف کرتا تھا بنو جرہم نے اوسکو غلطی سے مار ڈالا پس اوس صدمے سے ایک غبار عظیم پیدا ہوا اور بنو جرہم مر گئے اسی طرح وارد ہوا کہ سنہ آٹھ سو پندرہ مین بماہ جمادی الثانی ایک اونٹ مسجد الحرام مین داخل ہوا ہر چند لوگون نے اوسکے پکڑنے کا قصد کیا لیکن اوسنے سات بار طواف کیا اور حجر اسود کا بوسہ دیا اور پھر مصلے حنفی کی جگہ آکر مقابل میزاب رحمت کے کھڑا ہو کر اتنا رویا کہ پتھر اوسکے آنسوون سے بہنے لگے یہان تک کہ انتقال کیا لوگون نے اوسکو درمیان صفا مروہ کے دفن کر دیا اِنَّا لِلّٰہِ وَاِنَّا اِلَیْہِ رَاجِعُوْنَ من تصنیف فتح العزیز خداوند کریم اپنے فضل عظیم سے اوسکا مشاہدہ سب مسلمانونکو ظاہراً اور باطناً نصیب کرے آمین

فصل پانچوین
فضائل مین نظر کرنے کعبہ شریف کے

ابن ابی شیبہ اور ازرقی اور جندی سے روایت ہے کہ نظر کرنا طرف کعبہ شریف کے عبادت ہے اور بھی روایت کیا بیہقی نے شعب الایمان مین عطا ابن یسار سے ابن عباس رضی سے روایت ہے کہ نظر کرنا طرف کعبہ شریف کے محض ایمان ہے روایت کیا جندی اور قرشی نے حضرت امام حسن بصری رضی سے روایت ہے کہ جو شخص ایکساعت خاص واسطے رضامندی خدا و رسول صلعم کے اور بلحاظ تعظیم خانہ کعبہ کی طرف منہ کرکے بیٹھے اللہ تعالیٰ اوسکو ثواب عنایت فرماتا ہے مثل اوس شخص کے کہ جسنے حج اور عمرہ اور جہاد کیا ہو اور خدا کی راہ مین واسطے جہاد کے گھوڑے دوڑائے ہون اور روزے رکھے ہون احیاء العلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلے اللہ علیہ وسلم نے کہ بتحقیق اللہ تعالیٰ عزوجل نظر فرماتا ہے ہر رات طرف اہل زمین کے پس اول نظر فرماتا ہے طرف اہل مسجد الحرام کے پس جسکو دیکھتا ہے طواف کرتے بخشدیتا ہے اور سکو اور جسکو کہ دیکھتا ہے نماز مین اوسکو بھی بخشدیتا ہے اور جسکو کہ کھڑے ہوے کعبہ شریف کی طرف منہ کیے ہوے دیکھتا ہے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ حق تعالیٰ جلشانہ اول اہل مکہ کی طرف نظر فرماتا ہے پس جسکو کہ طواف مین یا نماز مین یا مسجد الحرام مین بیٹھے یا کعبہ شریف کی طرف منہ کیے بیٹھے دیکھتا ہے اوسکو بھی بخشدیتا ہے اوسوقت ملائکہ عرض کرتے ہین کہ اب کوئی نہین باقی رہا مگر سونے والے اللہ تعالیٰ فرماتا ہے کہ اونکو بھی اونمین ملا دو حضرت امام حسن بصری رضی سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم نے جو ایک نظر کعبہ شریف

کا ہے اور وقت مکر و کید کے خلیفہ شیطان کا ہے اور عباد تگاہ ملائکہ کی آسمان مین بیت المعمور ہے
پس زمین مین یہ مقام مقابل بیت المعمور کے ہے ازرقی حضرت امام حسن بصری وغیرہ تابعین سے روایت
کرتے ہین کہ کعبہ شریف مقابل بیت المعمور کے ہے اسی طرح بروایت حضرت ابن عباسؓ ثابت ہوا
تیسرے یہ کہ اس مکان عظیم الشان مین ظہور ربوبیت الٰہی کا حضرت اسمعیلؑ کے ساتھ کہ اولاد معظم
حضرت ابراہیم اور سید انبیاء شریف حضرت ختم المرسلین کے تھے بہ رنگ عجیب ظہور مین آیا کہ متصل اوس
مکان اقدس کے پانی قدرت خدا سے جوش مار رہا ہے اللہ تعالیٰ قرآن مجید مین فرماتا ہے فِيهِ
آيَاتٌ بَيِّنَاتٌ مَقَامُ إِبْرَاهِيمَ پس اوس جاے اقدس مین نشانیان عجیب و غریب روشن
ہین مانند اسکے کہ پرند جب اوڑتے ہوے خانہ کعبہ کے قریب آتے ہین تو اوپر نہین اوڑتے ہین کچھ
اوہر کچھ اودہر ہوکر پھٹ جاتے ہین اور جوش آنا زمزم شریف کا شب برات کو اور حجر اسود کا باوجود
عظیم صدمون اور انقلابون کے اب تک باقی رہنا حضرت ابن نقاش لکھتے ہین کہ ظاہر کعبہ شریف
مین ہزار آدمی سما سکتے ہین اور موسم حج مین ہزارون آدمی ایک ہی بار مین داخل ہوجاتے ہین اسطرح
باقی رہنا مقام ابراہیم کا اب تک بہت بڑی آیت الٰہی ہے شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ اگر منہ برسمت جانب رکن یمانی
تو ازرانی ہوتی ہے یمن مین اور جو جانب رکن شامی برسے تو شام مین ازرانی ہوتی ہے اور جو جانب رکن عراقی برسمت تو ازرانی
طرف عراق کی ہوتی ہے اور جو جانب حجر اسود کے برسے تو ازرانی طرف ہندوستان وغیرہ کے ہوتی ہے اور اگر
برسے ہر طرف کعبہ شریف کی تو ازرانی سب جگہ ہوتی ہے صحائف انبیاء بنی اسرائیل مین وارد ہوا کہ بابرکت
ہے وہ خداوند حقیقی جسنے کہ تجلی فرمائی اوپر طور کے اور چمکا نور اوسکا ساعیر سے کہ نام کوہ ساعیر المعظم ہے
ہے اور بے پردہ ظاہر ہوا کوہستان فاران سے فاران نام مکہ معظمہ کا ہے غرض اس مکان عظیم الشان
مین پروردگار عالم نے ایسے انوار ذاتی محبوبیت اور رحمانیت کی رکھی ہین کہ جو دیکھتا ہے کامل ناقص
نبی ذکی خواہ مخواہ وہان کے انوار و برکات عیان اور نمایان دیکھ کر اپنا محبوب اور معشوق سمجھتا ہے
اور لاریب خانہ خدا جانتا ہے یہان تک کہ جنات اور حیوانات بھی اس خانہ مبارک کی تعظیم مین معروف
ہین ازرقی بروایت طلق بن حبیب رضؓ نقل کرتے ہین کہ ایک اژدہا جانب مسجد الحرام سے آنکر دیکھا مینے کہ سات
بار گرد کعبہ شریف کے پھر کر مقام ابراہیم مین جاکر دو رکعتین ادا کین حضرت عبداللہ ابن عمرؓ اوس مجلس شریف
مین حاضر تھے اونھون نے اور اور لوگون نے اوس سے بطور تماشہ کے کہا کہ مبادا منافق تجکو سانپ تصور

جبل ابی قبیس و قدس و طور و فاران و رضوی و احد سے بعض کتب تواریخ و سیر سے ثابت ہوتا ہے
کہ بلندی بیت اللہ شریف کی اندازون مین اٹھارہ گز اور باوگر ہی گز شرعی ہے کہ چوبیس انگشتی ہے اور طول
حجر اسود کے کونے سے تا رکن عراقی پچیس گز اور چھ بالشت ہے اور رکن یمانی سے تا رکن شامی کہ دیوار
غربی خانہ کعبہ ہے چوبیس گز اور ایک بالشت ہے اور عرض رکن یمانی سے حجر اسود تک کہ دیوار جنوبی
کعبہ شریف ہے اکیس گز اور ایک بالشت ہے اور رکن شامی سے تا رکن عراقی کہ دیوار شمالی کعبہ
معظمہ ہے بائیس گز ہے اور دروازہ کعبہ شریف کا دیوار شرقی مین اور طول دروازہ کا چھ گز اور دس
انگشت ہے اور عرض چار گز ہے اور تختے دروازہ شریف کے ساج کی لکڑی کے ہین اور اوپر چاندی
کے پترے چاندی کی میخون سے جڑے ہین اور بلندی آستانہ اقدس کی زمین سے چار گز اور
آٹھوان حصہ گز کا ہے اور نادوان کعبہ شریف کا درمیان دیوار شمالی مابین رکن عراقی اور رکن
شامی کی ہے اور حجر اسود درمیان مشرق اور شمال کے ہے اور بلندی حجر اسود کی زمین سے اڑھائی گز
اور چھٹے حصہ گز سے کچھ زیادہ ہے اور عرض و طول حجر اسود کا ایک بالشت اور چار انگشت ہے وارد ہوا
کہ گرد خانہ کعبہ کے مشرکین نے تین سو ساٹھ بت رکھے تھے اور پانو اونکے سیسے سے جمادیے تھے
رسول مقبول صلعم جسوقت وہان تشریف لے گئے ایک لکڑی آپ کے ہاتھ مین تھی آپ یہ آیت پڑھتے
تھے جَاءَ الْحَقُّ وَزَهَقَ الْبَاطِلُ إِنَّ الْبَاطِلَ كَانَ زَهُوقًا یعنی آیا حق اور مٹا باطل بیشک باطل ہی مٹنے والا
اور لکڑی سے آپ بتونکیطرف اشارہ کرتے تھے سو جسکے منھ کیطرف اشارہ فرماتے تھے وہ بت چت گر پڑتا تھا اور جسکی
پشت کیطرف آپ اشارہ فرماتے تھے وہ اندھا گر پڑتا تھا اسطرح سے سب بت اوکھڑ اوکھڑ کے گر پڑے اور تصویرین جو
دیوار خانہ کعبہ پر کھچین تھین اوسکو آپنے چاہ زمزم سے پانی منگوا کے دھو ڈالا اونمین حضرت ابراہیم اور حضرت
اسمعیل کی صورتین جو تھین اونکے ہاتھونمین تیر قمار کے بنادیے تھے آپنے فرمایا کہ مشرکین خوب جانتے ہین کہ انونے
پیغمبرون نے یہ کبھی کام نکیا براہ شرارت اونکی ہاتھونمین تیر قمار کی صورت بنادی تھے ف خانہ کعبہ جو منسوب بخانہ خدا ہی اسکی وجہ
یہ ہی کہ اصل نوع انسانی خاک سی ہی اور اصل کرہ خاک کا یہی نقطہ ہی یعنی اوسی کے نیچے سے تمام زمین پھیلائی گئی تو ضرور ہوا
کہ انسان جب جسم اپنی کو مشغول عبادت پروردگار مین کرے تو اپنی اصل خاک کیطرف رجوع لاوے اور یہی
وجہ ہے کہ خانہ کعبہ قبلہ تمام عبادتونکا اور مرجع تمام خلقت کا مقرر ہوا دوسرے یہ کہ وقت عبادت کرنے کے آدمی
خلیفہ ملائکہ کا ہی کہ اصل مین یہ کام اونکا ہے جیسے کہ وقت غصہ کے خلیفہ درندہ جانورونکا ہی اور وقت شہوت کے خلیفہ

بیان بلندی خانہ کعبہ

حاضر ہوتے ہین یہان لوگ اطراف زمین سے اور عبادت کرتے ہین میری جیسے غلام اپنے مولی
سے کہتا ہے کہ حاضر ہون یہ سنکر حضرت موسی نے عرض کیا کہ خداوندا اسکا اجر وثواب کیا ہے فرمایا کہ
اے موسی بخشدیتا ہون مین اونکو اور یہان تک اونکو رتبہ اور مرتبہ دیتا ہون کہ ستر آدمی اپنے کہنے کے
مجھسے بخشوائین حضرت موسی نے عرض کیا خداوندا بعض اومین سے سال اور دل پاک وصاف نہین رکھتے
ہین ارشاد ہوا کہ اے موسی نیکون کے ساتھ اون بدون کو بخشدیتا ہون روایت کیا فقیہ ابواللیث
نے ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ کعبہ شریف ڈھیا رہتا ہے ستر ہزار فرشتونسے
کہ وہ سب بخشش چاہتے رہتے ہین اللہ تعالی سے طواف کرنے والون کے اور رحمت بھیجتے ہین اور دعا
کرتے ہین اونکے حق مین روایت کیا امام فاکہی نے اور حضرت امام حسن بصری سے روایت ہے کہ نہین داخل
ہوتا ہے کوئی کعبہ شریف مین مگر کہ داخل ہوتا ہے اللہ کی رحمت مین اور نہین باہر آتا ہے اوس سے
مگر مغفرت لیکر اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ جو داخل ہوا کعبہ شریف مین وہ داخل ہوا اللہ کی
رحمت اور اللہ کے امن مین اور جو نکلا اوس سے مگر کہ مغفرت اپنی لیکر مجالس یکیہ مین وارد ہوا کہ فرمایا
رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے نماز پڑھی سامنے دروازہ کعبہ شریف کے چار رکعت پس گویا کہ اوسنے
عبادت کی اللہ کی تمام خلقت کے برابر اور رحمت بھیجتے ہین اوسپر ستر ہزار فرشتے حضرت علی رضہ سے
روایت ہے کہ فرمایا حضرتؐ نے کہ جو شخص ارادہ کرے دنیا و آخرت کی بھلائی کا پس چاہیے اوسکو کہ نیت
کرے کعبہ شریف کی زیارت کی کیونکہ نہین ہے کوئی بندہ کہ سوال کرے دنیا کی ترقی اور آخرت کی بھلائی
کا مگر کہ اللہ تعالی اوسکو عنایت فرماتا ہے روایت کیا محدث طبری نے حضرت ابن عباس رضہ سے روایت
ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ مین دیکھتا ہون خراب کرنے والے کعبے کو کہ ہوگا سیاہ رنگ
پھدا اوکھاڑیگا خانہ کعبہ کو پتھر پتھر نقل کی بخاری نے اور حضرت ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ
فرمایا حضرت صلعم نے کہ خراب کریگا خانہ کعبہ کو صاحب دو پنڈلیون چھوٹی اوپتلی کا حبشیون مین سے
نقل کی بخاری اور مسلم نے ف اس حدیث سے صاف معلوم ہوا کہ خرابی کعبہ شریف کی حبشی کے ہاتھ
ہوگی اور یہ مقام عبرت ہے کہ خانہ کعبہ باوجود اس قدر عظمت کے ایک حقیر آدمی کے ہاتھ سے خراب
ہوگا اوسکے ساتھ قیامت قائم ہوگی اور دنیا خراب ہوگی اسواسطے کہ آبادی تمام عالم کی متعلق ہے
ساتھ آباد رہنے اس خانہ مبارک کے حضرت قتادہ رضہ سے روایت ہے کہ بنا فرمایا کعبہ شریف حضرت ابراہیم نے

مین جواب مین کہونگا وعلیک السلام یا بیت اللہ میری امت نے تیرے ساتھ کیا سلوک کیا اور تو
میری امت کے ساتھ کیا سلوک کریگا کعبہ شریف اوسکے جواب مین کہینگے کہ اے حبیب خالق اکبر جو شخص
آپ کی امت مین سے میری زیارت کیواسطے آیا اوسکی بخشش کرانے کو مین کافی ہون اونکی طرف سے
آپ اطمینان فرماوین اور جو نہین آئے اونکی شفاعت کے لیے آپ کافی ہو جاوین روایت کیا دیلمی نے
اور حضرت وہب ابن منبہ سے روایت ہے کہ توریت مین لکھا ہے کہ بتحقیق اللہ عزوجل بھیجیگا دن قیامت
کے سات لاکھ فرشتے عرش سے کہ ہر فرشتے کے ہاتھ مین ایک زنجیر سونے کی ہوگی اوس سے کھینچینگے
کعبہ شریف کو طرف محشر کے پس ایک فرشتہ پکاریگا کہ اے کعبۃ اللہ سیر کر کعبہ شریف کہینگے کہ مین نہین
سیر کرونگا یہان تک کہ پورا کیا جاوے سوال میرا حکم ہوگا کہ کہہ پس آپ کہینگے کہ ای رب میرے شفاعت
قبول کر میرے ہمسایے کی مقبرے مین جو دفن ہوے ہین گرد میرے اللہ تعالی فرماویگا کہ قبول کی مینے
پس اوٹھینگے مسلمان مکہ شریف مین کہ سبکے چہرے روشن ہونگے اور احرام باندھے ہوئے لبیک کہتے ہوے
گرد کعبہ شریف کے طواف کرتے ہونگے پھر حکم ہوگا کہ سیر کر پھر آپ وہی جواب دینگے حکم ہوگا کہ
سوال کر آپ کہینگے کہ اے رب میرے تیرے بندے گنہگار جو دور دور از راستے سے آئکر میرے مہمان
ہوے اونکو امن مین رکھ قیامت کی بڑی گھبراہٹ سے حکم ہوگا کہ قبول کیا مینے پس پکار یکا پکارنیوالا
کہ آگاہ ہو جاؤ کہ جسنے زیارت کی کعبہ شریف کی وہ لوگ الگ ہو جاوین پس جمع ہو جاینگے وہ لوگ
گرد کعبہ شریف کے لبیک کہتے ہوے پھر حکم ہوگا کہ اب سیر کر اوسوقت آپ کہینگے لبیک اللھم
لبیک اور طرف محشر کے گذر ہوگا پس اول گذر اوپر سرور عالم صلعم کے ہوگا پس آپ کہینگے کہ یارسول اللہ
آپ میری نہ زیارت کرنے والون کی شفاعت فرماوین اور نہ زیارت کرنیوالونکی مین شفاعت کرونگا اسطرح روایت کیا سلیمان ابن داود نے
اور قرشی نے بحر مین حضرت علی سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہین کہ ایکبار طواف کرتا تھا مین حضرت
کے ساتھ مینے عرض کیا کہ قربان ہون تجھپر مان باپ میرے یارسول اللہ کعبہ شریف کیا شے ہے آپ نے
فرمایا کہ اے علی اللہ تعالی نے اس گھر کی بنیاد زمین مین صرف اسی واسطے ڈالی ہے کہ اس گھر کا طواف
کرنا میری امت کے سب گناہون کا کفارہ ہو جاوے روایت کیا فقیہ ابو اللیث نے عمر ابن عبد العزیز سے
روایت ہے کہ ایکبار حضرت موسی نے اللہ تعالی سے کعبہ شریف کی فضیلت پوچھی ارشاد ہوا کہ ای موسی
وہ گھر میرا ہے کہ پسند کیا مینے اوسکو سب گھرون سے اور حرم میرا ہے کہ میرے خلیل نے اسکی تعظیم کی

امام فاکہی سعید ابن مسیبؒ سے نقل کرتے ہین کہ فرمایا حضرت علیؓ نے کہ پیدا کیا اللہ تعالیٰ نے کعبہ شریف کو چالیس برس پہلے پیدائش زمین و آسمان کے پس مثل جھلی کے تھا اوپر پانی کے اور بروایت حضرت ابو ہریرہ وارد ہوا کہ کعبہ شریف زمین کی پیدائش سے دو ہزار برس پیشتر پیدا ہوا کہتے ہین کہ جب حضرت آدم حج کو چلے فرشتون نے کہا کہ اے آدم اچھا کرا اپنا حج کہ تحقیق ہمنے حج کیا ہے تجھ سے پہلے دو ہزار برس تفاسیر معتبر مین وارد ہوا کہ حضرت عبداللہ ابن زبیرؓ نے اپنے عہد مین سنہ چونسٹھ ستائیسوین رجب کو خانہ کعبہ موافق منشاء رسول مقبول صلعم کے حسب مرضی و اجازت حضرت عائشہ صدیقہؓ بنا کیا تھا لیکن حجاج نے بعد غلبہ پانے کے پھر اوسی پہلی صورت پر بنا دیا جو اب ہو جود ہی ان اللہ تعالیٰ اعلم

فصل چوتھی
فضائل کعبہ شریف مین

مسلمانون پر پوشیدہ نہ رہے کہ کعبہ شریف کی شان مین بہت آیات و حدیث وارد ہوئے ہین جنکا بیان اس مختصر مین نہین ادا ہو سکتا تیمناً و تبرکاً چند فضائل اس جگہ لکھے جاتے ہین کہ مسلمان بھائیون خاصکر حاجیون کا دل سنکر خوش ہو اور محبت و الفت اوس مقام اقدس کی دلمین پیدا ہو عدۃ الانابہ فی امکن الاجابہ مین مذکور ہوا کہ سرور عالم صلعم نے فرمایا کہ جو نکلے بارادہ زیارت کعبہ شریف کے حج کرنے والا عمرہ یا عمرہ لانیوالا اللہ اوسکا ذمہ دار اور ضامن ہوگا جبکا کہ اگر اوسکو بھیجے بھیجنے مزدوری اور غنیمت کے ساتھ اور اگر اوسکی روح قبض کرے تو داخل کرے اوسکو جنت مین روایت کیا ازرقی نے اور بھی اخبار العلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے قصد کیا کعبہ شریف کی زیارت کا اور راہ مین کسی طرح کا کوئی کام خلاف نکیا تو وہ نکلا گناہون سے ایسا جیسے اوسی دن اوسکی ماں نے جنا اور بھی وارد ہوا کہ تحقیق اللہ عزوجل نے وعدہ فرمایا کعبہ شریف سے یہ کہ قصد کرین اوسکی زیارت کا ہر برس چھ لاکھ آدمی پھر اگر کم ہون تو پورا فرماوے فرشتون سے اور تحقیق کعبہ شریف اوٹھایا جاویگا مانند دولھن کے اور زیارت کرنے والے اوسکے پردون کے ساتھ لٹکے ہون گے اور طواف کرتے ہونگے گرداوسکے یہان تک کہ داخل ہو جنت مین مع اپنے زیارت کرنے والونکے جابر ابن عبداللہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جب دن قیامت کا ہوگا تو فرشتے کعبہ شریف کو مانند دولھن کے آراستہ کرکے میدان قیامت مین لیجاوینگے جب میرے مرقد اطہر منبر پر گذر ہوگا تو کعبہ معظمہ بزبان فصیح کہیگا کہ السلام علیک یا محمد صلعم

اسکو غنیمت جانو اور عزت سے رکھو حضرت اسمعیلؑ نے گھر مین آکر جو انوار نبوت و رسالت دیکھی حال پوچھا
بی بی نے اول سے آخر تک کیفیت عرض کی حضرت اسمعیل نے سب بیان سنکر فرمایا کہ وہ پیر مرد میرے
والد بزرگوار تھے تیرے حق مین سفارش فرما گئے ہین جیسے آپ اون بیوی کی تعظیم و تکریم فرمانے لگے
اسپر بھی جب عرصہ گذرا تو حضرت ابراہیمؑ نے پھر حضرت سارہؓ سے کہا کہ دوبار اتفاق جانیکا ہوا
لیکن حضرت اسمعیلؑ کو نہ دیکھا اب کی بار اجازت دو کہ مین چند روز اوسکے پاس رہون اوسوقت
حضرت سارہ نے خوشی سے اجازت دی اور آپ روانہ ہوکر پہونچے دیکھا کہ حضرت اسمعیلؑ قریب
زمزم کے بیٹھے ہوے تیرونکو درست فرما رہے ہین دیکھتے ہی حضرت اسمعیل بے اختیار دوڑے
اور معانقہ کیا حضرت معمر بن راشد یمنیؒ اس قصہ شریف کے ذکر مین نقل کرتے ہین کہ باپ بیٹے
دونون ملکر اتنے روئے کہ آواز بند ہوگئین اور پرند جانور بھی رونے لگے غرض بعد افاقہ
کے حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ مجکو خدا کا حکم ہوا ہے کہ اس جگہ خانہ خدا بناؤن اور اسکام کو
اپنے ہاتھ سے کرونگا تو بھی اسمین مدد دے آپ نے عرض کیا کہ حکم خدا اور آپکا فرمانا میرے
سر انکھون پر ہے چنانچہ غرہ ذی قعدہ مین بناے کعبہ معظمہ شروع ہوئی اور پچیسوین کو تمام ہوئی
لکھا ہے کہ حضرت اسمعیل پتھر لاتے تھے اور حضرت ابراہیم بناتے تھے جب آپ کو کم و زیادہ ہونیکا
خوف ہوا تو اللہ تعالی نے ایک ابر بھیجا اوسکے سایہ کے موافق آپ نے بنایا لکھا ہے کہ یہ عمارت
تا مدت دراز قائم رہی اور بعد اسکے قوم عمالقہ نے اوسی اسلوب پر بنایا بعد اسکے جرہمیون نے
پھر قریش نے بنایا اہل سیر لکھتے ہین کہ اول بنا کعبہ کی زمین پر حضرت آدمؑ نے کی مقابل بیت المعمور
کے کہ ساتوین آسمان پر ہے بعد اسکے حضرت شیثؑ نے پس جبکہ طوفان نوح آیا تو بحکم الٰہی
فرشتون نے سب پتھر کعبہ شریف کے مع حجر اسود جمع کرکے کوہ ابو قبیس مین دفن کر دیے بعد
اسکے حضرت ابراہیم نے بحکم الٰہی خانہ کعبہ تعمیر فرمایا لیکن یہ روایات چندان قابل اعتماد نہین ہین
مذہب تحقیق یہی ہے کہ پہلے حضرت ابراہیمؑ کے کسی نے خانہ کعبہ نہین بنایا اور از روے آیات و
احادیث بھی یہی ثابت ہے جو مشتاق تفصیل ہو کتب تفاسیر مین دیکھلے جیسی کہ تفسیر فتح العزیز مین
اسکی تصریح مذکور ہے ف پوشیدہ نہ رہے کہ جس جگہ خانہ کعبہ بنا ہے وہ جگہ حضرت آدمؑ کی بھی
پیدایش سے پہلے معظم اور مکرم بلکہ پیدایش آسمان و زمین سے بھی پہلے وہ جگہ واجب التعظیم تھی حضرت

بیان تعمیر کعبہ حضرت ابراہیم و حضرت اسمعیل علیہما السلام

بیان تعمیر کعبہ حضرت آدم و حضرت شیث علیہما السلام

ہوئین اور ایک طرح کا رشک کم ہو گیا تو اوسوقت حضرت ابراہیم نے حضرت سارہ سے اجازت جانے کی
چاہی آپ نے اجازت بشرطیکہ سواری سے نہ اوتریں اور نہ رات کو رہین پس آپ روانہ ہوئے اور مکہ
معظمہ مین پہونچے آباد دیکھکر بہت خوش ہوئے پوچھا کہ اس شہر کے مالک کا گھر کہان ہے لوگون نے
بتایا اتفاق سے حضرت اسمٰعیل اوسوقت شکار کو چلے گئے تھے اور آپ کی معاش ہی مین تھی کہ تیر و کمان
سے شکار کر لاتے تھے اور آب زمزم مین پکا کر نوش فرماتے حق تعالی آپ کو اسی پر صبر و قناعت عنایت
فرماتا پس جب آپنے حضرت اسمٰعیل کو گھر پر نہ پایا اونکی بیوی کو دروازہ پر بلا کر دریافت کیا کہ تمہارے خاوند
کہان گئے ہین اور کب آوین گے اونھون عرض کیا کہ شکار کو گئے ہین اور شام کو آوین گے آپ نے
سوچا کہ اگر انکے آنے تک ٹھہرون گا تو رات کو ٹھہرنا پڑیگا اور خلاف وعدہ لازم آئیگا پس آپ نے
احوال پوچھنا شروع کیا اونھون نے کچھ شکایت اپنی گذران کی اور حضرت اسمٰعیل کی بیان کی آپ نے
یہ سب سنکر فرمایا کہ جب تمہارے خاوند آوین تو بعد سلام یہ کہدینا کہ یہ چوکھٹ لائق تمہارے دروازے
کے نہین ہے شام کو جب حضرت اسمٰعیل آئے اور تمام گھر کو انوار نبوت سے مالا مال پاکر پوچھا کہ کوئی
یہان آیا تھا آپ نے سب کیفیت عرض کی تمام و کمال سنکر آپ نے فرمایا کہ وہ پیر مرد میرے والد
بزرگوار تھے اور معلوم ہوتا ہے کہ تو نے میرا شکوہ شاید آپ کے روبرو بیان کیا اب تو میرے لائق
نہین اور دوسرا نکاح آپ نے کیا بعد ایکسال کے پھر حضرت ابراہیم اوسی شرط سے تشریف لائے اور پھر
حضرت اسمٰعیل کو نہ پایا لیکن آپ کی بیوی نے کمال آپ کی حرمت اور تعظیم و تواضع کی اور کمال اصرار سے
آب گرم سے آپ کے سر مبارک کا گرد و غبار اوسی سواری پر دھویا بعض روایات سے ثابت ہوتا ہے
کہ آپ نے دونون پانون مبارک دھلوا کر فرمایا کہ یہ پانی اندر گھر کے چھڑک دو اور اس درمیان مین آپ
حال پوچھتے رہے اور وہ بی بی شکر خدا بیان کرتی رہین کہ بڑی خوشی اور فراغت سے گذرتی ہے
حضرت اسمٰعیل شکار کر لاتے ہین اوس گوشت اور آب زمزم سے طبیعت سیر رہتی ہے آپ نے اونکے
حق مین دعا خیر فرمائی اور کہا کہ حق تعالی تمہارے گوشت اور پانی مین خیر و برکت بڑھاوے حدیث
شریف مین وارد ہوا کہ حضرت ابراہیم کی دعا کی یہ خاصیت ہے کہ جو شخص وہان گوشت اور پانی
پر قناعت کرے تو اوسکو حاجت دوسری قسم کی غلہ اور دانے کی نہین رہتی ہے غرض آپ
چلتے وقت یہ فرما گئے کہ بعد سلام یہ کہدینا کہ یہ چوکھٹ تمہارے دروازے کی بہت اچھی ہے

یہی جگہ مقرر ہوئی اور قیامت تک رہیگی حضرت مولانا ے روم رح فرماتے ہین ؎ ہر چہ گیرد علتے علت شود + کفر گیرد کاملے ملت شود + لکھا ہی کہ راہ مین شیطان نے حضرت اسمٰعیل کو بہکایا آپ نے حضرت ابراہیم سے عرض کیا کہ ایک شخص مجکو ایسا ایسا کہتا ہے آپنے فرمایا کہ سنگریزے اوٹھاکر اور تکبیر کہکے اوسکو مار کہ وہ شیطان رجیم ہے راہ خیر و حق سے باز رکھتا ہے غرض جب آپ قربانی کی جگہ پہونچے تو حضرت اسمٰعیل نے عرض کیا کہ کئی باتین عرض کیا چاہتا ہون حضرت ابراہیم نے فرمایا کہ مجکو قبول ہین آپنے عرض کی کہ اول یہ کہ آپ اپنی آنکھونکو وقت ذبح کے باندھ لین کہ مبادا میری خون کے دیکھنے سے آپکا ہاتھ ذبح کرنے سے رک جائے اور یہ سبب میری نامقبولیت کا ہو اور خدا کے حکم مین ڈھیل اور دیر پیش آوے دوسرے یہ کہ میرے ہاتھ پانو ایک رسی سے باندھ دیجیے کہ مبادا وقت جان دینے کے تڑپون اور اس بے ادبی سے دنیا سے رخصت ہون تیسرے یہ کہ جب آپ گھر تشریف لیجاوین تو میری ماں سے سلام فرمادیوین اور میرا پیراہن دیدیوین تاوہ اپنی تسلی اوس سے کرین غرض جب حضرت مستعد اس کام کے ہوے تو حضرت جبرئیل نے آن کر آپ سے عرض کیا کہ مرضی حقتعالیٰ کی ایسی ہے کہ اسمٰعیل کو مانند گرانے جانور کے زمین پر گراو حضرت ابراہیم نے ایسا ہی کیا جیسے کہ قرآن مجید مین وارد ہوا فَلَمَّآ اَسْلَمَا وَتَلَّهٗ لِلْجَبِيْنِ وَنَادَيْنٰهُ اَنْ يّٰٓاِبْرٰهِيْمُ قَدْ صَدَّقْتَ الرُّءْيَا وَفَدَيْنٰهُ بِذِبْحٍ عَظِيْمٍ یعنی جسوقت کہ وہ دونو مطیع و منقاد حکم الٰہی کے ہوے اور پیشانی کے بل گرایا حضرت اسمٰعیل کو تو پکارا ہمنے کہ اے ابراہیم تحقیق سچا کیا تونے اپنے خواب کو اور بدلہ دیا ہمنے اوسکا ساتھ قربانی بڑی کے چنانچہ مفسرین لکھتے ہین کہ وہ مینڈھا بڑے بڑے سینگ کا تھا اور چالیس برس مرغزار بہشت مین چرا تھا بعض کے نزدیک یہ وہ مینڈھا تھا کہ ہابیل نے قربان کیا تھا اور وہ قربانی مقبول ہوئی تھی یا یہ کہ جبل ثبیر سے حضرت جبرئیل لے آئے اور بعض مفسرین ذبح عظیم سے مراد روح مقدس حضرت امام حسینؑ کی لیتے ہین کہ آپ پوتے حضرت ابراہیمؑ کے اور نواسے حضرت نبی آخرزمان صلعم کے ہین لکھا ہی کہ جب آپنے چھرے حلقوم مبارک حضرت اسمٰعیلؑ پر پھیرے تو حق سبحانہ تعالیٰ نے آپ کی حلق کو تانبے کا کردیا اور بعضے کہتے ہین کہ آپ کا حلق مبارک کٹتا جاتا تھا اور اوسی وقت درست ہوتا جاتا تھا کیا خوب فرمایا ہے ؎ کشتگان خنجر تسلیم را + ہر زمان از غیب جانی دیگر است تفسیر وسیط مین وارد ہوا کہ جیسے حضرت ابراہیم نے خواب مین ذبح کرنا حضرت اسمٰعیلؑ کا دیکھا تھا لیکن اثر خون نہ دیکھا تھا بیداری مین بھی ظہور اوسکا ویسا ہی ہوا غرض جب حضرت اسحاقؑ پیدا ہوے تو حضرت سارہ اونکی پرورش مین مصروف

جناب الہی مین زاری پیش کرین غرض وہان سے اوتر کر آپ حضرت اسمعیلؑ کے پاس آئین تو دیکھا کہ حضرت جبرئیلؑ کے پر مارنے سے پانی نکلا اور بعض لکھتے ہین کہ آپ نے دیکھا کہ حضرت اسمعیلؑ کے پانون مارنے کی جگہ سے پانی سرد و شیرین جاری ہے حضرت ہاجرہؑ نے اوسکو فرمایا کہ زم زم زبان سریانی مین اسکے معنی ہوتے ہین کہ ٹھہر جا ٹھہر جا پس آپ نے اوسکو جلدی سے بطور تعار گھیرنا یا رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ اگر حضرت ہاجرہؑ اوس پانی کو نہ گھیرتین تو سارا عالم اوسکا پانی پیتا بعد چند روز کے بنی جرہم نواح یمن سے اوس جگہ اوترے اور مقابل خانہ کعبہ کے جانورون کو اوڑتے دیکھا تو متعجب ہوکر وہان آئے دیکھا کہ پانی غیب سے جوش مار رہا ہے اور ایک عورت لڑکا لیے ہوے اوس پانی کے پاس بیٹھی ہے قوم نے وہان رہنے کی آپ سے اجازت چاہی آپ نے اونکو اجازت دی اس شرط سے کہ کچھ حقداری تمکو پانی مین نہوگی اونھون نے یہ شرط قبول کی اور وہان آباد ہوئی پھر بتوقطور اوہان آکر رہے کہ بنی اعمام جرہمیون کے تھے پس ایک چھوٹی سی بستی ہوگئی جب حضرت اسمعیلؑ سات برس کے ہوے تو آپ نے جرہمیون سے زبان عربی سیکھی جب آپ بارہ برس کے ہوے تو اوس جماعت کے سردار نے اپنی لڑکی کا نکاح آپ کے ساتھ کردیا اس عرصے مین حضرت ہاجرہؑ کا انتقال ہوگیا لکھا ہے کہ جب حضرت اسمعیلؑ کی عمر چودہ برس کی ہوئی تو حضرت سارہؑ کے حضرت اسحاق پیدا ہوے ف باہم علماے دین کے اختلاف ہے کہ حضرت ابراہیمؑ نے حضرت اسمعیلؑ کو راہ خدا مین ذبح کیا یا حضرت اسحاق بعض کے نزدیک حضرت اسحاقؑ ہین لیکن صحیح ترین یہ روایت ہے کہ حضرت اسمعیلؑ ہین کہ رسول مقبول صلعم نے فرمایا انا ابن الذبیحین. اشارہ حضرت اسمعیلؑ اور حضرت عبداللہ کیطرف ہے پس بعض کے نزدیک حضرت اسحاق حضرت اسمعیلؑ سے سات برس چھوٹے تھے اور بعض کے نزدیک بارہ برس ایکدن حضرت ابراہیمؑ نے خواب مین دیکھا کہ حضرت اسمعیلؑ کو بنام خدا تعالی ذبح کرتا ہون لیکن آپ نے اوس خواب پر اعتماد نہ فرمایا دوسرے دن پھر ویسی ہی خواب مین دیکھا پھر بھی اور نہ کیا پھر تیسری بار دیکھا اوسوقت آپ نے جانا کہ یہ الہام غیبی ہے پس آپ نے یہ خواب حضرت اسمعیلؑ کے روبرو بیان کیا کہ اللہ تعالی مجکو ایسا حکم فرماتا ہے آپ نے عرض کیا کہ انشاءاللہ تعالی مجکو آپ صابرو شاکر پاوگے دل و جان سے مین راضی ہون پس حضرت ابراہیمؑ مستعد ہوکر واسطے قربانی کے مکہ شریف سے باہر نکل کر کہ کوئی اس کام سے روکے بمقام منی لے گئے اسی وجہ سے مقام قربانی

بیان ہاجرہ

حضرت اسمعیلؑ کے چہرے نورانی پر کئی بوسے دیے یکایک حضرت سارہؑ کو جو یہ حال معلوم ہوا تو نہایت رشک
پیدا ہوا یہان تک ایکدن آپ نے قسم کھائی کہ ناک اور کان تیرے کاٹون گی یعنی حضرت ہاجرہؑ کے
پس حضرت ابراہیم نے اللہ تعالی کے حکم سے اونکو فرمایا کہ کان اور ناک مین سوراخ کرو اور اونمین زیور پہناؤ
تاکہ قسم تمہاری اوتر جائے اور باعث حسن اور زیبائش کا ہو چنانچہ آپ نے ایسا ہی کیا اوس دن سے
یہ رسم تمام عالم مین عورتون کے لیے جاری ہوئی غرض حضرت سارہؑ کی دلمین روز بروز رشک بڑھنے لگا
یہان تک کہ ایک دن آپ نے حضرت ابراہیم سے کہا کہ اسی وقت اس لڑکے کو اور اسکی ماں کو گھر سے
نکالدو اور ایک ایسے جنگل مین جہان آب و دانہ اور سایہ نہو چھوڑ کر چلے آؤ حضرت ابراہیم نے ہر چند فہمایش
کی مگر آپ نے نہ مانا ناچار جناب الٰہی مین رجوع کی ارشاد ہوا کہ موافق حضرت سارہ کے کہنے کے عمل
کرو پس حضرت ابراہیم نے فوراً حضرت ہاجرہ اور حضرت اسمٰعیلؑ دونون کو سوار کیا اور روانہ ہوے لکھا ہے
کہ جب آپ اوس میدان مین پہونچے جہان اب خانہ کعبہ ہے حکم الٰہی ہوا کہ ان دونون کو اسی جگہ چھوڑ کر
چلے جاؤ آپ نے ایسا ہی کیا اور ایک مشک پانی اور تھوڑے چھوہارے اونکو دیے اور آپ وہان سے
چلے حضرت ہاجرہؑ بھی آپ کے پیچھے چلین اور یہ کہتی تھین کہ ہمکو کہان چھوڑ کر جاتے ہو ایسے جنگل مین
مگر حضرت ابراہیم منہ پھیرے چلے جاتے تھے آخر کار حضرت ہاجرہؑ نے کہا کہ کیا حکم خدا ایسا ہی ہے آپ نے
اسقدر فرمایا کہ ہان تب حضرت ہاجرہؑ نے کہا کہ اب ہمکو کچھ گھبراہٹ نہین ہے وہ ارحم الراحمین ہے
کبھی ہمکو ضایع نہ کریگا اور نہایت اطمینان و قرار سے پھر کر حضرت اسمٰعیلؑ کے پاس آگئین اور دودھ پلانے
لگین جب حضرت ابراہیم پشتۂ پہاڑ سے آگے بڑھ گئے تو آپ کعبہ شریف کی سمت پر متوجہ ہو کر کلمات
دعا اسطور پر فرمانے لگے ربنا انی اسکنت من ذریتی بواد غیر ذی زرع عند بیتک المحرم
آہ اور آپ نے ہر ایک امر مین رب العالمین سے اوسوقت دعا مانگی چنانچہ ہر قسم کا میوہ مکہ معظمہ مین بافراط
بہم پہونچتا ہے اور نبوت بھی تا قیام قیامت آپ کی اولاد مین جاری ہے اسواسطے کہ نبی آخر الزمان
اولاد خلیلؑ سے ہین غرض وہ پانی جب تمام ہو گیا تو حضرت اسمعیلؑ پیاس سے بیتاب ہوے حضرت
ہاجرہؑ بھی یہ حال دیکھکر بیقرار ہوئین اور کوہ صفا پر دوڑین اور خدا سے فریاد کی اسی طرح پھر مروہ پر جاکر
خدا سے فریاد کی سات بار اسی طرح اتفاق ہوا حضرت ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ سعی درمیان صفا
و مروہ کے اسی وجہ سے مقرر ہوئی تا لوگ بیچارگی اور بیکسی کی حالت مین اون خاصان حق کا خیال کرکے

کرے کہ حضرت سارہؓ نے فرمایا کہ مجھکو مہلت دے کہ راستہ کی گرد و غبار سے صاف ہو جاؤن اور رسم عبادت
اپنی بجالاؤن اوسنے کہا کہ یہین نہا دھولو پس حضرت سارہؓ نے وضو کیا اور آپ نماز کے واسطے کھڑی
ہوگئین اور دعا مین مشغول ہوگئین اوس ظالم نے جو دیکھا کہ آپ نماز سے نہین فارغ ہوتی ہین چاہا کہ عین
نماز مین دست درازی کرے کہ دونون ہاتھ اوسکے غیب سے شل ہوگئے اور سرگی کے عارضے مین مبتلا ہوکر
گر پڑا یہان تک کہ سانس بند ہوگئی اور منھہ سے کف جاری ہوا یہ حال اوسکا دیکھکر آپ ڈرین کہ مبادا
چوکیدار مجھکو تہمت قتل کی لگاکر ہلاک کرین تو آپ نے دعا کی کہ بار خدایا اس ظالم کو چھوڑدے کہ اب اسکو
عبرت ہوگئی چنانچہ ہوش مین آیا اور پھر بے ادبی کرنی چاہی اور پھر اوسی عذاب مین گرفتار ہوا غرض
تیسری بار اوس ظالم نے کہا کہ اس عورت کو یہان سے لیجاؤ کہ یہ آدمی نہین ہے یا جنہ ہے یا ساحرہ
ہے اور اسکو میرے شہر سے باہر کردو اور اسی قسم کی دوسری عورت رکھتا ہون قبطیون مین سے
اوسکو بھی اس عورت کے ساتھ کردو پس حضرت سارہؓ حضرت ہاجرہؓ کو اپنے ساتھ لے آئین حضرت
ابراہیمؑ نماز مین مشغول تھے بعد فارغ ہونے کے آپ نے پوچھا کہ کیا حال ہے آپ نے عرض کیا
کہ خیر ہے حقتعالی نے اوس ظالم کے ہاتھ کو کوتاہ کیا اور ایک خادمہ مجھکو اوسنے دی حضرت ابراہیمؑ
خوش ہوے اور وہان سے کوچ کرکے فلسطین کی زمین مین رہنا اختیار کیا وہان کے لوگون نے
آپ کو کچھ زمین نظر کی کہ اوسکی زرتحصیل سے بہت فراغت ہوئی کہ آپ نے غلام خریدے اور مویشی
جمع کیے اور رسم ضیافت اور لنگرخانہ قائم کی اور حضرت لوطؑ کو واسطے ادائے رسم رسالت کے
سندوم وغیرہ شہرون کیطرف روانہ کیا اس درمیان مین حضرت سارہؓ کو اولاد کا شوق نہایت
غالب ہوا تو آپ نے حضرت ابراہیمؑ سے کہا کہ ہاجرہؓ کو مجھکو بخشدے شاید اس سے کوئی لڑکا پیدا
ہو کہ مین اوس سے دل بہلاؤن حضرت ابراہیمؑ نے فرمایا کہ تمھارے مزاج مین رشک بہت ہے
مبادا اس سے جو لڑکا پیدا ہو اور تمکو پھر رنج ہو حضرت سارہؓ نے اس بات پر بہت اصرار کیا غرض
یہان تک کہ حضرت اسمٰعیلؑ پیدا ہوے اور آپ حضرت سارہؓ کی گودی مین پرورش پاتے تھے اور حضرت
ہاجرہؓ آپ کو دودھ پلاتی تھین لیکن حضرت ابراہیمؑ حضرت سارہؓ کے خوف سے حضرت اسمٰعیلؑ کیطرف
دیکھتے نہ تھے اور اجنبی کیطرح رہتے تھے ایک دن باقتضاے بشریت علیحدہ مکان مین آپ نے حضرت
اسمٰعیلؑ کو حضرت ہاجرہؓ کی گودی مین دیکھا تو بسبب جوش محبت اور غلبہ شفقت کے اپنی گودی مین لیکر

دیوارون کو اوٹھایا اور واسطے اندازہ اوس مکان کے حضرت جبرئیلؑ ایک ابر بحکم الٰہی لائے آپ نے موافق
اندازہ اوسکے سایہ کی کعبہ شریف بنایا اسی مضمون کو اللہ تعالیٰ سورہ حج مین بیان فرماتا ہے وَاِذْ بَوَّاْنَا
لِاِبْرٰهِيْمَ مَكَانَ الْبَيْتِ آخرتک پس قصہ حضرت ابراہیمؑ کے خانہ کعبہ بنانے کا موافق احادیث کے
اس طور پر ہے کہ جب حضرت ابراہیمؑ نے نمرود کی آگ سے نجات پائی اور اپنے باپ اور قوم کے ایمان لانے
سے مایوس ہوے تو آپ وطن چھوڑ کر طرف حران کے چچا اپنے کے پاس جنکا نام ہاران تھا گئے اونھون نے
نہایت محبت سے اپنے پاس رکھا اور اپنی بیٹی حضرت سارہؑ کے ساتھ نکاح کر دیا اس مراد سے کہ آپ طمع
مال و اسباب اور محبت گھر بار کے اپنی ملت سے پھر جاوین لیکن خلیلؑ مین اس بات کی گنجایش کہان اور آپ نے
فیضان صحبت اور شرف ملازمت کیمیا خاصیت سے حضرت سارہؑ بھی آپ کے ساتھ متفق ہو گئین اور
بت پرستون کے دین کی برائیان بیان کرنی شروع کین ہاران نہایت غصہ ہوا اور آپ کو مع حضرت
سارہ کل اسباب چھین کر نکالدیا حضرت سارہؑ نے چلتے وقت آپ کے ساتھ اس بات پر عہد کیا کہ مین ہرگز
تمھاری نافرمانی نکرون گی بشرطیکہ تم بھی نافرمانی نکرو اوسوقت حضرت لوطؑ کہ آپ کی بھتیجی تھی ساتھ ہوئی
اول ارادہ مصر کا کیا اتفاقاً اوس جگہ ایک بادشاہ ظالم حاکم تھا اوسکی یہ عادت تھی کہ ہر عورت خوبصورت
کو اوسکے خاوند سے چھین لیتا تھا اور خاوند کو قتل کر ڈالتا تھا حضرت ابراہیمؑ یہ حال سنکر ڈرے اسوجہ
سے کہ حضرت سارہؑ اوس زمانہ مین اپنے حسن و جمال مین ممتاز تھین حدیث شریف مین وارد ہوا کہ
جو حسن حضرت آدمؑ کو عنایت ہوا تھا نصف اوسکا حضرت یوسفؑ کو اور چھٹا حصہ حضرت سارہؑ کو عنایت
ہوا اور باقی تمام آدمیون کو تقسیم ہوا القصہ حضرت ابراہیمؑ نے حضرت سارہؑ سے فرمایا کہ اگر سپاہی تمھارے
لینے کے واسطے آوین تو تم یہ ظاہر کرنا کہ حضرت ابراہیمؑ میرے خاوند ہین بلکہ یہ کہدینا کہ میرے بھائی
ہین اسواسطے کہ مین دین و اسلام کی رو سے تمھارا بھائی ہوتا ہون اور حافظ حقیقی تمکو اوس ظالم کے ہاتھ
سے محفوظ رکھے گا اور میرے ننگ و ناموس کو نہ ضائع کریگا کہ یکایک آدمی اوس بادشاہ کے حضرت
ابراہیمؑ کے پاس آئے اور پوچھا کہ یہ عورت تمھارے ساتھ کیا رشتہ رکھتی ہے آپ نے فرمایا کہ میری
دینی بہن ہے اونھون نے آپ کو تو چھوڑ دیا مگر حضرت سارہؑ کو لے گئے جب حضرت خلیلؑ نے یہ ماجرا
دیکھا تو آپ واسطے نماز کے کھڑے ہو گئے اور دعا مین مشغول ہوے پس جب کہ حضرت سارہؑ اوس
ظالم کے روبرو گئین تو آپکا حسن و جمال دیکھتے ہی وہ ظالم فریفتہ ہو گیا اور چاہا کہ آپ کے ساتھ بے ادبی

قصہ حضرت ابراہیمؑ ۱۲ بنانا کعبہ

بیان حسن و جمال حضرت سارہؑ ۱۲

حج خاصان حق کا قصد رب البیت اور زیارت رب البیت ہو جیسے کہ حقتعالی قول خلیلؑ نقل فرماتا ہے اِنِّیْ ذَاهِبٌ اِلٰی رَبِّیْ سَیَهْدِیْنِ اور بھی آپ حضرت ابوالعالیہ سے نقل کرتے ہین کہ آویگا حاجی دن قیامت کے اور نہ گناہ ہوگا اوسپر مسوقت کہ اوسنے بعد حج کے باقی عمر مین تقوی اختیار کیا ذٰلِكَ فَضْلُ اللّٰهِ یُؤْتِیْهِ مَنْ یَّشَآءُ وَاللّٰهُ ذُو الْفَضْلِ الْعَظِیْمِ

فصل تیسری

کعبہ شریف کے بنا کے بیان مین

پوشیدہ نہ رہے کہ تفسیر عزیزی وغیرہ دین کی معتبر کتابون مین وارد ہوا کہ جب حضرت آدمؑ زمین پر اوترے تو آپ کو بسبب تنہائی اور نہ دیکھنے مکان چھت دار کے کمال وحشت ہوئی عرض کیا کہ خداوندا زمین مین اکیلا رہتا ہون کوئی نہین ہے میرے ساتھ کہ تیری عبادت مین شریک ہو اور نہ کوئی مکان چھت دار دیکھائی دیتا ہے اللہ تعالی نے فرمایا کہ عنقریب تیری اولاد سے بہت آدمی پیدا ہونگے اور میری تسبیح و تہلیل مین مصروف ہونگے اور گھر بناوین گے لیکن تجکو چاہیے کہ اول گھر میرے نام کے ساتھ بنا اور اوسکو مانند عرش اور بیت المعمور کے قبلہ اور طواف کی جگہ سمجھ حضرت آدمؑ نے عرض کیا کہ خداوندا کس جگہ بناؤن حکم ہوا کہ اوس جگہ جہان ہمنے تیرے بدن کی خاک کو گارہ کیا تھا اور چالیس برس تک وہ خاک اوسی جگہ پڑی رہے اور تمام زمین کو اوسی جگہ سے ہمنے پھیلایا حضرت آدمؑ نے عرض کیا کہ اوس جگہ کا نشان مجکو دینا چاہیے حضرت جبرئیل کو حکم ہوا کہ آدم کے ساتھ جاکر کعبہ معظمہ کی جگہ کا نشان دی اور بھی اوس گھر کے بنانے مین مدد دی چنانچہ بموجب حکم الٰہی کے حضرت آدم کو وہ جگہ بتلائی اور فرشتون کو حکم کیا کہ زمین کے نیچے سے بنیاد اس گھر کی نکالو جب وہ بنیاد روے زمین پر پہونچی تو بیت المعمور کو جو آسمان مین ملائکہ کے طواف کی جگہ ہے اوتار کر اوس بنیاد پر رکھدیا اور حضرت آدمؑ کو طواف کرنے کا اور اوسکی طرف نماز پڑھنے کا حکم ہوا غرض کعبہ شریف کے بنا مرتا زمانہ طوفان اسی اسلوب پر رہی وقت طوفان کے بیت المعمور اوٹھا لیا گیا اور مقابل خانہ کعبہ کے ساتوین آسمان پر رکھدیا اب ملائکہ اوسکے طواف اور زیارت مین مصروف ہین جیسا کہ حدیث معراج مین اسکا ذکر بخوبی بیان ہے پس بعد طوفان کے کعبہ شریف کی جگہ ایک ٹیلا بلند سرخ رنگ زمین سے نمودار تھا اور وہ بنیاد حضرت آدمؑ کی زمین کے نیچے برقرار تھی لیکن لوگ واسطے مانگنے حاجتون اور مرادون کے اوسی جگہ کا قصد کرتے تھے اور نذرین اور تحفے وہان چڑھاتے تھے یہان تک کہ حضرت خلیلؑ کو کعبہ معظمہ کے بنانے کا حکم ہوا پس آپ اوس بنیاد پر

کتنون کے حج قبول ہوے کہا کہ مجکو نہین معلوم کہا کہ چھہ آدمیون کے یہ کہکر دونون غائب ہوگئے
آسمان پر پس مین یہ سنکر نہایت گھبرایا اور کمال غمگین ہوا اور یہ وہم پیدا ہوا کہ جس حال مین کہ چھہ لاکھ مین
سے چھہ آدمیون کے حج قبول ہوے تو مین کہان رہا اون چھہ مین جب مزدلفہ مین پہونچا تو کھڑا ہوا مین
نزدیک مشعر الحرام کے اور دلمین فکر کی مخلوق کی کثرت کو اور حج مقبول والون کی قلت کو اسی حال مین
مجھپر نیند کا غلبہ ہوا کہ سوگیا مین ناگاہ دو شخص اوترے اور اونہون نے آپسمین وہ ہی پہلی گفتگو کی پھر کہا
ایک نے کہ آیا جانتا ہے تو کہ کیا حکم کیا اس رات مین ارحم الراحمین نے کہا کہ مجکو نہین معلوم کہا کہ پروردگار
رحیم وکریم نے سب کیطرف نظر رحم وکرم سے دیکھا اور اون چھہ آدمیون کی بدولت چھہ لاکھ کے حج قبول
کیے تو وہ فرماتے ہین کہ جاگا نہایت خوشوقت ہوکر اور دوسری ہی روایت مین اس طور پر وارد ہوا کہ علی بن
موفق رح فرماتے ہین کہ ایک سال مینے حج کیا جب فارغ ہوا مین ارکان حج سے تو یہ فکر پیدا ہوئی کہ
اہل عرفات مین کسیکا حج نہ قبول ہوا ہو تو مینے رب العالمین سے عرض کی کہ اے رب میرے تحقیق بخشدیا
مینے اپنے حج کو اور دیا مینے ثواب اسکا اوس شخص کو جسکا حج نہ قبول ہوا ہو تو وہ فرماتے ہین کہ مینے
دیکھا حضرت رب العزت کو خواب مین کہ ارشاد ہوا مجکو کہ اے علی کیا سخاوت کرتا ہے تو مجھپر مینے پیدا کیا ہے
سخاوت کو اور سخی لوگون کو اور مین ہون سخی سب سے زیادہ اور مین ہون کریم ورحیم سب سے زیادہ اور
مجکو زیبا اور شایان ہے رحم وکرم کرنا سب سے زیادہ تحقیق بخشا مینے کل اونکو جسکا حج کہ نہ قبول ہوا بدولت
اونکے جنکا حج مینے قبول کیا اور یہ بھی آپ سے روایت ہے کہ آپ فرماتے ہین کہ مینے حج کیے پچاس اور اونکا
ثواب جناب رسول مقبول صلعم کو اور آپکے چارون یارونکو اور اپنے ماں باپ کو بخشدیا فقط ایک حج باقی رہگیا
اور نظر کی مینے عرفات والون کی طرف کہا مینے کہ اے رب میرے اگر ہے ان لوگون مین وہ شخص جسکا حج
نہین قبول ہوا پس تحقیق بخشا مینے اوسکو یہ حج پس رات کی مینے مزدلفہ مین اور دیکھا اللہ عزوجل کو خواب
مین کہ ارشاد ہوا مجکو کہ اے علی کیا مجھپر سخاوت کرتا ہے تحقیق بخشا مینے کل اہل عرفات کو اور دیگنی انکی اور
شفاعت قبول کرون گا انمین سے جو اپنے کنبے اور ہمسایہ مین نیکی کرینگے وانا اھل التقوی واھل
المغفرۃ ف اس صورت مین مسلمان کو اپنے رب کریم سے یہی امید رکھنا چاہیے کہ وہ اپنے بندہ ضعیف
کی عبادت رد نہین فرماتا ہے اور محروم وبدنصیب اپنے دربار عالی سے کسی کو نہین پھیرتا ہے شیخ احمد حضراوی
خلاصۃ الثمین مین تاویلات نجمیہ سے نقل کرتے ہین کہ عام لوگون کا حج قصد خانہ کعبہ اور زیارت خانہ کعبہ ہے اور

دینے مین چنانچہ حضرت ابو سعید خدری رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے البتہ للہ دینا آدمی کا حالت تندرستی مین ایک درم بہتر ہے اوسکے لیے للہ دینے سو درم کے سے نزدیک مرنے اپنے کے یعنی تندرستی مین تھوڑا سا دینا زیادہ ثواب رکھتا ہے بہت دینے سے مرتے وقت حضرت ابا بکر صدیق رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ نہ داخل ہوگا بہشت مین مکار اور نہ بخیل اور نہ للہ دے کر احسان رکھنے والا روایت کی ترمذی نے ف نہ داخل ہوگا یعنی اول ہی نہ داخل ہوگا بغیر عذاب کے بلکہ بعد عذاب کے داخل ہوگا اور بخیل سے مراد ہے کہ حق واجب مال مین سے نہ ادا کرے اور دوسرے معنی منان کے ہین کاٹنے والا یعنی جو ناتیدارون سے انقطاع کرے اور مسلمانو نسے محبت نہ رکھے حضرت علی رضہ سے روایت ہی کہ آپنے دیکھا دن عرفہ کے ایک شخص کو سوال کرتے ہوے آپنے فرمایا کہ اسدن مین اور اس مکان مین مانگتا ہی تو غیر خدا سے پس مار لاو اوسکو ساتھ درہ کے روایت کی زرین نے اسی طرح لکھا ہی کہ مسجد مین بھی نہ سوال کرنا چاہیے جسکو پاس ایکدن کا کھانا ہو وہ غنی ہی اوسکو حرام ہی سوال کرنا مذہب حنفی مین غرض سوال کی بہت بڑی سخت گناہ ہین البتہ اگر خوف ہو موتکا تو مباح ہی

فصل دوسری

حاجیون کے شمار کے بیان مین اور کیفیت قبول ہونے حج کل حاجیون کی

حضرت امام حسن بصری اپنے رسالے مین لکھتے ہین کہ حضرت آدم عہ کے صحیفون مین حق تعالی فرماتا ہے کہ حج کے دن آٹھ لاکھ حاجی آتے ہین اگر کم ہوتے ہین تو فرشتون کو بھیجکر آٹھ لاکھ پورے کر دیتا ہون اور ایک لشکر ہزار فرشتے ہر روز واسطے طواف کعبے کے بھیجتا ہون اور احیا مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ یحقیق اللہ عزوجل نے وعدہ فرمایا اس گھر سے یعنی خانہ کعبہ سے یہ کہ حج کرین اوسکا ہر برس چھ لاکھ پس اگر کم ہون اوس سے تو پورا کر دیتا ہے فرشتون سے اور حیات القلوب مین بقول حضرت امام ابو بکر محمد بن حسن نقاش منقول ہے کہ اکثر عدد حاجیون کے پندرہ لاکھ تک ہوتے ہین اور کمتر چھ لاکھ حضرت علامہ غزالی احیا مین لکھتے ہین کہ علی بن موفق رح سے روایت ہے کہ وہ کہتے ہین کہ حج کیا مینے ایک برس جب ہوی عرفہ کی رات تو سو گیا مین منی مین بیچ مسجد خیف کے پس دیکھا مینے خواب مین کہ دو فرشتے اوترے آسمان سے سبز لباس پہنے ہوے ایک نے دوسرے کو آواز دی کہ یا عبداللہ دوسرے نے اوسکے جواب مین کہا لبیک یا عبداللہ کہا کہ جانتا ہے تو کہ اپکی سال کتنے آدمیون نے حج کیا اوسنے کہا کہ مین نہین جانتا کہا کہ چھ لاکھ آدمیون نے حج کیا لیکن جانتا ہے تو کہ اونمین سے

ایک میدان مین اونکے ساتھ ایک مشک تھی پانی کی جب سو گئے وہ تو چوہے نے آنکر وہ مشک کاٹ ڈالی اور پانی سب بہ گیا جب جاگے وہ تو پیاس کی شدت مین سب مر گئے روایت کیا احمد حضراوی نے عقد الثمین مین امام زندوسی رح سے حضرت امام حسن بصری سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ نگہبانی کرو اپنی مالون کی ساتھ دینے زکوۃ کے اور دوا کرو اپنی بیمارون کی ساتھ دینے صدقے کے اور دفع کرو بلا کی موجون کو ساتھ دعا و نماز کی حضرت ابو سعید خدری سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جو مسلمان پہناوے لباس کسی مسلمان ننگے کو پہناوے گا اوسکو اللہ تعالی بہشت کے سبز لباس اور جو پلاوے کسی مسلمان پیاسے کو پلاویگا اوسکو اللہ تعالی شراب پاک خالص کہ مہر کی گئی ہوگی اوسپر روایت کیا ابوداود و ترمذی نے حضرت علی سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جلدی کرو ساتھ للہ دینے کے یعنے موت یا بیماری سے پہلے دو اس لیے کہ بلا نہین بڑھتی ہے للہ دینے سے روایت کیا زرین نے حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جو شخص خیرات کرے برابر کھجور کے یعنے برابر صورت مین ہو یا قیمت مین حلال کمائی سے اور نہین قبول کرتا ہے اللہ تعالی مگر حلال پس تحقیق وہ قبول فرماتا ہے اوسکو داہنے ہاتھ مین پھر پالتا ہے اوسکو واسطے خیرات کرنے والے کے جیسے کہ پالتا ہے ایک تمھارا بچھیرے اپنے کو یہان تک کہ ہوتا ہے وہ صدقہ یا نوالہ مانند پہاڑ کے روایت کی بخاری اور مسلم نے حضرت جابر اور حضرت حذیفہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے جو نیکی ہے وہ صدقہ ہے یعنے جو کام نیکی کے ہین خواہ کہنے کے خواہ کرنے کے ہین موافق مرضی اللہ و رسول کے اونکا ثواب مانند للہ دینے کے ہے روایت کی بخاری اور مسلم نے اور بھی صحیحین مین وارد ہوا کہ فرمایا حضرت نے کہ فرماتا ہے اللہ تعالی خرچ کر اے بیٹے آدم کے خرچ کرونگا مین تجھپر اس حدیث کے یہ معنی ہین کہ خرچ کر اموال فانیہ دنیا مین تا کہ پاوے اموال عالیہ باقیہ عقبی مین اور بعض کہتے ہین کہ دے لوگون کو جو کچھ دیا ہے مینے تجکو تا کہ دون مین تجکو دنیا اور عقبی مین یہ اشارہ ہے طرف اس آیت کے وَمَا أَنفَقْتُم مِّن شَيْءٍ فَهُوَ يُخْلِفُهُ یعنے جو کچھ کہ خرچ کرتے ہو تم کسی چیز سے پس اللہ تعالی عوض دیتا ہے اوسکا حضرت ابو درداء رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت صلعم نے کہ کہاوت اوس شخص کی کہ خیرات کرتا ہے وقت مرنے کے یا آزاد کرتا ہے مانند اوس شخص کے ہے کہ تحفہ بھیجتا ہے یعنے کھانا کہ پیٹ بھر چکتا ہے یعنی مرتے وقت للہ دینے اور آزاد کرنے برے مین ثواب کم ہوتا ہے جیسے کہ ثواب کم ہوتا ہے بعد پیٹ بھر چکنے کے

باحج یا عمرہ مین تو اللہ تعالی اوسکو اوسی حال مین اوٹھاوے گا دن قیامت کے روایت کی حاکم نے مستدرک
مین اور دار قطنی کی روایت مین یہ اور وارد ہوا کہ داخل کیا جاویگا جنت مین اور احیاء العلوم مین حضرت
امام حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ جو شخص مرا بعد رمضان شریف کے یا بعد غزا کے یا بعد حج کے تو
مراوہ شہید ہوکر حضرت عائشہ رضؓ سے روایت ہی کہ جسوقت نکلا حاجی اپنے گھر سے تو وہ اوسی وقت
آجاتا ہے اللہ تعالی کی پناہ مین اگر مرا پہلے ادا کرنے حج کے تو اللہ تعالی پر اسکا اجر و ثواب ثابت ہوگیا اور
اگر زندہ رہا اور ادا کیا تو بخشا کیا حقتعالی فرماتا ہے وَمَنْ يَخْرُجْ مِنْ بَيْتِهٖ مُهَاجِرًا اِلَى اللّٰهِ وَرَسُوْلِهٖ
ثُمَّ يُدْرِكْهُ الْمَوْتُ فَقَدْ وَقَعَ اَجْرُهٗ عَلَى اللّٰهِ یعنی جو کوئی نکلے اپنے گھر سے وطن چھوڑ کر اللہ و رسول
کی طرف پھر آپکڑے اوسکو موت سو ٹھہر چکا اوسکا ثواب اللہ پر اور اللہ بخشنے والا مہربان ہے حضرت ابوہریرہؓ
سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا صلعم نے کہ جو شخص نکلا ارادہ حج یا عمرہ یا جہاد کے پھر مرگیا اوس کے
مین لکھتا ہے اللہ تعالی واسطے اوسکے ثواب جہاد کرنیوالے اور حج کرنیوالے اور عمرہ کرنیوالے کا روایت کی بیہقی
نے شعب الایمان مین ف انہین کے حکم مین ہے وہ شخص کہ جو علم دین کی طلب کے لیے نکلا تھا
اور پھر مرگیا یعنے اوسکے لیے ثواب عالمون کا سا لکھا جاتا ہے حضرت بریدہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرتؐ
نے کہ حج کے رستے مین خرچ کرنا مانند خرچ کرنے جہاد کے رستے کے ہے یعنے ایکدرم برابر سات سو
کے ہے اور حضرت عائشہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ خرچ ایک درم کا حج مین یعنے دینا
کسی مستحق کو برابر خیرات کرنے چالیس ہزار دوسری جگہ کے ہے اور حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہی
کہ فرمایا حضرتؐ نے کہ حج اور عمرہ کرنے والے مہمان ہین اللہ کے اور زیارت کرنے والے اوسکے ہین اگر
اوس سے کچھ مانگین تو دیتا ہے مغفرت چاہین تو بخشتا ہے دعا مانگین تو قبول کرتا ہے شفاعت کرین
تو مقبول ہوتی ہے اور جو بعد دین ایک ایک بدلا لاکھ لاکھ ثواب ملیگا قسم ہے اوس ذات کی جسنے مجھی کیا ہی
مجکو بحق ایک درم اون سی بھاری ہی تمھاری اس پہاڑ سے اور اشارہ کیا پہاڑ ابو قبیس کیطرف روایت کیا
امام فاکہی نے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ جو کچھ حاجی حج کے راستے مین خرچ کرین حقتعالی اونکو
پہلے موت کے کئی ہزار عوض دیتا ہی اور ایک روایت مین ہزار وارد ہوا حضرت انسؓ سے روایت ہی کہ فرمایا
حضرتؐ نے کہ جسنے پلایا مسلمان کو ایک گھونٹ پانی کا پس گویا کہ اوسنے زندہ کیا ستر نبیون کو ایک
شخص نے عرض کیا کہ یہ کیسی یا رسول اللہ آپ نے فرمایا کہ یہ اسوجہ سے کہ نکلے ستر نبی بنی اسرائیل سے

بزرگی کا کیا حساب اور اونکی نجات و مغفرت مین کیا شک و شبہ ہے حضرت امام حسن بصری سے روایت ہو
کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جب دن عرفہ کا ہوتا ہے اور حاجی عرفات مین حاضر ہوتے ہین تو رحمت خدا
اونکے نزدیک ہوتی ہے آسمان دنیا کے ساتھہ اور دروازے آسمان کے کھل جاتے ہین پس حقتعالی
فخر کرتا ہے ساتھہ حاجیون کے اوپر فرشتون کے فرماتا ہے کہ ای ملائکہ دیکھو میرے بندون کو کہ میری عبادت
کے لیے آئے ہین میرے پاس پریشان بال اور گرد و غبار آلودہ دور و دراز رستون سے بامید مغفرت تحقیق
مینے اون سبکو بخشا اور پکار دو کہ اے بندون میرے پھر وا اپنے گھرون کو کہ تمکو بخشدیا مینے اور جس کسی کی
چاہو شفاعت کرو اگرچہ گناہ اونکے بیشمار ہون بتحقیق کہ مین ارحم الراحمین ہون رحمت میری سب چیزونکو پہونچی ہے

باب چوتھا

فصل پہلی

مکہ شریف کو رستے مین آتے جاتے مرنیکے ثواب مین اور اوس راہ مین خرچ کرنیکے اجر مین

حضرت ابو الفضل کرمانی اپنے منسک مین لکھتے ہین کہ حضرت انس رضی سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص مرا مکہ معظمہ کو رستے مین
آتے یا جاتے بخشدیتا ہے حقتعالی اوسکے گناہ پہلے اور پچھلے اور نہ کھولا جائیگا اوسکا دفتر حساب کا اور نہ تولے جائینگے اوسکے اعمال اور داخل ہوگا جنت مین
بغیر حساب و عذاب کے اور ایسا للعلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا حضرت نے کہ ملیگا اوسکو ثواب حج اور عمرہ کرنیوالیکا قیامت تک اور بعض کتب احادیث
سے ثابت ہوا کہ پیدا کریگا اللہ تعالی اوسکے لیے ایک فرشتہ کہ حج کرتا رہے گا اوسکے واسطے قیامت تک اور
صاحب ہدایہ نقل کرتے ہین کہ جو شخص مرا حج کی راہ مین لکھا جاتا ہے واسطے اوسکے ثواب حج مبرور کا ہر سال
حضرت ابو ہریرہ سے روایت ہے کہ جو شخص نکلا گھر سے بہ نیت جہاد پس مرگیا وہ تو لکھے گا اللہ تعالی اوسکا
اجر ون قیامت تک اور جو شخص نکلا گھر سے درانحالیکہ وہ عمرہ لانے والا ہے اور وہ مرگیا لکھے گا اللہ تعالی
اجر اوسکا دن قیامت تک روایت کی ابو ذر نے عدۃ الاتابہ فی اماکن الاجابہ مین وارد ہوا کہ فرمایا حضرت نے
کہ جو نکلے قصد کرکے اس گھر کا یعنی خانہ کعبہ کا حج کرنے والے یا عمرہ لانے والے سے ہے ذمہ اللہ کا
اگر اوسکو پھیرے پھیرے مزدوری اور غنیمت کے ساتھہ اور اگر اوسکی روح قبض کرے داخل کرے
اوسکو جنت مین اور ضحاک رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ جو مسلمان نکلا گھر سے بہ نیت
زیارت کعبہ شریف کے اور وہ پہلے پہونچنے کے مرگیا اللہ تعالی واجب فرما دیتا ہے داخل ہونا اوسکا
جنت مین روایت کیا بیہقی نے فضالہ بن عبید سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ جو شخص مرا غزا مین

ہونگے بزرگان دین کے طریقونکو نہ چھوڑین کہ اونمین ہر طرح سے خیر و برکت اور سعادت دنیا و آخرت ہے بلکہ
اگر غور کرکے دیکھے تو گھر بیٹھے سامان مغفرت حاصل ہوتا ہے امام فاکہی حضرت ابو ہریرہ رضہ سے روایت
کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ حج اور عمرہ کرنے والے مہمان ہین اللہ کی اور ایک روایت
مین وارد ہوا کہ مہمان اللہ کے تین ہین جہاد کرنے والے اور حج کرنے والے اور عمرہ کرنے والے روایت
کی نسائی نے اور بیہقی نے حاکم اور بیہقی سے روایت ہے کہ فرمایا سرور عالم صلعم نے کہ حاجی سوار کی اونٹنی کے لیے ہر قدم
کی سات سو نیکیان ہین نیکیون حرم سے لوگون نے پوچھا کہ یارسول اللہ نیکیان حرم کی کیا ہین فرمایا ہر نیکی لاکھ نیکی
کے برابر ہے ف دوسری حدیث مین یہ جو وارد ہوا کہ پیادہ چلنے والے کو بزرگی ہے اوپر سوار چلنے
والے کے جیسے بزرگی لیلۃ القدر کی اور راتون پر پس اہل حدیث لکھتے ہین کہ یہ حدیث اور مانند اسکے کے
شریف کے اور آس پاس کے رہنے والون کے حق مین ہے کیونکہ پیادہ چلنے سے اون لوگون مین
احتمال ضعف کا نہین ہے نہ دور کے رہنے والونکے حق مین اسی وجہ سے اب فتوی اسی روایت پر
ہے کہ حج کی راہ مین سوار ہوکر جانا بہتر ہے تا وقت ادا کرنے حج کی قوت بخوبی باقی رہی اور اگر باوجود
قدرت کے پیادہ چلیگا تو بھی درست ہے ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ خدا تعالی نازل فرماتا ہے اوپر حاجیون کے اکیسو بیس رحمتین ساٹھ واسطے طواف کرنے والونکے
اور چالیس واسطے نماز پڑھنے والون کے اور بیس واسطے نظر کرنے والون خانہ کعبہ کے روایت کیا
بیہقی نے باسناد حسن شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین لکھتے ہین کہ روایت ہے کہ جس اونٹ پر کہ
حج کیا جاوے ایکبار برکت دیجاتی ہے اوسکی چالیس پشتونمین اور حضرت حافظ ملا اسمعیل افندی محدث رح
روح البیان مین روایت کرتے ہین کہ جس اونٹ پر حج کیا جاتا ہے سات بار تو ہو جاتا ہے حق اوپر
اللہ کے یہ کہ چراوے اوسکو بہشت مین اور حضرت شیخ نہرانی محدث رح لکھتے ہین کہ پہونچی مجکو یہ روایت
کہ ایک حمام والا اپنے حمام کو گرم کیا کرتا تھا تو وہ ایکبار اونٹ کی ہڈیون کا بار واسطے جلانے کے لایا
تو وہ کہتا ہے کہ مینے اوسکو ڈالا آگ مین تو وہ بار نکل آیا آگ مین سے اسی طرح تیسری بار بڑے زور سے
نکل آیا یہ ماجرا عجیب دیکھکر نہایت فکر پیدا ہوئی کہ یکایک ایک آواز غیب سے سنی سنیے کہ یہ ہڈیان اوس اونٹ
کی ہین جو چلا ہے مکہ شریف کا رستہ دس بار تو آگ اسکی ہڈیونکو کیسے جلا سکتی ہے حاجیون کو مقام مسرت
ہے کہ جب خداوند کریم کی رحمت اور مغفرت اسقدر حاجیون کی سواری پر شامل حال ہو تو سوار ہونیوالونکی

راہ مین دینے کا اور ہر دن اور ہر رات نیکی کا روایت کیا ابن ماجہ نے اور بروایت ابو حفص میانشی اسطور پر وارد ہوا کہ ہر روز اللہ تعالیٰ اوسکی مغفرت کرتا ہے اور تیسرا شفاعت کا عطا کرتا ہے اور ہر روز دعا اوسکی قبول فرماتا ہے

فصل پانچوین
حاجیون کے فضائل مین

حضرت علامہ غزالی احیاء العلوم مین حضرت امام حسن بصری رض سے روایت کرتے ہین کہ جب حاجی لوگ مکہ شریف مین پہونچتے ہین تو ملائکہ اونسے ملاقات کرتے ہین پس سلام علیک کہتے ہین اونکو جو اونٹون پر سوار ہوتے ہین اور مصافحہ کرتے ہین اونسے جو خچرون پر سوار ہوتے ہین اور پیدل اونسے ملتے ہین اسی طرح حضرت فقیہ ابو اللیث نے روایت کیا اور بھی احیا مین وارد ہوا کہ حضرت عمر رض نے فرمایا کہ بخشش کی گئی واسطے حاجیون کے اور اونکی جنکی حاجی لوگ بخشش چاہتے ہین مہینہ ذی الحجہ اور محرم و صفر تا بیسوین ربیع الاول اور ایک روایت مین دسوین ربیع الاول وارد ہوئی اسی طرح روایت کیا ابن ابی شیبہ نے اور فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ حاجی مستحاب الدعوات ہو جاتا ہے جسوقت کہ وہ داخل ہوا مکہ شریف مین یہان تک کہ پھرآئے اپنے کنبے مین یا عالم روز حضرت ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ ای اللہ بخشش کر حاجیون کی اور اونکی جنکی یہ بخشش چاہین روایت کی بیہقی اور حاکم نے ابن عمر رض سے روایت ہے کہ فرمایا مجکو رسول خدا صلعم نے کہ جسوقت ملاقات کرے تو حاجی سے یعنی جو کہ حج کر چکے پس سلام کر اوسپر اور مصافحہ کر اور اوس سے کہہ یہ کہ بخشش چاہے تیرے لیے پہلے اس سے کہ داخل ہوا اپنے گھر مین اسلیے کہ تحقیق وہ بخشا گیا ہے روایت کی احمد نے

ف پہلے گھر داخل ہونے کی قید اسلیے لگائی کہ وہ ہنوز راہ خدا مین ہے اور اپنے کنبے مین نہین مشغول ہوا پاک ہے گناہون سے اور بخشا گیا ہے پس استغفار و دعا اوسکی دوسرے کے واسطے بھی مقبول ہے اور حاجی کے حکم مین عمرہ کرنے والا اور جہاد کرنے والا اور طالب علم بھی ہین یعنی یہ لوگ جب گھر کو آوین تو اونسے بھی پہلے داخل ہونے کے گھر مین اسی طرح سلام اور مصافحہ کرکے دعا اپنی مغفرت کی کراوے کہ وہ بھی بخشے گئے ہین خلاصہ یہ کہ ثواب حاجی کا اللہ تعالیٰ پر ثابت ہو جاتا ہے وقت نکلنے گھر سے تا داخل ہونے گھر مین یعنی بعد حج کرنے کے پھرنے سے وہ ثواب نہین منقطع ہوتا ہے حضرت علامہ غزالی رح احیا مین لکھتے ہین کہ تحقیق تھا دستور اگلے بزرگون کا کہ غازیون اور حاجیون کا استقبال کیا کرتے تھے اور اونکی آنکھون کے بیچ مین بوسہ دیتے تھے اور اونسے دعا کرایا کرتے تھے اور اسباب مین بہت جلدی کیا کرتے تھے یعنی پہلے اس سے کہ حاجی لوگ گھرون مین جاکر گناہون مین مبتلا ہو جاوین مسلمانون کو چاہیے کہ جہانتک ممکن

مین روایت کی بخاری اور مسلم نے اور بروایت صحیح مسلم اس طور سے وارد ہوا کہ فرمایا رسولخدا صلعم نے کہ
کہ عمرہ کرنا رمضان شریف مین گویا میرے ساتھ حج ادا کرنا ہے ابوداود و طبرانی و حاکم حضرت ابن عباس
سے اتنا اور زیادہ روایت کرتے ہین کہ فرمایا حضرت نے کہ عمرہ رمضان شریف کا میرے ساتھ حج
کرنے کے برابر ہے بغیر شک کے اور بھی حضرت ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ آئین ام سلیم حضرت کے
پاس اور عرض کیا کہ یارسول اللہ ابو طلحہ اور اوسکے بیٹے نے حج کیا اور مجھکو چھوڑ دیا آپ نے فرمایا کہ اے
ام سلیم عمرہ کرنا رمضان شریف مین میرے ساتھ حج کرنے کے برابر ہے روایت کیا ابن حبان نے
اور ابی معقل رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرت نے کہ عمرہ رمضان شریف کا برابر حج کے ہے روایت کیا
ابن ماجہ نے اور اسی طرح ابی طلیق رضہ سے روایت ہے کہ اونھون نے عرض کیا کہ یارسول اللہ کیا عمل
ہے وہ جسکے کرنے سے آپ کے ساتھ حج کرنے سے برابر ہو جاوے آپ نے فرمایا کہ عمرہ کرنا رمضان
شریف مین روایت کیا ابن مندہ وغیرہ نے **ف** جس بھائی کے دلمین توفیق حج کی پیدا ہووے تو وہ
سمجھکر ایسے دنون مین چلے کہ رمضان شریف مکہ معظمہ مین اوسکو نصیب ہو اسواسطے کہ احادیث صحیحہ سے
ثابت ہے کہ جسنے رمضان شریف مین عمرہ کیا پس اوسکو ثواب جناب رسول مقبول صلعم کے ساتھ حج
کرنے کا حاصل ہوتا ہے ثواب اس ثواب کا کیا عدد و حساب ہے خداوند کریم اپنے فضل عظیم سے جسکو
نصیب فرماوے خدای کریم کا شکر بے انتہا ہے کہ اس فقیر گنہگار کو یہ خیر و برکت اور سعادت دنیا و آخرت کی
نصیب ہوئی **وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ** اور پھر جلد نصیب فرماوے آمین فقیر نے دیکھا کہ اکثر
اہل مدینہ طیبہ اور اہل یمن و مصر و شام و مغرب کے لوگ خاصکر رمضان شریف مکہ معظمہ مین آکر کیا کرتے ہین
اور رات دن عمرہ لانے مین مصروف رہتے ہین علاوہ اس ثواب عظیم کے مکہ شریف مین یون تو ہر ساعت
مسلمان کے واسطے جنت نصیب ہے مگر خاصکر رمضان شریف مین کچھ ایسا اہتمام اور لطف ہوتا ہے کہ
روئے زمین پر وہ جلسہ اور ہنگامہ کہان مسلمان کو دیکھنا نصیب ہو اسی طرح رجب شریف مین معراج
مین کچھ ایسا لطف و کیف مدینہ طیبہ مین نظر آتا ہے کہ دنیا مین جلسہ فردوس برین ہر ایک کو دکھلائی دیتا ہے
ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے پایا رمضان شریف مکہ معظمہ مین اور روزے
رکھے اور عبادت کی جو ہو سکی لکھتا ہے اللہ تعالی واسطے اوسکے ثواب ایک لاکھ رمضان شریف دوسری
جگہ کا اور لکھتا ہے واسطے اوسکے ہر دن اور رات ثواب ایک بردہ آزاد کرنے کا اور دو گھوڑون کا اللہ کی

کے فضائل مین وارد ہوا کہ آپ نے عشا کے وضو سے چالیس برس فجر کی نماز پڑھی اور پانچ اور پچاس حج کیے اور دیدار حق نصیب ہوا سو بار آپکا ایک قصہ مشہور و معروف ہے کہ اخیر حج مین آپ نے خانہ کعبہ کے خادمون سے ایک رات اندر رہنے کی اجازت چاہی پس آپ اندر جاکر دہنے پاؤن سے کھڑے ہوے اور بائین کو دہنے سے لگالیا اور اس ہیئت سے آپ نے آدھا قرآن مجید پڑھا اور رکوع کیا اسی طرح سے دوسری رکعت مین بائین پاؤن سے کھڑے ہوے اور آدھا باقی قرآن مجید ختم کیا بعد سلام پھیرنے کے آپ روئے اور پروردگار کی جناب مین مناجات کی کہ اے اللہ نہین عبادت کی اس بندہ ضعیف نے حق عبادت لیکن پہچانا تجھکو حق معرفت پس بخشدے نقصان خدمت اپنی کا بعوض کمال معرفت اور قبہ شریف کے ایک کونہ کی طرف سے ایک آواز غیب سے آئی کہ ای ابا حنیفہ رضہ تحقیق پہچانا تونے حق معرفت کا اور تحقیق خدمت کی تونے میری اور بہت اچھی کی اور تحقیق بخشا مینے تجھکو اور جو ترے مذہب مین ہونگے دن قیامت تک نور اللہ مرقدہ صحیحین مین ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حضرت نے فرمایا کہ اگر دین ثریا پر لٹکا ہوا ہوگا تو بھی کچھ لوگ فارس کے اوس پالینگے اور ایک روایت مین ہے کہ آپ نے فرمایا کہ اگر علم ثریا پر معلق ہوگا تو کچھ لوگ فارس کے اوسے پالینگے انتہی اس حدیث مین آنحضرت صلعم نے خبر دی کہ فارسی لوگون مین بھی بڑے دیندار اور بڑے ذی علم پیدا ہون گے سو مطابق اوسکے واقع ہوا کہ حضرت امام اعظم رضہ کہ اولاد ہرمز بن نوشیروان بادشاہ فارس سے ہین اتنے بڑے عالم دیندار ہوئے کہ اونکے سبب سے نفع عظیم امت محمد صلعم کو باعتبار دین کے نصیب ہوا اور قیامت تک اونکا فیض باقی اور جاری رہے گا گویا مصداق اتم اس حدیث کی وہی ہین اور اور بھی علماے کاملین اہل فارس مین ہوئے چنانچہ محمد بن اسمعیل بخاری رئیس المحدثین بھی فارسی تھے اسی طرح پیشین گوئی بعالم قریش یعنی حضرت امام شافعی مین اور حضرت امام مالک مین بھی وارد ہوئی ہے حدیث شریف مین وارد ہوا کہ جو مسلمان حج کرتا ہے تمام گناہ اوسکے بخشے جاتے ہین اور ایک فرشتہ آنکر درمیان دونون شانون کے ہاتھ رکھکر کہتا ہے کہ ای بندے گنہگار زمانہ گذشتہ کے ترے گناہ سب بخشے گئے روایت کیا حضرت امام حسن بصری نے

فصل چوتھی

رمضان شریف کے عمرہ کے ثواب مین

پوشیدہ نہ رہے کہ رمضان شریف مین عمرہ کرنے کی بہت بڑی فضیلت ہے حضرت بن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ تحقیق عمرہ کرنا رمضان شریف مین برابر حج کے ہے یعنی ثواب

نروتازہ اور نیا کردیتا ہے اور جسوقت کہ کہتا ہے لبیک اللھم لبیک اللہ تعالی اوسکے جواب مین فرماتا ہے
کہ اے بندہ میرے مین تیرے پاس موجود ہون سعادت اور رحمت لیکر اور سن رہا ہونمین تیری تسبیح کو
اور نظر رحمت کی کر رہا ہونمین طرف تیرے اور جب کہ طواف اور سعی کرتا ہے صفا و مروہ کی اللہ تعالی اوسکو
بیشمار نیکیان عنایت کرتا ہے اور جب عرفات مین آتا ہے اور باواز بلند اپنی حاجتونکو چاہتا ہے تو حقتعالی فخر
فرماتا ہے اپنے بندون سے ساتون آسمان کے فرشتون پر اور فرماتا ہے کہ اے ملائکہ میرے دیکھو میرے
بندون کی طرف کہ آئے ہین میرے پاس دور و دراز رستے سے گرد و غبار آلودہ اپنے مال کو میری راہ مین
خرچ کیا اور اپنے بدنون کو میری راہ مین تکلیف مین ڈالا قسم ہے مجھکو اپنی عزت و جلال کی کہ مینے انکی بدیون کو
نیکیان کردیا اور اونکو گناہون سے ایسا پاک کردیا جیسے کہ مان کے پیٹ سے آج پیدا ہوئے پس جسوقت
کہ کنکریان پھینکتے ہین اور سر منڈاتے ہین اور آکر کعبہ شریف کی زیارت کرتے ہین تو پکارتا ہے پکارنے
والا عرش سے کہ اے جاہیو پھرو اپنے گھرون کو اس حال مین کہ اللہ تعالی نے تمکو بخشدیا اور اب عمل نئے
سر سے کرو یعنی زمانہ گذشتہ کی گناہ سب معاف ہوے اور آیندہ سے حساب شروع ہوگا اس حدیث کو
فقیہ ابو اللیث سمرقندی نے روایت کیا بڑے اسناد طویل اور راویان صحابہ جلیل سے اور طبرانی نے معجم کبیر
مین اور بزار نے ابن عمر رضی سے روایت کیا باسناد قوی و معتبر حضرت سہل ابن سعد رضی سے روایت ہے کہ فرمایا رسول
مقبول صلعم نے کہ نہین کوئی مسلمان کہ لبیک کہتا ہے مگر کہ لبیک کہتے ہین جو ہین دہنی طرف اور بائین
طرف اوسکے ہر قسم پتھر یا درخت یا ڈھیلے سے یہان تک کہ تمام ہوجاوے زمین اسطرف سے اور اوسطرف سے
یعنی دہنے بائین طرف سے نقل کی ترمذی اور ابن ماجہ نے ف یعنی جو کوئی لبیک کہتا ہے تو سب
چیزین موافقت کرتی ہین اوسکی یعنی وہ بھی لبیک کہتی ہین علماء حنفیہ کے نزدیک مستحب ہے کہ بعد لبیک
کہنے کے آہستہ درود شریف پڑھے اور خدائے کریم کی رضامندی چاہے اور اپنے لیے دعا مانگے تفسیر
فتح العزیز مین وارد ہوا کہ ازرقی مجاہد سے روایت کرتے ہین کہ حضرت موسی واسطے حج کے سرخ رنگ
اونٹ پر سوار آئے اور روحا سے آپ نے احرام باندھا اور دو گلیم قطوانی آپ نے پہنی یعنی ایک کا تہنگ
کیا اور دوسرے کو چادر کیا پس آپ نے طواف کیا اور درمیان صفا مروہ کے لبیک لبیک کہتے ہوے
آپ دوڑتے تھے کہ ایک آواز غیب سے اونکے کان مین پہونچی کہ لبیک عبدی انا معک حضرت
موسی اس آواز کی لذت سے بے اختیار زمین پر سجدہ کرتے ہوے گر پڑے در مختار مین حضرت امام اعظم رضہ

گناہون کو جیسے دور کرتی ہے بھٹی میل لوہے کو روایت کیا ابن جوزی نے عبد الرزاق محدث سے
روایت ہے کہ فرمایا رسو لخدا صلعم نے کہ حج کرو اور غنی ہو جاؤ احیا مین بہی یہ حدیث وارد ہوئی ہے
حضرت ابو ہریرہ رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسو لخدا صلعم نے کہ چھوٹی اور بڑی عمرہ والی اور عورت کا جہاد حج
اور عمرہ ہے روایت کیا نسائی نے حضرت ام سلمہ سے روایت ہے کہ فرمایا حضرتنے کہ ضعیف آدمی کا جہاد حج
ہی روایت کیا ابن ماجہ نے اور حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ عرض کیا مینے یا رسول اللہ عورتون پر جہاد ہے فرمایا کہ ہان عورتون پر
ایسا جہاد ہے کہ نہین ہے لڑائی اوسمین وہ حج اور عمرہ ہے روایت کی ابن ماجہ نے ف حج وعمرہ مین لڑائی تو نہین
ہے لیکن بسبب کمال مشقت اور ریاضت اور حاصل ہونے تفرقہ عزیزون اور وطن سے عورتون کے
حق مین بمنزلہ جہاد کے ہے حضرت عائشہ صدیقہ رض سے روایت ہے کہ مینے عرض کیا کہ یا رسول اللہ
مین دیکھتی ہون کہ جہاد سب عملون سے افضل اور اعلی ہے اور ہم عورتین جہاد نہین کرتی مین تو آپ نے
فرمایا کہ افضل جہاد حج مبرور ہے تو آپ فرماتی ہین کہ جیسے یہ سنا مینے تو نہ چھوڑا مینے حج کو روایت کیا
بخاری نے حضرت علی رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے حج کیا اور بعد اسکے غزا کی تو
لکھا جاتا ہے اوسکے غزا کا اجر و ثواب برابر چار سو حج کے تو آپ فرماتی ہین کہ اس فرمان عظیم الشان کو سنکر
اون مسلمانون کے دل ٹوٹ گئے جو طاقت اور قدرت حج اور جہاد کرنے کی نہ رکھتے تھے پروردگار عالم نے
اپنے حبیب مکرم معظم کو وحی بھیجی کہ اے حبیب میرے جو شخص تجھپر تحفہ درود شریف کا بھیجیگا تو اوسکے
درود شریف کا اجر و ثواب برابر چار سو جہاد کے ہے اور ہر جہاد برابر چار سو حج کے روایت کیا شیخ احمد
حضراوی نے عقد الثمین مین اور اسی طرح روایت کیا ابو حفص عمر المیانشی نے اور اسی روایت کو حضرت شیخ
عبد الحق محدث دہلوی جذب القلوب مین تحریر فرماتے ہین عبد اللہ ابن عباس رض فرماتے ہین کہ تھا مین رسو لخدا
صلعم کے ساتھ منی مین ناگاہ آئی ایک جماعت اہل یمن کی اور اونھون نے آنکر عرض کیا کہ یا رسول اللہ
قربان ہون ماں باپ ہمارے تمپر یا رسول اللہ بیان فرمایئے ہمارے سامنے اجر و ثواب حج کے آپ نے فرمایا
کہ سنو جو آدمی نکلا اپنے گھر سے بہ نیت حج اور عمرہ کے پس جو قدم کہ اوٹھاتا ہے اور رکھتا ہے زمین پر بگمہ کہ
جھڑتے ہین گناہ اوسکے ایسے جیسے پتے درخت سے جھڑتے ہین پس جسوقت کہ پہونچتا ہے مکہ شریف
مین تو ملائکہ اوس سے مصافحہ اور سلام علیک کرتے ہین اور جسوقت کہ پہونچتا ہے ذو الحلیفہ مین اور غسل کرتا ہے
تو اوسکو اللہ تعالی گناہون سے پاک کر دیتا ہے اور جسوقت کہ احرام باندھتا ہے تو اللہ تعالی اوسکی نیکیون کو

عورتون پر جہاد ہے ۱۲

فضیلت درود شریف ۱۲

یمن سے ایک جماعت کا آنا اور رسول صلعم سے حج کے فضائل کا بیان کرنا

فضائل حج مقبول و غیر مقبول

فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ حج مبرور بہتر اور افضل ہے دنیا و مافیہا سے اور نہین ہے جزا حج مبرور کی مگر جنت اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ حج غیر مقبول بہتر ہے دنیا و مافیہا سے اور کہا جاتا ہے واسطے اوس شخص کے کہ حج نہین قبول ہوا اوسکا کہ نکلا تو اپنے گناہون سے اور جسکا کہ حج قبول ہوا پس تحقیق وہ پہونچا مقصد بڑے کو روایت کیا شیخ احمد حضراوی نے عقد الثمین مین حضرت امام حسن بصری سے روایت ہے کہ ایک حج مقبول بہتر ہے دنیا و مافیہا سے اور اوسکو حکم چار سو آدمیون کی شفاعت کا دیا جاویگا جس کسیکی چاہے اپنے کنبے وغیرہ مسلمانون کی اور بھی آپ سے مجالس بکیہ مین روایت ہے کہ حج غیر مقبول کفارہ ستر برس کے گناہونگا ہوتا ہے اور ثواب حج مقبول کا یہ حساب ہے حضرت ام سلمہ رض سے روایت ہے کہ سنا مینے رسول مقبول صلعم سے کہ جسنے احرام باندھا حج کا یا عمرہ کا بیت المقدس سے مسجد احرام تک بخشے جاتے ہین اوسکے گناہ اگلے اور پچھلے یا یہ فرمایا کہ واجب ہو جاتی ہے اوسکے لیے جنت نقل کی ابو داؤد و ابن ماجہ رض نے ف بعض اہل حدیث لکھتے ہین کہ اس حدیث مین اشارہ ہے طرف اسکے کہ احرام کی جگہ جتنی دور ہوگی اوتنا ہی ثواب زیادہ ہوگا چنانچہ اپنے گھر سے احرام باندھکر جانا افضل ہے اگر ممنوعات احرام سے بچ سکے ورنہ میقات سے افضل ہے حضرت شیخ رض لکھتے ہین کہ جب حاجی بیت المقدس سے آتا ہے مکہ شریف کی طرف تو راہ مین مدینہ طیبہ بھی ملتا ہے پس وہ شخص مشرف ہوتا ہے ساتھ افضل اور اشرف مقامون کے اول اور اوسط اور آخر مین اسوجہ سے خداوند کریم کی جناب سے حاجی کو یہ ثواب عظیم نصیب ہوتا ہے جامع ترمذی مین عبد اللہ ابن مسعود رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ ساتھ کرو حج اور عمرہ کو اس واسطے کہ یہ دونون دور کرتے ہین گناہون اور محتاجی کو جیسے دور کرتی ہے بھٹی میل لوہے کو اور سونے چاندی کو حاصل حدیث یہ ہے کہ پے در پے کرو حج اور عمرہ یعنی قران کہ اوسمین حج اور عمرہ دونون ہوتے ہین یا یہ مراد ہے کہ عمرہ کیا ہے تمتع تو پھر حج کرو اور حج کیا تو پھر عمرہ کرو اور مراد فقر سے یا تو فقر ظاہری ہے یا فقر باطنی یعنی حج کی خیر و برکت سے مسلمان مالدار ہو جاتا ہے یا دل غنی ہو جاتا ہے اور کیون نہو کہ بندہ ضعیف گنہگار جب آستانہ اقدس اپنے پروردگار غفار الذنوب پر پہونچ گیا تو اس سے زیادہ مسلمان کے واسطے کون سی بڑی دولت اور سعادت دنیا و آخرت ہے عمران بن حصین رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ ساتھ کرو حج اور عمرہ کو کہ یہ دونون عمر اور رزق مین ترقی کرتے ہین اور دور کرتے ہین دونون

فضائل بیت المقدس و احرام

حاشیہ ۱۲

حق کے کہ ظالم سے لیا جاوے اور بخشدے واسطے ظالم کے پس نہ قبول کی گئی عرفے کی شام کو جب صبح کی
تو حضرت نے مزدلفہ مین پھر دعا مانگی پس قبول کی گئی کہا راوی نے پس ہنسے حضرت یا کہا راوی نے
مسکرائے پس کہا حضرت ابا بکر صدیقؓ اور حضرت عمرؓ نے کہ قربان ہون ماں باپ ہمارے آپ پر کہ تحقیق یہ وہ
ساعت ہے کہ نہین آپ ہنستے تھے اسمین یعنی اس ساعت عظیم الشان کا یہ مقتضا نہین ہے کہ آپ ہنسین
پس کس چیز نے ہنسایا آپ کو ہمیشہ ہنساوے اللہ تعالی آپ کے دانتون کو فرمایا حضرت نے کہ تحقیق
دشمن خدا ابلیس نے جب جانا کہ تحقیق اللہ عزوجل نے قبول فرمائی دعا میری اور بخشا میری امت کو تو لی
مٹی پس شروع کی ڈالنی مٹی اپنے سر پر اور پکارنا شروع کیا داویلا و اثبورا پس ہنسایا مجھکو اوسکی
بیقراری اور گھبرا جانے نے روایت کی ابن ماجہ نے اور نقل کی بیہقی نے کتاب بعث و نشور مین مانند
اسکے ف ظاہرا اس حدیث سے معلوم ہوتا ہے کہ مغفرت عام ہوئی یعنی اللہ تعالی اور بندون کے
دونون کے حق بخشے گئے اور طبرانی کہتے ہین کہ یہ حکم محمول ہے اوس ظالم پر جسنے توبہ کی اور عاجز ہے
حقون کے ادا کرنے سے اسلیے کہ فرماتا ہے اللہ تعالی اِنَّ اللّٰہَ لَا یَغْفِرُ اَنْ یُّشْرَکَ بِہٖ وَیَغْفِرُ مَا دُوْنَ
ذٰلِکَ لِمَنْ یَّشَآءُ اور اسی طرح بیہقی لکھتے ہین اور مواہب لدنیہ مین ترمذی سے منقول ہوا کہ حج
کفارہ مظالم کا بھی ہوتا ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ ظلم ماسوے شرک کے ہے اور حضرت شیخ محدث
دہلوی اس حدیث کی تحقیق مین فرماتے ہین کہ حج سے حقوق اللہ بخشے جاتے ہین اور حقوق العباد مین
اختلاف ہے جمہور اہل سنت اسپر ہین کہ نہین بخشے جاتے ہین اور ظاہر حدیث سے بخشا جانا عام ثابت
ہوتا ہے واللہ اعلم حسن و ادی مین کہ شیطان کا یہ حال ہوا اوسکا نام محسر ہے یعنی حسرت مین ڈالنے والا
شیطان کو یہ مقام مزدلفہ کے پاس ہے پانسو پینتالیس گز کی قدر اسوجہ سے اوتنی جگہ سے حاجی لوگ
جلد گذرتے ہین صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین حضرت ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ جسنے خدا کے لیے
حج کیا اور عورتون سے خواہش کی بات چیت نہ کی اور ساتھ والون سے گالی گلوچ جھگڑا نہ کیا تو وہ پھرے
وقت ایسا پاک ہوا کہ گویا اوسی دن اوسکی ماں نے جنا اور بھی صحیحین مین حضرت ابو ہریرہ رضہ سے روایت
ہے کہ ایک عمرہ دوسرے عمرے تک گناہ بخشواتا ہے اور حج مبرور کی جزا نہین مگر جنت قرشی لکھتے
ہین کہ اس حدیث سے ثابت ہوا کہ حج مبرور کا بدلہ صرف کفارہ گناہون کا ہی نہین ہے بلکہ مبرور ہے
کہ علاوہ کفارہ ہونے گناہون کے خاوند کریم اپنے فضل عظیم سے اوسکو جنت مین داخل کریگا

عالم وغیرہ مین مذکور ہوا خداوند کریم اپنے فضل عظیم سے سب مسلمانونکو اوس مقام اقدس مین جانا نصیب فرماوے آمین

فصل تیسری
حج اور عمرہ کے فضائل مین

اہل اسلام کو مقام آگاہی اور بیداری ہے کہ حج کی بہت بڑی فضیلتین آیتون اور حدیثونسے جابجا ثابت ہین اونمین سے اس فصل مین چند لکھی جاتی ہین حقتعالی فرماتا ہے لِيَشْهَدُوا مَنَافِعَ لَهُمْ مفسرین کا تردد یہ منافع کے معنی مین اختلاف ہے تفسیر معالم مین سعید ابن مسیب اور محمد بن علی الباقر سے روایت ہے کہ مراد منافع سے عفو اور مغفرت ہے اور سعید ابن جبیر کے نزدیک مراد تجارت ہے اور مجاہد و عطا کے نزدیک حج کا نفع عام ہے دنیا و آخرت مین امام زمخشری تفسیر کشاف مین اس آیت شریف کی تفسیر مین لکھتے ہین کہ حضرت امام اعظم رضی اللہ عنہ پہلے حج ادا کرنے کے درمیان عبادتون کی تفضیل اور تفریق فرمایا کرتے تھے مگر جب آپ نے حج ادا کیا اور ملاحظہ فرمائے خصائص وبرکات وحسنات و درجات حج کے تو آپ نے تفضیل وہی حج کو اور پر سب عبادتون کے اسی طرح تفسیر احمدی مین مذکور ہے **ف** اس جگہ فقیر عرض کرتا ہے کہ اہل اسلام ذرا غور و فکر کرین اس مضمون پر کہ بخشا جانا حق العباد اور مظلوم کا سوائے حج کے اور کسی عبادت کے طفیل نہین ہو سکتا جابجا حدیث شریف مین وارد ہوا کہ بڑا گنہگار لوگون مین وہ شخص ہے جو عرفے کے دن عرفات پر ٹھہرے پس گمان کرے کہ اللہ تعالی نے اوسکو نہین بخشا پوشیدہ نہ رہے کہ اس مسئلہ مین اختلاف ہے کہ حج سے بڑے گناہ بھی جھڑتے ہین یا نہین بعض فرماتے ہین کہ معاف ہوتے ہین جیسے حربی مسلمان ہوتا ہے تو اوسکے گناہ سب معاف ہو جاتے ہین اور بعض کہتے ہین کہ اللہ تعالی کے گناہ جھڑتے ہین اور بندون کے حق نہین معاف ہوتے ہین جیسے ذمی مسلمان ہوتا ہے تو اللہ تعالی کے گناہ معاف ہو جاتے ہین نہ بندون کے قاضی عیاض رح لکھتے ہین کہ اجماع ہے اہل سنت کا اسپر کہ بڑے گناہون کو نہین جھاڑتی ہے مگر توبہ اور حضرت طیبی محدث اور میر بادشاہ کا یہی مذہب ہے کہ حج سے گناہ کبیرہ اور حق العباد دونون معاف ہوتی ہین چنانچہ حضرت عباس بن مرداس رض سے روایت ہے کہ رسول مقبول صلعم نے دعا مانگی واسطے امت اپنی کے عرفے کی شام کو بخشش کی پس قبول کی گئی کہ تحقیق مینے بخشا واسطے اونکے سوائے حقوق بندون کے پس تحقیق مین لونگا واسطے مظلوم کے حق اوسکا ظالم سے کہا حضرت صلعم نے اے رب میرے اگر چاہے تو دے مظلوم کو جنت کی نعمتین یعنی بدلا اوسکا

تحقیق

ابن القاسم فرماتے ہین کہ مجھسے بیان کیا ایک شخص نے کہ اوسنے عشرہ ذی الحجہ مین یہ پانچون دعائین پڑھین
اور اونکی برکت سے دعا مانگی پس دیکھا اوسنے خواب مین کہ گویا گھر مین پانچ طباق نور کے ہین اوپر تلے اور سارا
گھر نور سے معمور ہوگیا حضرت جابرؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسوقت ہوتا ہے
دن عرفے کا تحقیق اللہ تعالی نزول فرماتا ہے طرف آسمان دنیا کے پھر فخر فرماتا ہے ساتھ حاجیون کے
روبرو فرشتون کے اور فرماتا ہے کہ دیکھو میرے بندون کی طرف کہ آئے میرے پاس برانگیختہ بال
اور گرد آلودہ چلاتے ہوے ہر راہ دور سے ساتھ لبیک اور ذکر کے گواہ کرتا ہون مین تمکو کہ تحقیق
مینے بخشا اونکو پھر کہتے ہین فرشتے کہ اے پروردگار ہمارے فلانا شخص ہے کہ نسبت کیا جاتا ہے گناہ
کے ساتھ اور فلانا مرد اور فلانی عورت گناہ کرتے ہین فرمایا رسو لخدا صلعم نے کہ اوسوقت فرماتا ہے اللہ
عزوجل کہ تحقیق بخشا مینے اونکو پھر فرمایا کہ نہین ہے کوئی دن کہ بہت آزاد کیے جاوین اوسمین آگ سے
برابر دن عرفے کے روایت کیا شرح السنۃ مین اور حضرت طلحہ بن عبداللہؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسو لخدا
صلعم نے کہ نہین دیکھا گیا شیطان کسی دن زیادہ ذلیل اور راندہ ہوا اور بہت حقیر اور بہت غصے مین بھرا ہوا
برابر عرفے کے دن کے ف یعنی شیطان ہمیشہ مسلمانون کی نیکیان دیکھکر غصہ کھاتا ہے اور خوار ہوتا ہے
مگر عرفے کے دن سب دنون سے زیادہ خوار اور غصہ ناک ہوتا ہے اور نہین ہے سبب سکا مگر اس وجہ سے
کہ دیکھتا ہے اوتر نا رحمت الٰہی کا عام و خاص پر اور معاف کرنا غفور الرحیم کا بڑے گناہونکو مگر کہ وہ دیکھا
گیا دن بدر کے یعنی اوس دن کہ فتح مسلمانون کی اور عزت و شوکت اسلام کی ہوئی خواری اور ذلت
شیطان کی مانند خواری و ذلت عرفے کے دن کی سی تھی یا زیادہ پس تحقیق دیکھا شیطان نے
جبرئیلؑ کو دن بدر کے کہ درست کرتے ہین اور جماتے ہین ملائکہ کی صفون کو روایت کیا شرح السنۃ
مین اور جو دعائین کہ اس دن مین پڑھی جاتی ہین وہ پہلے مذکور ہوگئین حدیث شریف مین وارد ہوا کہ بڑا
گنہگار لوگون مین وہ شخص ہے جو عرفے کے دن عرفات پر ٹھہرے پس گمان کرے کہ اللہ تعالی اوسکو
نہین بخشا اور بھی وارد ہوا کہ بعض گناہ ایسے ہین کہ اونکا کفارہ کوئی عبادت نہین ہوسکتی مگر ٹھہرنا عرفات کا
ف اہل حدیث لکھتے ہین کہ عرفات نام رکھنے کی یہ وجہ ہے کہ حضرت ابراہیمؑ کو اوس جگہ معرفت حاصل
ہوئی تھی اس بات کی کہ خواب میرا خدا کی طرف سے ہے یا یہ وجہ کہ جبرئیلؑ نے معرفت مناسک حج آپ کو
وہان تعلیم فرمائی تھی یا یہ وجہ کہ حضرت آدم و حوا کو آپس مین وہان معرفت حاصل ہوئی تھی جیسے کہ تفسیر

بیٹھے تھے اور اپنے اہل و عیال کو شب بیداری مین اپنے ساتھہ شریک فرماتے تھے اور محنت و ریاضت پرے درجے کی فرماتے تھے تیسرا محرم کا اول وہا کہ شہداء کربلا کے کربت اور غربت کے دن ہین اور صبر و رنج کے کہ اللہ تعالی کی راہ مین کھینچا ہے اوسکا ثواب اونکی ارواح مقدس پراوس وہے مین نازل ہوتا ہے اور بدعتی لوگ جہالت کی راہ سے رسومات غم والم کے قائم کرنے کو جیسے سینہ زنی اور کتاب خوانی اور تصویر سازی اور نوبت نوازی کے واسطے تمام سال انتظار اوس وہے کا کرتے ہین اور بعض مفسرون نے ان دس راتون کو تمام سال مین سے متفرق لیا ہے کہتے ہین کہ پانچ راتین رمضان شریف کی آخر کے دہے کی کہ ایمین گمان شب قدر کی برکتون کا ہے اور ایک رات عید الفطر کی اور ایک رات عرفہ کی اور ایک رات عید الضحی کی اور ایک رات معراج کی یعنی ستائیسوین رجب کی اور ایک شب برات یعنی پندرھوین رات شعبان کی علماء دین لکھتے ہین کہ جو شخص نذر مانے برس کے افضل دنون کی روزہ رکھنے کی تو یہ نذر اوسکی عشرہ ذی الحجہ کی طرف عائد ہوگی اور جو نذر مانے افضل دن کے روزہ رکھنے کی تو دن عرفہ کا ہوگا اور جو نذر کرے ہفتہ کے دنون مین سے افضل دن کے روزہ رکھنے کی تو دن جمعہ کا ہوگا اور بعض علما فرماتے ہین کہ عشرہ ذی الحج کا باعتبار دنون کے افضل ہے بسبب ہونے عرفے کے دن کے اوسمین اور راتین عشرہ رمضان کی افضل ہین بسبب ہونے شب قدر کے اوسمین بلکہ فی اشعۃ اللمعات حضرت فقیہہ ابو اللیث وہ باسناد طویل روایت کرتے ہین کہ حق تعالی نے تحفہ بھیجا حضرت موسی بن عمرانؑ کو پانچ دعائین کہ لائے اونکو حضرت جبرئیلؑ عشرہ ذی الحجہ مین اول دعا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر دوسرے اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ الھا واحدا احدا صمدا فردا باقیا لم یتخذ صاحبۃ ولا ولدا تیسرے اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ احدا صمدا لم یلد ولم یولد ولم یکن لہ کفوا احد چوتھے اشھد ان لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شیء قدیر پانچوین حسبی اللہ وکفی سمع اللہ لمن دعا لیس وراء اللہ منتھی اور وارد ہوا کہ یہ کلمے نازل ہوے انجیل مین حواریون نے حضرت عیسیٰؑ سے فضیلت اور ثواب ان کلمات کا پوچھا آپ نے اسکا ثواب اور فضیلت بحساب بیان فرمائی ابو النصر ہاشم

تحقیق فضیلت عشرہ ذی الحجہ و عشرہ رمضان مبارکہ ۱۲

وسوین عاشورہ کا دن کہ اسکا روزہ کفارہ برس دن کا ہے حضرت ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا
رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے عاشورہ کے دن اپنے عیال پر وسعت کھانے وغیرہ کی کی تو اللہ تعالے
اوسپر وسعت اور فراغت رکھتا ہے سال بھر سفیان رضہ فرماتے ہین کہ اس عمل کا ہمنے تجربہ کیا تو ایسا ہی
پایا چونکہ اس دن مبارک مین ہر طرح سے جامعیت اور اکملیت حاصل تھی تو معرکہ شہادت جناب سید الشہدا
بھی اسی دن عالم ظہور مین آیا غرض اس جگہ معلوم کرنا چاہیے کہ فقہا رکے نزدیک عرفہ کا روزہ خاصکر
حاجیون کے واسطے مکروہ ہے بدلیل اسکے کہ رسول مقبول صلعم نے افطار فرمایا اور غالب ہے کہ اسمین
مصلحت اور حکمت شرعی یہ ہو کہ اوس دن حاجی لوگ بسبب ضعف اور کسل روزہ کے دعا و استغفار مین
اور حج کے ارکان ادا کرنے مین سست اور غافل نہو جاوین یہان تک کہ اہل سلف کا فرمانا یہی ہے کہ
عرفات والون کو افطار کرنا مستحب ہے اور بروایت ابو الشیخ کتاب الثواب مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول
صلعم نے کہ روزہ ذی الحجہ کی آٹھوین کا کفارہ ایک برس کے گناہ ہو سکتا ہے اور نوین کا روزہ کفارہ دو
برس کے گناہ ہو سکتا ہے حضرت ابو ہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا سرور کائنات صلعم نے کہ نہین ہے
کوئی دن دوست زیادہ اللہ تعالی کے نزدیک یہ کہ عبادت کیجاوے اوسکی ذی الحجہ کے عشرہ سے
کہ اوسکے ہر دن کا روزہ برابر ہے برس دن کے روزہ کے اور عبادت ہر رات کی برابر ہے شب قدر
کی عبادت کے روایت کیا ترمذی و ابن ماجہ نے اللہ تعالی قرآن مجید مین فرماتا ہے وَالْفَجْرِ وَلَيَالٍ
عَشْرٍ مفسرین ان دس راتون کو تین قسم پر لکھتے ہین اول تو دس راتین ذی الحجہ کے مہینے کے اول
کی کہ سب حاجی لوگ اطراف و جوانب سے اون دس راتو یعنی مکہ معظمہ مین یا اوسکے گرد و نواح مین
حج و طواف بجالانے کو جمع ہوتے ہین اور ابتدا جمع ہونے کی شب اول سے ہوتی ہے اور انتہا اوسکی
دسوین رات کو ہوتی ہے کہ حدیث شریف مین وارد ہوا کہ دنون مین سے کوئی دن اس مرتبہ کا نہین
ہے کہ اوسمین نیک عمل بہتر اور افضل ہو ذی الحجہ کے دس راتون سے کہ ہر روزہ دس روز کے روزون مین سے
ایک برس کے روزون کی برابر ہے ثواب مین اور عبادت ہر رات کی اون راتون مین سے شب قدر کی عبادت
سے دس گنی ہے دوسرا رمضان مبارک کے آخر کا دہا کہ عابد لوگ اعتکاف کی سنت ادا کرنے کو اور
شب قدر کی برکتین حاصل کرنے کو تمام سال اوسکے انتظاری مین کاٹتے ہین حدیث شریف مین وارد
ہوا کہ جب یہ دہا داخل ہوتا تھا تو رسول خدا صلعم گھر کو چھوڑ کر کمر ہمت باندھکر مسجد شریف مین اعتکاف کو

فضائل عاشورہ ۱۲

مقبول صلعم نے کہ جسنے روزہ رکھا دسوین محرم کا دیا جاتا ہے اوسکو ثواب دسمل حاجیون کا اور عمرہ کرنے والونکا
اور ثواب دس ہزار شہید کا اور جسنے اسدن یتیم کے سر پر ہاتھ پھیرا تو ہر بال کے عوض اللہ تعالی
اسکے درجے بلند کریگا جنت مین اور جسنے کہ افطار کرایا روزہ کسی مسلمان کا نوین تاریخ محرم کی پس گویا
کہ اوسنے افطار کرایا روزہ تمام امت محمد صلعم کا اور اونکا پیٹ بھر دیا صحابہ نے عرض کیا البتہ تحقیق بڑی
دی اللہ نے عاشورہ کو سب دنون پر فرمایا کہ ہان پیدا کیا اللہ تعالی نے آسمان وزمین کو عاشورہ کے
دن اور پیدا کیا پہاڑون اور تارون کو اور لوح و قلم کو اور آدمؑ کو اور حضرت حوا کو اور جنت کو عاشورہ کے دن
اور داخل فرمایا حضرت آدم کو جنت مین عاشورہ کے دن اور پیدا ہوے حضرت ابراہیمؑ عاشورہ کے دن
اور نجات دی آپ کو اللہ تعالی نے آگ سے عاشورہ کے دن اور صحت پائی حضرت ایوب نے عاشورہ
کے دن اور حضرت آدمؑ کی توبہ قبول ہونا اور حضرت داودؑ کی گناہ کی بخشش ہونا اور حضرت سلیمان کی
بادشاہت واپس ہونا اور حضرت عیسیٰؑ کا پیدا ہونا اور آسمان پر جانا اور رسول مقبول صلعم کا پیدا ہونا اور
قیامت قایم ہونا یہ سب باتین عاشورہ کے دن ہوئین ہین اور فدیہ حضرت اسمعیل کا عطا ہونا اور
فرعون کا غرق ہونا اور بنی اسرائیل کے واسطے دریا مین رستہ ہوجانا اور حضرت نوحؑ کا کشتی سے فارغ
ہونا یہ سب عاشورہ کے دن ہوا بعض اہل حدیث فرماتے ہین کہ عاشورہ کو عاشورہ اسوجہ سے
کہتے دن کہ اللہ تعالی نے دس نبیون کو اسدن مبارک مین دس کرامتین عنایت فرمائین جیسے کہ
مذکور ہوا علاوہ اسکے حضرت ابراہیم کا بمرتبہ خلیل ہونچنا حضرت ادریسؑ کا آسمان پر جانا اور حضرت یونسؑ
کا شکم ماہی سے نکلنا یہ سب عاشورہ کے دن ہوا اور بعض فرماتے ہین کہ عاشورہ اسوجہ سے کہتے ہین
کہ اللہ تعالی نے اسدن مبارک مین اس امت پر دس کرامتین عنایت فرمائین اول مہینا رجبؔ کا کہ
فضیلت اس مہینے کی سب مہینون پر ایسی ہے جیسے فضیلت اس امت کی سب امتون پر دوسرا مہینہ
شعبانؔ کا اسکی بزرگی سب مہینون پر ایسی ہے جیسے فضیلت رسول مقبول صلعم کی سب نبیون پر تیسرا مہینہ
رمضان مبارک کا کہ اسکی فضیلت سب مہینون پر ایسی ہے جیسے فضیلت اللہ تعالی کی سب مخلوق پر
چوتھے لیلۃ القدر کہ وہ بہتر ہے ہزار مہینون سے پانچوین دن عید الفطر کا کہ وہ دن جزا ملنے کا ہے اور
چھٹے دس دن ذی الحجہ کے ساتوین دن عرفہ کا کہ روزہ اسکا کفارہ دو برس کے گناہون کا ہے
آٹھوین دن قربانی کا کہ یہ دن خدا کی مہمانی اور ضیافت کا ہے نوین دن جمعہ کا کہ وہ سید الایام ہے

فضیلت ماہ رجب ۱۲

فضیلت ماہ شعبان ۱۲

فضیلت ماہ رمضان ۱۲

کلمہ کی اونگلی اوٹھاکے تین بار فرمایا اللھم اشھد یا اللہ گواہ رہ اور فرمایا کہ تین چیزین ایسی ہون کہ پاک و صاف رکھتی ہین ایک اخلاص عمل مین یعنی عبادت بے ریا دوسرے مسلمانون کی جماعت مین شریک رہنا تیسرے بھائی مسلمانون کی خیرخواہی پھر آپ نے فرمایا کہ جو لوگ حاضر ہین غایبون کو یہ سب باتین پہونچادین صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین حضرت ابوہریرہ رضہ سے روایت ہے کہ حج مبرور کی جزا نہین مگر جنت لوگون نے پوچھا کہ نیکی حج کی کیا ہے فرمایا اطعام الطعام ولین الکلام یعنی کھانا کھلانا اور نرمی سے بات کہنا اہل حدیث لکھتے ہین کہ حج مبرور حج مقبول کو کہتے ہین اور علامت اوسکی یہ ہے کہ حاجی آپ کو گناہون سے بچائے اور حج اوسکا محض خدا کے واسطے ہو اور ریا و فخر وغیرہ کا کچھ دخل نہو اور احیا مین علامہ غزالی فرماتے ہین کہ اگر حج کرنے والے کی عادتین اور عمل فعل بعد حج کرنے کے پہلے سے نیک ہو جاوین اور دنیا سے نفرت اور آخرت کی رغبت پیدا ہو تو یہ علامت حج مقبول کی ہے والا نامقبول اور بعض علما لکھتے ہین کہ حج کی راہ مین نقصان ہونا اور مصیبت و تکلیف مال و بدن مین اوٹھانا یہ سب علامات قبولیت حج کی ہین کیونکہ حج کو راستے کی مصیبت کا ثواب برابر اجر خرچ کرنے جہاد کی ہے پس وہ تکلیف و مصیبت خدا کی راہ مین ہے تو چاہیے کہ اس سفر مبارک کی تکلیفات ظاہری سے نہ گھبراوے حق تعالی کسی عمل کا اجر و ثواب نہین ضایع کریگا جیسے کہ نصر بن احمد وغیرہ مین ہے فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص محفوظ رکھے زبان اور کان اپنے کو عرفے کے دن بخشے جاتے ہین گناہ اوسکے اوس عرفہ سے تا عرفہ سال آیندہ روایت کیا بیہقی نے صحیح مسلم مین حضرت ابوقتادہ رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ ارحم الراحمین سے فضل سے امید رکھتا ہون نہین کہ ثواب عرفہ کے دن کے روزہ کا اسقدر ہووے کہ کفارہ دو برس کے گناہون کا ایک سال گذشتہ کا اور ایک سال آیندہ کا اور امید رکھتا ہون مین کہ ثواب عاشورہ کے دن کے روزہ کا کفارہ ہو ایک برس کے گناہون کا اور بیہقی سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ عرفے کے دن کا روزہ مانند ہزار روزہ کے ہے ف اہل حدیث لکھتے ہین کہ وجہ افضلیت عرفہ کے روزے کی اوپر عاشورہ کے روزہ کے یہ ہے کہ عرفہ کا روزہ نبی آخر الزمان کی شریعت سے ہے اور روزہ عاشورہ کا حضرت موسی کے شریعت سے ہے لیکن اس جگہہ معلوم کرنا چاہیے کہ عاشورہ کا دن بھی نہایت بابرکت ہے فقیہ ابواللیث سمرقندی رح تحریر فرماتے ہین کہ عبداللہ ابن عباس رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول

فصل ۴ حج مبرور کی علامات

فصل ۵ روز عرفہ کی فضیلت

فصل ۶ عاشورہ کی فضیلت

بتانا جائز ہے مگر بات چیت نکرنا اور جو کام عاجزی کے خلاف ہو اوسکا چھوڑنا مستحب ہے اور کبھی طواف المشی کرنا اور دوگانہ ہر ایک کا سب کے بعد پڑھنا مکروہ ہے مگر امام ابو یوسف کی نزدیک اکٹھا کرنا طوافون طاق کا جائز اور عمرہ اور تمتع مین طواف قدوم نہین ہوتا اور عمرہ مین اور مکی پر مطلقاً طواف رخصت بھی نہین ہوتا ہے +

فصل دوسری

عرفہ اور عرفات اور عشرہ ذی الحجہ اور منیٰ کے فضائل مین اور حج اکبر اور حج مبرور کی تحقیق مین

زین محدث سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ بہتر دنون سے وہ عرفہ ہے جو جمعہ کے دن پڑے اوس دن کا حج بہتر ہے اور دنون کے ستر حج سے اہل حدیث لکھتے ہین کہ یہ جو مشہور ہے کہ بعضون کے حج قبول ہوتے ہین اور اونکے واسطے سے اور حاجیون کی بھی مغفرت ہوتی ہے تو جمعہ کا حج اس سے مستثنیٰ ہے یعنے جمعے کے حج مین کل کی مغفرت بلا واسطہ ہوتی ہے حضرت علامہ غزالی احیا مین نقل کرتے ہین کہ جس سال مین کہ عرفہ جمعہ کے دن پڑے حق تعالی کل اہل عرفہ کو بخشدیتا ہے اور دنیا کے سب دنون سے وہ دن افضل اور اشرف ہے وارد ہوا کہ عرفہ حجۃ الوداع جناب سرور عالم صلعم کا بھی جمعے کے دن پڑا تھا اور اوسی دن عرفات مین یہ آیت شریف نازل ہوی اَلْیَوْمَ اَکْمَلْتُ لَکُمْ دِیْنَکُمْ تا آخر مسلمانون کو بڑی خوشی ہوئی ایک یہودی نے حضرت عمرؓ سے کہا کہ ایسی آیت ہم مین اگر نازل ہوتی تو ہم لوگ روز نزول کو عید قرار دیتے حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ مین خوب جانتا ہون کہ جسدن یہ آیت نازل ہوی عرفہ کے دن کہ جمعہ تھا نازل ہوی یعنے اوسدن مسلمانون کی دو عیدین جمع تھین کیونکہ جمعہ کا دن بھی عید ہے اور عرفہ بھی عید ہے کہتے ہین کہ اوسی دن یہود و نصاری مجوس مشرکین کی بھی عید تھی شاید اسی حدیث کے سبب سے کہ جس حج مین عرفہ جمعہ کے دن پڑتا ہے لوگ اوسکو حج اکبر کہتے ہین حقیقت مین اس حج کا بہت بڑا ثواب ہے لیکن قرآن مجید مین حج اکبر سے یہ مراد نہین ہے بلکہ عین حج مراد ہے اور احتراز ہے حج اصغر سے کہ عمرہ کو کہتے ہین ف دسوین سال ہجرت سے رسول مقبول صلعم خود حج کو تشریف لے گئے اس حج مین آپ نے ایسی باتین فرمائین جیسے کوئی وداع کرتا ہے یعنی رخصت کرتا ہے اسوجہ سے حجۃ الوداع کہتے ہین بعد تمام فرمانے خطبہ کے آپ نے فرمایا کہ قیامت کے دن اللہ تعالی تمسے میرا حال پوچھے گا کہ کیا کیا معاملہ کیا اور کیسے رہے سو تم کیا کہوگے صحابہ نے عرض کیا کہ ہم کہین گے کہ آپ نے احکام الٰہی بخوبی پہونچائے اور نصیحت امت کی کما حقہ فرمائی آپ نے آسمان کیطرف

نکما امام مالک کے تزدیک واجب ہے بہل اس طواف مین نکرے اگر طواف صفا مروہ کا اسکے بعد منظور ہو
دوسرا طواف الزیارت کہ اوسکو طواف الرکن اور طواف الواجب اور طواف یوم النحر بھی کہتے ہین اور وہ
فرض ہے حج مین اوسکا وقت دسوین تاریخ کی فجر سے بارھوین کی آخر تک اگر اس سے تاخیر کریگا تو
قربانی لازم آئے گی تیسرا طواف الوداع کہ اوسکو طواف الرخصت اور طواف الصدر اور طواف الافاضہ
اور طواف آخر العہد بالبیت بھی کہتے ہین یہ طواف واجب ہے آفاقی پر مفرد ہو یا قارن یا متمتع پس عمرہ
کرنے والے اور مکی پر واجب نہین اول وقت اوسکا بعد طواف الزیارت کے ہے اور آخر تمام عمر مگر حیض
ہونے کے وقت مکہ معظمہ سے بہتر ہے چوتھا طواف عمرہ کا اور وہ فرض ہے عمرہ مین پانچوان طواف نفل
کہ مکی یا آفاقی بعد طواف قدوم یا طواف عمرہ کے جب چاہے بجالائے چھٹا طواف تحیۃ المسجد کہ مستحب ہے
داخل ہونے والے کے لیے اسواسطے کہ حدیث شریف مین آیا ہے کہ تحیۃ اس مسجد کا طواف ہے ساتوان
طواف النذر اور وہ واجب ہے نذر ماننے والے پر اور طواف نفل بہتر ہے نماز نفل سے آفاقی کے حق مین
مگر مکی کے حق مین نماز نفل بہتر ہے طواف سے اگر طواف کعبہ یا طواف صفا و مروہ کرنے مین تکبیر شروع
ہوئے یا جنازہ واسطے نماز کے پیش آیا طواف کو چھوڑ کر نماز پڑھے باقی طواف کو بعد ادا کرے اور دو
ہر طواف کا مذہب حنفی مین واجب ہے اور امام شافعی کے تزدیک سنت ہے بہتر یہ ہے کہ بعد طواف
کے فوراً مقام ابراہیم کے پیچھے پڑھے اسکے بعد بہتر مقام اوسکے واسطے اندر کعبہ کا پھر حطیم میزاب
کے نیچے پھر حطیم سے جو جگہ کعبہ سے قریب ہو پھر گرد کعبہ کے جو اوس سے قریب زیادہ ہو پھر باقی
مطاف پھر مسجد الحرام پھر تمام حرم مگر وقت طلوع اور غروب اور ٹھیک دوپہر مین اور بعد صبح کے طلوع
تک اور بعد نماز عصر کے غروب تک اور وقت خطبہ اور شروع تکبیر فرض کے مکروہ ہے پس اگر طواف بعد
صبح یا بعد نماز عصر کے کیا ہو دوگانہ اوسکا بعد طلوع کے مثل اشراق اور بعد فرض مغرب پہلے سنت
کی ادا کرے اور یہ دوگانہ اگرچہ واجب ہے لیکن واجب بالغیر ہونے کی جہت سے کہ تابع طواف کا ہے
مکروہ وقت مین حکم نفل کا رکھتا ہے لہذا اس کے ترک سے قربانی لازم نہین آتی لیکن اگر بعد صبح یا
بعد نماز عصر کے پڑھیگا تو کراہت کے ساتھ ادا ہو جائیگا پڑھنے مین اگر معلوم ہو تو قطع کرنا واجب
ہے اور پڑھنے کے بعد اعادہ بہتر ہے مگر طحاوی کے تزدیک بعد صبح اور بعد نماز عصر کے مکروہ نہین
ہے مثل نماز جنازہ کے اور امام شافعی کا بھی یہی مذہب ہے اور طواف مین سلام کلام مسئلہ پوچھنا

مناسک حج کے بیان مین
اقسام طواف اور
طواف کے
اور کیفیت
اور وقتون کے
۴۱۲
سنت طواف مین
سلام کلام
جائز ہونے
کے

پھرنے مین آٹھوین تاخیر کرنا نماز مغرب و عشا مین مزدلفہ پہونچنے تک نوین ٹھہرنا مزدلفہ مین رات کو اگر
چہ ایکساعت ہو دسوین رمی یعنی لنکریان مارنا گیارھوین رمی اول پہلے سر منڈانے یا کترانے سے کرنا بارھوین
رمی ہر دن کے اوسی دن مین کرنا ایام نحر مین سے تیرھوین ترتیب رمی اول اور حلق اور طواف مین بعض
کے نزدیک چودھوین ترتیب قینون رمی مین پندرھوین سر منڈانا یا سر کے بال کترانا سولھوین کرنا ان
دونون کا ایام قربانی مین سترھوین کرنا ان دونون کا حرم مین مگر امام ابو یوسف کے نزدیک یہ سنت ہے
اٹھارھوین طواف الزیارت کرنا قربانی کے دنون مین اونیسوین طواف مین حطیم کو بھی داخل کرنا بیسوین طواف
داہنی طرف سے کرنا اکیسوین طواف باطہارت کرنا بائیسوین طواف مین ستر عورت کرنا تیئیسوین طواف
مین پاک ہونا کپڑے کا بقدر ستر عورت کے چوبیسوین طواف پیادہ کرنا اگر عذر نہ ہو پچیسوین دوگانہ
طواف کے بعد یہ سب واجبات حاج مین اور خاص جیسے چھبیسوین طواف رخصت آفاقی کو ستائیسوین
رمی کرنا قارن متمتع کا پہلے ذبح سے اٹھائیسوین قربانی کرنا قارن متمتع پر اونتیسوین قربانی کرنا قارن
متمتع پر پہلے سر منڈانے یا بال کترانے سے تیسوین قربانی کرنا قارن متمتع پر قربانی کے دنون مین اکتیسوین
ترک کرنا ممنوعات احرام کا غرض جس چیز کو بے عذر ترک کرنے سے قربانی لازم آئے وہ واجب ہے مگر اس
کلیہ سے چند چیز مستثنے ہین جیسے ترک کرنا دوگانہ طواف کا تاخیر کرنا نماز مغرب مین عشا تک پس سوائے
فرائض و واجبات کے جو چیز حج مین گذرے یا سنت ہے یا مستحب لیکن سنت موکدہ اونسے بقول فقیہ
ابواللیث کے چار ہین اول طواف القدوم دوسرے رمل طواف کعبہ مین تیسرے دوڑنا صفا مروہ مین
چوتھے رات کو رہنا منی مین انکے ترک سے گنہگار ہوتا ہے لیکن کفارہ لازم نہین آتا اور عمرہ مین احرام
فرض ہے اور طواف کعبہ کا مگر احرام شرط ہے اور طواف رکن اور واجب عمرہ مین طواف صفا مروہ کا سر منڈانا
یا کترانا اور سنن اور مستحبات عمرہ کے مثل حج کے ہین اور مفسد حج کا صحت کرنا ہے پہلے ٹھہرنے عرفات سے اور
مفسد عمرہ کا صحت کرنا ہے پہلے طواف کے پوشیدہ نہ رہے کہ طواف سات قسم ہے ایک طواف قدوم اوسکو
طواف التحیۃ اور طواف اللقا بھی کہتے ہین کہ اول سب سے بمجرد داخل ہونے مکہ شریف مین بجالاتے ہین لیکن
اگر امام نماز فرض یا نماز جنازہ کی پڑھتا ہو یا نماز فرض یا وتر یا سنت موکدہ اس سے ترک ہوتی ہو مثلا
وقت اتنا ہے کہ اگر طواف کریگا تو سنت صبح کی جاتی رہین گی فقط فرض فجر کی پڑھ سکتا ہے تو ان چیزون کو
پہلے طواف سے ادا کرے اور وہ آفاقی مفرد اور قارن پر سنت ہے نہ عمرہ کرنے والے اور متمتع اور کوہ

بیان واجبات خاص

بیان اقسام طواف

تو دو قربانی بھیجے اور خطبے حج کے تین ہین ہر ایک بعد زوال کے ساتوین سے گیارہوین تک ایک
ایک دن کے بعد ہر ایک مین احکام حج کے مناسب الحال بیان ہوتے ہین پس ساتوین کو بعد ظہر کے
امام کو چاہیے ایک خطبہ پڑھے اور اوسمین جلسہ نکرے دوسرا نوین کو عرفات پر مسجد نمرہ مین پہلے نماز ظہر کے
مثل خطبہ جمعہ کے دو خطبے پڑھے یعنے بیچ مین جلسہ کرے تیسرا گیارھوین کو منیٰ مین بعد ظہر کے ایک خطبہ
مثل ساتوین کے پڑھے ف علماء دین مین اختلاف ہے اس باب مین کہ جسکی نماز عید فوت ہوگئی ہو تو وہ
ادا کرے یا نہ ادا کرے ظاہر مذہب حنفی یہ ہے کہ اس نماز کی قضا نہین ہے اسواسطے کہ یہ نماز سوا اس صفت خاص
کے نہین آئی ہے لیکن ہدایہ کے بعض شرحونمین مذکور ہوا کہ اگر چاہے تو ادا کرے دو رکعت یا چار رکعت
اسی طرح فتاوی محیط اور فتاوی قاضیخان مین وارد ہوا پس افضل یہ ہے کہ ادا کرے چار رکعت ابن مسعود رضہ
سے باسناد صحیح وارد ہوا کہ جسکی نماز عید فوت ہوگئی ہو تو وہ چار رکعت ادا کرے جیسے کہ فتح الباری
مین مذکور ہے پس پہلی رکعت مین سبح اسم اور دوسری مین والشمس اور تیسری مین واللیل اور چوتھی مین والضحیٰ
اور روایت ہے ابن مسعود رضہ سے کہ اس باب مین رسول مقبول صلعم نے بہت بڑا اجر عظیم کا وعدہ فرمایا ہے
اسیطرح مذہب امام احمد رح اور کرمانی لکھتے ہین کہ نزدیک مالک و شافعی کی دو رکعت ادا کرے اور نزدیک امام احمد رح کی چار رکعت اور نزدیک
حضرت امام اعظم رحمۃ اللہ علیہ کے اختیار ہے چاہے ادا کرے یا نکرے عائشہ رضہ سے مختار مین وارد ہوا کہ پڑھنا ان چار رکعت کا بطریق تبع مستحب ہے نہ بطریق قضا واللہ اعلم

باب تیسرا
فصل پہلی

در بیان فرض و واجبات و سنن حج وغیرہ اور اقسام طواف کے بیان مین

پوشیدہ نہ رہے کہ فرض حج کے پانچ ہین اول احرام اور شیخ طاہر دوسرا وقوف یعنی ٹھہرنا عرفات پر عرفہ کے دن زوال سے دسوین
صبح تک اگرچہ ایک لحظہ ہو کسی حالت مین تیسرا طواف الزیارۃ اور دونون کتاب ہین لیکن ٹھہرنا عرفات پر اقوی ہے لہذا صحت کرنیسے پہلے ٹھہرنے عرفات کے جو فاسد
ہوتا ہے اور پہلے طواف کے فاسد نہین ہوتا چوتھا ترتیب ان تینون مین پانچوین ادا کرنا ہر فرض کا اوسکے وقت
و مکان مین ان فرضون سے اگر کوئی ترک ہو تو حج ادا نہوگا اور امام شافعی کے نزدیک سعی بعد طواف کے
اور سر منڈانا بھی فرض ہے اور واجبات حج کے بہت ہین ایک میقات پر حالت احرام مین گذرنا دوسرے سعی
کرنا صفا مروہ مین تیسرے سعی بعد طواف کے کرنا چوتھے شروع سعی صفا سے کرنا پانچوین سعی پیادہ کرنا
اگر عذر نہو چھٹے ٹھہرنا عرفات پر زوال سے غروب تک بلکہ کچھ رات تک ساتوین متابعت امام کی عرفات مین

میزان عمل بھاری ہوجاوے گی اور بتحقیق وہ خون کہ گرتا ہے نزدیک خدا کے قبول ہوتا ہے پہلے
اس سے کہ گرے زمین پر پس خوش کرو اپنے نفسون کو اوس سے روایت کیا ترمذی و ابن ماجہ
نے مستحب ہے کہ قربانی کے دن پہلے نماز عید سے کوئی چیز نہ کھاوے پہلے گوشت قربانی کا کھانا چاہیے
اسکا بہت بڑا ثواب ہے فتاوی خلاصۃ المضمرات مین وارد ہوا کہ حضرت عبداللہ ابن عمر رضہ سے روایت
ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے روزہ رکھا قربانی کے دن تا پڑھنے نماز عید کے یعنی باز رہا
کھانے پینے سے پس گویا کہ اوسنے عبادت کی اللہ تعالی کی ستاسٹھ ہزار برس اور جسنے روزہ رکھا آٹھوین
تاریخ پس گویا کہ اوسنے عبادت کی اللہ تعالی کی بارہ ہزار برس اور جسنے کہ روزہ رکھا عرفہ کے دن پس
گویا کہ اوسنے عبادت کی اللہ تعالی کی چوبیس ہزار برس اسی طرح فتاوی ابراہیم شاہی مین وارد ہوا
کہ رسول مقبول صلعم پہلے نماز عید سے کچھ نہین کھاتے تھے بعد نماز عید کے گوشت قربانی سے تناول فرماتے تھے اسیطرح ہدایہ مین ہے
اور نماز عید کی حاجیون پر واجب نہین اسواسطے کہ اوسدن حاجی لوگ ارکان حج کے ادا کرنے مین
مصروف ہوتے ہین اس وجہ سے تخفیف کے لیے نماز عید کی معاف ہوئی لیکن اگر وسوین کو جمعہ پڑے
تو نماز جمعے کی معاف نہین اسواسطے کہ اوس تاریخ مین جمعہ کبھی اتفاق ہی سے پڑتا ہے پس اسمین
اتنا حرج نہین برخلاف عید کے کہ ہمیشہ وسوین کو ہوتی ہے اور جمعہ منی مین جائز ہے اگر حاکم
حجاز یا کے کا یا نائب اوسکا وہان موجود ہو اور حج کرنے والے پر قربانی غنی ہونے کی جہت سے
واجب نہین مگر بعض کے نزدیک مکی پر واجب ہے لیکن قارن اور متمتع پر قربانی واجب ہی مقدور ہو تو
تین روزے دسوین سے پہلے اور سات بعد ایام تشریق کے رکھے اور یہ قربانی شکرانہ ہے اور قربانی
افراد و تمتع قران کی دسوین سے بارھوین تک حرم مین کرنا چاہیے اگر اس سے پہلے یا غیر حرم مین
کریگا تو جائز نہین مگر قربانی روکی جاتی اور نذر کی اور قربانی نفلی اگر وسوین سے پہلے بیچے کرے تو
تو جائز ہے اور کی اور یہ تمانکو قران تمتع جائز نہین اور اگر کرین تو ادا ہو جائیگا مگر قربانی لازم آئیگی اگر کوئی بعد
احرام باندھنے کے بیماری یا خوف دشمن وغیرہ سے حج کو نہین جا سکتا تو کسی کے ساتھ قربانی مکہ معظمہ کو بھیجے
اور دن اور وقت ذبح کا مقرر کردے تا اوسکے بعد احرام اوتارے مرتفقا نا یا کترانا سر کے بالونکا شرط نہین
مگر بہتر ہے پھر اگلے سال قضا کرے اگر صرف عمرہ کی نیت تھی تو صرف عمرہ قضا کرے اور اگر فقط حج کی نیت
تھی تو حج اور عمرہ دونون بجالاوے اور اگر قران کی نیت کی ہو تو دو عمرہ ایک حج کرے اور قارن روکا گیا ہو

رخصت واجب ہے مگر عمرہ لانے والے اور حیض والی عورت اور زچہ اور غیر آفاقی پر واجب نہین اس طواف
کو بغیر اضطباع و رمل کے جیسا گذر چکا گھر جانے کے وقت بجالاوے اور پانی زمزم شریف کا پینے کے بعد
بطور تبرک کے اپنے سر منہ باقی بدن پر ڈالے پھر ملتزم پر آکر چمٹے اور اپنے سینے اور داہنے گال کو دیوار
کعبے پر رکھے اور داہنے ہاتھ کو دروازہ کی چوکھٹ کی طرف بڑھاوے اور پردہ کعبہ شریف کا جیسا غلام
اپنے مولی کا دامن پکڑ کے تقصیر بخشواتا ہے ہاتھ مین پکڑ کر روتا ہوا گناہ بخشوائے اور استغفار و دعا و
کلمہ توحید اور درود شریف پڑھے پھر دروازے کی چوکھٹ کو بوسہ دے اور جو چاہے سو دعا مانگے
اور استلام حجر اسود کا کرے اور کعبہ شریف کو حسرت سے دیکھتا ہوا اپنی جدائی پر روتا ہوا اوٹے پاؤن
پھرے اور باب الوداع سے باہر آئے مگر عورت حیض والی اور زچہ دروازے پر سے رخصت ہو طواف
وداع اوس سے ساقط ہے اور رخصت ہونے کے وقت کچھ مسکینون پر خیرات کرے ف پوشیدہ نہ رہے

تحقیق قربانی

کہ باہم علماء دین کے اختلاف ہے اس مسئلہ مین کہ قربانی واجب ہے یا سنت ہے حضرت امام اعظم رض
اور صاحبین اور امام زفر رح کے نزدیک قربانی مسلمان پر واجب ہے کہ آزاد مقیم ہو بشرطیکہ مالک
نصاب کا ہو اور حضرت امام شافعی اور ایک روایت مین امام ابو یوسف کے نزدیک سنت موکدہ ہے اور مشہور
و مختار مذہب امام احمد رح کا بھی یہی ہے اور ایک روایت مین وارد ہوا کہ غنی پر واجب ہے ورنہ سنت ہے
اسی طرح شرح سفر السعادت مین ہے حدیث شریف مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے جو شخص
مقدور والا ہووے اور قربانی نکرے تو وہ ہماری مسجد مین نہ آوے اور فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ موٹا کرو تم اپنی قربانیون کو پس بتحقیق یہ تمھارے سواریان ہونگی پل صراط پر ابن ماجہ و احمد زید ابن
ارقم رض سے روایت کرتے ہین کہ اصحاب نے عرض کیا کہ یا رسول اللہ یہ قربانیان کیا ہین یعنی کیا ہے
اصل انکی آپ نے فرمایا کہ قربانی سنت تمھارے باپ کی ہے کہ حضرت ابراہیم ہین صحابہ نے عرض کیا کہ ہمین
کیا ثواب واجب ہے ہمکو یا رسول اللہ آپ نے فرمایا کہ ہر بال کے مقابلے مین نیکی ہے یہ معزز اور بقر ہین ہے
کہ بال رکھتے ہین پھر عرض کیا صحابہ نے کہ کیا ہے اجر و ثواب ہمکو اون جانورون مین جو پشم رکھتے ہین جیسے
بھیڑ اور اونٹ آپ نے فرمایا کہ بمقابلہ ہر بال پشم کے نیکی ہے حضرت عائشہ رض سے روایت ہے کہ فرمایا رسول خدا
صلعم نے کہ نہین کیا آدمی نے کوئی عمل نیک دن قربانی کے محبوب زیادہ خون بہانے سے یعنی قربانی کرنے سے
اور بتحقیق وہ جانور قربانی کیا ہوا آویگا اپنے سینگون اور بالون سے یعنی بمیزان عمل مین رکھا جاویگا اور اوس سے

اگر مقدور ہو تو تین روز دسویں سے پہلے اور سات بعد ایام تشریق کے رکھے اور ذبح کرنے سے
پہلے یا بعد یہ دعا پڑھے انی وجہت وجہی للذی فطر السموات والارض حنیفا وما انا من المشرکین
ان صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی للہ رب العالمین لا شریک لہ وبذلک امرت وانا
اول المسلمین اللھم تقبل منی ھذا النسک واجعلھا قربانا لوجھک وعظم اجری علیھا
قربانی کے دنبہ بکری کے سر پانون کا سیاہ ہونا اور باقی بدن کا سفید ہونا بہتر ہے اور مستحب ہے کہ قربانی
کے دونون ہاتھ ایک پانون باندھکر اوسکا منہ بائین ہاتھ سے پکڑکر داہنے ہاتھ سے روبقبلہ
ہوکر ذبح کرے اسکے بعد سر منڈائے یا بال کترائے جیسا عمرہ مین بیان ہوچکا اور منڈاتے وقت یا بعد
اسکے تکبیر بھی کہے اور دعا مانگے جیسے عمرہ مین گذرا اب اسکو سب چیزین حلال ہوگئین مگر عورت سے بات چیت کرنا
رغبت کی کہ وہ بعد طواف الزیارت کے جائز ہوگا پھر اوسی دن مکہ شریف مین آکر طواف الزیارت ادا
کرے بغیر اضطباع ورمل کے اگر پہلے رمل وسعی کرچکا ہو اور اگر پہلے سعی نکی ہو تو اس طواف مین رمل
کرے نہ اضطباع پھر صفا مروہ مین سعی کرے اور یہ طواف گیارھوین بارھوین بھی جائز ہے لیکن
بعد طواف کے رہے منی لمین آکر گیارہوین کو امام مسجد خیف مین بعد ظہر کے خطبہ پڑھتا ہے اور احکام
باقی رہے بیان کرتا ہے خطبہ سننے کے بعد جمرہ اولی پر جو مسجد خیف کے پاس ہے بدستور سابق سات
کنکریان مارے پھر تھوڑا سا بڑھکر روبقبلہ ہوکر حمد خدا بجالائے اور درود شریف پڑھے اور دعا مانگے
جتنی دیر مین سورہ بقر پڑھ سکے یا تین پاو سپارہ یا تیس آیتین پھر جمرۃ الوسطی پر آکر بھی ویسا ہی کرے
مگر بائین طرف نالہ کے اوترآئے اور نشیب مین ٹھہرے پھر جمرۃ العقبی پر کنکریان مار کر بلا توقف دعا مانگتا ہوا
اپنے مقام پر آئے اور شب کو وہین رہے کہ سنت ہے اور امام شافعی کے نزدیک واجب ہے پھر بارھوین تاریخ بھی بعد ظہر کے مثل گیارھوین
کے کنکریان مارے اگر اوسی دن چلا آوے تو بھی مضائقہ نہین حق تعالی فرماتا ہے فَمَنْ تَعَجَّلَ فِي يَوْمَيْنِ فَلَا إِثْمَ
عَلَيْهِ پس جو شخص شتابی کرے دو دنمین پس نہین گناہ اوسپر چنانچہ بہت لوگ اسی دن چلے آتے ہین مگر بہتر یہ ہے
کہ تیرھوین تاریخ بھی بعد ظہر کے کنکریان پھینک کر آوے اور محصب مین آکر ٹھہرے اور دعا مانگے کہ حضرت صلعم نے وہان قیام
کیا ہے ف محصب نام ہے ایک گھاٹی کا درمیان مکہ معظمہ اور منی کے وہان کنکریان ہین اور حصار کنکری کو کہتے ہین پس محصب کے
معنی جہان کنکریان ہون اور وہان ٹھہرنا عام ہے خواہ رات بھر اور یہ بہتر ہے یا اوتر کے سواری چلا کر
ٹھہرے غرض پھر آفاقی حج کرنے والے کو خواہ مفرد ہو خواہ قارن یا متمتع طواف وداع یعنی طواف

وقوف مزدلفہ وقوف عرفات

تحقیق مقام محصب

ایک پتھر کے شتاب چلے سوار ہو تو سواری کو تیز کرے بشرطیکہ اور چلنے والون کو ایذا نہ دے اور وہان سے
گذرتے ہوے یہ دعا پڑھے اللھم لا تقتلنا بغضبك ولا تھلکنا بعذابك و عافنا قبل ذلك پس اگر
ہو سکے تو پہلے اسباب اوتارنے سے نماز مغرب و عشا کی ایک اذان و ایک تکبیر کے ساتھ امام کے پیچھے عشا
کے وقت ملا کر پڑھے مگر امام شافعی و امام مالک کے نزدیک دو تکبیر کے ساتھ ادا کرے اور سنت مغرب و عشا
کی اور وتر بعد ان دونون کے ادا کرے اور مغرب کی نماز مین بھی نیت ادا کی کرے جماعت سنت موکدہ ہے
اگر اکیلے پڑھے تو بھی اسی طرح جمع کرے رات بھر وہان رہے اور مثل عرفات کے خدا کی یاد مین مشغول رہے
جب صبح صادق ہو تو اندھیرے مین فجر کی نماز امام کے پیچھے ورنہ اکیلے پڑھ کے پہاڑ مشعر الحرام کے پاس
جسکو جبل قزح بھی کہتے ہین اور اوسپر اب مکان بھی بن گیا ہے جا کر قبلہ رو ہو کر لبیک و تسبیح و درود شریف مین
مشغول ہو اور ہاتھ پھیلا کر قریب طلوع آفتاب تک دعا مانگے اور یہ دعا بہتر ہے اللھم بحق المشعر الحرام
والبیت الحرام و الشھر الحرام والرکن والمقام بلغ روح محمد صلے اللہ علیہ وسلم منا التحیۃ
والسلام وادخلنا دار السلام یا ذا الجلال والاکرام پھر سات کنکریان باقلے یا چنے کی برابر فردلفہ
سے اوٹھا کر منیٰ مین آئے اور نالہ کے نشیب مین پانچ گز یا اس سے کچھ زائد کی فرق سے جمرۃ العقبہ کے سامنے
منیٰ کو داہنی جانب کعبہ کو بائین طرف چھوڑ کر سواری پر کھڑا ہو کر یا پیادہ اور داہنے ہاتھ کی انگوٹھے اور انگلی
شہادت سے وہ کنکریان متفرق خوب تاک کر جمرۃ العقبے پر مارے اور ہر کنکری مارنے مین یہ دعا پڑھے بسم اللہ
اللہ اکبر رغما للشیطان وحزبہ ورضی للرحمن ولطفہ اللھم اجعلہ حجا مبرورا وسعیا مشکورا
وذنبا مغفورا اور کنکریان پھینکنے کے وقت ہاتھ اسقدر بلند ہو کہ بغل نظر آنے لگی اور پھینکنے کا طریق یہ ہے
کہ کنکری انگوٹھے کے ناخن پر رکھکر شہادت کی انگلی سے پھینکے یا شہادت کی انگلی کے اوپر کے جوڑ پر اندر کی
جانب رکھکر انگوٹھے کے ناخن سے پھینکے یا ان دونون کے پور مین پکڑ کر پھینکدے یہ سب سے سہل ہے
اگر جمرۃ العقبہ پر لگے یا اوسکے آس پاس تین گز تک پڑے تو بہتر ورنہ اوسکی عوض اور پھینکے اور پہلی کنکری
پھینکتے ہوے لبیک کہنا موقوف کرے خواہ یہ شخص مفرد ہو یا قارن یا متمتع اور کنکریون کو جمرات پر سے
اوٹھا کر نہ مارے اسواسطے کہ رمی مقبول کی کنکریان فرشتے اوٹھا لیجاتے ہین جو باقی رہے وہ نامقبول
ہے پس رمی کرنا کنکری نامقبول سے نہین چاہیے لیکن جائز ہے کراہت کے ساتھ پس جلد یہان سے وہان
چلا آئے اور قربانی کرے قربانی مفرد پر مستحب ہے اور قارن اور متمتع پر واجب اور ان دونون کو

دعا
پڑھنے کی
زدلفہ مین

کنکریون کا
مارنا
مع دعا

ماسئلك به نبيك واعوذ بك من شر ما استعاذ به نبيك صلى الله عليه وعلى اله وسلم
ربنا ظلمنا انفسنا وان لم تغفر لنا وترحمنا لنكونن من الخاسرين رب اجعلني مقيم الصلوة
ومن ذريتي ربنا وتقبل دعاء ربنا اغفر لي ولوالدي وللمؤمنين يوم يقوم الحساب رب
ارحمهما كما ربياني صغيرا ربنا اغفر لنا ولاخواننا الذين سبقونا بالايمان ولا تجعل في قلوبنا
غلا للذين امنوا ربنا انك رؤوف الرحيم ربنا انك انت
السميع العليم وتب علينا انك انت التواب الرحيم لاحول ولا قوة الا بالله العلي العظيم
اللهم انك تعلم وترى مكاني وتسمع كلامي وتعلم سري وعلانيتي ولا يخفى عليك
شئ من امري وانا البائس الفقير المستغيث المستجير الوجل المشفق المقر المعترف بذنبه
اسئلك مسئلة المسكين وابتهل اليك ابتهال المذنب الذليل وادعوك دعاء الخائف الضرير
من خضعت لك رقبته وفاضت عيناه ورغم لك جسده ورغم لك انفه اللهم لا تجعلني
بدعائك شقيا وكن لي رؤوفا رحيما يا خير المسئولين ويا خير المعطين يا ارحم الراحمين والحمد
لله رب العالمين امين اور مناسب ہے کہ وقت حضرت خضر ع کو بھی وظیفہ کرے یا من لا یشغله
شأن عن شأن ولا سمع عن سمع ولا تشتبه عليه الاصوات يا من لا يغلطه كثرة المسائل
بالحاجات ولا يختلف عليه اللغات ويا من لا يبرمه الحاح الملحين في الدعاء ولا تضجره
مسئلة السائلين اذقنا برد عفوك وحلاوة مغفرتك ولذة مناجاتك ورحمتك اور
یہ دعا کہ حضرت امام محمد غزالی احیاء العلوم میں لکھتے ہیں نہایت موثر ہے الهي من مدح اليك
نفسه فاني لائم لنفسي اخرست المعاصي لساني فمالي وسيلة من عمل ولا شفيع سوى
الامل غرض بعد ڈوبنے سورج کے لبیک اور دعائیں پڑھتا ہوا امام کے ساتھ مزدلفہ کی طرف آئے
مزدلفہ ایک مقام ہے عرفات سے تین کوس مکہ معظمہ کی طرف وہاں بھی نہر جاری ہے ازدلاف
کے معنی قریب ہونا جو کہ حضرت آدم وہاں حضرت حوا سے قریب ہوئے اسلئے اوسکو مزدلفہ کہتے ہیں اگر
طاقت پائے تو جلدی چلے کہ سنت ہے جب مزدلفہ کے پاس پہونچے اگر ہو سکے تو پیادہ ہوے اور غسل
کرلے ورنہ وضو کرے اور مزدلفہ کے پہاڑ کے پاس جسکو مشعر الحرام کہتے ہیں مسجد کے قریب راہ سے داہنی
طرف اوترے نہ عین راہ میں کہ مکروہ ہے سولے وادی محسر کے کہ وہاں سے گذرتے ہوے بقدر پھینکنے

سوائے وادی عرنہ کے جہان چاہے اور جگہ پائے اونٹ پر سوار ہو کر رو بقبلہ امام کے پیچھے ورنہ دائین
بائین ٹھہرے مگر جبل رحمت کے پاس بڑے بڑے سیاہ پتھرون کے فرش پر ٹھہرنا بہتر ہے کہ وہ موقف
سرور عالم صلعم کا ہے اور وہان اب احاطہ بطور مسجد کے بنوا ہے مگر پہاڑ پر چڑھ کے ٹھہرنا اور اوسکو سب سے بہتر جانتا کچھ اصل نہین یہ کھتا الہ پر نہ وہ کھڑا رہنا بیٹھنا لیٹنا بھی جائز ہے اور اس حالت مین مسکین محتاج کی طرح ہاتھ پھیلا کر دعا مانگے اور سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ کمال عاجزی سے شام تک پڑھتا رہے اور درمیان مین ہر ہر ساعت کے بعد لبیک پکارتا رہے اور اپنے گناہون کو یاد کر کے خوب روئے اور توبہ و استغفار دل سے کرے اور اپنے ماں باپ اور اوستاد اور ناتے والون کے لیے اور دوستون اور تمام مسلمانون کے لیے مغفرت چاہے اور اسدن قصور اور گناہون سے بہت پرہیز کرے بلکہ مباح سے بھی بچے محض دعا و استغفار و توبہ و تسبیح و تلاوت وغیرہ مین مشغول رہے کہ ایسا دن پھر کہان ملیگا طبرانی و بیہقی و ابن ابی شیبہ حضرت علی و ابن عباس و جابرؓ سے روایت کرتے ہین کہ رسول مقبول صلعم عرفات مین یہ دعا پڑھتے تھے لا الہ الا اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر للہ الحمد و للہ الحمد وللہ الحمد لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد اللھم اھدنی بالھدی ونقنی واعتصمنی بالتقوی واغفرلی فی الاخرۃ والاولی اللھم اجعلہ حجا مبرورا وذنبا مغفورا اللھم لک صلوتی ونسکی ومحیای ومماتی والیک مآبی اللھم انی اعوذبک من عذاب القبر ووسوسۃ الصدر وشتات الامر اللھم اھدنا بالھدی وزینا بالتقوی واغفرلنا فی الاخرۃ والاولی اللھم انی اسئلک رزقا حلالا طیبا مبارکا اللھم انک امرتنی بالدعاء وتکفلت الاجابۃ وانک لا تخلف المیعاد اللھم ما احببت من خیر فحببہ الینا ویسرہ لنا وما کرھت من شر فکرھہ الینا وجنبناہ ولا تنزع منا الاسلام بعد اذ ھدیتنا لا الہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو علی کل شئ قدیر اللھم اجعل فی صدری نورا وفی بصری نورا وفی سمعی نورا وفی قلبی نورا اللھم اشرح لی صدری ویسرلی امری واعوذبک من وساوس الصدر وتشتت الامر وعذاب القبر اللھم انی اعوذ بک من شر ما یلج فی اللیل وشر ما یلج فی النھار وشر ما تھب الریاح وشر بوائق الدھر ربنا [illegible] اللھم انی اسئلک من خیر

اگر احرام باندھے ہے اور جو چیزین احرام مین منع ہین اونسے بچے اور یہی ہی حکم قارن کا اور اوس متمتع کا جسکے پاس قربانی ہو اور جب چاہے طواف نفل بغیر اضطباع و رمل کے کرتا ہے مگر عمرہ حج کے مہینون مین ادا کرے کیونکہ وہ مکی ہوگیا پس ساتوین تاریخ ذی الحجہ کی امام مسجد الحرام مین بعد ظہر کے ایک خطبہ احکام حج مین پڑھتا ہے اوسکو سنے اور آٹھوین تاریخ آفاقی محرم اور جو مکی غیر محرم ہو وہ احرام باندھکر بعد نماز صبح کے ہمراہ امام اور لوگونکے منیٰ کو جاوے اور مکی بعد طواف نفل کے احرام باندھے تو بہتر ہے پس اگر اسکے بعد سعی بھی منظور ہو تو اس طواف مین اضطباع و رمل کرے اور اگر قصد سعی کا بعد طواف الزیارت کے ہو تو نکرے اور منیٰ مین پہونچکر مسجد خیف کے پاس ٹھہرے اور ظہر سے فجر تک پانچ نمازین وہان پڑھے اور رات بھر لبیک اور دعا و استغفار مین مشغول رہے ف طبرانی اور بیہقی عبداللہ بن مسعود سے روایت کرتے ہین کہ سنا مینے رسول مقبول صلعم سے کہ نہین کوئی مرد و عورت کہ عرفہ کی رات منیٰ مین یہ دعا ہزار بار پڑھے مگر کہ جو مانگے سو پاوے سبحان الذی فی السماء عرشہ سبحان الذی فی الارض موطئہ سبحان الذی فی البحر سبیلہ سبحان الذی فی النار سلطانہ سبحان الذی فی الجنۃ رحمتہ سبحان الذی فی القبر قضاؤہ سبحان الذی فی الھواء روحہ۔ سبحان الذی رفع السماء سبحان الذی وضع الارض لا ملجأ ولا منجا منہ الا الیہ اور صبح کی نماز اندھیرے سے پڑھکر بعد طلوع آفتاب کے عرفات کو جاوے مسجد خیف کے پہاڑ کی راہ سے جسکو ضب کہتے ہین اور پھرے راہ مازمین سے کہ مزدلفہ اور عرفہ کے درمیان ہے اور نکلتے ہوئے یہ دعا پڑھے اللھم اجعلھا خیر غدوۃ غدوتھا قط واقربھا من رضوانک وابعدھا من سخطک اللھم الیک عدرت وایاک رجوت وعلیک اعتمدت ووجھک اردت فاجعلنی ممن تباھی بہ الیوم من ھو خیر منی وافضل پس جب نگاہ جبل رحمت پر پڑے دعا مانگے اور تسبیح و تہلیل و تحمید و استغفار و تکبیر پڑھے پھر عرفات مسجد النمرہ کے پاس جسکو مسجد ابراہیم کہتے ہین قیام کرے ف نمرہ نام مقام یا پہاڑ کا ہے جسپر میل حرم کے بنے ہوئے ہین پس کھانے پینے سے پہلے زوال کے فارغ ہوکر غسل کرے کہ سنت موکدہ ہے تا زوال کے وقت یا پیشتر سے مسجد النمرہ مین جا بیٹھے بعد زوال کے خطبہ سنکر امام کے پیچھے نماز ظہر و عصر کی ایک اذان دو تکبیر کے ساتھ ظہر کے وقت پڑھے اور ان دونون نمازون کے درمیان نوافل اور سنتین نہ پڑھے اور نہ کھاے پیے جب نماز سے فراغت پاوے فوراً عرفات

ف دعا افضل رات منیٰ مین

پھر رو بقبلہ ہو کر اپنے داہنی جانب سے سر منڈائے یا سر کے بال کترائے چوتھائی یا اس سے بھی زیادہ تمام سر تک مگر منڈانا بہتر ہے اور عورت بقدر ایک انگشت کے تمام بالون سے کترائے بعد اسکے مرد ناخن مونچھین کترائے بغل کے بال دور کرے اور بالون کو دفن کردے اور وقت حجامت کرانے کی یہ دعا پڑھے الحمد للہ علی ما ھدانا والغم علینا وقضی عنا نسکنا اللھم ھذہ ناصیتی بیدک فاجعلنی بکل شعرۃ نورا یوم القیمۃ واصح عنی بھا سیئۃ وارفع لی درجۃ فی الجنۃ العالیۃ اللھم بارک لی فی نفسی وتقبل منی اللھم اغفر لی وللمحلقین یا واسع المغفرۃ آمین پھر مسجد الحرام مین آکر دو رکعت سامنے حجر اسود کے پڑھ کر احرام اوتارے کہ عمرہ تمام ہو چکا اور ایسا ہی متمتع کو کرنا چاہیے لیکن اگر وہ چاہے یا اوسکے ساتھ قربانی ہو تو وہ احرام باندھے رہے جب وقت حج کا آئے تو دوسرا احرام حج کا باندھے اور قارن حج تک ایک ہی احرام باندھے رہے

دعا وقت قصر کے ۱۲

فصل پانچوین
طریقہ ادا کرنے حج مبین کا

پوشیدہ نہ رہے کہ حج کہتے ہین احرام باندھکر عرفات پر ٹھہرنے اور طواف و زیارت کرنیکو وقتون مقرر مین پس طریقہ ادا کرنے حج کا یہ ہے کہ آفاقی اگر اکیلا حج ادا کیا چاہے تو احرام باندھے جسطرح پہلے گذرا پس اگر سیدھا عرفات کو جاوے بضرورت یا بغیر ضرورت کے اوسپر سے طواف قدوم کہ مثل تحیۃ المسجد کے سنت ہے ساقط ہوا مگر بغیر ضرورت گنہگار ہوگا کہ بہت سنتین اوس سے جاتی رہینگی چنانچہ آگے مذکور ہونگی والا طواف القدوم بجالائے جسطرح عمرہ مین گذرا پس اگر طواف کے بعد سعی صفا مروہ مین منظور نہو بلکہ بعد طواف الزیارت کے کہ وہ سنت ہے تو اضطباع اور رمل اس طواف مین نکرے اور اگر اس لحاظ سے کہ طواف الزیارت کے دن بہت ارکان ادا کرنے دشوار ہونگے سعی اسی طواف کے بعد کرنا منظور ہو تو یہ بھی جائز ہے اضطباع اور رمل کی ساتھ حاصل یہ ہے کہ جس طواف کے بعد سعی ہو اوسمین اضطباع اور رمل چاہیے جیسا طواف عمرہ مین اور لبیک کہنا بھی اس طواف اور سعی مین موقوف نکرے جیسے طواف عمرہ مین اول طواف سے موقوف کرتے ہین البتہ جو حاجی بعد طواف الزیارت کے سعی کرے اوسکو لبیک کہنا صفا مروہ مین نہ چاہیے بلکہ وہ موقوف کرتا ہے پہلے رمی سے جمرۃ العقبہ مین پھر بعد طواف القدوم یا بعد طواف و سعی کے مکے شریف مین ٹھہرے

والمروۃ من شعائر اللہ پوری آیت پڑھے اور صفا پر چڑھ کے خانہ کعبہ کو باب الصفا کی راہ سے کہ سامنے پڑتا ہے دیکھے اور اوسکی طرف منہ کیے ہوے ہاتھ کندھون تک اوٹھائے اسطرح پر کہ ہتھیلیان آسمان کیطرف ہون اور یہ دعا پڑھے اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر اللہ اکبر ولله الحمد الحمد لله علی ما ھدانا الحمد لله علی ما اولا نا الحمد لله علی ما الھمنا الحمد لله الذی ھدانا وما کنا لنھتدی لولا ان ھدانا الله لا الہ الا الله وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد یحیی ویمیت وھو حی لا یموت بیدہ الخیر وھو علی کل شئ قدیر لا الہ الا الله وحدہ صدق وعدہ ونصر عبدہ واعز جندہ وھزم الاحزاب وحدہ لا الہ الا الله ولا نعبد الا ایاہ مخلصین لہ الدین ولو کرہ الکافرون اللھم انک قلت وقولک الحق ادعونی استجب لکم وانک لا تخلف المیعاد وانی اسئلک کما ھدیتنی للاسلام ان لا تنزعہ منی حتی توفانی وانا مسلم سبحان الله والحمد لله ولا الہ الا الله والله اکبر ولا حول ولا قوۃ الا بالله العلی العظیم اللھم صل وسلم علی سیدنا محمد وعلی آلہ وصحبہ واتباعہ الی یوم الدین اللھم اغفر لی ولوالدی ولمشائخی وللمسلمین اجمعین والسلام علی المرسلین والحمد لله رب العالمین پھر اور بہت دیر تک وہان ٹھہرا رہے اور یاد الٰہی اور دعا مین مشغول رہے کہ دعا کے قبول ہونے کی جگہ ہے پھر اوترکے مروہ کیطرف دعا مانگتا ہوا حمد اکو یاد کرتا ہوا بہ آرام تمام چلے جب پہونچے مینار سبز تک جو بائین طرف دیوار مسجد الحرام مین منصوب ہے دوڑے دوسرے مینار تک کہ مقابل ہے حضرت عباس کے گھر کے اور یہ دعا پڑھے رب اغفر وارحم وتجاوز عما تعلم انک تعلم ما لا نعلم انک انت الاعز الاکرم واھدنی للتی ھی اقوم اللھم اجعلہ حجا مبرورا وسعیا مشکورا وذنبا مغفورا اللھم اغفر لی ولوالدی وللمومنین والمومنات والمسلمین والمسلمات یا مجیب الدعوات ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار اور پھر آہستہ چلے جب پہونچے مروہ پر تو جو کچھ کہ صفا پر کیا تھا بجالائے یہ ایک پھیرا ہوا پھر صفا کی طرف آئے جسطرح گیا تھا یہ دوسرا پھیرا ہوا اسی طرح سات بار پھرے کہ شروع صفا سے اور ختم مروہ پر ہو اور ہر بار دونون مینار سبز کے درمیان مین دوڑے اور یہ دوڑنا گھوڑے کی دوڑ سے کم اور رمل سے زیادہ ہو حنفی مذہب مین اسمین اضطباع نہین ہے شافعی مذہب مین ہے

پہلی رکعت مین قضا اور دوسری مین قبل ھوالله یہ دو رکعتین مذہب حنفی مین واجب ہین اور بعد نماز کے
جو حضرت آدم نے دعا مانگی تھی پڑھے اللھم انك تعلم سری وعلانیتی فاقبل معذرتی وتعلم
حاجتی فاعطنی سؤلی وتعلم مافی نفسی فاغفرلی ذنوبی اللھم انی اسئلك ایمانا یباشر
قلبی ویقینا صادقا حتی اعلم انه لا یصیبنی الا کتبت لی ورضنی بما قسمت لی یا ارحم الراحمین

ف حضرت امام محمد غزالی احیاء العلوم مین لکھتے ہین کہ جب حضرت آدم علیہ السلام نے یہ دعا مانگی وحی آئی کہ اے
آدم تو نے مجھسے ایسی دعا مانگی کہ مینے قبول کی اور بخشی مینے تیرے گناہ اور دور کیے تیری رنج وغم اور ہر گز
نہ مانگیگا اس دعا کو تیری اولاد مین سے کوئی تیرے بعد مگر اوسکے ساتھ بھی ایسا ہی کرونگا اور نکالونگا
اوسکی محتاجی کو آنکھون کی راہ سے اور اوسکی تجارت سب تاجرون سے بہتر کرون گا اور آئے گی اوسکے
پاس دنیا اور یہ اوسکو مکروہ جانے گا اور یہ اوسکو پھیر نہ دے سکیگا غرض پھر ملتزم پر سینہ اور پیٹ
اور رخسارہ لگاکر دونون ہاتھ سر سے اوپر سیدھی دیوار پر پھیلاکر یہ دعا پڑھے اللھم یا واجد
یا ماجد لا تنزع منی نعمة انعمتها علی اللھم انی وقفت علی بابك العالی والتزمت یا عتاق
وارجو رحمتك واخشی عذابك اللھم حرم شعری وجسدی علی النار اللھم کما صنت
وجهی عن سجود غیرك فصن وجهی عن مسئلة غیرك اللھم یا رب البیت العتیق
اعتق رقابنا ورقاب اٰبائنا وامهاتنا واصحابنا واحبائنا من النار یا کریم یا غفار
یا عزیز یا جبار تقبل منا انك انت السمیع العلیم وتب علینا انك انت التواب الرحیم اللھم
اللھم رب البیت العتیق قنی من النار واعذنی من کل سوء واقنعنی بما رزقتنی
وبارك لی فیما اٰتیتنی وصل علی النبی الهاشمی اللھم اغفرلی ذنوبی لا یغفر الذنوب
الا انت انك غفور رحیم پھر زمزم شریف پر جاکے قبلہ رخ کھڑے ہوکر تین بار دم لیکر
خوب سیر ہوکے پانی پیے اور آپ ڈول نکال سکے تو نہایت بہتر ہے بچے ہوے پانی کو اپنے سر پر
ڈالے اور ہر دم لینے کے وقت کعبہ شریف کو دیکھے اور ہر بار پڑھے اللھم انی اسئلك علما نافعا
ورزقا واسعا وعملا صالحا وشفاء من کل داء پھر حجر اسود کا بوسہ دیکر باب صفا سے
صفا کی طرف جسکو باب بنی مخزوم بھی کہتے ہین نکلے اور جب مسجد سے باہر چلے تو پہلے بایان پانون
اوٹھائے اور پہلے پہونچنے سے کہے ابدء بما بدء الله به بسم الله الرحمن الرحیم ان الصفا

تعالی والصلوٰۃ علی نبیہ المصطفٰے اور یہ سمجھکر کہ گویا ان دونون ہاتھون سے مینے اوسکو چھولیا
ہاتھون کو چومے پھر اضطباع کیے ہوے رمل کرتا ہوا جسکے معنی بیان ہوچکے ہین داہنی طرف کو چلے
اور جو نہوسکے تو جب لوگ کم ہون تب بجالاے اور شروع طواف سے لبیک کہنا موقوف کرے جب
ملتزم کے سامنے آئے یعنے درمیان حجر اسود اور دروازہ کعبہ شریف کے پہونچے تو کہے ربنا اٰتنا
فی الدنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار وسبحان اللہ والحمد للہ ولا الٰہ
الا اللہ واللہ اکبر ولا حول ولا قوۃ الا باللہ العلی العظیم جب دروازہ کے مقابل آئے
کہے اللھم ھذا البیت بیتک وھذا الحرم حرمک وھذا الامن امنک وھذا المقام
مقام العائذ بک من النار اللھم فنعنی بما رزقتنی وبارک لی فیہ واخلف علی
کل غائبۃ لی بخیر لا الٰہ الا اللہ وحدہ لا شریک لہ لہ الملک ولہ الحمد وھو علی
کل شی قدیر جب رکن عراقی کے سامنے پہونچے کہے اللھم انی اعوذ بک من الشک
والشرک والنفاق والشقاق وسوء الاخلاق وسوء المنقلب فی الاھل والمال والولد
اور جب میزاب رحمت کے مقابل پہونچے کہے اللھم اظلنی تحت ظل عرشک یوم لا ظل
الا ظلک ولا باقی الا وجھک واسقنی بکاس محمد صلے اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم شربۃ
لا اظمأ بعدھا اور جب رکن شامی کے پاس پہونچے کہے اللھم اجعلہ حجا مبرورا وسعیا
مشکورا وذنبا مغفورا وتجارۃ لن تبور یا عزیز یا غفور رب اغفر وارحم وتجاوز
عما تعلم انک انت الاعز الاکرم یا عالم ما فی الصدور اخرجنی من الظلمات الی النور
جب رکن یمانی پر پہونچے استلام کرے اور ترک بھی جائز ہے اور جب درمیان رکن یمانی اور حجر اسود کے
پہونچے پڑھے ربنا اٰتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاٰخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار پھر حجر اسود کے
پاس آکر استلام بطور سابق کرے اور یہ دعا پڑھے اللھم اغفرلی برحمتک واعوذ بربھذا
الحجر من الدین والفقر وضیق الصدر وعذاب القبر اسمین حطیم کو شامل کرے اور رمل فقط
تین پھیرے تک سنت ہے چار باقی مین نہین اور ہر پھیرے مین استلام حجر اسود کا کرنا چاہیے اور اگر اول و
آخر استلام پر اکتفا کرے تو بھی جائز ہے ان سات پھیرے کا نام ایک طواف ہے پھر مقام ابراہیم
کی طرف چلے یہ آیت پڑھتا ہوا واتخذوا من مقام ابراھیم مصلی وہان دو رکعت نماز پڑھے

نے اوسکو بلند کیا تھا وہان سے کعبہ شریف کی چھت نظر آتی تھی ساڑھے نو سو برس تک اوسکے بعد درمیان
مین مکان بلند بن گئے اس جہت سے نظر آنا موقوف ہوگیا لیکن دعا مانگنا اوس مقام پر اب بھی مستحب ہے
بہتر دعا یہ ہے ربنا اتنا فی الدنیا حسنۃ وفی الاخرۃ حسنۃ وقنا عذاب النار اللھم
انی اسئلك من خیر ما سئالك نبیك محمد صلے اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم واعوذ بك
من شر ما استعاذ منہ نبیك محمد صلے اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم پھر لبیک کہتا ہوا دعا پڑھتا
ہوا ممکن ہو تو سیدھا مسجد الحرام مین جائے نہین تو اسباب اپنا کسی کے پاس چھوڑ کر بغیر کپڑے بدلے مکان
کرایہ لینے کھانے پینے کے مسجد الحرام کی طرف چلے جب پہونچے باب بنی شیبہ پر جسکو بالفعل باب السلام
کہتے ہین کمال عاجزی اور ادب سے داہنا پاؤن بڑھائے اور لبیک کہکر یہ دعا پڑھے بسم اللہ والحمد للہ
والصلوٰۃ علے رسول اللہ اللھم افتح لی ابواب رحمتك وادخلنی فیھا اللھم انی اسئلك
فی مقامی ھذا ان تصلی علے سیدنا محمد صلے اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم عبدك ورسولك
وان ترحمنی وتقبل عثراتی وتغفر ذنوبی وتضع علی وزری جب نظر کعبہ معظمہ پر پڑے ہاتھ
اوٹھا کر کہے اللہ اکبر اور جو چاہے سو دعا مانگ کر ہاتھ منہ پر پھیرے کہ دعا اسوقت مقبول ہوتی ہے
پھر چلے حجر اسود کیطرف یہ دعا پڑھتا ہوا اللھم انت السلام ومنك السلام والیك یرجع
السلام حینا ربنا بالسلام وادخلنا دار السلام تبارکت ربنا وتعالیت یا ذا الجلال
والاکرام اللھم زد بیتك ھذا تعظیما وتشریفا ومھابۃ وزد من تعظیمہ وتشریفہ
من حجۃ او عمرۃ تعظیما وتشریفا ومھابۃ پس داہنا کندھا اپنا مقابل بائین کونے حجر اسود
کے رکھے اور تمام بدن اپنا بائین طرف چھوڑ کر نیت طواف کی کرے اور کہے اللھم انی ارید
طواف بیتك الحرام سبعۃ اشواط فیسرہ لی وتقبلہ منی پھر سامنے حجر اسود کے اگر کاندھون تک
ہاتھ اوٹھا کر کہے بسم اللہ واللہ اکبر وللہ الحمد والصلوٰۃ علی رسول اللہ پھر دونون ہاتھ
حجر اسود پر رکھکر بیچ مین منہ سے بوسہ دے اگر بغیر ایذا دینے کسی کے ممکن ہو اسکو استلام کہتے ہین اور
مستحب ہے منہ پیشانی کا رکھنا اور چوما تین بار پھر کہے اللھم ایمانا بك وتصدیقا بکتابك و
وفاءً بالعھدك واتباعًا لسنۃ نبیك اور اگر بوسہ نہ لیا اور ہاتھ لگانا نہو سکے تو لاٹھی وغیرہ کو چھوا کر
چومے اور جو یہہ بھی نہو سکے تو دونون ہاتھ اوسکی طرف اوٹھا کر کہے اللہ اکبر لا الہ الا اللہ واللہ الحمد

بیان طواف کا
دعا طواف مین
حجر اسود اور
رکن یمانی کے
درمیان پڑھنی
مستحب ہے

چاہے قربانی کرے چاہے صدقہ دے تین صاع گیہون چھ مسکین کو اور چاہے تین روزے برابر رکھے
یا علمی ہو جس جگہ قربانی کرنی لازم آتی ہے وہان قربانی بکری کی کفایت کرتی ہے مگر جسنے عورت سے
صحبت کی ہو بعد وقوف عرفات کے پہلے سر منڈانے سے یا طواف زیارت کیا ہونا پاک ہونے مین یا حیض
و نفاس مین تو اوسکو اونٹ یا گاے ہی قربانی کرنا چاہیے اور جہان صدقہ دینا پڑتا ہے اوس سے
مثل بعد قہ فطر کے مراد ہے اکثر علماء دین لکھتے ہین کہ بغیر عذر کے قربانی ہی کرنا چاہیے مگر بعض محققین نے
کتاب اسرار حجہ سے تحقیق کیا ہے کہ قربانی کا مقدور نہو تو صدقہ مثل فطرہ کے چھ مسکین کو دے
اور جو یہہ بھی نہو سکے تو تین روزے رکھے اور عذر کی حالت مین ان تینون مین سے جسکو چاہے
پہلے ہی سے اختیار کرے پس جو قربانی کہ عوض جنایت کی ہو وہ صرف حق محتاج کا ہے نہ آپ کھاے
نہ غنی کو دے نہ اپنے اصول و فروع کو یعنی مان باپ دادی دادا بیٹا بیٹی اور اونکی اولاد مگر بھائی بہن
محتاج کو دینا جائز ہے اور بی بی خاوند کو نہ دے نہ خاوند بی بی کو نہ اپنے غلام لونڈی کو مگر ذمی کو دینا جائز ہے

فصل چوتھی طریقہ ادا کرنے عمرہ اور کیفیت داخل ہونے مکہ شریف مین

بوسعیدہ نزہے کہ عمرہ کہتے ہین احرام باندھکر طواف کعبہ اور سعی صفا مروہ مین کرنے کو پس جو آفاقی یعنی
احرام کی جگہ سے باہر رہنے والا سواے مہینہ شوال اور ذی قعدہ اور دس دن ذی الحج کے میقات
پر سے گذرے وہ صرف عمرہ کا احرام باندھے اور جو ان مہینون مین اوسکا گذر ہو تو وہ عمرہ کی نیت
سے یا نیت قران یا تمتع سے احرام باندھکر لبیک کہتا ہوا جیسے پہلے مذکور ہو چکا ہے مکہ شریف کی
طرف چلے جب زمین حرم مین پہونچے طاقت ہو تو پیادہ ننگے پاون چلے اور نہایت آداب و آہستگی اور
توبہ و استغفار کے ساتھ قدم اوٹھائے اور یہ دعا پڑھے اللّٰھمّ ان ھذا حرمك وحرم
رسولك فحرم لحمی ودمی وعظمی علی النار اللّٰھمّ امنّی من عذابك یوم تبعث عبادك
واجعلنی من اولیائك واھل طاعتك وتب علیّ انك انت التواب الرحیم پھر لبیک کہے اور
سبحان اللہ والحمد للہ ولا الہ الا اللہ واللہ اکبر کہکر درود شریف پڑھے اور دعا مانگے اپنے
لیے اور مان باپ وغیرہ کل مسلمانون کے لیے جب شہر مکہ پر نظر پڑے یہ دعا پڑھے اللّٰھمّ
اجعل لی بھا قرارا وارزقنی بھا حلالا پھر جب پہونچے مقام مدعی پر جہانسے پہلے کعبہ معظمہ نظر آتا تھا
ٹھہرے اور جو چاہے سو دعا مانگے ف مدعی یعنی دعا مانگنے کی جگہ اور وہ ایک زمین بلند ہے کہ حضرت عمر

تحقیق مقام مدعی

سر منڈانے اور سر پر دو قربانی لازم ہین محرم اگر محرم یا غیر محرم کا سر مونڈے یا بال کترے مونڈنے والا اور کترنے والا پر صدقہ اور محرم منڈانے
والے پر قربانی لازم ہے اگر سر یا ایک یا ڈھاڑی سے کئی بال اوکھاڑے یا ہاتھ پھیرنے سے دور ہوگئے
تو ہر ایک کے بدلے ایک لپ پر گیہون دے اسی طرح اگر ایک ہاتھ یا ایک پانون سے یا ہر ایک ہاتھ
پانون سے کچھ ناخن کترے تو مثل فطرہ کے صدقہ دے مگر ناخنون مین ہر ناخن کے بدلہ مثل صدقہ
فطرے پس اگر سب کی قیمت قربانی کے برابر ہو تو کچھ کم کرے جتنی چاہے اگر محرم نے موچھین دو کین تو
فطرہ کے برابر صدقہ دے اور جو تھوڑی اونمین سے دور کی ہون تو قیاس کرنا چاہیے اگر چوتھائی ڈھاڑی
سے آدھی ہو تو آدھی قیمت قربانی کی دے اور اگر چوتھائی ہو تو چوتھائی قیمت اوسکی دے اگر محرم نے
طواف زیارت بے وضو کیا یا طواف وداع ترک کیا یا طواف وداع اور طواف قدوم حالت جنابت مین
کیا تو ایک بکری قربانی کرے اور اگر طواف زیارت حالت جنابت مین کیا تو اونٹ یا گائے قربانی کرے
اور اگر طواف قدوم یا طواف وداع یا طواف نفل بے وضو کیا تو ایک صاع جو یا چھوارے یا آدھا
صاع گیہون صدقہ دے ان سب صورتون مین اگر طہارت کے ساتھ پھیرے گا تو وہ کفارہ ساقط
ہو جائیگا اور اگر طواف عمرہ کا حالت جنابت مین یا بیوضو کیا جبتک مکہ معظمہ مین ہو پھیرے اور اگر نہ پھیرے
تو نے وضو کو بکری قربانی کرنا لازم ہے اور جنب کو بھی کفایت کرتا ہے اگر سعی کل یا اکثر بغیر عذر ترک کی
تو قربانی اور حج لازم آئیگا اور اگر ایک سے تین پھیرے تک ترک کیے تو ہر پھیرے کے بدلے مثل صدقہ فطر
کے لازم آتا ہے لیکن اگر سب کی قیمت قربانی کے برابر ہو تو اختیار ہے چاہے قربانی دے چاہے صدقہ
مین سے کچھ کم کرے اگر کنکریان مارنا تینون بار یا ایکبار ترک کیا یا دسوین تاریخ رمی جمرۃ العقبی کی ترک
کی تو بکری قربانی کرے اور اگر ایکبار سے کم ترک کی ہو تو ہر کنکری کے بدلے مثل صدقہ فطرے یا بدلہ اوسکے
ایک روزہ رکھے اور محرم کو اختیار ہے چاہے قربانی کرے یا قیمت خیرات کرے اگر ایک یا دو یا تین جون
مارے بدن یا کپڑے سے یا ایسا کام کرے جس سے وہ مرجائین یا دوسرے کو مارنے کے لیے حوالہ
کرے یا زور سے کھجانے مین جون مرجائے تو ایک لپ بھر گیہون خیرات کرے اور اگر تین سے زیادہ
ہون تو مثل صدقہ فطرے جو درخت زمین حرم مین ہرا بھرا کھڑا ہوا اگر اوسکو محرم یا غیر محرم کاٹے تو
اوسکی قیمت سے گیہون مول لیکر آدھا آدھا صاع فقیرون کو دے یا قربانی کرے ف جنابت کی کفارہ
مین جہان قربانی لازم آتی ہے اگر وہ جنابت عذر کے سبب سے ہو تو کفارہ دینے والے کو اختیار ہے

توجزا لازم ہے اور اگر زخم مین لگائے تو مضائقہ نہین پینے کی چیز مین اگر خوشبو ملکر غالب ہو تو قربانی چاہیے اور جو مغلوب ہو تو صدقہ لازم آتا ہے اور اگر کھانے مین بغیر پکائے ہوئے خوشبو ملکر مغلوب ہو گئی ہو تو کچھ لازم نہین آتا غالب ہو تو صدقہ لازم ہے اور پکے مین بہر صورت کچھ لازم نہین آتا اگر احرام سے پہلے ایک عضو پر خوشبو لگی تھی بعد احرام کے دوسرے عضو پر جا لگی تو مضائقہ نہین خوشبو لگانے سے اگر کفارہ لازم آئے تو اوس خوشبو کو بدن یا کپڑے سے دور کرنا چاہیے ورنہ بعد ادا کرنے کفارہ کے اور کفارہ لازم آئیگا جبتک خوشبو باقی رہے گی اگر سیا ہوا ایک کپڑا یا کئی کپڑے سیے ہوئے ایکدن یا کئی دن برابر بطور عادت کے پہنے یا چند روز دن کو پہنے رات کو اوتارے بغیر قصد ترک کرنے کے یا ایکدن مین بعض وقت کرتہ پہنے اور بعض وقت ٹوپی اور موزہ اور بعض وقت پایجامہ سر یا منہ چھپایا چوتھائی سے تمام دن یا تمام رات ڈھانکے تو سپر ایک قربانی لازم آتی ہے اور جو ایکدن یا ایک رات سے کم ڈھانکے تو صدقہ دے اور اگر محرم سردی یا مرض کی ضرورت سے سر یا تمام بدن کو ڈھانکے یا سیے ہوئے کپڑے پہنے جبتک وہ ضرورت باقی ہو ایک ہی قربانی لازم آتی ہے اگرچہ ایک قمیص کی ضرورت کے وقت دو پہنے یا ٹوپی پہننے کی ضرورت کے ساتھ عمامہ بھی باندھے اور اگر ایک عضو کے ڈھکنے کی ضرورت کے وقت دو عضو کو ڈھانکا تو دوہرا کفارہ لازم آئیگا یعنی تمام رات یا دن مین قربانی کمتر مین صدقہ لیکن عمرہ اگر تمام رات یا تمام دن سے کم مین اگرچہ پہر بھر مین بجالائے اور اول سے آخر تک سر ڈھانکے رہے تو قربانی دے اور جو تھوڑی دیر ڈھانکے تو صدقہ دے اگر محرم سر یا منہ پر بغیر مرض کے تمام دن یا تمام رات پٹی باندھے تو مثل فطرہ کے صدقہ دے اور باقی بدن پر باندھنے سے کچھ لازم نہین آتا مگر مکروہ ہے اگر محرم چوتھائی سر کے بال یا اس سے زائد منڈائے یا ساری گردن کے بال منڈائے یا دونون بغل یا ایک بغل کے بال یا زیر ناف کے بال دور کیے یا کئی عضو کے بال ایکوقت مین مونڈے یا بارھون تک سر منڈایا یا صفا مروہ مین سعی نکی یا طواف کعبہ اور طواف صفا مروہ بغیر عذر سوار ہو کر کیا یا عرفات سے پہلے مغرب کے امام سے پہلے پھر آیا یا مزدلفہ مین نہ ٹھہرا یا عورت کو شہوت سے بوسہ یا ان سب صورتون مین قربانی لازم آتی ہے اور اگر محرم نے کئی عضو کو کئی جگہ مین مونڈا ہر ایک کے بدلہ قربانی دے اگر محرم نے ایک مجلس مین چوتھائی سر منڈایا پھر دوسری مجلس مین دوسرا چوتھائی اسی طرح سارا سر منڈایا تو ایک ہی قربانی لازم آئیگی جبتک پہلی بار کا کفارہ نہ دیا ہو اگر قارن قربانی کرنے سے پہلے

صفا مروہ پر جب مردون کا وہان جماو ہو بارھوین سر نہ منڈانا احرام سے باہر آنے کے وقت تیرھوین
بال کترانے ایک انگلی کے قدر نہ زیادہ بخلاف مرد کے کہ اوسکو چوتھائی کترانا واجب ہو چودھوین تعیین بال
کترانے کی بخلاف مرد کے کہ اوسکو سر منڈانا بھی جائز ہے پندرھوین تاخیر کرنا طواف زیارۃ مین بارھوین
ذی الحج سے حیض و نفاس کے عذر سے بخلاف مرد کے کہ اوپر تاخیر سے قربانی لازم آتی ہے سولھوین
ساقط ہونا طواف وداع کا بروقت روانہ ہونے ساتھ والون کے حیض و نفاس کے عذر سے بخلاف
مرد کے کہ اوپر واجب ہو اور عورت کو حالت احرام مین حریر سونا چاندی پہننا جائز ہے اور عورت
حیض و نفاس والی کو سب ارکان حج و عمرہ کے کرنا جائز ہین مگر طواف کعبہ شریف کا جائز نہین ہے
اس واسطے کہ طواف مسجد مین ہوتا ہے اور ناپاک کو مسجد مین جانا منع ہے لیکن باوجود منع
ہونے کے اگر اس حالت مین طواف کریگی تو فرض ادا ہو جائیگا اسی واسطے اگر عورت کو پہلے طواف
زیارت کرنے کے حیض آئے اور ساتھ والے اوسکے ٹھہر نہین سکتے اس حالت مین اگر طواف کرے گی
حج اوسکا صحیح ہوگا لیکن گنہگار ہوگی اونٹ یا گائے قربانی کرے اور توبہ کرے اور خنثی مشکل حکم عورت کا رکھتا ہے
پس عورت کو چاہیے کہ ان مسئلون کا خوب بیان کرین ورنہ بعض صورتون مین نقصان حج مین آجائیگا ۔

فصل تیسری جنایات احرام کے بیان مین

پوشیدہ نہ رہے کہ جنایت سے مراد وہ گناہ ہے جسپر کفارہ لازم آئے پس محرم اگر پورے عضو یا تمام
بدن کو ایک مجلس مین خوشبو لگائے یا کپڑے یا فرش کو تھوڑا یا بہت خوشبودار کرے یا بالون کو منھدی لگاوے
یا خوشبو قدر کثیر کھاوے یا دو مرتبہ سے زیادہ سرمہ خوشبودار لگاوے تو اوسپر قربانی لازم ہے اور اگر اس سے
کم ہو تو صدقہ دے مثل صدقہ فطر کے اور خوشبو کے استعمال کرنے مین قصداً اور سہواً اور خوشی اور جبر برابر ہے
یعنی ہر حال مین جزا لازم ہے مرد ہو یا عورت پس اگر کوئی منھدی کو سر پر جمائے تو دو قربانی چاہئین ایک
خوشبو کے بدلے دوسرے سر ڈھانکنے کے عوض اسی طرح اگر کوئی کئی عضو کو کئی مجلس مین خوشبو لگائے
تو ہر ایک کا کفارہ جدا دے اگر محرم مشک یا کافور وغیرہ کپڑے کے کونے مین باندھے تو فطرہ کے برابر
صدقہ دے مگر طواری زعفر کھانا جائز ہے روغن زیتون یا تل کا تیل خوشبو مین داخل ہے اگرچہ فی نفسہ
اینمین خوشبو نہین لیکن یہ اصل مین اور خوشبوؤن کی پس اگر خوشبو کی طرح بدن یا کپڑے مین اسکو

رہنے والا یا مکی جو کسی کام کو باہر نکلکر پھر میقات پر سے گذرے اور ہر ایک اسے مکہ معظمہ یا حرم مین جانیکا قصد رکھتا ہو جبتک نیت حج یا عمرہ کی نکریگا بالاتفاق اوسپر احرام باندھنا اور حج و عمرہ کرنا لازم نہین اور مکان احرام حج کا مکے کے لیے تمام حرم ہے مگر مسجد الحرام بہتر ہے خصوصًا میزاب رحمت کے نیچے اور مکان احرام عمرہ کا زمین حل ہے مگر تنعیم بہتر ہے اور آفاقی جب مکہ شریف مین داخل ہو کر احرام سے نکلا وہ بھی حکم مکی کا رکھتا ہے اگرچہ نیت اقامت کی نکرے ایسا ہی حال ہے میقات یا حل والیکا اگر کسی کام کو بغیر احرام باندھنے کے مکے شریف مین آیا ہو اور مکے کو سوائے حج کے مہینون کے تمام سال وقت عمرہ کا ہے اور حج کے مہینون مین عمرہ کرنا مکروہ ہے اگر قصد حج کا رکھتا ہو ورنہ مکروہ نہین

ف آفاقی کہتے ہین اوسکو جو میقات سے باہر رہتا ہو اور مکی سے مراد حضرت امام اعظم کے نزدیک جو آفاقی نہو خواہ خاص مکہ شریف کا رہنے والا یا عین میقات پر یا میقات کے اندر مکہ شریف کی طرف رہتا ہو اور حضرت امام مالک کے نزدیک خاص مکہ شریف کا رہنے والا مراد ہے اور حضرت امام شافعی کے نزدیک مکہ شریف کا رہنے والا اور جو مکہ معظمہ سے فاصلہ سفر شرعی کا نہ رکھتا ہو ایک ہی حکم رکھتا ہے پوشیدہ نہ رہے کہ علماء دین لکھتے ہین کہ عورت کے واسطے بہ نسبت مرد کے بعد احرام باندھنے کے چند چیزین خاص ہین اول پہننا سیے ہوے کپڑے کا جیسے جبہ کرتا پاجامہ و استانہ وغیرہ کا مگر کپڑا اخضر شوخ دار چیز مین رنگا ہوا مثل زعفران کسم وغیرہ کے پہننا جائز نہین دوسرے پہننا موزون جرابون کا جس سے ہڈی ٹخنے کی چھپی رہے تیسرے ڈھانکنا سر کا مگر منہ پر نہ پہونچے اگر پردہ نشین ہو تو منہ پر کھانچون وغیرہ سے ڈھکنا بنا کر باندھے اوپر سے کپڑا ڈالکر منہ کو غیرون سے چھپائے بالفعل اکثر عورتین جالیدار پنکھے کو کترکے برقعے مین منہ کے قدر سی کر استعمال کرتی ہین اسمین اونکے منہ پر کپڑا بھی نہین ہوتا اور پردہ بھی باقی رہتا ہے چوتھے آہستہ کہنا لبیک کا پانچوین چھپے نکرنا اضطباع و رمل کا طواف مین

ف اضطباع کہتے ہین چادر کے دامن کو داہنی بغل کے نیچے سے نکالکر بائین کندھے پر ڈالنا حالت طواف مین اور رمل کہتے ہین دونون کندھون کو ہلاتے ہوے اکڑ کے اترا کے چھوٹے چھوٹے قدم رکھکر جلدی چلنا طواف مین ساتوین آٹھوین نہ بوسہ دینا حجر اسود اور رکن یمانی کا بروقت جمع ہونے مردون اجنبی کے نوین نہ پڑھنا دوگانہ طواف کا جسوقت کہ مقام ابراہیم کے پاس بھیڑ ہو مردون کی دسوین نہ دوڑنا درمیان صفا مروہ کے گیارھوین نہ چڑھنا

احرام کا بیان ۔ میقات کا بیان ۔ آفاقی کا بیان ۔ اضطباع و رمل کا بیان

مارنا جانور ایذا دینے والونکا زمین حل حرم مین مگر جونکا مارنا اسلیے درست نہین کہ وہ پیدا ہوتی ہے بدن کے میل سے اب معلوم کرنا چاہیے کہ وقت احرام عمرہ کا آفاقی کے لیے تمام سال ہے مگر عرفہ اور عید کا دن اور ایام تشریق ان پانچ دن مین مکروہ تحریمی ہے اور مکا احرام باندھنے کے آفاقی کو عمرہ اور حج کے لیے پانچ مشہور ہین ہر ایک کو میقات کہتے ہین مدینے شریف والون کے لیے ذوالحلیفہ اوسکو عوام آبارعلی کہتے ہین وہان کہی کنوئین ہین یہ جو بعض لوگ کہتے ہین کہ حضرت علی رضہ نے وہان کے کنوئین مین جنوکو مار کر ڈالا ہے اسکی اصل کہین کتاب سے نہین ثابت ہوتی ہے برجندی لکھتے ہین کہ ذوالحلیفہ ایک پانی ہے بنی خیثم کا اور حلیفہ تصغیر ہے حلفہ کی اور وہ ایک گھاس ہے کہ پانی مین اوگتی ہے در مختار مین لکھا ہے کہ یہ مقام مکہ معظمہ سے دس منزل مدینہ طیبہ کیطرف ہے اور فتح الباری مین مذکور ہے کہ اسمیں اٹھارہ میل ہے اور مدینہ طیبہ سے چار یا چھ میل کا فاصلہ رکھتا ہے اور سید سمہودی تاریخ مدینہ طیبہ مین لکھتے ہین کہ مینے ماپ کر معلوم کیا کہ باب السلام مسجد نبوی سے دہلیز مسجد الشجرہ تک کہ ذوالحلیفہ ہین وہان سے احرام باندھتے ہین اونتیس ہزار سات سو ساڑھے بتیس گز کا تفاوت ہے اور میقات مصر اور شام اور مغرب والون کا اگر مدینہ شریف کی طرف سے آوین تو وہی ذوالحلیفہ ہے اور اگر بیوک کی راہ سے گذرین تو جحفہ ہے اب یہ مقام ویرانہ ہے لہذا اب احرام رابغ سے باندھتے ہین اور میقات نجد والون کا قرن ہے اور وہ ایک پہاڑ ہے مکہ شریف سے دو منزل جسکے پچاس میل گنتے ہین اور میقات اہل یمن اور تہامہ اور ہند کا یلملم ہے جسکا بیان ہوچکا اور میقات اہل عراق یعنی بصرہ کوفی خراسان وغیرہ کا ذات عرق ہے مکہ معظمہ سے بیالیس میل کہ وہ بستی زمانہ سابق مین ویران ہوکر مکہ شریف کی طرف آبسی تھی اسواسطے بہتر عراقیون کے لیے یہ ہے کہ وادی عقیق سے کہ وہ ایک یا دو منزل ذات عرق سے مقدم ہے احرام باندھین اور وقت احرام حج کا تمام مہینہ شوال ذی قعدہ کا اور دس دن ذی الحجہ کے ہین امام ابو حنیفہؒ کے نزدیک اس سے پہلے مکروہ ہے اور حضرت امام شافعی رضہ کے نزدیک ہرگز جائز نہین اور جو آفاقی مکی یا حرم مین جانے کو میقات پر گذرے اوسپر احرام باندھنا حج یا عمرہ کا اور بجالانا ایک کا ان دونون مین سے واجب ہے حضرت امام اعظمؒ کے نزدیک اگرچہ بالدار ہو خواہ قصد حج وعمرہ کا رکھتا ہو یا تجارت وغیرہ کے لیے جاتا ہو اور حضرت امام شافعیؒ کے نزدیک اگر اور کام کو جاتا ہو سوائے حج وعمرہ کے تو اوسپر احرام حج یا عمرہ کا واجب نہین لیکن میقات پر رہنے والا یا میقات سے اندر

بیان میقات اہل مکہ و اہل حل و اہل عراق و اہل شام و اہل یمن و بیان وقت احرام حج

دینا بشرطیکہ مار ڈالے یا واسطے مر جانے کے دھوپ مین ڈالے درخت حرم کو سوائے گھاس اذخر کے قطع کرنا
یا جانا کہ اکثر ان چیزون مین جزا لازم آتی ہے اور جو چیزین کہ مکروہ ہین مگر اونپر جزا لازم نہین آتی ہے وہ
یہ ہین کہ دور کرنا میل کا بدن سے کھولنا بالون کا کنگھی کرنا کبھی نا زور سے باندھنا چادر کا گردن پر چھپانا سیتے ہوئے
کا کپڑے سے اوڑھنا قبا عبا جبہ لبادے وغیرہ کا کندھون سے بغیر پہننے کے گرہ باندھنا چادر یا تہمد کی
ایک کنارہ کو دوسرے کنارے سے یا دونون کنارونکو ملا کر کانٹا یا سوئی چبھونا یا ڈوری وغیرہ سے باندھنا
تہمد چادر کی دو پاٹ سیکر یا پیوند لگا کر باندھنا اوڑھنا سیاہ زرد نیلہ کپڑا غیر خوشبودار پہننا سونگھنا خوشبو کا
کندھی کے پاس خوشبو سونگھنے کے لیے بیٹھنا پٹی باندھنا سوائے سر منہ کے کسی اور عضو پر بغیر مرض کے
ڈھانکنا ناک یا ٹھڈی کا کپڑے سے مگر ہاتھ سے ڈھانکنا مکروہ نہین اور تکیہ پر پیشانی رکھکر اوندھا سونا
یہ سب چیزین احرام کی حالت مین مکروہ ہین کہ انپر جزا لازم نہین آتی اور جو چیزین کہ احرام مین مباح ہین وہ
یہ ہین غسل کرنا واسطے ملمارت کے یا بوجہ دور کرنے غبار و گرمی کے غوطہ لگانا کپڑا دھونا واسطے طہارت کے
و زینت کے لیے انگشتری پہننا تلوار پر تلے مین لٹکانا اگرچہ سیاہ ہو ہتھیار باندھنا کفار سے لڑنا ہمیانی
باندھنا سر یا منہ کو کسی چیز کے سایہ مین رکھنا سرمہ لگانا بغیر خوشبو کا مگر خوشبودار سرمہ ایک بار یا دو بار لگانا
تو صدقہ دینے زائد مین قربانی کرے آئینہ دیکھنا مسواک کرنا داڑھ اوکھاڑنا ٹوٹے ہوئے ناخن کو کاٹنا فصد
لینا پچھنے لگانا بغیر مونڈنے بالون کے ختنہ کرنا دل کا قطع کرنا ٹوٹی ہوئی عضو کی درستی کرنی پٹی باندھنا کرتی کو
چادر کی طرح اوڑھنا یا اوسکا تہمد باندھنا پگڑی کو کمر پر لپیٹنا بغیر گرہ لگانے کے چادر کے دونون کونے
تہمد مین کھوسنی قبا لبادے وغیرہ کا اپنے اوپر ڈالنا بغیر داخل کرنے کندھونکے یا لپیٹ کر اوڑھ لینا سر یا منہ
کا تکیے پر رکھنا سر یا منہ پر ہاتھ رکھنا اپنا یا غیر کا چوتا یا کھڑاون پہننا جس سے ٹخنا نہ چھپے ڈھانکنا ڈاڑھی کا
نیچے ٹھڈی کے اور کانون گردن ہاتھ ڈھانکنا بلکہ تمام بدن کا سوای سر منہ کے اوٹھانا سر پر لگن و کچی صندوق
چارپائی کا مگر کپڑون کی گٹھری یا رضائی وغیرہ نہ اوٹھانی گوشت شکار صحرائی کا کھانا اوسکو احرام باندھنے والے نے
شکار نہ کیا ہو زمین حل مین بغیر شرکت محرم کے شکار کرنا مچھلی کا کھانا گھی چربی روغن زیتون تل کے تیل کا بغیر
خوشبو کا تیل لگانا زخم مین کانٹا درخت گھاس کا زمین حل سے خشک ہو یا تر شعر پڑھنا جسمین کچھ بری بات
نہو نکاح کرنا و نہ کرنا جانور کا آہستہ کھجانا اور اگر جون کے مرنے یا جھڑنے بال کا خوف نہو تو زور سے
کھجانا بھی جائز ہے بیٹھنا گندھی کے پاس بغیر نیت خوشبو سونگھنے کے مارنا خادم کا ادب سکھلانے کیواسطے

بیان محرومات احرام
بیان مباحات احرام

یا بعد ایام حج کے ادا کرے اور تمتع کے لیے بالفعل نیت عمرہ کی کافی ہے آگے چلکر بعد عمرہ کے نیت حج
کی بھی کرے تمتع اسی کہتے ہین کہ حج کے مہینونمین پہلے عمرہ بجالاوے بعد اسکے حج کرے حضرت امام اعظم رضہ کے نزدیک قران افضل ہے
اور دوم تمتع سو کیونکہ رسول مقبول صلعم نے احرام قران کا باندھا تھا امام نووی و محققین شافعیہ بھی یہی لکھتے ہین کہ رسول صلعم نے احرام حجۃ الوداع کا
قران کا باندھا تھا غرض بعد نیت کے پکارے لبیک اللھم لبیک لبیک لا شریک لک لبیک ان الحمد
والنعمۃ لک والملک لا شریک لک اس سے کم نکرے پھر درود شریف پڑھے پست آواز سے جو
بعد التحیات کے پڑھتے ہین پھر دعا مانگے اللھم انی اسئلک رضاک والجنۃ واعوذ بک من غضبک
والنار پس جسوقت کہ لبیک کہے تو محرم ہو گیا چاہیے کہ ہر نماز کے بعد اور اوٹھتے بیٹھتے چڑھتے
اوترتے جمع شام ہوتے راہ پر موڑتے لوگون سے ملاقات کرتے لبیک کہے اور جب کہے تین بار برابر کہے
اگرچہ فرض فقط ایک ہی بار کہنا ہے اور تسبیح و تہلیل و تکبیر و تحمید اور جو ذکر اللہ کی عظمت پر دلالت کرے
حکم لبیک کا رکھتا ہے رب العالمین وہ دن اور وقت سب مسلمان بھائیون کو نصیب کرے آمین +

فصل دوسری

اون چیزون کے بیان مین جنکا احرام مین کرنا حرام ہے اور مکروہ و مباح ہے مع ذکر احکام عورتون کے احرام باندھنے مین
عورت سے صحبت کرنا یا غیبت سے بات چیت کرنا فحش سے ہاتھ لگانا آنکھ بھر کر دیکھنا فسق و فجور کرنا جھگڑنا
غصہ کرنا ساتھ والون پر مگر غصہ دین کی بات پر منع نہین سارے بدن پر سے کسی جگہ کے بال پوری یا ادھوری
دور کرنے ناخن کترنے یا کترانے اپنے یا غیر کے سیا ہوا لباس پہننا یا بنا ہوا اسطرح کا کہ اکثر بدن یا بعضر
عضو کو ڈھانپ لے جیسے کرتہ جبہ انگرکھہ جامہ نیمہ فرغل عبا قبا ٹوپی یا پاجامہ موزے وغیرہ بنا ہوا اور مراد پہننے سے
پہننا بطور عادت ہے پس اگر جبا یا عبا کو کندھون پر ڈالے یا بغیر پہننے آستینونکی یا پاجامہ اوڑھا تو جائز ہے
مگر ترک بہتر ہے ڈھانکنا سر کا یا گالون کا کسی کپڑے سے چادر مین گنڈی تکمہ لگا کر باندھنا ٹھوڑی کا ڈھانکنا نورو
جرابون سے سر اور منہ پر پٹی باندھنا اگرچہ بیماری کی جہت سے ہو پہننا اوڑھنا رنگین کپڑے خوشبودار کا لیکن
بعد رنگ کے دھویا ہوا بغیر خوشبو کا درست ہے خوشبو لگانا بدن مین یا کپڑون مین خوشبودار چیز کا کھانا عنبر ہی
لگانا بالون یا بدن مین تیل ملنا بالون کو گل خیرو وغیرہ سے دھونا یا گوند وغیرہ سے جمانا جانور صحرائی کا شکار
کرنا یا روکنا یا بتانا یا شکار پر مدد کرنی کسی طور پر ہو یا اوسکا گوشت پکانا یا دودھ دوھنا یا فروخت کرنا یا خریدنا
کھجانا بدن کا اس طرح پر کہ بال ٹوٹ جائے یا خون نکل جائے یا دور ہو جائے یا دور کرنا مارنے کے لیے کسیکو

خارج ہونے کے احرام سے دور کرے تا اسکے اعمال حج مین تولے جائین اور حضرت رسول مقبول صلعم
اور صحابہ بھی سر کے بال نہین منڈاتے تھے مگر حج یا عمرہ مین سوائے حضرت علی رضہ کے پس عوام اہل مکہ
وغیرہ جو احرام باندھنے کے وقت سر منڈاتے ہین اگرچہ مدت کے احرام کی تھوڑی ہو قابل اعتبار کے نہین پس
اس مقام مین علما لکھتے ہین کہ سر منڈانا فی نفسہ بموجب تقریر صلی اللہ علیہ وسلم کے کہ حضرت علی رضہ کو
اس سے منع نہین فرمایا خالی سنت سے نہین ہے پس جو لوگ احرام کے وقت سر منڈانا مستحب کہتے ہین
مراد اونکی خاص اون لوگون کے واسطے ہے جو عادت سر منڈانے کی رکھتے ہین اور اونکے نزدیک سر منڈانا
نظافت مین داخل ہے مانند دور کرنے بغل کے بالون اور تراشنے ناخن کے اور نظافت بلاشبہ احرام باندھنے
کے وقت مطلوب ہے ہان جو لوگ سر پر بال رکھتے ہین چنانچہ عادت شریف سرور عالم صلعم اور اکثر اصحاب
کی تھی اونکے بالون کی نظافت مین دھونا کنگھی کرنا تیل لگانا کافی ہے اور بھاری کرنے اعمال کے
لیے کثافت کا اختیار کرنا نہین چاہیے ورنہ اور بالون بدون اور ناخنون بڑھنے کے وزن اعمال کا زائد ہوتا ہے غرض
خوب پاک صاف ہوکر خوشبو لگاوے یہانتک کہ حیض والی عورت اور زچہ کو بھی غسل کرنا سنت ہے
اور اگر کوئی صرف وضو ہی پر اکتفا کرے تو بھی درست ہے اور در صورت نہونے کسی امر مانع کے وطی
کرنا بھی مستحب ہے تاکہ اسکا دل حج اور عمرہ مین اور طرف نہ بھٹکے پھر احرام باندھ لی اور چادر
اوڑھ لے دونون کندھون پر اور جو لوگ کہ چادر کے دامن کو داہنی بغل کے نیچے سے نکالکر بائین کندھے
پر ڈالتے ہین ملا علی قاری فرماتے ہین کہ یہ طریقہ خاص طواف مین ہے ورنہ کھولنا کندھے کا نماز مین
کہ مکروہ ہے لازم آئیگا اسی طرح بحر الرائق مین مذکور ہے اور معمول اہل مکہ کا یہی ہے پھر دو رکعت
نفل وقت غیر مکروہ مین احرام کی نیت سے قل ہو اللہ اور قل یا کے ساتھ پڑھے ف وقت مکروہ نفلون
کے لیے سورج نکلتے دو بتے ٹھیک دوپہر بعد نماز صبح سے طلوع آفتاب تک اور بعد نماز عصر سے غروب
تک اور اگر کوئی نماز فرض کے بعد احرام باندھ لو بھی کافی ہے پس اگر وہ شخص ارادہ حج اور عمرہ دونو کا
رکھتا ہے تو یون کہے اللھم انی ارید الحج والعمرۃ فیسرھما لی وتقبلھما منی اسکو قران کہتے ہین
اور جو ارادہ حج کا صرف رکھتا ہے تو یون کہے اللھم انی ارید الحج فیسرہ لی وتقبلہ منی اور اسکو افراد
کہتے ہین ف افراد کے معنے تنہا کرنا حج کا اسطرح پر کہ عمرہ اوس سال مین نکرے یا بعد ایام حج یا پہلے سال
کے کرے یا تنہا کرنا عمرہ کا اسطور سے کہ اوس سال مین حج نکرے یا کرے لیکن عمرہ پہلے شوال سے

ف بیان حج افراد و قران و تمتع کے فقہا کے درمیان اختلاف ہے

ولاحول ولاقوۃ الا باللہ بسم علی نفسی ومالی ودینی اللھم بک انتشرت والیک توجھت
وبک اعتصمت وعلیک توکلت اللھم زودنی التقوی واغفرلی ذنوبی ووجھنی
للخیرات اینما توجھت اور جب باہر نکلے یہ دعا پڑھے اللھم انی اعوذبک من ان اضل او
اضل او اظلم او اظلم او اجھل او یجھل علی بسم اللہ توکلت علی اللہ لاحول ولا قوۃ
الا باللہ العلی العظیم اللھم وفقنی لما تحب وترضی واعصمنی من الشیطان الرجیم اور آیۃ
الکرسی اور قل ھو اللہ اور معوذتین پڑھ کر سات مسکین کو کچھ دے اور سب سے رخصت ہو کر دعا چاہے اور کہے
استودع اللہ دینکم وایمانکم وخواتیم اعمالکم اور رخصت کرنے والے کہیں فی حفظ اللہ
وکنفہ زودک اللہ التقوی وجنبک عن الردی اور شتی جہاز مین سوار ہونے کے وقت کہے
بسم اللہ مجریھا ومرسٰھا ان ربی لغفور رحیم وغیرہ دعائین سفر کی جو حصن حصین مین
وارد ہین عمل مین لاوے ارحم الراحمین بجاہ رحمۃ للعالمین یہ دن سب مسلمانون کو نصیب فرماوے آمین یا رب العالمین

باب دوسرا

فصل پہلی

احرام کے مسئلون مین

پوشیدہ نہ رہے کہ جب حاجی جہاز مین نزدیک یلملم کے پہونچے کہ وہ ایک پہاڑ ہے دو منزل مکہ معظمہ
سے جسکے بیس ۲۰ میل مین بالفعل اوسکو سعدیہ کہتے ہین جہاز والے بتا دیتے ہین تو اوسکے اوپر پہلے
گذرنے سے احرام باندھ لے اور احرام کے دو کپڑے ہوتے ہین ایک تہمد جس سے نیچے کا بدن
چھپاتے ہین دوسرے چادر جس سے اوپر کا بدن ڈھکتے ہین اور اگر کوئی دونون کے لیے ایک ہی
کپڑا رکھے تو بھی جائز ہے اور احرام کا کپڑا سفید نیا بہتر ہے ورنہ دھویا ہوا ہو تہمد اکثر متوسط
آدمیون کے لیے پانچ ہاتھ کا لمبا اور ناف سے گھٹنون کے نیچے تک کا چوڑا اور چادر چھ ہاتھ کی
لمبی اور کندھون سے تہمد کے باندھنے کے مقام تک چوڑی کافی ہے اور جو احرام باندھنے والا دبلا
موٹا چھوٹا بڑا ہو تو اپنے موافق کم زیادہ کرے جب احرام باندھنے کا ارادہ کرے تو اول سیے ہوے کپڑے
موزے وغیرہ بدن سے نکالے اور سر کے بال منڈائے اگر عادت ہو ورنہ دھو لے فقہ کی کتابون اور حج
کے رسالون مین یہ مسئلہ اسی طرح لکھا ہے مگر ملا علی قاری فرماتے ہین سر کے بالون کا باقی رکھنا بہتر ہے بلکہ وقت

بیان ثواب حلال مال سے حج کرنیکا

کہ آپ نے حج ادا کیا شیخ احمد حضراوی عقد الثمین مین روایت کرتے ہین کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسنے حج کیا حلال کمائی سے تو نہین اوٹھاتا ہے کوئی قدم مگر کہ لکھتا ہے اللہ تعالی بعوض ایک ایک قدم کے ستر نیکیان اور محو کرتا ہے ستر گناہ اور بلند فرماتا ہے ستر درجے اور واجب ہے مہیا کردینا نفقہ عیال اور اولاد کا اور جسکا کہ نفقہ اسپر واجب ہے اسپنے پھرنے تک یعنے اونکو بے سامان اور پریشان چھوڑ جاوے کہ رسول مقبول صلعم نے فرمایا کفی بالمرء اثما ان یضیع اھلہ یعنی کافی ہے آدمی کو گنہگار ہونے مین ضائع کرنا اپنے اہل کا پس اگر مان باپ اسکی خدمت کے محتاج ہون تو اونکو اس حالت مین چھوڑ جانا مکروہ ہے لیکن اگر حج فرض کے جانے کو روکین تو اونکا کہا نہ مانے البتہ نفل حج سے اونکی خدمت و اطاعت بہتر ہے اور مان باپ اگر نہون تو دادا دادی کو مثل اونکے سمجھنا چاہیے اور اسکے لکھے وصیت کو کسی مین کے نام تاکہ حقوق العباد اور حقوق اللہ جو اوسکے ذمہ پر ہون اوسکے بعد ادا کرے فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ نہین حلال ہے کسیکو جو ایمان لاے اللہ اور پچھلے دن پر کہ سوے دوات مگر اس حال مین کہ وصیت اوسکی لکھی ہو نیچے سر کے مراد یہ کہ لکھکر سرہانے رکھ چھوڑے اور چاہیے کہ قرآن مجید اور وضو کا برتن اور مسواک سرمہ سلائی آئینہ کنگھی سوئی تاگا مقراض چھری اوسترا عصا اپنے ساتھ لیوے کہ مستحب ہے اور جمعرات یا پیر کے دن سفر کرے اور وطن سے ایسا رخصت ہو جیسا دنیا سے آخرت کو جاتا ہے اور پہلے سفر کرنے کے حج کے مسائل ضرور معلوم کرلے اور حلال اسقدر لینا چاہیے کہ رفیقون ضعیفون کی بھی کچھ تھوڑی خبر گیری ہوتی جاوے اور رفیق صالح موافق المزاج صالح پیدا کرے اور اگر ان خوبیون کا کوئی عالم تقدیر و نصیب سے ملجاے تو سبحان اللہ راہ مین خدا و رسول کے ذکر سنتا جاے اور مسائل حج و عمرہ کے سیکھتا جاے اور جو کوئی مسلمان بے سامان اپنے گھر سے نکلا ہو تو اوسکو برا نہ کہے بلکہ جو ہوسکے اوسکی مدد کرے ورنہ جواب نرم کہے اور سامنہ والون سے نرمی اور خوش اخلاقی سے پیش آوے تیزی اور سختی سے بہت بچے اور مستحب ہے کہ سواے رفیق کے کسیکی کمانی سواری وغیرہ مین شرکت نکرے تا جھگڑا نہو اور چاہیے کہ رات کو کم سوے غرض گھر سے باہر آنے کے پہلے سات محتاج کو کچھ دے اور دو رکعت نماز نفل ادا کرے قیا اور قل ہو اللہ کے ساتھ اور پھر یہ دعا پڑھے اللھم انت الصاحب فی السفر والخلیفۃ فی الاھل والمال والولد والاصحاب والاخوان احفظنا وایاھم من کل آفۃ وعاھۃ اور جب دہلیز پر پہنچے سورہ انا انزلنا اور یہ دعا پڑھے بسم اللہ توکلت علی اللہ

اور چاہیے کہ جانے سے پہلے سب گناہون سے توبہ نصوح کرے اور امانتونکو پہونچادے اور قرض
ادا کرے اور حقوق العباد بخشواے جہانتک ہوسکے اور دشمنون کو راضی کرے کیونکہ قبول ہونا توبہ کا
اسپر موقوف ہے رسول مقبول صلعم نے فرمایا کہ نہین قبول کرتا ہے اللہ تعالیٰ توبہ بندہ کی یہانتک
کہ راضی کرے اپنے دشمنونکو پس جب راضی ہوے دشمن راضی ہوتا ہے اللہ تعالیٰ اور قبول کرتا ہے
توبہ اوسکی اور روزہ اوسکا اور نماز اوسکی اور ایکدرم جو دشمنون کے حق مین دیا جائے بہتر ہے ادا
کرنے والے کے لیے ہزار برس کی عبادت سے اور چاہیے کہ حج کے لیے مال حلال طیب جمع کرے مال
حرام سے حج قبول نہین ہوتا ہے مستطاع ابن العماد مین روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم
نے کہ جب کوئی حج کرتا ہے مال غیر حلال سے اور کہتا ہے لبیک حق تعالیٰ فرماتا ہے لا لبیک
ولا سعدیک وحجک هذا مردود علیک یعنی لبیک پکارنا تیرا قبول نہین اور یہ حج تیرا
رد کیا گیا ہے تجھپر بس جسکی پاس مال مشتبہ ہو وہ قرض لیکر حج کرے اور اپنے مال مشتبہ سے قرض ادا کرے
احیا مین وارد ہوا کہ احمد بن حواری فرماتے ہین کہ تھا مین ابی سلیمان دارانی رض کے ساتھ جبکہ آپ نے ارادہ
کیا احرام کا تو نہ لبیک کہی یہان تک کہ ہم چلے گئے بقدر ایک میل کے اور آپ غش مین پڑے رہے
جب آپ کو غش سے افاقہ ہوا تو آپ نے فرمایا کہ اے احمد تحقیق پہونچی مجکو یہ حدیث کہ تحقیق جسنے حج
کیا مال حرام سے پھر اوسنے لبیک کہی تو اللہ تعالیٰ فرماتا ہے لا لبیک ولا سعدیک حتی ترد ما
فی یدیک یعنی لبیک پکارنا ترا قبول نہین اور یہ حج تیرا رد کیا گیا ہے تجھپر یہان تک کہ پھینک دے اوس
مال کو جو تیرے ہاتھ مین ہے پس مین اس سے ڈرتا ہون اس سے کہ کہین یہ نہ کہا جاوے میرے لبیک کے جواب مین
ابن عمر رض فرماتے ہین کہ مسلمان کی سعادت اور بزرگی اسمین ہے کہ سفر حج کے واسطے توشہ مال طیب
سے لیوے اور کہتے کہ آپ فرماتے تھے کہ سب مین زیادہ افضل حاجیون مین سے وہ ہے جو تقوی مین
زیادہ خالص ہے اور مال مین زیادہ پاک ہے اور یقین مین زیادہ نیک ہے سفیان بن عیینہ فرماتے ہین
کہ حج کیا علی بن حسین نے پس جبکہ آپ نے احرام باندھا اور سوار ہوے تو رنگ آپکا زرد ہوگیا اور
گھبرا گئے اور نہ طاقت رہی آپ مین لبیک کہنے کی پس کہا آپ سے ایک شخص نے کہ آپ کیون نہین لبیک
کہتے ہین تو آپ نے فرمایا کہ ڈرتا ہون مین اس بات سے یہ کہ کہا جاوے واسطے میرے لا لبیک ولا سعدیک
غرض جب آپ نے لبیک کہی تو آپ غش کھا کر سواری پر سے گر گئے پس یہی آپ پر کیفیت وارد رہی یہانتک

غرض حاصل سب آیتون اور حدیثون کا یہی ہے کہ جس مسلمان پر حج فرض ہو اور اوسکے پاس کوئی حجت شرعی نہین ہے تو اوسکے حق مین رسول مقبول صلعم نے صاف یہ حکم فرمایا کہ وہ چاہے یہودی ہوکر مرے خواہ نصرانی بنکر یعنے اوسکا مسلمان اور یہودی نصرانی ہونا برابر ہے اللہ تعالی کو کچھ اوسکی پرواہ نہین ہے تو اب مسلمان کو بہت بڑا خیال اس بات کا ہر دم رکھنا چاہیے کہ حج کے جانے مین جتنے وسوسے بداور خطرے فضول آئین وہ سب شیطانی سمجھکر اوپر لاحول پڑھے اور بے کھٹکہ صراط مستقیم پر ہولے مال واولاد کو اتنا دوست نہ رکھے کہ وہ جہنم مین پہونچا دے اور اس دنیاء ناپایدار کی چندروز کی عیش وآرام کے بدلے آخرت مین ایک مدت دراز دوزخ مین طرح طرح کی سختیان اور عذاب بھگتے اللہ تعالی قرآن مجید مین فرماتا ہے بَلْ تُؤْثِرُونَ الْحَيٰوةَ الدُّنْيَا وَالْاٰخِرَةُ خَيْرٌ وَّاَبْقٰى امر مسلمان کی علامت ایمان یہی ہے کہ جب اوپر حج فرض ہو تو اوسوقت کسی عزیز وقریب کی جدائی اور محبت مال وحشمت دنیوی کا خیال کرکے ایسی بڑی سعادت اور راحت دنیا و آخرت کو مفت نہ کھو بیٹھے خاصکر ان دنون مین کہ خداوند کریم نے اپنے محبوب کی امت کے واسطے کس آسانی سے سامان مغفرت مہیا فرمادیے ہین اب بھی کوئی مقدور ہوتے پست ہمتی اور غفلت ونامردی اختیار کرے تو اس بدنصیبی اور غلطی کا کیا ٹھکانا خوب یاد رکھے اور کان کھولکر سن لو کہ بہت تردد یک سے مزا اور سب دولت وحشمت چھوڑکر تنہا قبر مین جانا اور احکم الحاکمین کے روبرو ذرہ ذرہ کا حساب دینا اور اوس نافرمانی اور خواہش نفسانی کا عذاب بھگتنا خداوند کریم سب مسلمانونکو یہ دولت ونعمت عظمی نصیب فرمائے آمین

فصل پانچوین
آداب سفر حج کے بیان مین

پوشیدہ نہ رہے کہ محدثین نے آداب سفر حج کے بہت سے بیان فرمائے ہین چنانچہ حضرت امام محمد غزالی احیاء العلوم مین اکثر اونمین سے بیان فرماتے ہین اس فصل مین چند آداب اس سفر مبارک کے لکھے جاتے ہین پہلا یہ کہ جو مسلمان حج کا ارادہ کرے تو اوسپر لازم ہے کہ نیت خالص محض خدا کیواسطے کرے یعنی اوسمین کسیطرح کی ریا اور خیال نام ونمود اور قصد سیر وسوداگری کا نہو ہان اگر مقصد اصلی حج ہو اور تجارت بالعرض ہو تو مضائقہ نہین حق تعالی فرماتا ہے لَيْسَ عَلَيْكُمْ جُنَاحٌ اَنْ تَبْتَغُوْا فَضْلًا مِّنْ رَّبِّكُمْ یعنی حج کے ساتھ اگر نفع تجارت کا بھی تلاش کرو تو کچھ گناہ نہین

مرجاے داخل ہووے وہ شخص دوزخ کی آگ مین تین ہزار برس کا وارد ہوا اور حضرت امام حسن بصری
سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جو شخص نہ حج کرے اور نہ وصیت حج کی کرے یعنی
مقدور والا تو حقتعالی دن قیامت کے گوئی عمل اوسکے قبول نفرماوے معاذ اللہ منہا احیاء العلوم
مین وارد ہوا کہ تھے حضرت ابن عباس فرماتے تھے کہ جو شخص مرا کہ اوسنے نہ زکوۃ دی اور نہ حج کیا تو
وہ قیامت مین خدا سے چاہیگا پھر جانا دنیا مین اور آپنے پڑھی یہ آیت شریف رَبِّ ارْجِعُونِ
لَعَلِّي أَعْمَلُ صَالِحًا فِيمَا تَرَكْتُ ای الزکواۃ والحج اسی وجہ سے سب دین کی معتبر کنا بوعنین وارد ہوا ہے
کہ مسلمان پر جس سال مین کہ حج فرض ہوا اوسی سال مین بجالاے یا سفر کر جاے مکہ شریف کیطرف
یہی مذہب ہے حضرت امام اعظمؒ اور امام ابو یوسف اور امام مالک کا مگر امام محمدؒ اور امام شافعی کے
نزدیک فی الفور واجب ہنین بدلیل اس حدیث کے حج کی فرضیت چھٹے برس ہجرت کے ہوئی
تھی اور رسول مقبول صلعم نے دسوین برس ادا کیا لیکن علماے حنفیہ جواب دیتے ہین کہ وہان
دیر کی ضرورت بوجہ شرعی تھی کہ تا احکام اسلام سب خاص و عام کو اچھی طرح پہونچ جاین اور آپ کو
اس عرصے تک اپنی حیات کا علم تھا جیسے کہ درمختار وغیرہ مین مذکور ہے پس اس باب مین جو علماء دین
کہ قائل ہین فوراً حج ادا کرنے کی تو اونکے نزدیک دیر کرنے والا فاسق مردود الشہادۃ ہے نہ تراخی والون
کے نزدیک سنن ابو داؤد مین حضرت ابن عباس رضہ سے مروی ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ جو شخص قصد حج کا رکھتا ہو وہ شتابی کرے یعنے جس سال مین اوسپر فرض ہوا اوسی سال مین
بجالاوے یا سفر کر جاے مکہ شریف کیطرف اور مسند کرمانی مین روایت ہے کہ سرور عالم
صلعم نے فرمایا تعجلوا فی الحج فان احدکم لا یدری ما یعرض لہ یعنی شتابی کرو حج مین
اسواسطے کہ کوئی تمھارا نہین جانتا ہے کہ کیا پیر اوسکو عارض اور لاحق ہوگی ف حضرت شیخ
عبدالحق محدث دہلوی لکھتے ہین کہ جو کوئی چاہے حج کرنا اور قادر ہو وہ اوسکے ادا کرنے پر پس
چاہیے کہ وہ جلدی کرے اور فرصت وقت کو غنیمت جانے اس لیے کہ ڈھیل مین بہت سی
آفتین ہین علماء دین لکھتے ہین کہ اگر کوئی مسلمان حج نکرے یہان تک کہ تلف ہو جاوے مال اوسکا
تو پہونچتا ہے اوسکو یہ کہ قرض لیوے مال اگرچہ نہ قادر ہو اوسکے ادا کرنے پر اور امید ہو یہ کہ نہ
مواخذہ کریگا اوس سے اللہ تعالی اسپر اگر نیت ادا کرنے کی رکھتا ہوگا کہ جب قادر ہونگا ادا کرونگا

بیان اسکا کہ بعد فرض ہونے حج کے اسکو دیر کرنا جایز ہے اور ڈھیل کرنے والے کے حکم مین ۱۲

بیان معنی ضرورت

اور بغیر حج ادا کرنے کے مر گئے جیسے کہ احیاء العلوم مین مذکور ہے اور صاحب ہدایہ لکھتے ہین کہ حضرت عمرؓ نے فرمایا کہ البتہ تحقیق قصد کرتا ہون مین اسبات کا کہ جنکو مین نہین دیکھون کہ قدرت رکھتے ہون توشہ اور سواری پر اور وہ حج نکرین تو جلادون مین اونکے گھرون کو قسم ہے اللہ کی نہین دیکھتا ہون مین اونکو مسلمان تین بار آپنے یہی ارشاد فرمایا حضرت ابن عباس رضہ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ نہین ضرورت ہے اسلام مین ف اہل حدیث ضرورت اوسکو کہتے ہین جسنے کبھی حج نہ نکیا ہو یعنی جسنے حج نکیا بعد واجب ہونے کے تو نہین وہ مسلمان طیبیؒ محدث لکھتے ہین کہ ظاہر احدیث اس بات پر دلالت کرتی ہے کہ جو طاقت رکھے حج کی اور وہ حج نکرے تو نہین ہے وہ مسلمان پس مراد اس سے تغلیظ اور تشدید ہے یا یہ کہ مسلمان کامل نہین اور بعض علماء دین فرماتے ہین کہ معنی ضرورت کے ہین ترک کرنا نکاح اور حج کا یعنی ترک کرنا نکاح اور حج کا دین محمدی مین نہین ہے بلکہ رہبانیت مین ہے پس مسلمان کو بعد حاصل ہونے قدرت کے ترک کرنا نکاح اور حج کا زنہار نہ چاہیے کہ اسکے برے وبال ہین حضرت انسؓ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ تحقیق واسطے ابلیس لعین کے اور شیاطین تابعدار مین کہ وہ اونسے کہتا رہتا ہے کہ حاجیون اور غازیون کو جہانتک بن سکے گمراہ کرو یعنی اونکو اس راہ مغفرت اور نجات پر نہ آنے دو حق تعالی قرآن مجید مین فرماتا ہے لَاَقْعُدَنَّ لَهُمْ صِرَاطَكَ الْمُسْتَقِيمَ یعنی شیطان نے بارگاہ الہی مین عرض کیا کہ بتحقیق مین صراط مستقیم پر بیٹھے کے تیرے بندونکو بہکاؤنگا اس آیت شریف کی تفسیر مین حضرت ابن مسعود و حسن و سعید ابن جبیرؓ کا اتفاق ہے کہ صراط مستقیم سے مراد رستہ مکہ معظمہ کا ہے روایت کیا شیخ احمد حضراوی نے عقد الثمین مین اور بھی علامہ غزالیؒ احیا مین نقل کرتے ہین کہ اس آیت شریف مین بعض کے نزدیک صراط مستقیم سے مراد رستہ مکہ معظمہ کا ہے حضرت امام حسن بصری رضہ سے روایت ہے کہ وارد ہوا حدیث قدسی مین کہ فرماتا ہے حق سبحانہ تعالی کہ اے بندہ تجھکو تندرستی دی مینے اور معیشت تجھپر فراخ کی مینے پانچ برس برتجھپر گذرے کہ تو نے میری طرف رغبت نکی کیا تو میرے فضل عظیم اور رحمت کاملہ سے ناامید ہوگیا اسی طرح زوائد مین بھی وارد ہوا ف بعض علماء دین اسی حدیث سے بیان فرماتے ہین کہ مسلمان کو چاہیے کہ بعد پانچ برس گذر جانے کے اگر گنجایش اور وسعت حاصل ہو تو پھر زیارت بیت اللہ شریف کی کرے ابن عباسؓ سے روایت ہے کہ جو شخص طاقت اور قدرت شرعی حج کرنے کی رکھتا ہو اور حج نکرے اور اوسی حال مین

مشرف ہوا اور آپ نے مجھسے ارشاد فرمایا کہ اے ابن موفق کیا تونے میری طرفسے حج کیا مینے عرض کیا کہ ہان یارسول اللہ پھر آپنے فرمایا کہ میری طرف سے لبیک کہی تونے عرض کی مینے کہ ہان یارسول اللہ آپنے فرمایا کہ اے ابن موفق پس تحقیق کفایت کرون گا مین تجھکو اسکے عوض دن قیامت کی کہ پکڑون گا مین تیرے ہاتھ اور داخل کرونگا تجھکو جنت مین اوسوقت کہ مخلوق قیامت کی حساب کی سختیون اور شدتون مین گرفتار ہوگی

فصل چوتھی

مقدور والون کے حج نکرنے کے عذابون اور گناہون کے بیان مین

پوشیدہ نہ رہے کہ جو مسلمان بعد حاصل ہونے استطاعت شرعی کے حج ادا نکرے اوسکی بہت بڑی سخت وبال اور عذاب ہین جامع ترمذی مین حضرت علی رض سے روایت ہے کہ فرمایا سرور عالم صلعم نے کہ جو شخص مالک ہوا توشہ اور سواری کا کہ پہونچاوے اوسکو بیت اللہ شریف تک اور وہ حج نکرے پس فرق نہین اوسپر کہ مرے یہودی یا نصرانی یعنی اوسکا مسلمان ہونا اور یہودی نصرانی ہونا برابر ہے اور سنن دارمی مین حضرت ابی امامہ سے منقول ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ جسکو منع نکرے حج کرنے سے کوئی حاجت ظاہری یا بادشاہ ظالم یا مرض روکنے والا اور وہ مرگیا اور حج نہین ادا کیا تھا پس وہ مرے چاہے یہودی ہوکر یا نصرانی بنکر یہ اسواسطے فرمایا کہ یہود و نصاری حج کے قائل نہین ہین تفسیر احمدی مین وارد ہوا کہ اللہ تعالی نے جو حج نکرنے والے کے باب مین اسطور سے فرمایا وَمَنْ كَفَرَ اسمین نہایت شدت اور غلظت گناہ اور عذاب کی نسبت نہ کرنے والے حج کے ثابت ہوتی ہے کیونکہ ظاہر ایہ مضمون وَمَنْ تَرَكَ سے بھی ادا ہوسکتا تھا اسی طرح صاحب ہدایہ لکھتے ہین تفسیر معالم مین حضرت سدی رہ سے منقول ہے کہ جسنے قدرت پائی حج کرنے کی اور اوسنے حج نکیا یہان تک کہ وہ مرگیا تو وہ داخل ہوگیا دین کفر کی وعید مین حضرت علامہ غزالی احیا مین لکھتے ہین کہ جسنے مقدور ہوتے حج نکیا تو حقتعالی کیطرف سے اوسکے حق مین بہت بڑا سخت وبال اور عذاب ہے خداوند کریم سب مسلمان بھائیونکو اس گناہ سخت اور عذاب عظیم سے محفوظ رکھے فرمایا حضرت عمر رض نے کہ البتہ تحقیق قصد کرتا ہون مین یہانتک کہ لکھون مین شہرون مین یہ حکم کہ لیا جاوے جزیہ اون لوگونسے جو طاقت حج کی رکھتے ہین اور نہین کرتے ہین اور سعید ابن جبیر و ابراہیم نخعی و مجاہد و طاؤس رض سے منقول ہے کہ وہ فرماتے ہین کہ اگر جانین ہم کسی شخص کو کہ مقدور و استطاعت حج کرنیکا رکھتا ہے اور وہ مرجاوے بغیر حج کرنے کے تو نہ پڑھین ہم اوسکی نماز جنازہ کی یہان تک کہ نہ پڑھی نماز جنازہ کی اون لوگون کی جو اونکے ہمسایہ مین مقدور والے لوگ رہتے تھے

نکتہ عجیب در بیان کفر کے فرمانے مین

کے نزدیک جہان انتقال کیا ہو وہین سے نائب الحج مقرر کرے اور اگر وصیت نہ کی ہو تو درست ہے
مسئلہ جسنے کہ آپ حج نہین کیا اوسکو غیر کیطرف سے حج کرنا مذہب حنفی و مالکی مین درست ہے مگر بہتر یہ ہے
کہ پہلے اپنا حج کرے پھر دوسرے کی طرف سے اور حضرت امام شافعی و امام احمد حنبل کے نزدیک درست نہین ہے
مسئلہ نائب الحج کو چاہیے کہ حج کرانے والے کی نیت ضرور کرے یعنی اسطور سے کہے کہ احرام
باندھتا ہون فلانے کیطرف سے اور لبیک کہتا ہون فلانے کی طرف سے اور اگر بھول جاے نام اوسکا تو صرف
نیت کر لینے دل سے بھی صحیح ہو جائیگا حضرت امام حسن بصریؒ سے روایت ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ جسنے وصیت کی حج کی اللہ تعالی ثواب تین حج کا عنایت فرماتا ہے ایک حج واسطے اوسکے جسنے
اوسکی طرف سے احرام باندھا اور ایک حج واسطے وصیت کرنیوالے کے اور ایک حج واسطے اوسکے جسنے
کہ لکھا اوس وصیت کو اور جسنے کہ حج کیا مردہ کے واسطے بغیر اوسکی وصیت کے حق تعالی ایک حج کا
ثواب اوس مردیکو عنایت فرماتا ہے اور واسطے حج کرنے والے کے ثواب ستر حج کا لکھا جاتا ہے روایت
کیا شیخ احمد حضراوی نے عقد الثمین مین اور بھی احیاء العلوم مین وارد ہوا کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے
کہ حق تعالی ایک حج کرنے سے تین شخصون کو جنت مین داخل فرماتا ہے وصیت کرنیوالے حج کو اور جاری
کرنے والے وصیت کو اور جسنے کہ حج کیا اوسکی طرف سے حدیث شریف مین وارد ہوا کہ مثال اوس شخص
کی کہ غزا کرتا ہے فی سبیل اللہ اور لیتا ہے اجرت اوسپر مانند حضرت موسیؑ کی ماں کی ہی کہ دودھ پلاتی
تھین اپنے بچے کو اور اجرت لیتی تھین پس جو شخص کہ حج پر اجرت لیتا ہے اوسکی مثال حضرت موسیؑ کی
ماں کی سی ہے کچھ مبالغت شرعی نہین کیونکہ اس ضمن مین یہ شخص بھی خیر و برکت حج سے اور حسن سعادت
شرف زیارت سے مشرف ہو جاتا ہے انتہی حضرت امام حسنؒ بصری سے روایت ہے کہ فرمایا رسول
مقبول صلعم نے کہ جو شخص حج کرتا ہے اپنے ماں باپ کیطرف سے تو لکھا جاتا ہے ایک حج واسطے اوسکے
اور دوسرا اوسکے ماں باپ کی طرف سے اور در مختار مین وارد ہوا کہ جسنے حج کیا اپنے ماں باپ کیطرف سے
پس تحقیق اوسنے اپنا بھی حج ادا کیا اور دس مجون کا ثواب اوسکو حاصل ہوا اور اوٹھایا جاویگا وہ دن قیامت
کے ابرار و نجین ف علماء دین لکھتے ہین کہ ماں باپ کیطرف سے حج مطلقاً درست ہے یعنی بحالت
وصیت اور بلا وصیت دونون صورتون مین جائز ہے حضرت علامہ غزالی احیاء العلوم مین روایت کرتے
ہین کہ حضرت علی بن موفق حج فرماتے ہین کہ مینے رسول مقبول صلعم کیطرف سے حج کیا تو مین بشرف زیارت

بیان اقسام عبادات

قسم ہے ایک فوزی مالی جیسے زکوٰۃ اسمین نیابت درست ہے حالت اختیار مین بھی اور حالت ضرورت
مین بھی اسلیے کہ مقصود حاجت روائی فقیر کی ہے سو حاصل ہے بسبب ادا کرنے نائب کے دوسری عبادت
فوزی بدنی جیسے نماز اسمین کسی حال مین نیابت نہین درست ہے اسلیے کہ وہان مقصود نفس کا مشقت
و تعب مین ڈالنا ہے اور وہ حاصل نہین ہوتا نائب کے کرنے سے تیسری عبادت کہ مالی اور بدنی دونونسے
مرکب ہے جیسے حج اوسمین بروقت عاجز ہونے اور لاحق ہونے عذر شرعی کے نیابت درست ہے نہ حالت
قدرت مین اسی طرح در مختار اور ہدایہ و عالمگیری مین مذکور ہوا اسجگہ چند مسئلے ضروری واسطہ فائدہ عام
مسلمانون کے لکھے جاتے ہین **مسئلہ** حج نفل بغیر عذر کے بھی بطور نیابت درست ہے اسلیے کہ حج
نفل کا وسیع تر ہے اور حج فرض بغیر عذر شرعی کے بطور نیابت نہین درست ہے **مسئلہ** جو شخص
قدرت حج کی رکھتا تھا اور سب شرطین اوسمین موجود تھین پھر وہ معذور ہو گیا خواہ بہت بڑھاپے سے
یا بیماری سے جیسے لولا لنگڑا اپاہج اندھا مفلوج دائم الحبس اور اوسکے پاس مال ہے تو اس صورت مین
اوس شخص پر واجب ہے کہ دوسرے کو مال دیکر اپنی طرف سے حج کرائے ادا ہو جائیگا بشرطیکہ وہ عذر
ہمیشہ بنا رہے اور اگر بعد حج کرانے کے عذر جاتا رہا تو اوسکو خود حج کرنا چاہیے ہان اگر اوس شخص نے
اوسی معذوری کی حالت مین کسیطرح آپ حج ادا کیا تو ادا ہو گیا یعنے بعد دور ہونے عذر کے اور حج
کرنا لازم نہین ہے **مسئلہ** جسپر کہ حج واجب تھا اور وہ بغیر ادا کرنے کے مر گیا مگر اوسنے وصیت کی
تھی حج کرانے کی تو اوسکے وارثون پر حج کرانا تیسرے حصہ مال سے لازم ہے جہان سے اوسنے
بیان کیا ہو ورنہ اوسکے وطن سے اگر تہائی مال کافی ہو ورنہ جہان سے کافی ہو سکے اور اگر اتفاق
سے نائب حج رستہ مین مر گیا تو پھر تہائی مال کسی اور کو خرچ دیکر اوسکے وطن سے حج کرائے اگر کافی
ہو ورنہ جہان تک وہ پہونچا تھا اوسکے آگے سے دوسرے کو بھیجے اور اگر وصیت نکی تھی لیکن وارث
اوسکی طرف سے آپ حج کرے یا اوسکے مال سے حج کرائے تو بھی درست ہے **مسئلہ** جسپر کہ حج فرض ہوا
اور وہ حج کرنے کے واسطے گیا ابھی وقت حج کا نہین آیا تھا کہ اوسنے انتقال کیا اس صورت مین علماء
دین فرماتے ہین کہ اگر وہ شخص بعد فرض ہونے حج کے فوراً روانہ ہوا تھا یعنی جس سال مین فرض ہوا اوسی سال مین گیا تو حج
اوسکے ذمے پر نہین رہا ورنہ اوسکی طرف سے وارث پر حج کرانا اوسکے مال سے واجب ہے اگر اوسکی وصیت ہو جانیسے
اوسنے بیان کیا ہو ورنہ اوسکے گھر سے یہ قول ہے حضرت امام اعظم رح کا اور اسی پر فتوی ہے اور صاحبین

مردون کے قائم مقام خاوند یا محرم کے ہے اور اجازت خاوند کی بھی شرط ہے اس صورت مین سب
مردون اور عورتون کو چاہیے کہ جب تک ان شرطون کا سرانجام اور انتظام بخوبی نکرلین حج کا ارادہ
نکرین پس جو لوگ کہ بغیر درستی سامان سفر کے دور دراز رستون سے مانگتے کھاتے حج کو جاتے ہین اونکی
بڑی غلطی اور کوتاہ اندیشی ہے کہ نفل کے حاصل کرنے کے واسطے سوال کے وبالون مین گرفتار ہوتے
ہین یہان تک کہ بسبب غلبہ پریشانی افلاس کے نماز وغیرہ ضروریات دین کی بھی پابند نہین رہتے
ہین صاحب اسبیل لکھتے ہین کہ جب حضرت شبلیؒ حج کو چلے رے کی فقیرون نے آکر کہا کہ ہم بھی اللہ پر
توکل کرکے آپ کے ساتھ چلین گے کہا چلو بشرطیکہ توشہ ساتھ نہ لو سوال نکرو کوئی کچھ دے تو قبول
نکرو تیسری شرط مین اونکو عذر ہوا حضرت شبلی رح نے فرمایا تمکو خدا پر توکل نہین لوگون کی توشہ پر توکل
ہے اسی طرح ایک شخص نے حضرت امام احمد حنبلؒ سے پوچھا کہ میرا ارادہ ہے کہ محض اللہ پر توکل کرون
اور بے سامان حج کو جاؤن فرمایا کہ جا لیکن اکیلا قافلہ کے ساتھ نہ جانا اوسنے عرض کیا کہ اکیلا تو
نہین جا سکتا آپ نے فرمایا تو اللہ پر توکل نہین کرتا قافلہ کے مال پر توکل کرتا ہے صحیح بخاری
مین عبداللہ بن عباسؓ سے روایت ہے کہ یمن کے لوگ بغیر خرچ لیے حج کو آتے تھے اور اپنے
آپ کو متوکل ٹھہراکر مکہ والون کو ستاتے تھے یہان تک کہ لوٹ مار کرنے لگتے تھے حق تعالی نے
اونکے حق مین یہ آیت شریف نازل فرمائی وَتَزَوَّدُوْا فَاِنَّ خَیْرَ الزَّادِ التَّقْوٰی یعنی توشہ ساتھ
لیا کرو اسواسطے کہ بہتر فائدہ توشہ کا بچنا ہے سوال کرنے سے ف یمن کے لوگون نے توکل
کو توشہ خیال کیا تھا اور حقیقت مین وہ توکل نہ تھا پس فرمایا کہ تقوی بہتر اوس سے ہے اوسکو توشہ
ٹھہراؤ خلاصہ یہ کہ درستی سامان کی منافی توکل کی نہین ہے بلکہ یہ افضل اور عمدہ ہے کاملین کے
نزدیک بھی اور جو کوئی کہ ارادہ کرے سرے توکل کا بغیر لینے اسباب وسامان کے اوسکو بھی مما نعت
شرعی نہین ہے بشرطیکہ مضبوط ہوکر صبر کرسکے ورنہ اوسمین بہت خطرے اور نقصان ہین

فصل تیسری

دوسرے سے حج کرانے کے مسئلون مین

یہ پوشیدہ نرہے کہ مسلمان کو اپنے عمل نماز وروزہ حج صدقہ وغیرہ کا ثواب دوسرے کو پہونچانا نزدیک علماء
اہل سنت وجماعت کی درست ہے اسکی تصریح اور تحقیق علماے دین نے اس طرح پر فرمائی ہے کہ عبادت کئی

ظاہر ہے کہ دریا اور جنگل آفت اور صعوبت سے خالی نہین ہوتا مانند کم ہونے پانی اور شدت
گرمی کی اور چلنے لوگون کے پس ایسی آفت کے احتمال سے استطاعت باطل نہین ہوتی جیسے کہ تصریح
اس مسئلہ کی در مختار برہان قنیہ عالمگیری وغیرہ مین مذکور ہے اور اسی پر فتوی ہے اور مراد قادر
ہونے توشے پر سوائے حاجت اصلی کے یہ ہے کہ سوائے ادائے قرض کے اگرچہ مہر بی بی کا ہو
اور سوائے خرچ گھر اور نفقہ عیال وغیرہ کے اپنے گھر پھر آنے تک کا موافق کھانے پہن نے سواری
وغیرہ کے رکھتا ہو پس اگر گھر اوسکے رہنے سے زیادہ ہو کہ کرایہ کو دیتا ہو یا لباس یا کتابین دین
کی حاجت سے زائد ہون یا لونڈی غلام جنسے خدمت نہ لیتا ہو اوسکو لازم ہے کہ اونکو بیچکر
حج ادا کرے اور اگر کسی پاس گھر لونڈی غلام نہین مگر نقدی اس قدر ہے کہ اوس سے حج کرے یا
گھر مع سامان کے مول لے اس صورت مین بھی اوسکو حج کرنا چاہیے اور مراد قادر ہونے سواری
پر یہ معنی ہین کہ مالک ہو خود سواری کا یا کرایہ کر سکتا ہو عاریت اور اباحت سے قدرت سواری
پر ثابت نہین ہوتی پس بمذہب مفتی بہ استطاعت رکھنے والا وہ شخص ہے کہ مسلمان آزاد عاقل
بالغ تندرست قادر زاد وراحلہ پر سوائے حاجت اصلی کے حج مہینو نمین یا بروقت سفر کرنے حاجیونکے
اوسکے وطن سے بشرط راستہ کی امن کے یہ سب شرطین مرد کے واسطے ہین اور عورت کے لیے اگرچہ
بوڑھیا ہو سوائے ان شرطون کے دو شرطین اور ہین ایک خالی ہونا عدت سے دوسرے ہمراہ ہونا خاوند
یا محرم جوان متقی کا بغیر جبر کے شرع شریف کے حکم سے محرم وہ شخص ہے کہ جسکے ساتھ کبھی نکاح
درست نہو بسبب قرابت کے ہو یا علاقہ دودھ کے یا سسرال کے مسلمان ہو یا کافر بندہ ہو یا
آزاد اور زاد وراحلہ محرم کا عورت پر لازم ہے بروایت مشہور مگر اصح یہ ہے کہ لازم نہین کذا
فی مستطاع ابن العماد اور بعد حاصل ہونے اس استطاعت کے خاوند کی اجازت کی حاجت نہین
پر یہ بشرط اوس حالت مین ہے کہ مکے شریف تک تین دن کی راہ سے کم نہو اور اگر سفر تین دن
سے کم ہو تو اکیلا جانا عورت کا درست ہے محرم کی حاجت نہین ظاہر الروایت یہی ہے اور ایک
روایت مین حضرت امام اعظم اور امام ابو یوسف سے عورت کو سفر ایکدن کا بھی بغیر خاوند یا محرم کے
نہین درست ہے ملا علی قاری شرح منسک مین لکھتے ہین کہ بمقتضاے فساد اس زمانہ کے فتوی اسی
روایت پر ہے اور حضرت امام شافعی اور امام مالک کے نزدیک ہمراہ ہونا نیک بخت عورتون کا مع

فصل دوسری
حج کے فرض ہونے کے احکام مین

پوشیدہ نرہے کہ سب دین کی کتابون معتبر سے ثابت ہے کہ حج فرض ہونے کے لیے استطاعت بالاتفاق سب امامون کے نزدیک شرط ہے پس حضرت امام شافعی کے نزدیک مراد استطاعت توشہ اور سواری ہے ابن عمر رضہ سے روایت ہے کہ کہا آیا ایک شخص رسول مقبول صلعم کے پاس اور عرض کیا کہ یارسول اللہ کیا چیز واجب کرتی ہے حج کو فرمایا توشہ اور سواری نقل کی ترمذی اور ابن ماجہ نے اہل حدیث لکھتے ہین کہ حضرت نے انہین دو شرطون کو اسلیے ذکر فرمایا کہ یہ دونون اصل اور پر ضرور ہین اور حضرت امام مالک رضہ کے نزدیک استطاعت مین قدرت سواری پر ضرور نہین صحت اور قدرت پیادہ چلنے کی کافی ہے اور حضرت امام اعظم رضہ کے نزدیک صحت جسمی اور توشہ وسواری اور امن راہ سب شرط ہین چنانچہ اس جگہہ تفصیل اون شرائط کی لکھی جاتی ہے اہل اسلام پر مخفی نہ رہے کہ شرطین حج کی فرض ہونے کی کئی ہین اول اسلام ہے یعنی مسلمان پر فرض ہے نہ کافر پر اور حریت ہے یعنی آزاد پر ہے نہ بردہ پر اور عقل ہے یعنی ہوشیار پر نہ دیوانہ پر اور بلوغ ہے یعنی بالغ پر نہ لڑکے پر درمختار وہدایہ وغیرہ مین وارد ہوا کہ اگر لڑکا پہلے بالغ ہونے کے اور غلام پہلے آزاد ہونے کے حج کریگا اگرچہ باجازت مولی ہو حج فرض اوس سے ساقط نہوگا بلکہ بعد بالغ ہونے اور آزاد ہونے کے بشرط استطاعت اور حج کرنا لازم آئیگا ہان وہ پہلا نوافل سے شمار کیا جاویگا اور شرط صحت ہے یعنی تندرست پر ہے نہ بیمار پر چنانچہ فقہ کی معتبر کتابون مین لکھا ہے کہ اپاہج لولے اندھے عاجز مفلوج بیمار شیخ فانی پر کہ قدرت سواری پر اپنے آپ ٹھہرنے کی بغیر مشقت عظیمہ کی نہ رکھتے ہون حضرت امام اعظم رضہ کے نزدیک واجب نہین نہ خود اوپر نہ اونکے مال پر کہ اورسے حج کرائین یا مرتے وقت وصیت کرین اور صاحبین یعنی حضرت امام ابو یوسف وحضرت امام محمد کے نزدیک اونکے مال پر واجب ہے کہ اورسے حج کرائین اور شرط ہے قدرت زاد وراحلہ پر یعنی جو قادر ہو خرچ راہ اور سواری پر اور جو نہو تو فرض نہین ہے اور خرچ اسقدر ہو کہ جاتے اور آتے کفایت کر جائے اور زائد ہو حاجت اصلی سے اور نفقہ عیال اوسکے پھرنے تک اور شرط راستہ کا امن ہے علماء دین کے نزدیک رستہ کی امن سے یہ مراد ہے کہ غالب اوسمین سلامتی ہو اگرچہ احیانا کسی پر آفت بھی پہونچ جاتی ہو اور خشکی اسمین برابر ہین کیونکہ

فصل بیان شرائط فرضیت حج

بیان اوقات حج فرض ہونے کے

بیان اون راہون کا

حج پیش حج کرو پس عرض کیا ایک مرد نے آیا ہر سال فرض ہے یارسول اللہ پس چپ رہے آپ یہان
تک کہ اوسنے وہی بات تین بار کہے تب فرمایا کہ اگر کہتا مین ہان تو بیشک واجب ہو جاتا ہر سال اور
اور البتہ طاقت نہ رکھتے تم ادا کرنے کی صحیح بخاری اور صحیح مسلم مین عبداللہ بن عمر رضہ سے روایت
ہے کہ فرمایا رسول مقبول صلعم نے کہ بنیاد اسلام کی اوپر پانچ چیز کے ہے ایک گواہی اسبات کی کہ نہین
ہے کوئی معبود بحق سوائے اللہ کی اور تحقیق محمد صلعم بندہ اور رسول اوسکے ہین دوسرے ٹھیک
پڑھنا نماز کا تیسرے دینا زکوٰۃ کا چوتھے حج پانچوین روزے رمضان کے اس حدیث سے صاف
ظاہر ہوا کہ حج ارکان اسلام سے ہے مثل نماز روزہ کے پس جو شخص کہ مقدرت پاکر حج نکرے اوسکا
اسلام پورا نہین کیونکہ ظاہر ہے کہ ہر چیز بغیر اپنے تمام رکنون کے ناتمام اور ناقص ہے علاوہ اسکے
جناب سرور عالم صلعم نے اوس شخص کے حق مین جو قدرت پاکر حج نہ کرے بہت سخت وعیدین بیان
فرمائی ہین جنکا ذکر خدا چاہے نزدیک آتا ہے تو اونسے بھی فرضیت حج کی ثابت ہے کیونکہ جس
فعل کے نکرنے پر وعید وارد ہوتی ہے اوسکا کرنا لازم ہوتا ہے تفسیر احمدی مین وارد ہوا کہ صاحب تفسیر
فج عمیق کی تفسیر مین لکھتے ہین کہ محمد بالیمن فرماتے ہین کہ ایک بزرگ نے پوچھا مجھسے طواف کرتے ہین
کہ تو کہان کا رہنے والا ہے مینے کہا کہ خراسان کا ہون کہا کہ کتنے فاصلے پر ہے مینے کہا کہ دو مہینے یا
تین مہینے کا راستہ ہے تو اونھون نے فرمایا کہ تم تو کعبہ شریف کے ہمسایہ مین سے ہو مینے کہا کہ آپکا
شہر کتنے فاصلے پر ہے تو اونھون نے کہا کہ مین پانچ برس کے راستے سے آیا ہون جب نکلا تہا جوان
تہا اب بوڑھا ہو گیا تو مینے سنکر کہا کہ قسم ہے اللہ کی یہ ہی عبادت خدا کی اور یہ ہی محبت صادق رب کی
پس وہ ہنسے اور ذوق شوق الہی مین اشعار عربی پڑھنے لگے اسی طرح چند اذکار شیخ احمد
حضراوی نے بھی لکھے ہین تو سمجھنا چاہیے کہ یہ ہین آثار قبولیت دعا خلیل الرحمن کے کہ مخلوق خدا پیادہ
اور سوار ہر سمون کی راہ سے چلی آتی ہے کیا اچھا کہا ہے ؎ ہر کجا چشمہ بود شیرین ۔ مردم و
مرغ و مور گردایند ۔ مسند احمد و نسائی و سنن دار قطنی مین بروایت حضرت ابن عباس رضہ وارد ہوا
والحج مرۃ فمن زاد تطوع یعنی حج تمام عمر مین ایکبار فرض ہے اور جو زیادہ کرے وہ نفل ہے پس
بڑی شامت اور گمراہی ہے کہ مقدور ہوتے مسلمان اس فرض کو نہ ادا کرے اور محروم و بدنصیب
اس دنیاے ناپائدار سے رخصت ہووے

بیان
اسکا کہ بیت اللہ کی
کس سنہ مین بنا ہوا

تفسیر فج عمیق

اور منحرف ہوجاوے تو اپنی خوبی اور بھلائی کھو کر آپ دونون جہان مین برا بنتا ہے کیونکہ جو کچھ ارحم الراحمین
اور اوسکے حبیب رحمۃ للعالمین نے فرمایا ہے اوسمین سراپا رحمت اور خیر و برکت اور سعادت دنیا و آخرت ہی
اور جو کچھ کہ اوسکے خلاف ہے اوسمین دونون کی رسوائی اور خرابی ہے تفسیر معالم و احمدی وغیرہ مین وارد
ہوا کہ جب حضرت ابراہیمؑ کعبہ شریف کی بنا سے فارغ ہوئے تو اللہ تعالی نے آپ کو ارشاد فرمایا وَ
اَذِّنْ فِی النَّاسِ بِالْحَجِّ یَاْتُوْكَ رِجَالًا وَّ عَلٰی كُلِّ ضَامِرٍ یَّاْتِیْنَ مِنْ كُلِّ فَجٍّ عَمِیْقٍ یعنی پکار دے
لوگون مین حج کے واسطے کہ آوین تیری طرف پانو چلتے اور سوار ہوکر دبلی دبلی اونٹنیون پر چلی آتی
راہون دور سے حضرت ابراہیمؑ نے عرض کیا ما یبلغ صوتی یعنی خداوندا میری آواز مہین پہونچیگی
اللہ تعالی نے فرمایا عَلَیْكَ الْاَذَانُ وَ عَلَیْنَا الْبَلَاغُ تیرا کام پکارنا ہے اور پہونچا دینا سبکو ہمارا
ذمہ ہے چنانچہ آپ موافق حکم الٰہی کے مقام پر کھڑے ہوے تو وہ اتنا اونچا ہوا کہ سب پہاڑون سے
بلند ہوگیا پس آپ نے اونگلیان کانون مین دیکر تین بار چار و نطرف پکارا یَا اَیُّهَا النَّاسُ اِنَّ رَبَّكُمْ
قَدْ بَنٰی بَیْتًا وَّ كَتَبَ عَلَیْكُمُ الْحَجَّ فَاَجِیْبُوْا رَبَّكُمْ یعنی اے لوگو خبردار ہوجاؤ کہ تحقیق پروردگار
تمھارے نے بنایا تمھارے لیے گھر اور فرض کیا تمپر حج پس قبول کرو حکم پروردگار اپنے کا حق تعالی
نے آپ کی آواز کو مشرق سے مغرب تک سبکو سنوادی تب جن لوگون کے کہ نصیب مین حج کرنا تھا اونہونے
اپنے باپون کی پیٹھ یا مان کے پیٹ سے جواب دیا لَبَّیْكَ اَللّٰهُمَّ لَبَّیْكَ لکھا ہے کہ جسنے ایکبار جواب
دیا وہ ایک حج کریگا اور جسنے کئی بار جواب دیا وہ کئی حج موافق جواب کے کریگا اور جسنے جواب نہ دیا وہ
محروم رہے گا عبداللہ ابن عباس رضؓ فرماتے ہین کہ سب سے پہلے یمن والون نے جواب دیا لہذا یمن کے
لوگ اکثر حج کرتے ہین علماے دین لکھتے ہین کہ گو یہ خطاب اللہ تعالی کا حضرت ابراہیمؑ کی طرف ہے
مگر اس آیت شریفہ سے بھی فرضیت حج کی ثابت ہے اسواسطے کہ جب حق تعالی قرآن مجید مین کسی
اور شریعت کا حکم بیان فرماوے اور اوسکو منسوخ نکرے تو وہ حکم ہمپر بھی واجب اور لازم ہوجاتا ہے
اور اگر اس آیت کے مخاطب ہمارے رسول مقبول صلعم ہون جیسے کہ بعض مفسرین لکھتے ہین تو فرضیت
حج کی بے تکلف ظاہر ہے چنانچہ صحیح مسلم مین حضرت ابوہریرہ رضؓ سے روایت ہے کہ رسول مقبول صلعم
نے خطبہ شریف مین فرمایا اَیُّهَا النَّاسُ قَدْ فُرِضَ عَلَیْكُمُ الْحَجُّ فَحُجُّوْا فَقَالَ رَجُلٌ اَكُلَّ عَامٍ یَا رَسُوْلَ اللّٰهِ
فَسَكَتَ حَتّٰی قَالَهَا ثَلٰثًا فَقَالَ لَوْ قُلْتُ نَعَمْ لَوَجَبَتْ وَلَمَا اسْتَطَعْتُمْ ای لوگو فرض کیا گیا ہے تمپر

لائق ہو جاتے ہین اور دین اور دنیا مین خوبی اور سرخروئی پاتے ہین اور جو خدا و رسول کے حکم کو بجا نہ لا

فسلت حتی قالها ثلثا فقال لو قلت نعم لوجبت ولما استطعتم ای لو لو رض لیا بها ولم

اِنَّکَ اَنْتَ السَّمِیْعُ الْعَلِیْمُ اس کتاب مستطاب کی بارہ باب ہین اور ہر باب مین پانچ فصلین ہین

باب پھلا
فصل پھلی
حج کے فرض ہونے کے بیان مین

مسلمان بھائیون کو خوب دل لگاکر سننا چاہیے کہ حج کرنا بھی مانند نماز روزہ زکوۃ کے فرض عین ہے انکار کرنے والا کافر ہے حق تعالی قرآن مجید مین ارشاد فرماتا ہے وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ اِلَيْهِ سَبِيْلًا یعنی خدا کی بندگی کے لیے فرض ہے لوگون پر قصد کرنا خانہ کعبہ کا جو طاقت رکھتا ہو اوسکو گھر کی طرف راہ چلنے کی علماء دین کہتے ہین کہ اللہ تعالی نے جو اس عبادت کو خبر کی صورت مین بیان فرمایا اسمین کمال تاکید پائی جاتی ہے جیسے کہ روزہ کے باب مین فرمایا كُتِبَ عَلَيْكُمُ الصِّيَامُ ورنہ مقصود حقیقت مین امر ہے معتبر تفسیرون مین وارد ہوا کہ جب یہ آیت شریف نازل ہوئی تو جناب رسول مقبول صلی اللہ علیہ وعلی آلہ وسلم نے سب قومون کو جمع کرکے یہ حکم سنایا مسلمانون نے قبول کیا اور یہود و نصاری مجوس صابئین مشرکین ان پانچ فرقون نے نہ مانا تب حق تعالی نے یہ آیت نازل فرمائی وَمَنْ كَفَرَ فَاِنَّ اللّٰهَ غَنِيٌّ عَنِ الْعٰلَمِيْنَ یعنی جو نہ مانے ہمارے اس حکم کو پس اللہ بے پرواہ ہے سارے عالمون سے اس سے مراد یہ کہ جو اس حکم کو بجا نہ لائے اور انکار کرے وہ کافر ہے اس آیت شریف کی تفسیر مین تفسیر احمدی و مدارک مین وارد ہوا کہ حق تعالی نے فرمایا کہ جو ہماری نعمتون کا شکر نکرے اور کفران کی راہ چلے پس تحقیق اللہ بے پرواہے اون لوگون سے اور اونکی عبادتون سے اور بعض مفسرین فرماتے ہین کہ اللہ تعالی نے جو اس آیت شریف مین وَمَنْ كَفَرَ کے ساتھ ارشاد فرمایا اسمین نہایت مرتبہ کی تاکید فرضیت حج کی ثابت ہوتی ہے جیسے کہ نزدیک اسکا ذکر آتا ہے انشاء اللہ تعالی اور بعض کہتے ہین کہ یہ حکم تغلیظاً تصور کرنا چاہیے ف مسلمان کو اس بات پر اعتقاد کامل رکھنا چاہیے کہ پروردگار عالم کو کسیکی عبادت کیطرف حاجت و ضرورت نہین ہے کیونکہ ظاہر ہے کہ بندون کی عبادت سے کچھ خدا کا بھلا اور فائدہ نہین ہوتا ہے بلکہ اوسکے کرنے سے بندے گنہگار ہی اپنے گناہون کی نجاستون اور آلودگیون سے پاک وصاف ہوکر بہشت کی جانیکے لائق ہوجاتے ہین اور دین اور دنیا مین خوبی اور سرخروئی پاتے ہین اور جو خدا و رسول کے حکم کو بجا نہ لائے

واثق رکھتا تھا کہ باقتضاے وَاَمَّا بِنِعْمَةِ رَبِّكَ فَحَدِّثْ کوئی کتاب ایسی کامل اور جامع فضائل اور
حالات حرمین شریفین مین زبان اردو عام فہم مین لکھون جسکو سب مسلمان مرد اور عورتین پڑھکر فائدہ
عظیم حاصل کرین اور وہان کے فضائل و برکات و ترقی درجات سے واقف ہوکر دل و جان سے
بشوق زیارت حرمین شریفین کہ موجب حصول اعظم سعادت دنیا و آخرت و قوی ترین اسباب عفو و
مغفرت ہے مستعد ہوون اور اس دنیاے ناپایدار مین خواب غفلت اور ظلمت جہالت سے عبرت پکڑین
اور اس فقیر کے حق مین دعاے خیر کرین ہرچند کہ بعض علما نے بضمن مسائل حج و عمرہ تحریر حالات مختصر
پر اکتفا کیا ہے لیکن کوئی کتاب ایسی جسمین اکثر حالات اور فضائل مقامات مقدسہ حرمین شریفین کی تفصیلی
بعبارت اردو آسان مذکور ہون نظر نہ آئی ورنہ یون تو کتابین حدیث و تفسیر و سیر کی ان اذکار صدق آثار
سے معمور ہین کرورون شکر و احسان بحضرت رحمان کہ باوجود کمال ضعف و ناتوانی و کثرت عوارض جسمانی
و تلاطم تغیرات و حوادثات زمانی بتائید فضل و رحمت سبحانی و مساعدت فیوض حضرت شان رحمانی یہ کتاب
بوجہ التزام اس ترتیب خاص و عنوان تازہ کے کمال عرق ریزی اور جانفشانی سے تمام ہوئی کوئی روایت
اسمین ضعیف اور بے سند کامل نہین لکھی گئی اہل اسلام کو مژدہ اور مبارکباد ی ہے کہ بفحواے مضمون
اطلبوا الرفیق ثم الطریق سفر مبارک حرمین شریفین کے لیے رفیق شفیق کا ہونا ہر مسلمان کے لیے
ضروری تھا اس صورت مین اگر بچشم انصاف غور کی جاوے تو یہ کتاب سفر و حضر بر و بحر مین ایسی رہبر
صادق اور ہادی کامل اور رفیق شفیق ہے کہ کسی یار ہمدم اور رفیق راسخ قدم سے ایسے فائدے اور نفع
عظیم زنہار نصیب نہون گے غرض کہ یہ کتاب کہ منجملہ اعظم باقیات صالحات اور زاد آخرت اس فقیر سے ہے
مکہ معظمہ اور مدینہ طیبہ کے حالات کے واسطے عجیب و غریب آئینہ حقنما ہے اور اس سفر مبارک کے لیے
بہت بڑا توشہ اور ذخیرہ ہے قابل اسکے ہے کہ تعویذ جان اور آئینہ دین و ایمان سمجھی جاوے اور لائق
اسکے ہے کہ زاد الحرمین اور مرآت الحرمین نام رکھی جاوے لیکن جناب مستطاب حضرت مبدء فیاض
و بارگاہ عرش آب حضرت سید الکائنات سے دلمین یہی القا ہوا کہ نام اسکا **مرج البحرین فی**
فضائل الحرمین رکھا گیا جو مسلمان بھائی مرد و عورت اس سے فائدہ پاوے اوسپر لازم ہے
کہ اس گنہگار کے حق مین دعاے حسن خاتمہ کی ضرور کرے رب العالمین سب مسلمانون کے اعظم مقاصد
دینی و دنیوی بر لاوے اور اس خیر کثیر سے اجر کبیر عطا فرماوے آمین بجاہ سید المرسلین رَبَّنَا تَقَبَّلْ مِنَّا

بسم اللہ الرحمن الرحیم

حمد بیقیاس اوس معبود ارحم الراحمین کو زیبا ہے جسنے ہمکو فضل عظیم اور رحمت عمیم سے اپنے حبیب رحمۃ للعالمین
کی امت مین پیدا کیا اور روز ازل مین اُمَّةٌ مُذْنِبَةٌ وَرَبٌّ غَفُورٌ سے یاد فرمایا اور نعت بذا انتہا
اوس حبیب کبریا صاحب قاب قوسین اوادنی کو شایان ہے جسنے ہمکو صراط مستقیم اور دین قویم
تعلیم فرمایا اور مژدہ روح پرور لَا تَقْنَطُوا مِنْ رَحْمَةِ اللّٰهِ وخطاب عظمت نصاب كُنْتُمْ خَيْرَ اُمَّةٍ
وَاَكْمَلْتُ لَكُمْ دِيْنَكُمْ سنایا اور ہزاران ہزار تحفے سلام آل واصحاب حضرت سید الکائنات پر جنکی خیر
وبرکت اور تعلیم وہدایت سے تمام عالم مالا مال ہوا بعد حمد ونعت کے کہتا ہے فقیر کنہگار المعتصم بذیل المختار
محمد عبد الغفار ابن حافظ احمد حسن خیر آبادی حنفی قادری کہ فقیر نے بعد حاصل کرنے فراغ کتابون درسی
اپنے جد امجد جناب تقدس نصاب مولانا ومرشدنا حضرت مولانا بہادر علیخان صاحب مغفور محدث دہلوی
سے عرصہ کئی سال کا منقضی ہوا کہ یہہ عبد ضعیف بسابقہ فضل سرمدی وحسن توفیق حضرت صمدی بشرف
زیارت حرمین شریفین مشرف ہوا بعد معاودت منجملہ احسن نتائج وثمرات واعظم فتوحات اس سفر مبارک کے
یہہ عمل محمود وفعل مسعود ظہور مین ایا کہ ایک رسالہ موسوم بہ تبصرہ حقنما در باب ثبوت اسلام والدین شیرین
حضرت رسول الثقلین باحسن الوجوہ مرتب ہوکر پسند طبائع شریفہ علماء کبار اس زمانہ کا ہوا اور اسکے ضمن مین
برات نجات ونامہ کفارت سیئات بارگاہ خداوندی سے عطا ہوا لیکن ایک مدت سے جاذبہ صادق وعزم

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا

بشری للمومنین وطوبی للعاشقین کہ کتاب مستطاب جلالت مکہ معظمہ وحضرت مدینہ طیبہ زادہا اللہ تعظیما

مناسک الحرمین

از تصنیفات مولوی محمد عبد الغفار مفتی صدر نظامت ممالک محروسہ گوالیار بقید مقبرہ آل الاطہر

مطبع منشی نول کشور لکھنؤ بہ طبع مزین مقوی طبع ہوئی

اور بھی ذکر اعتدال آب ہوا عین اور بیان اسکا کہ	
جو شخص مدینہ طیبہ کی خاک پاک کو ردی کہے	
نعوذ باللہ وہ شخص واجب التعزیر ہے اور بیان اسکا کہ مدینہ طیبہ	
کی خاک پاک مین ایک خوشبو خاص حاصل ہے جو مشک	۱۶۸
وعنبر مین نہین ہے اور غبار مدینہ طیبہ شفا جذام و برص کے	۱۷۱
لیے اور خاک شفا کا ایک گڑھا مشہور ہے جسکا تجربہ	
علماء دین نے بارہا کیا ہے بیان تجربہ بات ائمہ دین بیان	۱۷۴
اتسام کھجور اور بیان وجہ پیدا ہونا برکت کا مدینہ طیبہ مین	
مکہ معظمہ سے و بیان مقام جحفہ وغیرہ اذکار	۱۷۷
باب نوان فصل پہلی آداب	۱۳۷
داخل ہونے مدینہ طیبہ کے	۱۸۲
فصل دوسری آداب زیارت شریف کے وغیرہ اذکار	۱۳۹
فصل تیسری روضہ اطہر مقدس و منبر اطہر کے	۱۴۳
فضائل مین و بیان شکل انور روضہ اطہر اقدس	
فصل چوتھی معجزات آنحضرت کے بیان مین جو روضہ اقدس سے	۱۴۸
وقوع مین آئے اور قیامت تک وقوع مین آینگے	۱۹۹
فصل پانچوین فضائل زیارت شریف کے اور حضرت	۱۵۳
بلال کا آنا اور اذان دینا آپکا مسجد نبوی مین بمقام قدیم	
اور تمام شہر مین جنبش اور لرزہ پیدا ہونا	۲۰۴
باب دسوان فصل پہلی اون عقوبات کے بیان مین	۱۵۸
جو لوگ حج کرکے بغیر زیارت شریف محروم و نامراد جاتے ہین	۲۱۸
فصل دوسری مدینہ منورہ مین رہنے اور مرنے کے فضائل مین	۱۵۹
مع ذکر تبع بادشاہ و قیام اختیار کرنا چار سو	۲۲۰

علماء یہود کا اور اونکی اولاد مین انصار کا ہونا وغیرہ اذکار	
فصل تیسری مدینہ طیبہ کے قبرستان یعنی جنت البقیع و مقبرہ شہداء کے	۱۶۵
فضائل مین مع ذکر تفصیلے ہر ایک قبر و اونکے اور طریقہ زیارت کے وغیرہ اذکار	
فصل چوتھی شہداء احد بدر کے فضائل مین وغیرہ اذکار	۱۶۸
فصل پانچوین مدینہ طیبہ کے جنگلون اور پہاڑون کے فضائل مین	۱۷۱
اور بیان وادی عقیق کہ اوسمین نماز پڑھنا برابر حج و عمرہ کے ہے وغیرہ اذکار	
باب گیارہوان فصل پہلی	۱۷۴
مسجد نبوی کی شروع تعمیر کے بیان مین مذکر تفصیلی	
فصل دوسری مسجد نبوی کی تعمیر ثانی کے بیان مین جو خلفا	۱۷۷
اور سلاطین و امرا کے عہد مین ظہور پایا مع ذکر اصحاب صفہ	
فصل تیسری مسجد نبوی کے فضائل مین	۱۸۲
فصل چوتھی مسجد نبوی کے ستونون کے فضائل مین مذکر تفصیلے	۱۸۶
فصل پانچوین مسجد قبا وغیرہ مساجد مدینہ طیبہ کے فضائل مین مذکر تفصیلے	۱۸۹
باب بارہوان فصل پہلی مدینہ طیبہ کے	۱۹۷
ساتون کنوون کے فضائل مین مذکر تفصیلی	
فصل دوسری مدینہ طیبہ کے حرم مقدس کے بیان مین	۲۰۰
اور اہل مدینہ کی تعظیم و تکریم و آداب مین	
فصل تیسری درود و سلام کے فضائل و فوائد مین مذکر تفصیلے	۲۰۴
فصل چوتھی طریقہ رخصت ہونے مدینہ طیبہ سے	۲۱۸
تا حال پہونچنے حاجی کے اپنے وطن مین	
فصل پانچوین حلیہ شریف وغیرہ خصائص	۲۲۰
اور فضائل نبوی صلی اللہ علیہ وسلم کے بیان مین	

تمت

۱۰۷ باب ساتوان فصل پہلی
مکہ معظمہ کے قبرستان یعنے جنت المعلے کے
فضائل مین و بیان بعض اسماء اکابر مدفونین
جنت المعلا و طریقہ زیارت مقابر جنت المعلے و
دعا قبرستان مین پڑہنے کی اور بیان اسکا کہ
گرد کعبہ شریف کے قبرین تین سو نبیونکی ہین
اور مقام قبر شریف حضرت اسماعیل و حضرت ہاجرہ وغیرہ اذکار

۱۰۹ فصل دوسری
مکہ معظمہ کے آس پاس کی مسجدون کے بیان مین
وغیرہ اذکار

۱۱۰ فصل تیسری
مکہ معظمہ کے پہاڑون کے بیان مین اور
اونکے فضائل مین سعہ دیگر فوائد و اذکار مناسب

۱۱۲ فصل چوتھی
مقامات زیارات مکہ معظمہ مین طریقہ زیارت
کرنے کعبہ معظمہ کا اندر سے سعہ ذکر دعا و فضائل
غار حبل نور و فضائل غار ثور سعہ ذکر اوسکی پیادہ سے

۱۱۳ فصل پانچوین
مقامات قبولیت دعا کے بیان مین سعہ ذکر
وقتون خاص پر ایک مقام کے

۱۱۵ باب آٹھوان فصل پہلی
ہجرت فرمانا رسول مقبول صلعم کا مکہ معظمہ سے
سعہ حضرت ابابکر صدیقؓ اور راہ مین خوارق

۱۲۱ فصل دوسری
روانہ ہونا رسول مقبول صلی اللہ علیہ وسلم کا محلہ قبا مین
جمعہ کے دن اور درمیان راہ نماز جمعہ ادا فرمانا اور
اوترنا حضرت ابو ایوب انصاری کے گھر مین اور بیٹھنا آپکی
اونٹنی کا بمقام مسجد نبوی صلعم وغیرہ اذکار

۱۲۵ فصل تیسری
فضائل مدینہ طیبہ مین سعہ اسم ذکر تفصیلی کے
کہ مدینہ طیبہ کی حفاظت کے لیے ملائکہ مقرر ہین نہین
داخل ہوسکیگا اوسمین دجال اور بیان اسکا کہ
حبیب کبریا نے باوصف حصول اختیار مدینہ طیبہ سے
خاصکر مدینہ طیبہ کو اختیار فرمایا اور بیان اسکا کہ
قیامت کے سب شہر ویران ہوجاوینگے سب سے
پیچھے مدینہ طیبہ ویران ہوگا وغیرہ اذکار

۱۲۸ فصل چوتھی
مدینہ طیبہ کے نامون مبارک کے بیان مین

۱۳۳ فصل پانچوین
مدینہ طیبہ کی خاک شفا اور میوونکے فضائل مین

بمقام کعبہ معظمہ موافق حکم الہی کے اور جاری ہونا چاہ زمزم کا
و بیان قربانی حضرت اسماعیل و تحقیق ذبح عظیم وغیرہ
بیانات مناسب مقام
۷۱ **فصل چوتھی** ۹۲
فضائل کعبہ شریف مین و بیان شفاعت کعبہ معظمہ
برروز قیامت و بیان آیات بینات کعبہ معظمہ وغیرہ اذکار
۷۶ **فصل پانچوین** ۹۳
فضائل نظر کرنے کعبہ شریف کے مع اس ذکر کے کہ پانچ
چیزون کی طرف صرف نظر کرنا عبادت ہی وغیرہ اذکار
۷۷ **باب پانچوان فصل پہلی** ۹۴
طواف کرنے کے فضائل مین اور بیان اسکا کہ سات طواف
ایک عمرہ کے برابر ہین و بیان نوافل طواف و وقت صبح و وقت عصر
اور نوافل طواف کرنیکا مسئلہ ہر سہ مین و احکام طواف وغیرہ مسائل ضروری
۸۱ **فصل دوسری** ۹۶
مقام ابراہیم اور حجر اسود کے فضائل مین اور بیان سیاہ ہونا
حجر اسود کا بنی آدم کے گناہون سے و بیان تقبیل و مسح حجر اسود کا
اور طریقہ بوسہ دینے حجر اسود کا وغیرہ اذکار و فوائد مناسب مقام
۸۵ **فصل تیسری** ۱۰۲
رکن یمانی اور حطیم اور مستجار رحمت اور ملتزم کے فضائل مین
و قبولیت دعا نیچے مستجار رحمت کے مع ذکر عمل مجرب اہل حدیث
واسطے قبولیت دعا کے وغیرہ فوائد مناسب مقام
۸۷ **فصل چوتھی** ۱۰۴
زمزم شریف کے فضائل مین و بیان فوائد و منافع زمزم شریف

و بیان اسکا کہ زمزم شریف مین لعاب دہن مبارک
معطر سینہ حبیب خالق اکبر داخل ہی و عمل مجرب
واسطے حاصل ہونے شفا کے بیماری سخت سے
بعہ تحقیق نامون زمزم کے وغیرہ فوائد مناسب
فصل پانچوین
صفا و مروہ کے فضائل مین اور چارون مصلون کے بیان مین
باب چھٹا فصل پہلی
مسجد الحرام کے بنا مین اور اوسکی تعمیرات
کے ذکر مین جو حضرات خلفا اور سلاطین امرا کے زمانہ مین ہوئے
فصل دوسری
مسجد الحرام مین نماز پڑہنے کے فضائل مین
و تحقیق حد مسجد الحرام وغیرہ اذکار مناسب مقام
فصل تیسری
مکہ معظمہ کے فضائل مین و تحقیق ولایت حجاز
اور مکہ معظمہ کے ناموں کے بیان مین و حکایت عجیب
و غریب کہ مشتمل بقدرت الہی و منجملہ کرامت عظیم
حضرت مکہ معظمہ سے ہی و عمل مجرب جا رفتہ نکسیر کا
بعہ ذکر طائف و سہ زبیدہ خاتون نیچہ ہارون رشید
فصل چوتھی
مکہ معظمہ کے حرم مقدس کے آداب اور حدود کے بیان مین
فصل پانچوین
مکہ شریف مین رہنے اور مرنے کی فضیلت مین
بعہ ذکر آداب رہنے مکہ معظمہ کے وغیرہ اذکار

۳۶	فصل پانچوین	۴۹
	طریقہ اوا کرنی حج مین دعا عرفہ کی رات مین جیز	
	پڑہ لینے کی ترغیب و دعا کے لیے اکسیر اعظم ہی تحقیق	
	معنی مزدلفہ و منرہ و طریقہ پہنچنے کنکریون کا	
	و دعا قربانی کرنے کی و تحقیق قربانی و بیان نماز	
	عید جاحیون کا مع اس ذکر کے کہ جسکی نماز عید فوت	
	ہوگئی ہو وہ کس طرحسے ادا کرے اور حج کے	
	خطبون کا بیان و غیرہ احکام شرعی ضروری	
۴۰	باب تیسرا فصل پہلی	۵۴
	فرائض و واجبات خاص و عام و سنن حج	
	و عمرہ و بیان اقسام طواف و مقامات اوقات	۵۶
	دوگانہ طواف کے اور کرنیکے اور نیابتون کا و مکروہ کا بدیگر مسائل ضروری	
۴۳	فصل دوسری	
	عرفہ و عرفات و عشرہ ذی الحجہ کے فضائل مین اور حج	۵۸
	اکبر اور حج مبرور کی تحقیق مین و فضائل و علامات حج مبرور	
	و فضائل عرفہ کی روزہ کے و روزہ عاشورہ کی و وجہ	
	افضلیت عرفہ کی روزہ کی اوپر روزہ عاشورہ کے و فضیلت	۶۱
	ماہ رجب و شعبان و رمضان المبارک اور بیان	
	اسکا کہ عرفہ کا روزہ حاجیون کے لیے مکروہ	
	ہی اور تحقیق تفصیلی و لیالی عشر کی تحقیق	۶۳
	فضیلت عشرہ ذی الحجہ و عشرہ رمضان المبارک	
	اور فضیلت مقام عرفات و غیرہ	
	اذکار شریفہ	

	فصل تیسری	۴۹
	حج اور عمرہ کے فضائل مین اور بیان اسکا کہ حج کو سب عبادتون پر	
	فضیلت حاصل ہی اور تحقیق اسکی کہ حج سے سب گناہ بخشے جاتے ہین	
	و فضائل حج مقبول و غیر مقبول اور فضیلت احرام باندہنے کی و	
	بیت المقدس سے مسجد الحرام تک اور عورتونکی حج مین	
	کے ہی و فضیلت درود و سلام کی اور مدینہ سے آنا ایک جماعت کا اور حضرت	
	اونکے سامنے فضائل حج بیان فرمانا اور فضائل لبیک	
	پکارنی کی و فضائل حضرت امام اعظم و غیرہ فوائد شریفہ	
	فصل چوتھی	۵۴
	رمضان شریف کے عمرہ کے ثواب مین و غیرہ اذکار	
	فصل پانچوین	۵۶
	حاجیون کی فضائل مین اور بیان اسکا کہ حقتعالی حاجیون پر	
	ایک سو بیس رحمتین نازل فرماتا ہی و غیرہ اذکار متعلقہ	
	باب چوتھا فصل پہلی	۵۸
	مکہ شریف کے رستہ مین آتے جاتے مرنے کے ثواب	
	مین اور اس راہ مین خرچ کرنے کے اجر مین و غیرہ اذکار	
	فصل دوسری	۶۱
	حاجیونکے شمار کیا نہین اور کیفیت قبول حج کل حاجیون و غیرہ فوائد	
	فصل تیسری	۶۳
	کعبہ شریف کی بنا کے بیان مین و بیان حسن و جمال حضرت عمارہ اور	
	پہونچنا حضرت عمارہ کا بادشاہ ظالم کے پاس اور معاودت	
	فرمانا بحضرت الہی حضرت ہاجرہ کو لیکر اور پیدا ہونا حضرت اسماعیل کا	
	اور چھوڑ آنا حضرت ابراہیم کا حضرت اسماعیل اور حضرت ہاجرہ کو	

فہرست کتاب مستطاب مرج البحرین فی فضائل الحرمین زاد اللہ تعظیماً وشرفاً وفضلا

۴	باب پہلا فصل پہلی حج کے فرض ہونے کے بیان مین اور بیان اسکا کہ بنیاد اسلام کی اوپر پانچ چیز کے ہی مع دیگر فوائد	۱۵	فصل پانچوین آداب سفر حج کے بیان مین مع ذکر عقوبات مال حرام سے حج کرنے کے فضائل حلال مال سے حج کرنے کے وغیرہ اذکار متعلقہ
۷	فصل دوسری حج کے فرض ہونے کے احکام مین وبیان تفصیلی شرائط فرضیت حج اور بیان	۱۸	باب دوسرا فصل پہلی احرام کے مسئلون مین وطریقہ احرام باندھنے کا وبیان معنی افراد وقران وتمتع وغیرہ مسائل متعلقہ
	اونکا جن پر حج فرض نہین ہی مع بیان شرائط حج عورتون کا اور معنی محرم شرعی کے	۲۰	فصل دوسری اون چیزون کے بیان مین جنکا احرام مین کرنا حرام اور مکروہ
	باقی فوائد جلیلہ		ومباح ہی وتحقیق مقام ذوالحلیفہ وبیان میقات
۹	فصل تیسرے دوسرے سے حج کرانے کے مسئلون مین		اہل نجد ویمن وتہامہ وغیرہ وبیان وقت احرام
	وبیان اقسام عبادات وطریقہ دوسرے		اور احکام عورتون کے احرام باندھنے کے و
	طرف سے حج کرنیکا مع دیگر مسائل ضروری	۲۴	بیان معنی اضطباع ورمل وغیرہ مسائل ضروری فصل تیسری
۱۲	فصل چوتھی مقدور والون کے حج نکرنے کے عذابون		جنایات احرام کے بیان مین واحکام قربانی
	اور گناہون کے بیان مین نکتہ عجیب	۲۷	جنایت وغیرہ مسائل ضروری فصل چوتھی
	ومن کفر کی ذمائی ہین مع بیان معنی ضرورت		طریقہ ادا کرنے عمرہ اور کیفیت تفصیلی داخل
	مع اس کے تفصیلی کہ بعد فرض ہونے حج کے		ہونے مکہ شریف مین ودعا حضرت آدم وبیان
	تاخیر نکرنا چاہیے اور جو وہان کسی وجہ سے حکم مین باقی دیگر فوائد		معنی استلام وغیرہ احکام عمرہ وادعیہ واردہ

Mourpall Bhareen

INDIAN INSTITUTE

وَلِلّٰهِ عَلَى النَّاسِ حِجُّ الْبَيْتِ مَنِ اسْتَطَاعَ إِلَيْهِ سَبِيلًا

بشری للمومنین وطوبی للعاشقین کہ کتاب مستطاب جالات مکہ معظمہ وحضرت مدینہ طیبہ زادہا اللہ تعظیما

رحمت البحر بن فی فضائل الحرمین

از تصنیفات مولوی محمد عبد الغفار مفتی صدر نظامت ممالک محروسہ گوالیار بتعہد معتبر آں الا حباب

مطبع منشی نول کشور میں بہ طبع مزین مقبول ہوئی

Marj al-bahrain.

16.E.89.

Indian Institute, Oxford.
The Lucknow Sparks Library.
Presented
by
Munshi Newul Kishore.

